فرہنگِ طلسمِ ہوشربا

ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

مقتدرہ قومی زبان ○ اسلام آباد

فرہنگِ طلسمِ ہوشربا

ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

مقتدرہ قومی زبان ○ اِسلام آباد

۱۹۹۵ء

سلسلہ مطبوعات : ۳۰۳

عالمی معیاری کتاب نمبر ۰ - ۱۴۴ - ۴۷۴ - ۹۶۹ .ISBN

طبع اوّل ______ ۱۹۹۵ء
تعداد ______ ایک ہزار
قیمت ______

فنی تدوین ______ عبدالرحیم خان
مطبع ______ ایس۔ ٹی۔ پرنٹرز، راولپنڈی
ناشر ______ افتخار عارف
(صدر نشین)
مقتدرہ قومی زبان، ۳-ایچ
ستارہ مارکیٹ، جی-۷ مرکز، اسلام آباد

پیش لفظ

"طلسم ہوشربا" اردو زبان و ادب میں کلاسیکی داستان کا درجہ رکھتی ہے۔ یہ داستان انتہائی دلچسپ بھی ہے اور سبق آموز بھی۔ "طلسم ہوشربا" کی تالیف و اشاعت کی ضرورت کا خیال اس لیے آیا کہ اکثر اساتذہ و طلبہ کو درس و تدریس کے دوران "طلسم ہوشربا" کے الفاظ، محاورات، ضرب الامثال اور اصطلاحات کے معانی سمجھنے میں دقت پیش آتی ہے اور معانی کے لیے جب مختلف لغات کو ٹٹولا جاتا ہے تو وہاں بھی وہ الفاظ نہیں ملتے۔ بیرونی ممالک میں کلاسیک کو اس طور پر مرتب و شائع کیا جاتا ہے کہ وہ کتاب نئی نسل کے لیے آسان ہو جاتی ہے۔ اسی خیال کے پیش نظر ڈاکٹر اکبر حسین قریشی نے "طلسم ہوشربا" کی ایک ایسی فرہنگ مرتب کر دی ہے جس میں وہ سارے الفاظ مل جائیں گے جن سے طلبہ و اساتذہ اور عام قارئین کو دوران مطالعہ واسطہ پڑتا ہے۔ پھر یوں الفاظ کا وہ ذخیرہ بھی محفوظ ہو جائے گا جو اور جگہ نظر نہیں آتا۔ دو سال کی محنت و کاوش کے بعد "طلسم ہوشربا" کی یہ فرہنگ پیش خدمت ہے۔ یہ ایک بڑا اور اہم کام ہے۔ اس محنت کی جتنی داد دی جائے کم ہے۔

مجھے یقین ہے کہ اس فرہنگ کی اشاعت سے کلاسیکی کتابوں کی الگ سے فرہنگیں

مرتب کرنے کی جس روایت کا آغاز " فرہنگ فسانۂ آزاد "سے ہوا تھا، اسے مزید جلا ملے گی اور اردو زبان کی قدیم اور کلاسیکی کتابوں کا مطالعہ بھی آسان ہو جائے گا۔

یہ فرہنگ اساتذہ، طلبہ اور زبان و ادب کے شائقین کے لیے ایک ایسا خزینہ ہے جس سے ہر سطح پر استفادے کی صورتیں نکلیں گی۔

افتخار عارف

عرضِ حال

طلسم ہوش ربا اُردو کی قدیم داستانوں میں ممتاز و منفرد ہی نہیں بلکہ گلِ سرسبد کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ اسے ذوق و شوق سے پڑھا اور سُنا جاتا تھا، جا بجا اس کا شہرہ تھا، گھر گھر اس کا چرچا تھا، شاید ہی کوئی گھرانہ اہلِ علم کا ایسا ہو جہاں اس کی حکمرانی نہ ہو۔ یہ بات ماضی کی ہے۔ آج رنگ ہی کچھ اور ہے، موجودہ دور میں طلسم ہوش ربا صرف ایک "نام" ہے جب کہ ماضی میں وہ ایک زندہ اور جیتی جاگتی تصویر تھی ہماری تہذیب و ثقافت اور بود و ماند کی۔ اس وقت لوگوں کو فرصت میسر تھی اور فرصت کے لمحات کا بہترین مصرف ان کے نزدیک طلسم ہوش ربا پڑھنا پڑھانا اور سننا سنانا تھا۔ وہ اسے "عبادت" کا درجہ دیتے تھے کیونکہ ان کے خیال میں طلسم ہوش ربا کی تصنیف کا محرک اسلام کی تبلیغ اور نشر و اشاعت کے علاوہ اور کچھ نہ تھا۔ اس میں اسلام اور کفر کی جنگ کے سوا اور ہے کیا، ایک طرف افراسیاب اور اس کا لاؤ لشکر ہے، دوسری جانب صاحب قرآن امیر حمزہ اور ان کے جاں نثار ہیں، انجام کار امیر حمزہ اور ان کے جاں نثار افراسیاب کی طاغوتی قوت کو پاش پاش کر دیتے ہیں اور یوں اسلام کی حقانیت ثابت کر کے افراسیابی رنگ و روغن کا نام و نشان مٹا کر رکھ دیتے ہیں۔

آج یہ سوال بار بار ہمارے دل و دماغ کو پریشان کرتا ہے، اور رہ رہ کر یہ خیال آتا ہے کہ قدیم اور ضخیم داستانوں کو کیونکر پڑھا جائے اور ان سے خاطر خواہ فائدہ کس طرح اٹھایا جائے کہ اس باب میں سب سے بڑا سنگ گراں "فرصت" اور "فراغت" کا مسئلہ ہے۔ جب انھیں پڑھنا اور ان سے لطف اندوز ہونا ہے تو وقت بھی نکل آئے گا اور فرصت کے لمحات بھی میسّر آجائیں گے، بات صرف ذوق و شوق کی ہے اور جب ذوق و شوق غالب ہو تو وقت کی قلت اور عدیم الفرصتی کا بہانہ بے معنی بن کر رہ جاتا ہے۔ آخر کار قدیم ادب کی افادیت اور کشش اپنی طرف مائل کرے گی۔

گو آج کی مصروف زندگی میں کلاسیکی ادب کا مطالعہ کٹھن اور دشوار سہی لیکن ناممکن ہرگز نہیں ۔ قدیم ادب کا مطالعہ ہماری ضرورت ہے اور ہم اس سے بے نیاز نہیں رہ سکتے کہ ہم حال کو ماضی کے آئینے میں دیکھنے پر مجبور ہیں، قدیم ادب سے بے اعتنائی بڑی محرومی ہے !

طلسم ہوش ربا کا انداز بیان " عوامی" ہے، یا یوں کہیے کہ عام بول چال کی زبان میں اسے لکھا گیا ہے۔ یہ ہزاروں صفحات پر پھیلی ہوئی ضخیم داستان اپنے اندر زبان و بیان کے ایسے نادر و نایاب اور دلکش نمونے رکھتی ہے کہ کہیں اور مشکل سے ملیں گے۔ طلسمی واقعات کو اس خوبی اور خوبصورتی سے پیش کیا ہے کہ اگر ایک مرتبہ اسے پڑھنے کی توفیق ہو جائے تو یہ اپنے قاری کو "مسحور" کر لیتی ہے اور اس کے طلسم سے باہر نکلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ آخر اس کا نام " طلسم ہوش ربا" یوں ہی تو نہیں ہے !

طلسم ہوش ربا ان گنت الفاظ، محاورات اور ضرب الامثال کا انمول خزانہ ہے ، اس خزانے تک رسائی آج آسان نہیں ، اس لیے ضرورت محسوس ہوئی کہ طلسم ہوش ربا کی ایک ایسی فرہنگ مرتب کی جائے جو اس کی تفہیم میں ممد و معاون ہو ، اسی خیال کے پیش نظر اس فرہنگ کو تیار کیا گیا ہے ، ممکن حد تک لغات کی فراہمی کے بعد اس کو مدون کیا ہے۔ تقریباً وہ تمام الفاظ و محاورات اس فرہنگ میں موجود ہیں جن کی ایک قاری کو ضرورت ہے۔ الفاظ و محاورات کے معانی بیان کرنے میں لغات سے استفادہ کیا ہے اور جہاں لغات نے ساتھ نہیں دیا۔ وہاں سیاق و سباق سامنے رکھ کر ذہن نارسا سے کام لیتے ہوئے معانی بیان کیے ہیں۔ لغوی معنی کے فرق و امتیاز کو برقرار رکھنے کے لیے یہ ضروری تھا کہ قیاسی معنی کے ساتھ حرف " ق " لکھا جائے چنانچہ ہر جگہ اس کا التزام ہے۔ اہلِ علم کی توجہ اس طرف مبذول کرانا ضروری ہے تاکہ قیاسی معنی کو بہتر بنایا جا سکے۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ فرہنگ طلسم ہوش ربا کے مشکل مقامات کو سمجھنے میں مفید ثابت ہوگی۔

ڈاکٹر اکبر حسین قریشی

۲۴ / ۴ / ۹۵

فرہنگِ طلسمِ ہوشربا

ا

آب آب ہونا (محاورہ) ۔ شرمندہ ہونا۔
آبِ آتش ۔ مراد: شراب (ق)
آبِ آہن ۔ وہ آبداری جو بجھاؤ دینے سے لوہے پر آجائے ۔ تلوار اور خنجر وغیرہ کی چمک اور صفائی جو صیقل سے حاصل ہو ۔ تیزیٔ دھار ۔
آبِ جُو ۔ ندی ۔ نہر ۔ نالہ ۔
آبِ حَیوان ۔ وہ روایتی پانی جس کی نسبت کہا گیا ہے کہ اس کا ایک قطرہ پینے کے بعد انسان امر ہو جاتا ہے ۔ آبِ حیات ۔ آبِ بقا ۔
آبِ خاصَہ ۔ بادشاہوں اور امیروں کے پینے کا پانی ۔
آب دار خانہ ۔ وہ مقام جہاں پانی اور دیگر مشروبات ذخیرہ کی جائیں ۔ پانی وغیرہ رکھنے کی جگہ ۔ پنسال ۔ پیاؤ ۔
آب دِیدَہ (آبدیدہ) ۔ جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوں ۔ روانسا، روہانسا، رونکھا ۔
آبِ رَوان ۔ ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا ۔ ململ ۔
آب ریز (آبریز) ۔ پاخانہ ۔ طہارت گاہ ۔
آبْریزی (آب ریزی) ۔ طہارت ۔ رفع حاجت ۔
آبِ زُلال ۔ صاف اور شیریں پانی ۔
آبْرُو ۔ عزت ۔ نیک نامی ۔ تازگی ۔
آبْرُو ریزی ۔ بے حرمتی ۔ بے عزتی ۔ عصمت دری ۔
آبْشار (آب شار) ۔ پتھر یا دھات کا چھلنی نما فوارہ ۔
آبْشار کَرنا ۔ پانی چھڑکنا ۔ (مشک سے) ۔ چھڑکاؤ کرنا ۔
آبْلَہ پا ۔ جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں (مجازاً) تھکا ہوا ۔ درماندہ ۔
آبْنُوس ۔ ایک قسم کی چمک دار کالی لکڑی ۔
آبْنُوس کا کُنْدَہ ۔ آبنوس کی لکڑی کا ٹکڑا (مزاحًا) بہت

موٹا اور کالا آدمی ۔
آبنُوسی ۔ سیاہ رنگ کا ۔ آبنوس کا بنا ہوا ۔
آبی ڈُوپٹہ ۔ ہلکے نیلے رنگ کا ڈوپٹا ۔
آبی نان ۔ سادی اور سفید رنگ (خمیری روٹی) ۔
آبیاری ۔ آبپاشی ۔ سینچائی ۔
آپ زِندہ جہان زِندہ ۔ اپنے ہی دم کا سب کارخانہ ہے ۔ جب اپنی آنکھ بند ہو گئی تو ہوا نہ ہوا سب برابر ہے ۔ اپنا سکھ اور فائدہ اوروں سے مقدم ہے ۔
آپ کی خجالت میری آنکھوں پر ۔ جو شرمندہ ہو اسے اور زیادہ خجل کرنے کے لیے طنز سے کہتے ہیں ۔
آپس کا مُعامِلہ ۔ باہمی معاملت ۔ یگانگت کا معاملہ ۔
آتش باز (آتشباز) ۔ آگ یا گولہ بارود برسانے والا ۔
آتشبازی (آتش بازی) بارود اور منسل پٹاس وغیرہ کی ترکیب سے بنایا ہوا سامان جس سے آگ دکھانے پر رنگ برنگی چنگاریاں اُڑتی ہیں ۔
آتش ریزی ۔ آگ لگانے کا عمل ۔
فساد ۔ جھگڑا ۔
آتش کا پَرکالہ ۔ شوخ ۔ طرار ۔ چالاک (معشوق) ۔
آٹا ۔ پسا ہوا غلہ ۔ برادہ ۔ ریزہ ریزہ ۔
آٹا گیلا ہونا ۔ (محاورہ) (ندامت سے) حال پتلا ہونا ۔ پانی پانی ہونا ۔ کام بگڑنا ۔ مشکل میں پڑنا ۔
آٹھ آٹھ آنسو رونا ۔ (محاورہ) زار زار رونا ۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا ۔
آثارِ عشق ۔ عشق کی علامات ۔ عشق کے نشانات ۔
آثِم ۔ گنہگار ۔ پاپی ۔
آج نہ مُوا کل مَرجاؤں گا ۔ آج نہ مرا تو کل مر جاؤں گا ۔ زندگی کی مہلت قریب ختم سے ہے ۔ اب تھوڑے ہی دن باقی ہیں ۔
آدَر ۔ عزت ۔ تعظیم ۔ توقیر ۔ آؤ بھگت ۔
آدَمِ آبی ۔ دریائی جانور آدمی صورت پر ہوتا ہے جس کو جل مانس کہتے ہیں ۔
آدم صَفِیُ اللہ ۔ آدم اللہ کے برگزیدہ دوست ۔
آدمی ۔ قوت گویائی رکھنے والا حیوان ۔ بشر ۔

آدِھے کا تیہا ۔ (لفظاً) آدھے کا تہائی ۔ چھٹا حصّہ ۔ (مراداً) بہت کم ، قلیل حصّہ ۔

آذُوقَہ ۔ خوراک ۔ غذا ۔ کھانے پینے کا سامان ۔

آرد ۔ آٹا ۔ پسا ہوا غلہ ۔ چون ۔

آرا ۔ آراستہ کرنے والا ۔

آرْسی ۔ ہاتھ کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک انگشتری نما زنانہ زیور جس میں نگینے کی جگہ منھ دیکھنے کا شیشہ جڑا ہوتا ہے ۔

آراستگی ۔ سجانے یا ترتیب دینے کا عمل ۔ آرائش و زیبائش ۔

آراستَہ و پیراستَہ ۔ سجایا ہوا ۔ بنا سنورا ۔

آرام پائی ۔ اونچی ایڑی اور چوڑے پنجے کی خوبصورت اور ملائم جوتی ۔

آرائش ۔ سجاوٹ ۔ زیبائش ۔ بناؤ سنگار ۔

آرائش و زیبائش ۔ سجاوٹ اور خوبصورتی ۔

آرَہ کَش (آراکش) ۔ آرے سے لکڑی چیرنے والا ۔ بڑھئی یا مزدور ۔

آرَنج ۔ ہاتھ کے برابر ۔ تقریباً نصف گز ۔

آری ۔ (آرا کی تصغیر) ایک ہلالی شکل کا دندانے دار آہنی اوزار جس کے دونوں سروں پر لکڑی کا دستہ ہوتا ہے اور جس کو دونوں طرف سے دو آدمی پکڑ کر موٹی کڑیا چیرتے ہیں ۔

آڑے ترچھے ہونا (آڑا ترچھا ہونا) ۔ (محاورہ) غصّے سے بگڑنا ۔ برہم ہونا ۔

آڑے ہاتھوں لینا ۔ (محاورہ) قول یا فعل سے شرمندہ یا مغلوب کرنا ۔ قائل معقول کرنا ۔ لتاڑنا ۔

آز ۔ لالچ ۔ حرص ۔ ہوس ۔

آزار ۔ ایذا ۔ رنج ۔ دکھ دینا ۔

آزُرْدَہ ۔ خفا ۔ ناراض ۔ اداس ۔

آسائش ۔ راحت ۔ آرام ۔ سُکھ ۔

آستِین ۔ کرتے یا شیروانی وغیرہ کا وہ حصہ جس میں بانہہ رہتی ہے ۔

آسمان و زمین کے قلابے مِلانا ۔ (محاورہ) جوڑ توڑ ملانا ۔ عیاری اور چالاکی

سے باتیں بتانا ۔ سخن سازی کرنا ۔

آسمان کے تارے توڑنا (آسمان سے تارے توڑ لانا) ۔ (محاورہ) دشوار یا ناممکن کام کر دکھانا ۔

آسمان میں تھگلی لگانا ۔ (محاورہ) عجیب و غریب یا انہونے کام کرنا ۔ جہاں کسی کی رسائی نہ ہو وہاں پہنچ جانا ۔

آسَن مارنا ۔ (محاورہ) جم کر کسی جگہ بیٹھنا ۔ دھرنا دینا ۔

آسُودَہ ۔ خوش دل ۔ مطمئن ۔

آسیا ۔ آٹا وغیرہ پیسنے کی چکی ۔

آسِیْب ۔ صدمہ ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔ ارواحِ خبیثہ ۔

آش ۔ اناج یا گوشت کی رقیق غذا ۔ گندم کا دلیا جو گوشت میں پکایا جائے ۔ حریرہ ۔

آشتی ۔ امن ۔ سلامتی ۔ دوستی ۔ میل ملاپ ۔

آشکار ۔ روشن ۔ عیاں ۔ کھلم کھلا ۔

آشیانَہ ۔ گھونسلا ۔ پرند کا گھر جسے وہ تنکوں وغیرہ سے بناتا ہے ۔

آغاز ۔ ابتدا ۔ شروع ۔ عنوان ۔

آغَشتَہ ۔ آلودہ یا لتھڑا ہوا ۔ جس میں کسی چیز کی ملاوٹ ہو ۔

آغَوش ۔ گود ۔ کولی ۔ پہلو ۔

آفَت ۔ دکھ ۔ درد ۔ صدمہ ۔ تکلیف ۔

آفَت زا ۔ آفت ڈھانے والا ۔ ظلم کرنے والا ۔

آفَت کا پَرکالَہ ۔ نہایت شوخ و شریر ۔ چست و چالاک ۔

آفْتاب ۔ سورج ۔ خورشید ۔

آفْتابَہ ۔ لوٹا ۔ ایک وضع کا لوٹا جس کے پیچھے گرفت کے واسطے ہتھی لگی ہوتی ہے اور منہ پر سر پوش ہوتا ہے (اسے عموماً منہ ہاتھ دھونے دھلانے کے کام میں لاتے ہیں) ۔

آفْتابی ۔ بادشاہوں کے جلوس میں چتر (چھتری) کے علاوہ چاندی سونے کا ایک دائرہ یا پان کی شکل کا مثلث جو ایک ڈانڈ پر نصب ہوتا تھا (چتر سر پر سایہ ڈالتا اور یہ پہلو سے آنے والی دھوپ کی روک کرتا تھا) ۔

آفْریں آفْریں ۔ شاباش شاباش ۔ تحسین و تعریف ۔

آفْرِینِش ۔ پیدائش ۔ تخلیق ۔ دنیا ۔

کائنات۔

آک ۔ مدار۔ اکوا۔ ایک جنگلی پودا جو گرما میں سرسبز اور برسات میں مرجھایا ہوا رہتا ہے (اس کی شاخ اور پتی کو توڑنے سے دودھ نکلتا ہے جو نری رنگنے اور دواؤں اور کشتہ جات میں کام آتا ہے، اس میں اول پھول آتے ہیں، پھر ڈوڈے لگتے ہیں جن کے اندر روئی سی بھری ہوتی ہے)۔

آگ جانے لُہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے ۔ (کہاوت) ماتحت کو تعمیل حکم سے غرض ہوتی ہے انجام سے بحث نہیں ہوتی ۔ جو کوئی کرے گا مزہ چکھے گا۔

آگ لگا کے پانی کو دَوڑنا ۔ (محاورہ) ایذا پہنچا کر اظہار ہمدردی کرنا۔ شر پیدا کر کے اس کے دفع کرنے میں سرگرمی دکھانا۔

آگَم اَندیشَہ ۔ آئندہ کی اونچ نیچ ۔ مستقبل کا خیال، انجام کار۔

آلُو ۔ ایک مشہور گول بیضاوی یا لمبوتری جڑ جو ترکاری کے طور پر کھائی جاتی ہے ۔

آلام (الم کی جمع) ۔ ذہنی کرب، جس کا اثر دل و دماغ دونوں پر ہو۔

آلَہ (آلا) ۔ ایک بہادر ہندو راجا کا نام ۔ منظوم رزمیہ داستان ۔ بے سروپا قصّہ۔ طول طویل داستان۔

آلا گانا ۔ (محاورہ) اپنی رام کہانی سنانا۔

آلائِش ۔ میل کچیل ۔ گندگی (خواہ خشک ہو یا تر)۔

آماج ۔ نشانہ ۔ ہدف ۔

آمُوختَہ ۔ سکھایا پڑھایا ہوا۔ تربیت دیا ہوا۔

آنٹی مارنا / لگانا ۔ (محاورہ)۔ کشتی میں ٹانگ اڑانا۔ ٹنگڑی مارنا۔ مقابل کی گردن میں ہاتھ ڈال کر کولھے پر اٹھا لینا۔

آنچل ۔ پلّو۔ ڈوپٹے چادر وغیرہ کا کنارہ (عو) چھاتی ۔ پستان ۔

آنسو پونچھنا (محاورہ) ۔ تسکین ہونا۔ تسلی ہونا۔ نقصان کا تدارک ہو جانا۔

آنکس ۔ لوہے کا ٹکڑا جس میں کو نچ کر عموماً فیل بان ہاتھی کو چلاتا اور قابو میں رکھتا ہے ۔ آلہ سرکوبی ۔

آنکھیں چار ہونا (محاورہ)۔ (آنکھیں چار کرنا کا لازم)۔ نظر سے نظر ملانا ۔ آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا۔ بے روک ٹوک سامنے آنا۔ ڈھٹائی سے دیکھنا۔

آنکھ چُرانا ۔ (محاورہ) بے التفاتی برتنا ۔ بے مروتی کرنا ۔

آنکھ کا پانی مَرنا ۔ (محاورہ) (آنکھ کا پانی ڈھلنا) بے غیرت ہونا ۔ بے حیائی اختیار کرنا ۔

آنکھ مِچُولا ، چادَر چھپُولا ۔ آنکھ مچولا ۔ بچوں کا ایک کھیل ، (جس میں ایک بچے کی آنکھیں بند کر کے یا بند کروا کے سب بچے چھپ جاتے ہیں پھر وہ آنکھیں کھول کے ساتھیوں کو ڈھونڈھتا پھرتا ہے اور جسے پا کر چھو لیتا ہے وہ اس کی جگہ چور بن جاتا ہے) ۔ چادر چھپولا لڑکوں کا ایک کھیل (جس میں ایک لڑکے کو چادر میں چھپا کر بٹھا دیتے ہیں دوسرے فریق کے لڑکوں سے پوچھتے ہیں جو ٹھیک بتا دے اسے جورو بنا کر لے جاتا ہے اور اس فریق کے لڑکے دوسرے فریق کے لڑکوں سے چڑھیاں لیتے ہیں) ۔

آنکھ سُکھ کلیجے ٹھنڈک ۔ (فقرہ) بخوشی منظور ہے ۔ عین راحت ہے ۔

آنکھوں میں پَردے پَڑنا ۔ (محاورہ) (آنکھوں پر پردہ پڑنا) ۔ اندھا ہو جانا ۔ دھوکے میں آ جانا ۔ بے وقوف بن جانا ۔ خیال نہ رہنا ۔

آنکھوں میں خاک ڈالنا ۔ (محاورہ) دیدار کے رد کرنے کے لیے آنکھوں میں مٹی جھونک دینا ۔ کمال دانائی سے اس طرح کوئی کام کرنا کہ مخالف کو پتا نہ چلے ۔

آنکھوں میں سَرسوں پھُولنا ۔ (محاورہ) نشے میں غرقاب ہونا ۔ انجام نظر نہ آنا ۔ چہرے کا رنگ اڑ جانا ۔

آنکھیں دِکھانا ۔ (محاورہ) چشم نمائی کرانا ۔ دھمکانا ۔ ڈرانا ۔

آنکھیں لال پیلی کَرنا ۔ (محاورہ) غصہ کرنا ۔ ناراض ہونا ۔

آنکھیں سینکنا ۔ (محاورہ) حسینوں کی دید بازی کرنا ۔ نظارہ بازی کرنا ۔

آنَنْد ۔ چین ۔ سکھ ۔ آرام ۔ عیش ۔

آنی بانی ۔ ضد ۔ ہٹ ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ شرارت ۔

آوارَہ ۔ سرگرداں ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔

آوازے ۔ طعن تشنیع ۔ طنز ۔ چھیڑ چھاڑ ۔

آوان ۔ آن ۔ وقت ۔ ساعت ۔

آویزاں ۔ لٹکا یا لٹکایا ہوا ۔ معلق ۔

آہُت ۔ ہون کے وقت آگ میں ڈالنے کا عمل ۔ (موسیقی) ایک

ضرب میں دو سُر متصل ادا ہونے کا عمل۔
آہَن کوبی ۔ لوہے کی چوٹ۔ لوہے کی ضرب۔
آہَن گَر ۔ لہار۔ حداد۔ لوہے کے آلات و اشیا بنانے والا۔
آہَنی ۔ لوہے یا فولاد سے بنی ہوئی چیز (مجازاً) مضبوط، مستحکم، سخت۔
آہو ۔ ہرن۔ مرگ۔
آئی گئی ۔ نفع نقصان۔ (زہر طرح کی) مصیبت۔ پاداش۔
آئِین ۔ رسم۔ چلن۔ معمول۔ اصول۔ دستور۔
آئِین بَنْد ۔ سجا ہوا۔ آراستہ۔
آئِین بَنْدی ۔ شہر کی آرائش۔ چراغاں۔
آئینَہ ۔ مظہر، عیاں۔ روشن۔ صاف۔
آئینَہ بَنْد ۔ جھاڑ فانوس اور شیشے کے سامان سے آراستہ کیا ہوا۔ رونق بخشنے والا۔
آیِند و رَوِنْد ۔ آنے جانے والا۔ مسافر۔
اَب سے آئے گھر سے آئے (کہاوت)۔ جو ہوا سو ہوا، آئندہ نہ ہوگا۔
اَبابِیل ۔ سیاہ اور سفید سینے کی چھوٹی سی چڑیا، پرانے گنبدوں، مسجدوں، کھنڈروں اور تاریک عمارتوں میں گارے سے پیالے کی طرح کا گھونسلا بناکر رہتی اور اسے نرم نرم پروں یا روئی سے سجاتی، غول در غول نکلتی، فضا میں چکر لگاتی اور اُڑتے ہی میں ہوائی کیڑے کھاتی ہے۔
اَبْتَر ۔ منتشر۔ پراگندہ۔ بے ترتیب۔
اَبْتَری ۔ انتشار۔ پراگندگی۔ تباہی و بربادی۔
اِبتِہاج ۔ لطف اندوزی۔ خوشی کی حالت۔
اَبْرِ تِیرَہ ۔ کالی یا گہری گھٹا۔ سیاہ رنگ کا بادل۔
اَبْرِ دُرْ بار ۔ ایسا بادل جس کے برسنے سے ندی نالے بھر جائیں۔ بہت برسنے والا بادل۔
اَبْرا (ابرہ) ۔ کپڑے وغیرہ کا بالائی پرت جو عموماً نیچے کے پرت کی نسبت اچھے کپڑے کا ہوتا ہے (مجازاً) کسی چیز کی اوپری تہ۔
اَبْرِ سَوسَنی ۔ نیلی گھٹا جو خوب برستی ہے (ق)۔
اَبْرِ نَو بَہار ۔ ربیع کے آغاز کا بادل جو مارچ یا اپریل کے لگ

بھگ آتا اور خوب برستا ہے۔
ابر بہار۔

اَبرُو - بھوں - بھویں۔

اِبرِیق - لمبی گردن کا دستے دار لوٹا۔ آفتابہ - پیالہ - ساغر - قرابہ - صراحی۔

اُبکائی - متلی - مالش - قے آنے کی حالت۔

اَبلَق - دو رنگا - خصوصاً سیاہ اور سفید - چتکبرا - چتلا گھوڑا۔

اُبلقا - لوہے کے برابر اور مینا سے مشابہ ایک خوش آواز چڑیا جس کے پر سیاہ یا بھورے ہوتے ہیں اور پوٹا سفید۔

اَبُو قُبَیس - عرب کے ایک پہاڑ کا نام جس کے نیچے مغرب کی طرف شہر مکہ ہے۔

اُبہّت - شان و شوکت، بڑائی - بزرگی۔

اَبھک - خواہش مند - عیاش۔

اَبیَض - سفید - اجلا۔

اُپچی (اوپچی) - ہتھیار بند سپاہی - مسلح سپاہی - مسلح زرہ پوش بانکا سپاہی۔

اَپرادھی - خطاکار - مجرم - پاپی۔

اُپلہ (اُپلا) - کنڈا - تھاپی - گوبر کا پاتھا ہوا ایندھن۔

اَپنا پَرایا - ہر شخص، سب، دوست دشمن۔

اَپنی ڈفلی اَپنا راگ - (اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ) (مثل) سب کی باتیں ایک دوسرے سے الگ ہیں - اتحاد عمل مفقود ہے - جتنے منہ اتنی باتیں۔

اَپنی رادھا کو یاد کرو - (فقرہ) - جاؤ کچھ واسطہ نہیں - کچھ پروا نہیں - اپنے گھر خوش رہو - ہوا کھاؤ۔

اَپنی گلی میں کُتّا بھی شیر ہوتا ہے - (کہاوت) - اپنے علاقے میں ہر شخص کی جرأت و ہمت بڑھ جاتی ہے - بزدل بھی حمایتی کے بھروسے پر بہادر ہو جاتا ہے - (ایسے شخص کے لیے بولتے ہیں جو دوسرے کی حمایت کے بل پر دھمکائے یا اینٹھے)۔

اَپنے دَہی کو کوئی بھی کھٹّا کہتا ہے - (اپنے دہی کو کوئی کھٹا نہیں کہتا) (کہاوت) اپنی چیز کو ہر شخص سراہتا ہے - اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا)۔

اَپنے اَڑھائی چاول اَلگ گلاؤ - (اڑھائی چاول (الگ) گلانا) (محاورہ) سب سے الگ رائے رکھنا - اکھل کھرا پن اختیار کرنا - اکھڑ مزاجی کے باعث کسی

کے ساتھ متفق نہ ہونا۔

اپنی ہانی اور پر گنوائی (مثل) اپنا قصور دوسرے کے سر منڈھ دیا۔ اپنی برائی اور پر تھوپ دی۔

اُپی ۔ سان پر چڑھی ہوئی۔ تیز چمکتی ہوئی (تلوار وغیرہ)۔

اُتارا ۔ ردِ سحر۔ جھاڑ پھونک ۔ بھوت وغیرہ کو پیش کی جانے والی قربانی یا صدقہ ۔

اُتّر ۔ جواب ۔ خط ۔ شمال ۔

اَتّم ۔ کامل ۔ پورا ۔ تمام تر ۔

اُتّم ۔ اعلیٰ ۔ افضل ۔ عمدہ ۔

اِتمام ۔ تمام کرنا ۔ تکمیل کرنا ۔ خاتمہ۔ انجام ۔

اُتو ۔ وہ شکنیں یا نقوش جو کسی دھات کے ٹکڑے سے کپڑے پر آرائش کے لیے ڈالے جائیں ۔ وہ دھات کا ٹکڑا یا آلہ جو اس کے لیے استعمال کیا جائے ۔

اَتیت ۔ ہندو فقرا جن کے بال بٹے ہوئے ہاتھ میں فولاد کے کڑے اور منھ پر بھبوت ملا ہوتا ہے ۔ سادھو ۔ سنیاسی ۔

اَٹالا ۔ (گھر) کا کاٹھ کباڑ ۔ سامان ۔ (خصوصاً) فوج کا لدا دا ۔ بوجھ ۔

اَٹالی ۔ اٹاری ۔ کوٹھا ۔ بالا خانہ ۔

اَٹکھیلیاں (اٹکھیلی) ۔ اٹھلاتی ہوئی چال (مجازاً) شوخی ۔ شرارت ۔ ناز و انداز ۔

اَٹکھیلیاں کرنا ۔ (محاورہ) اٹھلانا ۔ شوخیاں کرنا ۔ جھوم جھوم کر یا ڈگمگا کر چلنا ۔

اُٹھائی گیرا ۔ آنکھ بچا کر پرائی چیز اٹھانے والا ۔ اچکا ۔

اِٹھلانا ۔ تکلّف سے چلنا ۔ شوخی اور ناز سے قدم رکھنا ۔

اَٹھنی ۔ رائج الوقت اعشاری نظام کے مطابق پچاس پیسے کا سکہ ۔ سابق نظام کے مطابق آٹھ آنے کا سکہ ۔ دھیلی ۔

اَثمار ۔ (ثمر کی جمع) پھل ۔ نتیجہ ۔ بیٹا ۔ مال ۔

اَثنا ۔ (وقت، زمانہ، کلام، مقام وغیرہ کا) درمیان ۔ (مجازاً) ضمن، سلسلہ ۔

اِجابت ۔ (دعا کی) مقبولیت ۔ قبول کرنا یا ہونا ۔

اِجارہ ۔ ٹھیکا ۔ (مجازاً) قبضہ ۔ تصرف ۔ دعویٰ ۔ زور ۔

اِجازت ۔ اذن ۔ پروانگی ۔ رخصت ۔

اُجْرام اَرْض - اجسام فلکی - ستاروں، سیاروں نیز جواہرات کے جسم - (عام چیزوں کے) اجسام، ابدان -

اُجْڑا اُجَڑا - خراب وخستہ - تباہ حال - پریشان -

اَجَل - موت - قضا - مرگ -

اَجَل بَرجَبِیں - (مراداً) موت کا سامنا - موت کا قریب ہونا -

اِجْلال - بزرگی - عظمت - شان و شوکت -

اَجْنَبی - جس سے جان پہچان نہ ہو - بیگانہ - ناواقف -

اَجْنِسَہ - اشیاء - چیزیں - سامان -

اَچاری - مرتبان - اچار وغیرہ رکھنے کا برتن -

اَچْپَلی - شوخ - چنچل معشوقہ - چلبلاپن - ناز و انداز معشوقانہ -

اُچَڈ - اچک لینا - اٹھا لینا (ق)

اَچَرَج (اچرج) تعجب - حیرت - عجیب و غریب - انوکھا -

اُچَکّے (اچکا) شاطر چور جو دن دھاڑے مال اٹھالے - اٹھائی گیرا - اچک لینے والا -

اِچّھا - خواہش - آرزو - طلب - ارشاد -

اُچھال چَھکّا - آوارہ مزاج - اوباش - بدچلن عورت -

اُچھَل کُود - اچکنے پھاندنے کا عمل - دھماچوکڑی -

اَچّھے گھر بیعانہ نہ دیا - مناسب اور موزوں شخص سے معاملہ نہیں کیا -

اَحِبّا - دوست احباب - رفقا -

اِحْتِرام - عزت - حرمت - توقیر -

اِحْتِشام - دبدبہ - شان و شکوہ -

اِحْتِلام - بدخوابی (مجازاً) نطفہ - منی -

اِحْتِمال - امکان - گنجائش -

اِحْتِیاج - پیشاب یا پاخانے کی حاجت -

اِحْتِیاط - غور و تامل - دور اندیشی - ہوشیاری -

اِحْرام - بڑی چادر جو صوفی اور فقرا وغیرہ نصف تہمد کے طور پر باندھتے اور نصف اوپر کے حصہ جسم پر لپیٹتے ہیں -

اِحْسان - نیکی کا عمل - مہربانی کا برتاؤ - ممنونیت کا اعتراف -

اِحْسان فَراموشی - کسی کے نیک سلوک کو بھلا دینا -

اَحسَنت ۔ کلمۂ تحسین ۔ واہ واہ ۔ بہت خوب ۔ آفرین ۔
اَحسَنت اَحسَنت ۔ آفرین آفرین ۔ مرحبا مرحبا ۔
اِحصا ۔ حصر ۔ احاطہ ۔ شمار ۔ گنتی ۔
اِحضار ۔ حاضری ۔ موجودگی ۔
اَحقَر ۔ نہایت حقیر ۔ ذلیل ترین ۔ نہایت چھوٹا ۔
اَحمَر ۔ لال رنگ کا ۔ زیادہ سرخ ۔
اَحوال ۔ کیفیت ۔ حالت ۔ بیان ۔ سرگزشت ۔
اِحیا ۔ زندہ کرنا ۔ قائم و برقرار رکھنا ۔
اَخار ۔ حقیر شے ضائع کرنے کے قابل ۔ نکمی ۔ بیکار ۔
اِختِصاص ۔ تعلق ، دوستی ۔ تقرب ۔ برتری ۔
اِختِلاط ۔ میل جول ۔ ربط ضبط ۔ تعلقات ۔ اخلاص ۔
اَخضَر ۔ سبز ۔ ہرا ۔ نیلا ۔
اِخفا ۔ چھپانا ۔ مخفی رکھنا ۔ پوشیدگی ۔
اَخگَر ۔ انگارہ ۔ چنگاری ۔
اَدا ۔ روش ۔ ڈھنگ ۔ انداز معشوقانہ ۔
اوداسی (اداسی) ۔ اداس کا اسم کیفیت ۔ ملول ۔ غم زدہ ۔ دکھی ۔

اِدْراج ۔ خلط مبحث ۔ آپس میں لپٹنا ۔
اُدْراج ۔ کان میں پہننے کا ایک طلائی زیور جس کا رخ رخساروں کی طرف رہتا ہے ۔
اِدْبار ۔ نحوست ، پستی ۔ بدنصیبی ۔
اِدْراکیہ ۔ (لفظاً) ادراک کی طرف منسوب (اصطلاحاً) وہ عبارت جو خط میں مکتوب الیہ کے مضمون سے باخبر ہونے اور اس پر اطلاع پانے کے اظہار میں لکھی جائے ۔
اِدْغام ۔ ایک جنس یا قبیل کی دو یا زیادہ چیزوں کو باہم ملا دینا ۔ خلط ملط کرنا ۔
اَدْقچہ ۔ کارچوبی اور کلابتوں کے حاشیے کی چادر جو پلنگ پر بچھونے کے نیچے اس طرح بچھائی اور ڈوریوں سے پایوں میں کسی جائے کہ اس کے حاشیے چاروں طرف لٹکتے رہیں ۔
اُدْماتی ۔ شہوت پرست ۔ بدمست (عموماً عورت کے لیے مستعمل) ۔
اَدْوائن ۔ پلنگ کی پائنتی کسنے کی رسی ۔
اَدْوِیَہ ۔ (دوا کی جمع) دارو ۔ علاج ۔

اَدِیم ۔ دباغت کیا ہوا چمڑا۔ کمایا ہوا چمڑا۔ دسترخوان۔
اُدْھ بِیچ ۔ (ادھ بیچ) وسط۔ درمیان۔ بیچ۔
اَدْھا ۔ شراب، عرق یا تیل وغیرہ کی چھوٹی بوتل۔ (موسیقی) طبلے اور پکھاوج کی تالوں میں سے ایک تال۔
اُدْھات ۔ دھات کے علاوہ کوئی مادہ۔ جو دھات کا نہ ہو۔
اُدھکَڑی ۔ (ادھ کڑی) نصف مال گزاری۔
اَدَھر ۔ درمیان۔ بیچ۔
اَدْھی ۔ ایک قسم کا عمدہ اور باریک سوتی کپڑا۔
اَدھیڑ ۔ جس کی جوانی ختم اور بڑھاپا آغاز ہو۔ میانہ سال۔ نہ بوڑھا نہ جوان۔
اَڈول ۔ محکم۔ سخت۔
اَذان ۔ بانگ۔ آواز۔ نماز کو بلانے کی پکار۔
اِذعان ۔ یقین۔ وثوق۔
اِذن ۔ اجازت۔ رخصت۔ حکم۔
اَذِیَت ۔ جسمانی تکلیف۔ دکھ۔ ذہنی کوفت۔ روحانی صدمہ۔
اَرابا (ارابہ) ۔ ۱۔ خصوصاً توپ اور گولہ بارود لادنے کی دو پہیا گاڑی۔ آدمیوں کے سوار ہونے کا رہڑو۔ ۲۔ توپ جو چھکڑے پر لدی ہو۔
اِرادَت ۔ مریدانہ اطاعت کا جذبہ۔ اعتقاد۔ عقیدت۔ بیعت۔
اَراک ۔ پیلو کا درخت۔ پیلو کی لکڑی۔
اَرْباب ۔ (رب کی جمع) صاحبان۔ مالک۔ پرورش کرنے والا۔
اَرْبَع عَناصِر ۔ (اربعہ عناصر)۔ چار بسائط جو قدیم یونانی حکما کے نزدیک بنیادی طور پر ناقابل تحلیل تھے (وہ یہ ہیں: مٹی، پانی، ہوا، آگ)۔ امہات سفلی۔
اَرْتھی ۔ بانسوں کا ٹھٹر (جس پر ہندو مردے کو دفن کرنے یا جلانے کے لیے لے جاتے ہیں)۔
اَرَاکِین ۔ حکومت کے با اقتدار لوگ۔ امرا۔ عمائدین۔
اَرّانا ۔ (جانور کا) بے چینی کی حالت میں دردناک بلند آواز نکالنا۔ ڈکرانا۔

اِزاربَنْد ۔ فیتہ یا ڈوری جو پاجامے کے نیفے میں پروکر کمر میں باندھتے ہیں ۔ کمربند ۔
اَرْجُمَنْد ۔ قدر و قیمت والا ۔ نیک بخت ۔ خوش بخت ۔
اُرْد ۔ ماش ۔
اَرْدَلی ۔ چپراسی ۔ پیش خدمت ۔ پیادہ ۔
اُرْدُو ۔ ۱۔ لشکر۔ سپاہ فوج ۔ ۲۔ لشکرگاہ ۔ چھاؤنی ۔ کیمپ ۔
اُرْدُوئے مُعَلّٰی ۔ شستہ و شیریں زبان (مجازاً) فصیح و بلیغ اردو۔
اَرْذَل ۔ کمینہ ۔ ذلیل ۔ حقیر۔
اَرْزَنْگ ۔ چین کے مشہور مصور مانی کی شاہکار تصاویر کا مرقع ۔
اِرْسال ۔ مال گزاری یا کرایہ وغیرہ جو وصول کر کے مالک کو یا سرکار کو بھیجا جائے ۔
اِرْشاد ۔ حکم ۔ فرمان ۔ وعظ و پند۔
اَرْض ۔ زمین ۔ دھرتی ۔ علاقہ۔
اَرْض و سَما ۔ زمین اور آسمان ۔
اَرْض (و) غَبْرا ۔ مٹی کے رنگ کی زمین ۔
اُرْغَنُون (ارغن ، ارگن)۔ ایک قسم کا ساز جس میں ایک سے زیادہ نلکیاں ہوتی ہیں اور ہوا تھیلیوں کے ذریعے سمائی جاتی ہے ۔ (آواز کو اونچا نیچا کرنے کے لیے چابیاں ہوتی ہیں ، سروں کے لیے وقفے یا مدارج مقرر ہیں ۔ قدیم الایام میں یہ ساز خالی کدو سے بنتا اور زیادہ تر روم میں رائج تھا)۔
اَرْغَوانی ۔ ارغواں کے رنگ کا ، سُرخ ۔
اَرْکان ۔ عمائدین ۔ اعیان ۔ بڑے یا مستند لوگ ۔
اَرْماق ۔ (رمق کی جمع) ۔ تھوڑی سی جان ۔ بقیہ جان ۔
اَرْنا ۔ قوی موٹا اور توانا بھینسا۔
اَرِنی ۔ مجھے (اپنا جمال) دکھادے۔
اَرِنی گو ۔ ارنی کہنے والا (مراداً) حضرت موسیٰ کلیم اللہ جنہوں نے طُور پر خدا سے اس کا جمال دیکھنے کی درخواست میں ارنی کہا تھا ۔
اَرْوی ۔ ایک قسم کی گانٹھ والی جڑ جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہے ۔ گھیّاں ۔
اَرَّہ ۔ لکڑیاں چیرنے کا آری سے بڑا (عموماً ہلالی شکل کا) آلہ جس میں دندانے ہوتے ہیں اور دونوں طرف دو قبضے جنہیں

پکڑ کر دو آدمی چلاتے ہیں۔

اَرّۓ پُشتِ نہنگ ۔ (قدیم لڑائیوں میں) گھڑیال کی پشت کی وضع کا ایک ہتھیار جو آرے کی طرح دندانے دار ہوتا تھا۔

اَرّہ کش ۔ آرا چلانے والا شخص۔ لکڑی کو آرے سے چیرنے والا۔

اُرُوسَا ۔ (نباتیات) دو تین ہاتھ لمبا ایک پودا جس کا پتا ابتدا میں بید سادہ کے پتے کی طرح مگر اس سے قدرے چوڑا، لمبا اور نوک دار ہوتا ہے۔

اَرّوں گھرّوں ۔ ایک کھیل کا نام جس میں کم سن بچے باہم بیٹھ کر برابر برابر پاؤں پھیلا کے ہاتھ ادھر اُدھر گھماتے یا پاؤں پر ہاتھ پھیرتے اور یہ الفاظ بار بار کہتے ہیں "اروں گھروں' گھی کی چروں"۔

اَرْہَر ۔ چنے سے ذرا چھوٹا اور رنگ میں اس سے ملتا جلتا ایک غلہ جس کو دل کر دال بناتے ہیں۔

اَرِیکَہ ۔ تخت (سجی ہوئی) مسند۔

اِزاربَند ڈِھیلا ہونا ۔ (محاورہ) شہوت پرست ہونا۔ بدکار ہونا۔

اِزالۂ بِکْر ۔ لڑکی کا کنوارپن ٹوٹنا یا توڑنا۔ دوشیزہ کے ساتھ صحبت۔

اَزْبَسْکِہ ۔ کثرت سے۔ زیادہ، بہت۔

اَز ماہ تا ماہی ۔ آسمان سے زمین تک (مراداً) کل کائنات۔ پوری دنیا۔ آسمان سے پاتال تک۔

اَزْہار ۔ کلیاں۔ شگوفے (مجازاً) پھول۔

اَزِیں چہ بِہْتَر ۔ اس سے بہتر کیا ہے (مراداً) سب سے بہتر۔

اَڑھائی چاوَل گلانا ۔ (محاورہ) سب سے الگ رائے رکھنا۔ اکھڑ مزاجی کے باعث کسی کے ساتھ متفق نہ ہونا۔

اَڑا اَڑا دَھڑیم (دھڑیم) ۔ دیوار وغیرہ گرنے کا دھماکا۔ دھم سے گرنے کی آواز۔

اُڑی اُڑی طاق بَیٹھی ۔ (اڑی اڑی طاق (پر) بیٹھی) (کہاوت) (کوئی بات) چرچا ہوتے ہی عوام میں پھیل گئی۔ رفتہ رفتہ کہاں سے کہاں جا پہنچی۔

اُڑھَری ۔ غیر کفو کی بیوی، چاہے منکوحہ ہو یا مدخولہ۔

اَژْدَر ۔ بڑا اور موٹا سانپ

جو شکار کو اپنی پیٹ میں دبا کر کچل دیتا اور سالم نگل جاتا ہے۔ اژدہا۔

اِژدِحام (اِزدِحام)۔ انبوہ۔ بھیڑ کرنا۔

اَساڑ (ھ)۔ ہندی تقویم کا تیسرا مہینہ جس میں سورج برج جوزا میں ہوتا ہے، برسات کا پہلا مہینہ جو جون جولائی کے لگ بھگ واقع ہوتا ہے۔

اَساس۔ بنیاد۔ نیو۔

اَساوَری۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کی بناوٹ میں سنہری یا روپہلی بادلے کا چار خانہ ہوتا ہے۔ زری (پارچہ) تمامی۔

اَسباب (سبب کی جمع)۔ سازو سامان۔ وسائل۔ چیزبست۔

اَسپَکیں (اشبک) بڑا خیمہ۔ ڈیرا۔ خرگاہ۔

اِستاد۔ برقرار۔ قائم۔

اِستادہ۔ کھڑا ہونا۔ (مجازاً) تیار۔ آمادہ۔ راضی۔ بضد۔

اُستانی۔ خاتون جو بچوں کو لکھنا پڑھنا یا سینا پرونا سکھائے۔ معلمہ۔

اِستَبرَق۔ موٹا زرتار ریشمی کپڑا۔ سبز رنگ کا مخمل۔

اِستجابَت۔ قبولیت۔ مقبولیت (خصوصاً دعا کی)۔

اِستِخراج۔ خارج کرنا۔ نکال دینا۔ زائچے سے یہ بتانا کہ کونسا ستارہ کس مقام پر ہے اور اس کا کیا اثر پڑے گا۔

اُستخوان۔ ہڈی۔ پنجر۔

اَستَر۔ ابرے کے نیچے کپڑے کی نچلی تہ جو ابرے کے ساتھ دوسرا کپڑا ملا کر سی جاتی ہے۔ پلاسٹر۔ گچ۔

اِستِراحَت۔ آرام۔ آسائش۔

اَستَرکاری۔ دیوار پر چونے یا سرخی وغیرہ کا استر کرنا۔ گارے یا سیمنٹ کی لپائی، تہ چڑھا کر چھپا دینا۔

اِستری۔ ۱۔ عورت۔ زن۔ ۲۔ اہلیہ۔ بیوی۔

اِستِغفار۔ طلب مغفرت۔ گناہوں کی معافی کے لیے دعا کرنا۔

اَستَغفِرُاللہ۔ (لفظاً) میں خدائے تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں (مراداً) کسی امر

قبیح سے انکار۔
اِسْتِفْسَار۔ دریافت۔پوچھ گچھ۔ سوال کرنا۔
اِسْتِقَامَت ۔ قدم جمائے کھڑے رہنا۔ استقلال ۔ پامردی۔
اِسْتِقْبَال۔ پیشوائی۔ خوش آمدید کہنا۔
اِسْتِقْلَال ۔ ضبط و تحمل سے اپنے مسلک پر جمے رہنا۔ڈٹے رہنا۔
اِسْتِسْقَا۔ (لفظاً) پانی طلب کرنا (مراداً) بارش کی دعا۔
اِسْتِشْمَام۔ سونگھنے کا عمل ۔ سونگھنا۔
اِسْتِعَانَت ۔ مدد چاہنا ۔ مدد۔ اعانت۔
اِسْتِعْجَاب ۔ تعجب ۔ حسرت۔
اِسْتِعْجَال ۔ جلدی کرنا۔ پھرتی۔ تیزی۔
اِسْتِغَاثَہ ۔ فریاد ۔ دادخواہی۔ نالش۔
اِسْتِفْرَاغ ۔ قے ۔ الٹی ۔ متلی ۔
اِسْتِکْبَار ۔ غرور۔ گھمنڈ ۔ اپنی بڑائی جتانا۔
اِسْتِمَاع ۔ سننا ۔ کان لگاکر سننا (مجازاً) سنا ہوا ۔ شنیدہ۔

اُسْتُوَار ۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پختہ۔
اِسْتِہْزَا ۔ ہنسی ٹھٹھا ۔ مذاق اڑانا۔
اَسْتھَان ۔ مسکن ۔ زیارت گاہ۔ تیرتھ ۔ مندر۔
اِسْٹَامپ ۔ دستاویز کا کاغذ جس کی پیشانی پر حکومت کی مہر کا ٹھپا ہوتا ہے اور قیمت لکھی رہتی ہے ۔
اِسْفَنْد ۔ ... شمسی سال کے بارہویں مہینے کا نام جس میں آفتاب برج حوت میں ہوتا ہے۔
اَسَدْ ۔ آسمان کے بارہ برجوں میں سے پانچویں برج کا نام جس کی شکل شیر کی سی ہے ۔
اَسْرَار ۔ امورِ غیب ۔ راز کی باتیں ۔
اِسْرَار ۔ بھوت ۔ پریت ، جن ۔ آسیب ۔ نگاہِ بد کا آزار۔
اَسْفَلُ السَّافِلِیْن ۔ دوزخ کا سب سے نیچے کا طبقہ ۔تحت الثریٰ۔
اِسْمِ اَعْظَم ۔ اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا نام۔
اَسْمَار ۔ (جمع سمر کی) کہانیاں

جو رات کو کہی جائیں ۔ رات کی گفتگو ۔

اَسْوَد ۔ سیاہ ۔ کالا ۔ سیاہ رنگ شخص ۔ حبشی ۔

اَسِیر ۔ قیدی ۔ گرفتار (مجازاً) مبتلا ۔

اَسِیس ۔ دعائے خیر و برکت ۔ نیکی کا بدلہ ۔

اَش اَش ۔ حیرت، خوشی اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے ۔

اِش اِش ۔ دودھ پیتے بچے کو پیشاب پاخانہ کرانے کی تحریک یا اشارے کے لیے آواز ۔

اِشْتِبَاہ ۔ دھوکا ۔ غلط فہمی ۔ التباس ۔

اُشْتُر ۔ اونٹ ۔

اُشْتُلم ۔ شور و غل ۔ ہنگامہ ۔ دھماچوکڑی ۔

اِشْتِمَال ۔ شرکت ۔ شامل ہونا ۔

اِشْتِہا ۔ کھانے کی خواہش ۔ بھوک ۔

اِشْتِیَاق ۔ شوق ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ محبت ۔

اِشْتِیَاقی ۔ مشتاق ۔ آرزو مند ۔

اِشْتِیَاقِیَہ ۔ شوق پر مشتمل ۔ شوق سے بھرا ہوا ۔

اَشْجَار ۔ (شجر کی جمع) بہت سے درخت ۔ پودے ۔

اَشْجَع ۔ بہت بڑا دلیر ۔ بڑا شجاع ۔

اَشْرَاف ۔ شریف لوگ ۔ عالی مرتبہ اشخاص ۔

اَشْرَفی ۔ پرانا سونے کا سکہ (مختلف زمانوں میں مختلف قیمت کا، بیسویں صدی کے تقریباً نصف اول میں، قریب قریب پندرہ روپیہ کے برابر) ۔

اَشْرَفی بُوٹی ۔ زربفت اور کمخواب وغیرہ کی گول گول سنہری بوٹی جو اشرفی کے برابر ہوتی ہے ۔

اِشْرَاقی ۔ اشراقی طریقۂ تعلیم کا ماننے والا ۔

اِشْرَاقِین ۔ وہ حکما جو صفائے باطن کے باعث مکاشفے اور مراقبے کے ذریعے دوری سے تعلیم و تعلم کرتے تھے ۔

اِشْعَار ۔ اظہار، جتانا ۔ آگاہ کرنا ۔

اَشْقَر ۔ سر سے پاؤں تک سرخ گھوڑا ۔

اَشْقِیا ۔ (شقی کی جمع) بدبخت ۔ ظالم ۔ سنگدل ۔

اَشکال ۔ مختلف صورتیں جو مادہ اختیار کرتا ہے (مجازاً) اجسام، پیکر۔

اَشنان ۔ (ہندو) غسل ۔ نہانا۔

اَشہَب ۔ گھوڑا جس کے سپید بالوں کی کثرت سیاہ پر غالب ہو۔ سیاہی مائل سپید رنگ کا گھوڑا۔ سبزہ۔

اِصرار ۔ (لفظاً) کسی فعل یا قول پر استقامت (مراداً) ضد اور ہٹ ۔کسی بات پر اڑے رہنا۔

اُصطُرلاب ۔ ارسطو یا ابرخس یونانی کا ایجاد کردہ پیتل کا ایک مدور قرص نما قدیم آلہ جس کے خطوط اور نشانات کے ذریعے اجرام فلکی کی بلندیاں معلوم کی جاتی تھیں۔

اَصلا ۔ قطعی طور پر ۔ ہرگز۔ کسی طرح۔

اِصلاح ۔ مرض سے افاقہ ۔صحت کی بحالی ۔تندرستی۔

اِضطِرار ۔ بے اختیاری ۔ مجبوری ۔ بے بسی۔

اِطاعَت ۔ تعمیل حکم ۔فرماں برداری۔ محکومی۔

اَطراف ۔ کنارے ۔سرے۔

اَطلَس ۔ ریشم اور سوت کا ملوان بنا ہوا چکنی اور چمکیلی سطح کا کپڑا۔

اَظلَم ۔ بڑا بے رحم ۔ سنگدل ۔ سب سے بڑا ظالم۔

اِظہار ۔ افشا، انکشاف ۔ ظاہر کرنا یا ہونا۔

اِعانت ۔ مدد ۔ سہارا۔ وسیلہ۔

اِعتِراض ۔ نکتہ چینی ۔ حرف گیری۔ ایسی تنقید جس میں عیب یا نقص پر نظر ہو۔

اِعتِقاد ۔ یقین ۔ پختگی سے کوئی بات دل میں ہونا۔

اِعتِنا ۔ (کسی شخص یا بات کی) پروا، توجہ۔

اَعدا ۔ مخالفین ۔ وہ لوگ جو دشمن یا حریف ہوں۔

اَعضا ۔ جسم انسان یا حیوان کے حصے۔

اِعلام ۔ اعلان ۔ اطلاع ۔ جتانا۔ آگاہ کرنا۔

اَعلیٰ عِلیین ۔ بہشت کا سب سے اونچا درجہ ۔ فردوس بریں کا سب سے اعلیٰ مقام۔

اَعمیٰ (اعما) ۔ اندھا ۔ نابینا۔

اَعنِی ۔ میرا مطلب یہ ہے ۔میری مراد یہ ہے۔

اَعیان ۔ کسی ادارے کے بالادست افراد ۔ عمائد ۔ اکابر۔

اَغذِیہ ۔ غذائیں ۔کھانے کی

چیزیں۔
اِغماز ۔ کج ادائی ۔ نخرہ ۔ غرور۔ کبر کا حقارت آمیز انداز۔
اِغماض ۔ (کسی شخص یا شے سے) بے پروائی ۔ بے توجہی۔
اِفاقہ ۔ مرض میں کمی ۔ مرض کے بعد صحت۔
اُفتاد ۔ ناگہانی آفت۔
اُفتاں و خیزاں ۔ گرتا پڑتا۔ ٹھوکریں کھاتا۔
اَفروز ۔ روشن کرنے والا۔ آب و تاب یا چمک دمک بڑھانے والا۔
اِفریتہ ۔ (افریت کی تانیث)۔ صحیح عفریت ۔ دیو ۔ خبیث ۔
اَفزود ۔ بیش ۔ زیادہ ۔
اَفزوں ۔ وافر ۔ بکثرت ۔ بہت ۔
اَفسر ۔ تاج ۔ کلاہِ شاہی ۔ (مجازاً) حکمران ۔ حاکم ۔ سردار ۔ سربراہ ۔
اَفسوس ۔ غم ۔ رنج ۔ صدمہ ۔
اَفسوں گری ۔ جادوگری ۔ طلسم بندی ۔
اَفشاں ۔ مقیش یا بادلے کے باریک کترے ہوئے ریزے یا ذرے جو بیشتر آرائش کے لیے عورتیں خاص کر دلھنوں کے بالوں پر چھڑکتی اور ماتھے نیز چہرے پر جماتی ہیں۔
اَفضال ۔ مہربانیاں ۔ فضل و کرم۔
اَفضل ۔ بہت زیادہ بزرگی والا ۔ سب سے زیادہ صاحبِ فضیلت ۔
اَفعی ۔ سانپ ۔ ایک زہریلا سانپ ۔
اَفکار ۔ فکریں ۔ اندیشے ۔ تردداتِ۔
اِفہام و تفہیم ۔ اپنا خیال کسی دوسرے کے ذہن نشین کرانا۔ سمجھانا ۔
اِقتباس ۔ اخذ ۔ استفادہ ۔
اِقتران ۔ اتحاد ۔ ملاپ ۔ دو کھا دلھن کی قربت ۔
اُقتلُو ۔ قتل کردو ۔
اِقرار ۔ قبولنا ۔ ہاں کرنا۔
اَقسام ۔ مختلف قسمیں۔
اِقلیم ۔ ملک ۔ ولایت ۔ خطہ۔ ساتواں ٹکڑا ربع مسکون کا۔
اِقلیم سَبْعَہ ۔ سات اقلیم۔ پرانے زمانے میں کرۂ ارض کے سات حصّے کیے گئے تھے، ہر ایک کو اقلیم کہتے تھے ۔
اَقمشہ ۔ قیمتی کپڑے (ملبوسات ہوں کہ بن سِلے) ۔ کپڑے کے.

ٹھان ۔ سازو سامان ۔ گھریلو استعمال کی چیزیں ۔

اَقْمِشَہ و اَجْنِسَہ ۔ مختلف قسم کے قیمتی کپڑے اور اجناس ۔ (ق)

اِکّہ (اِکّا) ۔ ایک خاص قسم کا بازو بند جس پر (بخلاف جوشن یا نوتگے کے) صرف ایک ہی بڑا نگ جڑا ہوتا ہے (نگ کے نیچے ایک ڈبیہ بنی ہوتی ہے جس میں عطر کی پھریری رکھ لیتے ہیں) ۔ ایک بتی کا شمعدان ۔ ایک کنول کی بیٹھک ۔

اَکابِر ۔ معزز یا سربرآوردہ افراد ۔ ذی اثر اشخاص ۔

اَکابِرَان ۔ بہت بڑے لوگ ۔ مقتدر لوگ ۔

اَکاسی دِیا ۔ معمول سے زیادہ بلندی پر روشن کیے جانے والا چراغ ، جگہ کی نشان دہی کے لیے ۔ وہ بڑا چراغ جو جہازوں کی رہ نمائی کے لیے بلند مینار روشن کیا جاتا تھا ۔

اِکْتارا ۔ تنبورے سے ملتا جلتا ایک تار کا باجا ، جس پر اکثر ہندو فقیر بھجن وغیرہ گایا کرتے ہیں ۔

اَکَڑ مَروڑ ۔ بانکپن ۔ آن بان ۔ سرکشی ۔ اکڑفوں ۔

اِکْسِیر ۔ تیر بہدف نسخہ ۔ حکمی علاج ۔ کھرا ۔ اعلیٰ درجے کا ۔

اَکْفَر ۔ جو کفر میں شدت رکھتا ہو ۔ سخت کافر ۔ بہت ظالم ۔

اَکْل و شُرب ۔ کھانا ۔ نوش کرنا ۔ کھانا پینا ۔

اِکْلِیل ۔ تاج ۔ جواہرات سے مرصع تاج ۔

اَکِید ۔ موکد ۔ محکم ۔ پرزور ۔ (تاکید کے ساتھ مستعمل) ۔

اَکیلا ہنستا بھلا نہ روتا (مثل) (اکیلا روتا بھلا نہ ہنستا بھلا) ۔ جب تک دو چار آدمی کسی خوشی یا غم کی تقریب میں نہ ہوں لطف نہیں آتا ۔

اَگوہَر ۔ (نباتیات) بھارت (ہند) کے پوربی علاقے کا ایک درخت جس کی لکڑی بیشتر معمولی چھت کی کڑیوں میں استعمال ہوتی ہے ۔

اُکھیڑ ۔ (کشتی) حریف کے پاؤں پیچھے کھینچ کر اٹھا لینا کہ وہ زمین پر گر پڑے ۔

اَگاڑی پچھاڑی ۔ (لفظاً) گھوڑے کی گردن یا اگلے پاؤں اور پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسی (مجازاً) موجودہ و آئندہ حالت ۔ انجام کار ۔

اُگٹنا ۔ عیب بکھاننا ۔ نہ کہنے کی بات زبان پر لانا ۔ احسان جتانا ۔

طعنے دینا۔

اَگَر ۔ ایک پہاڑی درخت کی خوشبو دار لکڑی ۔ عود ۔

اَگَر سُوز ۔ اگردان ۔ وہ ظرف جس میں بنے ہوئے سوراخوں میں اگربتیاں لگائی جاتی ہیں ۔ وہ برتن جس میں آگ روشن کرکے اگر جلاتے ہیں ۔

اَگن ۔ چھوٹی چڑیا کے برابر ایک مٹیالے رنگ کا خوش آواز پالتو پرند جس کی دم بلبل سے چھوٹی ہوتی ہے ۔ چنڈول کی ایک قسم ۔

اَگُند ۔ بھرا ہوا ۔ پُر ۔

اَگھُوری ۔ اگھوری پنتھ والا ۔ ہندو فقیروں کا ایک مت جس کے پیرو شیوجی کی پوجا کرتے ہیں اور مردار کے کھانے سے پرہیز نہیں کرتے ۔

اَگیا بَیتال ۔ غول بیابانی ۔ چھلاوا ۔ بھوت پریت ۔

اَگیاری (اگیار) ۔ پوجا کے لیے آگ روشن کرکے اس پر بخور چاول گھی وغیرہ ڈالنا ۔

اَلبُرز ۔ ایران کے شمال میں ایک پہاڑ کا نام جس کا سلسلہ کوہ قاف سے مل جاتا ہے ۔

اَلَّڑھ (الھڑ) ۔ نادان ۔ کم سن ۔ بھولا بھالا ۔ اناڑی ۔ ناتجربہ کار ۔

اِلتِماس ۔ درخواست ۔ گذارش ۔ عرضی ۔

اِلتِیام ۔ پیوستگی ۔ اتصال ۔ جڑنا ۔

اُلٹی چِین ۔ حقے کے نیچے کی بندش کا ایک خاص طریقہ جس میں کپڑے کو اندر کی طرف مروڑتے ہیں اور مروڑی مکمل ہونے پر تاگا اس طرح پیٹتے ہیں کہ وہ مروڑی کے نیچے دبا رہتا ہے (اس بندش کا نیچا بہت مضبوط ہوتا ہے) ۔

اِلائچیاں (الاچی) ۔ ایک خوشبو دار پھل جس کے اندر خوشبو دار دانے ہوتے ہیں ۔

اِلحاح ۔ طلب یا گزارش کے موقع پر منت سماجت ، عاجزی ۔ رو رو کر اور گڑگڑا کر عرضداشت ۔

اِلحاح و زاری ۔ گریہ و زاری ۔ عجز و نیاز ۔

اَلحاصِل ۔ (لفظاً) جو حصول ہو یا ملے (مجازاً) آخرکار ۔ قصہ کوتاہ ۔

اَلحَذَر اَلحَذَر ۔ امان طلبی ۔ پناہ مانگنا ۔ خوف یا بیزاری ۔

اَلَسْت ۔ میثاق (قرآن مجید میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خلقت کائنات سے پہلے جب انسانوں کی روحیں پیدا کیں

تو ان سے خطاب فرمایا: اَلست
بربکم، کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔
انہوں نے جواب دیا بلیٰ کیوں نہیں،
تو ہی ہمارا رب ہے)۔
اَلطافِ خسروانہ - شاہانہ
لطف وکرم، نوازشیں،
عنایتیں۔
اَلاَمان - خدا کی پناہ - خدا
محفوظ رکھے۔
اَلغیاث - فریاد - فریاد ہے۔
دہائی ہے۔ دادرسی چاہتا
ہوں۔
اَلفِراق - کسی شخص یا مقام
سے جدا ہوتے وقت حسرت و
افسوس کا نعرہ۔
اَلفِراق اَلفِراق - جدا
ہوتے وقت حسرت وافسوس کا
اظہار تاکید مزید کے ساتھ۔
اَلقصّہ - الحاصل - مختصر
یہ کہ۔
اَلف - ایک ہزار - بے شمار۔
بکثرت۔
اَلِف ہونا - (محاورہ)۔
چراغ پا ہونا - گھوڑے کا
پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔
برہنہ یعنی ننگا ہونا۔
اُلفت - چاہت - محبت۔
اَللہ دے اور بندہ لے -
(فقرہ) - کسی شے کی فراوانی
یا شدت وکثرت ظاہر کرنے
کے لیے - مترادف بکثرت -
بے حد وانتہا - بے تحاشا
وغیرہ۔
اَلماری - دیوار کے آثار میں
کواڑوں سے بند ہونے والی
خالی جگہ جس میں سامان رکھنے
کے لیے اوپر تلے تھوڑے
تھوڑے فاصلے پر خانے بنے
ہوں - اسی قسم کا لکڑی یا دھات
کا ڈھانچا جسے ایک جگہ سے اٹھا کر
دوسری جگہ رکھ سکیں۔
اَلَنگ - چھلانگ - زقند -
اوپر سے گزر یا کود کر پار کر جانے
کا عمل۔
اَلگنی - رسی وغیرہ جو کپڑے ڈالنے
کے لیے ادھر ادھر دو کھونٹیوں میں
باندھ کر تان دیتے ہیں۔
اَلا بَلا - اِدھر اُدھر کا - متفرقات -
کاٹھ کباڑ - الم غلم۔
اَلیم - دردناک - صعوبت یا
تکلیف میں مبتلا کرنے والا -
تکلیف دہ۔
اَلیمانی - ایک قسم کا ہتھیار
(ق)۔
اَلاؤ - گھاس پھونس اور ایندھن
وغیرہ کا جلتا ہوا انبار - ڈھیر۔
الّو - ایک پرند جو انسانوں سے
دور ویرانوں میں رہتا اور

منحوس سمجھا جاتا ہے جو عموماً دن میں سوتا اور رات میں ہوکتا اور مختلف وحشت ناک بولیاں بولتا ہے۔

اَلوان ۔ بہت سے رنگ ۔ قسم قسم کے رنگ ۔

اَلُوپ ۔ پوشیدہ ۔ غائب ۔ اوجھل ۔ نظر نہ آنے والا ۔

اَلْعَفو اَلْعَفو ۔ معاف کرو ، معاف کرو ۔ معافی کا خواستگار ہوں ۔

اَلھڑ پَنے (الھڑ پن) ۔ کم سنی ۔ نوعمری ۔

اَلْماس ۔ جواہرات میں سب سے اعلیٰ سفید یا کسی اور ہلکے رنگ کا ایک قیمتی پتھر جو کان سے نکلتا ہے اور جو خالص کاربن ہوتا ہے ۔ (شیشے اور دوسرے جواہرات کو کاٹ دیتا ہے) ۔ ہیرا ۔

اَلْقَط ۔ قطع ۔ قلم ۔ خارج ۔ مسترد ۔ نامقبول ۔

اِلْزام ۔ حرف گیری ۔ تہمت ۔ بہتان ۔ اتہام ۔

اِمام ضَامِن ۔ (جعفری) بارہ اماموں میں سے آٹھویں امام کا لقب جن کا نام علی اور لقب رضا تھا (کہا جاتا ہے کہ آپ خلیفہ ہارون رشید کے عہد میں زائرین کربلا کے ضامن ہو جاتے تھے کہ وہ زیارت کرکے واپس آجائیں گے اور حکومت کی عائد کردہ پابندیوں کے خلاف کوئی عمل نہیں کریں گے) ۔

اَمانَت ۔ وہ چیز (نقد، جنس یا بات) جو کسی کو (جوں کی توں واپس لینے یا محفوظ رکھنے کے لیے) سونپی جائے ۔ یا کسی کی حفاظت میں دی ہوئی چیز ۔

اِمْتِلا ۔ نفخ ۔ بدہضمی ۔ قے ۔

اِمْتِیاز ۔ فوقیت ۔ برتری ۔ بڑائی ۔ شناخت ۔ خصوصیت ۔

اَمْجَاد ۔ بزرگی والے ۔ معززین ۔

اَمْر ۔ کام ۔ فعل و عمل ۔ بات ۔ حکم ۔ فرمان ۔

اُمَرا ۔ امیر ۔ دولت مند ۔ حاکم ۔

اَمْرِت ۔ آب حیات ۔ تریاق ۔

اِمْرَتی ۔ ماش کے آٹے کی گول بل دار کناروں کی ایک مٹھائی جو جلیبی کی طرح تیار کی جاتی ہے ۔

اَمْرُود ۔ گول یا مخروطی شکل کا مشہور پھل جس کا پوست سبزی یا زردی مائل اور جس کے اندر چھوٹے چھوٹے نرم بیجوں کا گچھا ہوتا ہے ۔

اَمْرُود ۔ حلوائے بے دُود ۔ (مثل) امرود قدرتی حلوا ہے ۔

اَمْرِیّاں ۔ آم کے درختوں کا باغیچہ ۔
اَمْصار ۔ (متعدد) شہر ۔ بستیاں ۔ دیار ۔
اَمْکی (امک کی تانیث) ۔ فلاں ۔ فلاں فلاں ۔ کم حیثیت اور بے قدر آدمی ۔ ایرا غیرا ۔
اُمُور ۔ بہت سے کام ۔ بہت سے احکام ۔ بہت سی باتیں ۔ معاملات ۔
اُمُورات ۔ (امور کی جمع) ۔ معاملات ۔ بہت سی باتیں ۔
اَمَیٹھنا ۔ مروڑنا ۔ بل دینا ۔
اُمّید و بِیم ۔ کامیابی اور ناکامی کی درمیانی حالت ۔ دبدھا ۔ اطمینان و خوف ۔
اُمیدوار ۔ آس لگانے والا ۔ متمنی ۔
اَمیر ۔ دولت مند ۔ صاحب ثروت ۔ دینی پیشوا ۔ حاکم شرعی ۔
اَمیری ۔ دولت مندی ۔ سرداری ۔ حکومت ۔ رئیسانہ ۔
اِن تِلوں میں تیل نہیں ۔ (کہاوت) ۔ بے مروت یا بخیل ہیں ۔ رکھائی کرتے ہیں ۔ اثر قبول نہیں کرتے ۔
اَن گِنا بَرَس ۔ بچے کی عمر کا آٹھواں سال (عمر کے آٹھویں سال کا نام لینا اکثر عورتیں منحوس سمجھتی ہیں) اور ان کا خیال ہے کہ بچے آٹھویں (یا اٹھارویں) سال میں زیادہ بیمار یا فوت ہوتے ہیں ۔
اَنابیبِ شعری / اَنابیبُ الشّعری ۔ ۱ ۔ ایک کشش جس کی وجہ سے پانی باریک نالیوں میں خود بخود چڑھ جاتا ہے ۔
۲ ۔ بال جیسی باریک نالیاں ۔ بال جیسے باریک سوراخ ۔
وہ خاصیت جس کے ذریعے مائعات اپنی سطح سے اونچے چڑھ جاتے ہیں جیسے تیل میں بتی ۔
اَنْبار ۔ ڈھیر ۔ ذخیرہ ۔ بوجھ ۔
اَنْباری ۔ عماری ۔ ہاتھی کا ہودہ ۔
اِنْبساط ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔ سرور ۔ کشادگی ۔
اَنْبوہ ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ کثرت ۔
اَنْبہ ۔ آم ۔
اَنْبِیا ۔ متعدد نبی پیغمبر ۔ یا پیغامبر ۔
اِنْتِساب ۔ لگاؤ ، نسبت دنیا ۔ نسبت رکھنے والا ۔
اِنْتِشار ۔ پراگندگی ۔ بے ترتیبی ۔ بدنظمی ۔
اِنْتِما ۔ بڑھنا پھولنا ۔
اَنْدام ۔ جسم ۔ بدن ۔ قد و قامت ۔
اِنْتِظار ۔ راہ دیکھنا ۔ چشم براہ رہنے کی کیفیت ۔
اِنْتِظاری ۔ منتظر ۔ راہ

دیکھنے والا۔

اِنتِظام ۔ بندوبست ۔نظم و نسق ۔ تیاری ۔ اہتمام ۔

اِنتِقام ۔ ظلم یا زیادتی کا وہ بدلہ جو اسی قسم کے کسی اقدام کے ذریعے لیا جائے ۔ عوض ۔ جو قصاص کی صورت میں نہ ہو۔

اَنتِیاں (اَنتی) ۔ کان کا ایک زیور جو چھوٹی بالی کی وضع کا ہوتا ہے ۔

اَنتا غفیل ۔ بے ہوش ۔ غافل ۔ مدہوش ۔ بے خبر ۔

اَنٹیاں (اَنٹی) ۔ پیسا ۔ دولت ۔

اَنٹی مارنا (محاورہ) ۱۔ ڈنڈی مارنا ۔ کم تولنا ۔ آنکھ بچا کر کسی کا مال اڑا لینا ۔ ۲۔ چالاکی ۔ فریب ۔ دغا بازی ۔

اَنجام ۔ آخر ۔ اختتام ۔ انتہا ۔

اَنجُم ۔ ستارے ۔ تارے ۔ نجوم ۔

اَنجُمَن ۔ بزم ۔ محفل ۔ مجلس ۔ مجمع ۔

اَنچھَر ۔ جادو کا بول ۔ منتر ۔

اَن چِھلی ۔ (لفظاً) ناہموار لکڑی وغیرہ گاڑنا ۔ (مراداً) سخت ۔

اِنحِراف ۔ نافرمانی ۔ عدول حکمی ۔

اِندِمال ۔ زخم بھرنا ۔ زخم پر انگور آنا ۔ زخم بھرنے کی صورت حال ۔

اِندری ۔ حواس خمسہ ظاہری و باطنی جو دس ہیں ۔ کان، پوست، آنکھ، زبان، ناک ۔ ان پانچوں کو گیان اندری کہتے ہیں ۔ ہاتھ، گردن، مقعد، آلۂ تناسل، قدم ۔ یہ پانچ کرم اندری ہیں ۔

اَندوہ ۔ رنج ۔ غم ۔

اَندھے ہیں ۔ بے وقوف ہیں ۔ جاہل ہیں ۔ بے علم ہیں ۔

اَندھا جب پتیائے جب دو آنکھیں پائے ۔ (کہاوت) مراد پوری ہو جائے تو اطمینان ہو ۔ کام ہو جائے تو جانیں ۔

اَندھے کی داد نہ فریاد ۔ ۱۔ معذور کی غلطی قابل گرفت نہیں ہوتی ۲۔ جابر اور ظالم کو کون ٹوک سکتا ہے ۔

اَندھے کی لاٹھی (اندھی کی لاٹھی) (کہاوت) ضعیفی کا سہارا ۔ بڑھاپے کی اولاد ۔ اٹکل پچو کام ۔

اَندھیرا پاکھ ۔ مہینے کا آخری پندرھواڑا جس میں چاند گھٹتا چلا جاتا ہے ۔ اجالا پاکھ کی ضد ۔

اَندھیری ۔ نقاب جو سقے یا مزدور وغیرہ منھ پر ڈال کر زنانے میں آتے جاتے ہیں ۔

اَندھیری ڈالنا ۔ (محاورہ) کسی شخص کی آنکھوں کو بند کر کے خوب گت بنانا۔
اَندھڑ ۔ گرد و غبار کا طوفان۔ جھکڑ، آندھی۔
اَنڈا دینا ۔ (محاورہ) انڈے پیدا کرنا ۔ پرند یا بعض جانوروں کا انڈا پیٹ سے باہر نکالنا ۔ پَر پُرزے نکالنا ۔ گوشۂ گمنامی میں رہنا۔
اِنڈُوا (انڈوی) ۔ پُرانے کپڑے یا بان سے بنایا ہوا ایک کنڈل جو مزدور اور پنہارے بوجھ یا گھڑا وغیرہ اٹھاتے وقت سر پر رکھ لیتے ہیں ۔ گھڑوں اور مٹکوں وغیرہ کے نیچے رکھا جانے والا حلقہ (تاکہ وہ لڑھکنے نہ پائیں) ۔ عمدہ کپڑے لچکے اور ٹھپے وغیرہ کا بازو بند جو پہلوان نیز اکثر نوجوان اور آرائش پسند لوگ (مرد عورت) بازو پر باندھتے ہیں۔
اِنسان ۔ بنی آدم ۔ نوعِ بشر۔
اِنشاءَ اللہ ۔ اگر اللہ نے چاہا ۔ اگر خدا کو منظور ہوا۔
اِنصِرام ۔ بند و بست ۔ اہتمام۔ انتظام ۔ تکمیل ۔
اَنظار ۔ نگاہیں ۔ نظریں۔
اِنعَام ۔ حسن کارکردگی کے صلے میں عطیہ ۔ بخشش ۔ خلعت وغیرہ ۔
اِنفِراغ ۔ فراغت (مجازاً) بے فکری ۔ خوش حالی ۔
اِنفِصال ۔ جدائی ۔ علاحدگی ۔ فیصلہ ۔
اِنفِعال ۔ شرمندگی ۔ خجالت ۔
اِنقِیاد ۔ اطاعت ۔ فرماں برداری ۔
اَنگاروں پَر لوٹنا ۔ (محاورہ) (غم، غصے، حسد یا فکر کی آگ میں) جلنا ۔ تڑپنا ۔ بے قرار ہونا ۔
اَنگبین ۔ شہد ۔ عسل ۔
اَنگرَکھا ۔ اچکن کی وضع کا ایک بر کا لباس جسے گھنڈی کے ذریعے گلے کے پاس جوڑ دیتے ہیں ۔ (گرمی میں پہننے کا اکہرا اور جاڑے میں دوہرا روئی دار چپکن) ۔
اَنگِشت ۔ جلی ہوئی لکڑی جو بجھ کر سیاہ ہوگئی ہو؛ کوئلہ ۔ دہکتا ہوا انگارا ۔
اَنگُشت ۔ اُنگلی ۔
اَنگُشت بَدَنداں ۔ (بہ دنداں) ۔ (لفظاً) دانتوں تلے انگلی دبائے ہوئے (مراداً) متعجب ۔ حیران ۔
اَنگُشتِ شَہادَت ۔ کلمے کی انگلی جو سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے

کے پاس ہوتی ہے۔ انگشت اشارہ۔
اُنگُشتَر ۔ انگوٹھی۔ چھلا۔
اُنگلی پکڑتے پہونچا پکڑتے ہو (اُنگلی پکڑتے پُہنچا پکڑنا)
(محاورہ) ذرا سا سہارا پا کر پورا حق جمانا۔ ذرا سے التفات سے بڑھ چلنا۔ پاؤں پھیلانا۔
اُنگلی دانت کے نیچے دَبانا (انگلی دانتوں میں دبانا)
(محاورہ) تعجب کرنا۔ دنگ رہ جانا۔ حیران ہونا۔
اَنگنائی ۔ آنگن۔ صحن۔
اَنگوٗٹھا دِکھانا ۔ (محاورہ) (چڑانے یا حقارت و تضحیک کے ساتھ انکار کرنے کے لیے) ٹھینگا دکھانا۔
اَنگوچھا ۔ بدن وغیرہ سے پانی یا پسینہ پونچھنے کا معمولی کپڑا۔ رومال۔ چھوٹی دھوتی یا تہ بند۔
اَنگوٹھیاں (انگوٹھی) ۔ سونے یا چاندی کا حلقہ جو بطور زیور انگلی میں پہنتے ہیں۔ انگشتری۔ خاتم۔
اَنگِیا ۔ سینے پر پہننے کا زنانہ لباس۔ سینہ بند۔ محرم۔

اَنمول ۔ بیش قیمت۔ بیش بہا۔ نادر۔ اعلیٰ درجے کا۔
اَنَنّاس ۔ گول اور بیضاوی مشہور خوشبودار پھل، پوست کسی قدر موٹا اور خانے دار، کچے کا رنگ ہرا، پکا سرخی مائل گودا زرد۔ برصغیر عموماً بنگال میں پایا جاتا ہے۔
اَنواع و اَقسام ۔ قسم قسم کے۔ بھانت بھانت کے۔ طرح طرح کے۔
اَنوَٹ ۔ پاؤں کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک زیور جس میں گھنگرو ہوتے ہیں۔
اَنہار ۔ (نہر کی جمع) نہریں۔ ندیاں۔ نالے۔
اَنی کا ہاتھ ۔ سامنے کا سیدھا وار۔
اِنثَیین ۔ دونوں خصیے۔ فوطے۔ کپورے۔
اَنیس ۔ رفیق، ساتھی۔ ہم نشین۔
اُوپاس ۔ روزہ۔ برت۔ فاقہ۔
اوپچ (اپج) ۔ انوکھی بات۔ ایجاد۔ اختراع۔ جدت۔
اَوتار ۔ (ہندو) وہ انسان یا مجسمہ (دیوتا) جس کی شکل میں خدا ہندوؤں کی اصلاح

کے لیے آتا ہے۔ رشی ۔ منی ۔ مظہر الٰہی ۔ فرشتہ ۔

اُوٹ ۔ آڑ ۔ پردہ ۔ حائل ۔ لکڑی یا دھات کا چوکھٹا جس پر کپڑا یا کینوس وغیرہ تان کر پردے یا آڑ کے لیے رکھ لیتے ہیں ۔ ...چق ۔

اُوجھ بُجُوجھ (اُوجھ بُجھوج) معدے سمیت پیٹ کی تمام آلائش ۔

اَوچھڑ (اَوچھڑی) ۔ حریف کی ڈھال پر (یا کسی حصہ جسم پر) ڈھال مار کر دھکیلنے کا صدمہ ۔ ڈھال کی جھڑپ (مجازاً) کسی اور ہتھیار یا عضو کا الٹا یا سیدھا طمانچہ ۔

اُوچھے (اوچھا) ۔ ہلکا ۔ ناقص ۔ اچٹتا ہوا (وار وغیرہ) ۔

اُودا ۔ سیاہی مائل بسرخی رنگ کا نام ۔ بیگنی ۔ وہ شے جس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہو ۔

اُودماتی (اُدماتی) ۔ شہوت پرست ۔ بدمست ۔ مغرور (عموماً عورت کے لیے مستعمل) ۔

اُودی گھٹا ۔ کالی گھٹا (ق) ۔

اَوراد خوانی ۔ وظیفے پڑھنا ۔ مقررہ دعائیں مقررہ طریقے سے پڑھنا ۔

اَوَرَنگ ۔ تخت ۔ تخت شاہی ۔

اَوَرَنگ شَہی ۔ تاج شاہانہ (ق) ۔

اوس پڑنا ۔ (محاورہ) رنگ پھیکا پڑجانا ۔ رونق نہ رہنا ۔ اداسی چھا جانا ۔ ناکام ہونا ۔

اُوک ۔ قے ۔ متلی ۔

اُوکتے ڈانکتے ۔ ابکائیاں لیتے اور قے کرتے ہوئے (مراداً) مدہوش ۔ بدمست ۔ جھومتے جھامتے (ق) ۔

اُوکس (اُکسنا) ۔ (مجازاً) موقف سے ہٹنا ۔ کسی ارادے یا کام سے منھ موڑنا ۔ جنبش کرنا ۔ سر اٹھانا ۔

اُوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں سے کیا ڈر ۔ (کہاوت) جب خود کو خطرے میں ڈال دیا پھر نتائج کی کیا فکر ۔ جب دانستہ خطرہ مول لیا تو پیش آنے والے مصائب کی کیا پروا ۔

اَوگی ۔ وہ لمبی رسی جس کو گھوڑے وغیرہ کے سدھانے کے وقت اس کے پیچھے

پھٹکارتے ہیں - کوڑا۔
اُوگال دان (اُگال دان) وہ برتن جس میں پان کی پیک، اگال، لعاب دہن ڈالتے / یا تھوکتے ہیں۔
اُولوالعَزم - صاحب ہمت - بلند ارادے رکھنے والا۔
اُولوالعَزمی - بلند ہمتی - عالی حوصلگی۔
اُول جَلُول - بے وقوف - بونگا - جاہل - گھامڑ۔
اُولُش (اُلُش) - کسی کے آگے کا بچا ہوا کھانا پانی وغیرہ - جھوٹا کھانا - پس خوردہ (بیشتر امرا کے سامنے کا)۔
اُولا - بالکل سرد - ٹھنڈا - بے دم۔
اُونٹ کِس کَل بَیٹھتا ہے۔ (کہاوت) ایسے معاملے کی نسبت مستعمل جن کا انجام معلوم نہ ہو دیکھیے کیا ظہور میں آئے، کیا نتیجہ برآمد ہو۔
اُونچا سُنائی دینا - (محاورہ) کم سنائی دینا - بھرا ہونا - ثقل سماعت ہونا۔
اُونچی دوکان پھیکا پکوان۔ (مثل) نام اور شہرت زیادہ کام اور حقیقت کم - نام بڑا درشن تھوڑے۔

اَونے پَونے - کم قیمت میں - سستا - ارزاں۔
اُونڈیلا (اُنڈیلنا) - کسی شئے کو ایک ظرف سے دوسرے ظرف میں یا ایک جگہ سے دوسری جگہ گرانا - ڈالنا۔
اُونگتے کو ٹھیلتے کا بہانہ (مثل) کام کرنے کو خود جی نہیں چاہتا تھا دوسرے کے منع کرنے کو بہانہ بنا لیا - کسی کام کی خواہش پر دوسرے کی تائید یا سہارا۔
اُوہی / اُوئی - عورتوں کا روز مرہ یا تکیہ کلام، ناز و انداز ظاہر کرنے کے موقع پر، حیرت و استعجاب کے موقع پر، صدمہ، نفرت یا خوف ظاہر کرنے کے موقع پر، اور (چونک کر) انکار، استکراہ یا اظہار برأت کے موقع پر۔
اِہتمام - بندوبست - نگرانی اور دیکھ بھال۔
اَہرَمَن - زردشتیوں کے نزدیک شر کا خالق، بدی کا دیوتا۔
اَہلِ حِرفَہ - پیشہ ور لوگ - صنعت و حرفت والے لوگ۔
اَہلِ عَملَہ - عملے کے لوگ - ہم پیشہ - ایک جگہ کام کرنے والے (ق)

اَہل و عَیال ۔ گھر کے لوگ جن کا بار کفالت کسی کے ذمے ہو ۔ بال بچے اور دیگر متعلقین ۔

اَہلی گہلی پھرنا (اہلا گہلا کی تانیث) شادماں و فرحاں ۔ خراماں خراماں ۔ اترایا ہوا ۔ آزادانہ ۔

اَہیر ۔ ایک ذات (گوت) جس کے لوگ گائے بھینس پالتے ہیں اور دودھ بیچتے ہیں ۔ گوالا ، گوجر ، گھوسی ۔

اَیاغ ۔ پیالہ ۔ شراب کا پیالہ ۔

اَیال ۔ جانور کی گردن کے لمبے بال ۔

اِیالَت ۔ ولایت ۔ سرداری ۔ نگرانی رکھنا ۔

اِیذا دَہی ۔ تکلیف پہنچانا ۔ دکھ دینا ۔

ایڑی ۔ پاؤں کے تلوے کا پچھلا حصہ جس کی کھال سخت اور موٹی ہوتی ہے اور جسے جوتے یا زمین پر لگا کر کھڑے ہوتے ہیں ۔

ایڑی چوٹی پَر قُربان کَرنا ۔ (محاورہ) کبھی غصّے اور کبھی نفرت یا حقارت سے اپنے مقابل یا اپنے محبوب سے کچھ حیثیت نہ سمجھنا ، اس قابل سمجھنا کہ اسے قربان کر دیا جائے ۔

ایڑی دیکھنا (محاورہ) نظر بد دور کرنے کے لیے کسی عزیز کی ایڑی پر نظر ڈالنا ۔

اِیڑیاں رَگڑنا ۔ (محاورہ) نہایت مصیبت اور تکلیف میں زندگی گزارنا ۔ جانکنی کے عالم میں تڑپنا ۔ نہایت درجے کوشش کرنا ۔

اِیزَد مُتعَال ۔ اللہ تعالےٰ کے ناموں میں سے ایک نام ۔ بزرگ و برتر اللہ ۔

اَیسی تیسی ۔ (ایسا تیسا کی تانیث) ۔ (کلمۂ تحقیر) کمینہ ۔ ذلیل ۔ بے وقوف ۔

اَیسی نَنھی ہیں کہ رُوٹی کو تُوٹی اور پانی کو مَم کہتی ہیں ۔ (عو) طنزاً کہتی ہیں جب کسی عورت کے ذمے بدچلنی کا الزام لگے اور کوئی کہے کہ ابھی بچی ہے ۔

اَیسے تَیسے ۔ جوں توں کر کے ۔ بمشکل تمام (ق) ۔

اِیسَر باچا ۔ جادوگروں کے سیکڑوں خداؤں میں سے ایک کا نام (ق) ۔

اِیفا ۔ قول و قرار کی تعمیل ۔ وعدے یا عہد کو پورا کرنا ۔

ایک اَنار سَو بیمار ۔

(کہاوت) ۔ چیز کم اور ضرورت مند زیادہ ۔

ایک تو چُوری دُوسرے سَرزُوری (ایک تو چوری اور اس پر سر زوری)۔ (کہاوت) قصور کرنے کے بعد ڈھٹائی ۔ غلطی کرنے کے بعد شرمساری کے بدلے دو بدو جواب۔ منھ زوری ۔

ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا (مثل) پہلے ہی سے بُرا تھا اس میں برائی کے مزید اسباب پیدا ہو گئے ۔

ایک تھیلی کے چٹے بٹے ہیں ۔ (کہاوت) ایک ہی اوصاف رکھتے ہیں ۔ ایک ہی خاندان یا گروہ کے ہیں ۔ ایک ہی عادات و خصائل کے ہیں ۔

ایک جَان دو قالب ۔ (مثل) آپس میں بہت خلوص رکھنے والے ۔ دیکھنے میں دو مگر اتحاد کے اعتبار سے ایک ۔

ایک حَمّام میں سب ننگے (کہاوت) سب کا ایک حال ہے یا ایک سے ہیں کسی کو حق نہیں کہ دوسرے کو برا کہے ۔

ایک سَر ہزار سَودا ۔ (مثل) ایک آدمی کے ذمے ہزار کام ۔ ایک دل کو ہزار طرح کی فکریں ۔

ایک کو سَائی ایک کو بَدھائی ۔ (کہاوت) کسی سے وعدہ کرنا اور دوسرے کو دے دینا ۔ (فریب سے) ہر کسی کو آس میں رکھنا اور ان میں سے کسی ایک کو دے دینا ۔

ایک ہی لاٹھی سے سب کو ہانکنا (ایک لاٹھی سے سب کو ہانکنا) ۔ (محاورہ) امیر غریب یا ادنیٰ اعلیٰ میں فرق نہ کرنا ۔ سب سے ایک سا برتاؤ کرنا ۔

ایکا ۔ اتحاد ۔ اتفاق ۔

اِیما ۔ اشارہ ۔ عندیہ ۔ مرضی ۔

اِیمان ۔ (اسلام کے شرائط کے مطابق) دل سے خدا کا یقین اور زبان سے اقرار ۔

اَیمَن ۔ خطرات سے محفوظ ۔ بے خوف ۔ مطمئن ۔

اِینٹ ۔ سونے یا چاندی کا مستطیل یا مربع سانچے میں ڈھلا ہوا ڈلا ۔

اِینٹ سے اِینٹ بجانا ۔ (محاورہ) بالکل تباہ برباد کرنا ۔ نام و نشان مٹانا ۔

اُینٹی چینٹی ۔ کسی مقام کے جملہ چھوٹے بڑے اشخاص ۔

اَینڈی بَینڈی (اینڈا بینڈا کی تانیث) بے تکا ۔ بے ضابطہ ۔ بے موقع ۔ بے محل ۔

ایرے غیرے پچ کلیان ۔ غیر آدمی ۔ غیر متعلق یا کم حیثیت ۔

اے کنواری تو گور سے دَر گور رہو ۔ بد دعا ۔ کسی کا برا چاہنا (ق) ۔

ب

بااینہمہ (بایں ہمہ) ۔ اس تمام کے باوجود ۔ اس (بات) کے ہوتے ہوئے بھی ۔

بابا جی ۔ باپ ۔ بزرگ ۔ گرو یا درویش ۔

بابو (راجا بابو) ۔ گول مٹول پیارا سا بچہ (لاڈ میں عموماً چھوٹے بچے کے لیے مستعمل) ۔

بابونہ ۔ ایک خوشبودار گھاس (جس سے شراب کھینچتے ہیں) ۔

بات پکڑنا ۔ (محاورہ) حرف گیری کرنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔

بات پکڑانا ۔ (متعدی) (محاورہ) بہانہ کرنا ۔ حیلہ ڈھونڈنا ۔

بات کی اعانت کرنا ۔ کسی کی ہم نوائی کرنا ۔ ہاں میں ہاں ملانا ۔

بانک ۔ تیز تلوار ۔

باج و خراج ۔ محصول ۔ لگان ۔ مال گزاری ۔

باجی اماں ۔ بڑی بہن ۔ آپا ۔

باختر ۔ مغرب ۔ پچھم ۔ انیسویں صدی کے اردو افسانوی ادب (طلسم ہوشربا وغیرہ) کا ایک شہر جو خیالی بادشاہوں اور جادوگروں کا پایہ تخت تھا ۔

باختری ۔ خراسانی یا قندھاری نسل کا اونٹ جس کے دو کوہان ہوتے ہیں اور بہت قوی اور تیز رفتار ہوتا ہے ۔

بامذاق ۔ مذاق سلیم رکھنے والا ۔ (کاموں کا) اچھا سلیقہ رکھنے والا ۔

بادبان ۔ وہ پردہ جو ہوا بھرنے یا ہوا کا رخ بدلنے کے لیے کشتی یا جہاز پر لگاتے ہیں ۔

بادِ بہاری ۔ وہ سبک رفتار ہوا جو بہار کے موسم میں چلتی اور

اس کے اثر سے امنگیں اور نشوو نما کی طاقتیں از سرنو زندہ ہو جاتی ہیں۔

بادْپا ۔ ہوا کی طرح تیز رفتار (بیشتر گھوڑے کی صفت میں مستعمل)۔

بادْخور ۔ ہوا سے باتیں کرنے والا۔ نہایت تیز رفتار (گھوڑے کی صفت) (ق)۔

بادِسَمُوم ۔ بہت گرم ہوا جس سے گزند پہنچے۔ لو۔

بادِصَبا ۔ صبح کے وقت قبل طلوع شمال مشرق سے چلنے والی ہوا جو صحت بخش و خوش گوار ہوتی ہے۔ نسیم سحر۔ پُروا ہوا۔

بادمُہرَہ ۔ (اُردو داستانوں میں) ہوا سے بھرا ہوا غبارہ جسے پاؤں میں باندھ کر اڑتے تھے۔

بادْلَہ ۔ سونے چاندی کے چپٹے تار جو گوٹا بننے اور کلابتوں بٹنے کے کام آتے ہیں۔ زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بنا جاتا ہے۔ زربفت ۔ تمامی۔ زری۔

بادَۂ اَحمر ۔ شراب سرخ۔

بادۂ اَرْغوانی ۔ شراب سرخ۔

بادَہ خوار ۔ شرابی۔ شراب پینے والا۔

بادَہ فَروش ۔ ساقی۔ پیرمغاں۔ شرابی۔

بادَہ کَش ۔ شراب نوش۔ شرابی۔ مے خوار۔

بادَۂ ناب ۔ خالص شراب۔ کھری شراب۔

بادِی چُور ۔ پکا چور۔ نہایت شریر اور بد ذات چور۔

بادِیا ۔ سیدھی باڑھ اور کشادہ منہ کا تانبے کا ایک بڑا کٹورا جو خاص گھڑت کا ہوتا ہے (اس میں سالن وغیرہ کھاتے یا دودھ پیتے ہیں)۔

بادِیَہ ۔ جنگل۔ بیابان۔ غیر آباد علاقہ۔

بادھی ۔ رسی۔ ڈور۔

باذِل ۔ خرچ کرنے والا۔ سخی۔

بارْ ۔ اسباب۔ سامان۔ گٹھری۔ کھیپ۔

بارْگاہ ۔ محل۔ گھر۔ بیٹھک۔ اجلاس۔

بارَان ۔ برساتی۔ واٹر پروف۔

بارُود ۔ گندک، پٹاس، شورے اور کوئلے وغیرہ کا آتش گیر سفوف جو آتشیں اسلحہ نیز آتش بازی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

بارَہ بَتّی توپ - وہ توپ جس میں چھ سیر (بارہ پونڈ) کا گولا ہوتا ہے (مجازاً) نہایت فربہ اور موٹے آدمی کو کہتے ہیں۔

بارَہ بَرَس دِلّی میں رہے بھاڑ جھونکا کیے - (مثل) اس موقع پر مستعمل ہے جب کوئی مسلسل موقع ملنے پر بھی ترقی نہ کرے یا نہ سیکھے۔

بارَہ دَری - کم وبیش بارہ در دروازوں کا ہوادار مکان جو اکثر باغ میں یا دریا کے کنارے پر بنا لیتے ہیں۔ برآمدہ جو بارہ دروں یا بارہ دروازوں کا ہو۔

باڑھ - برش - تیزی۔ وہ رخ جس پر دھار ہوتی ہے۔

باز و بَط - باز - چیل سے مشابہ مگر اس سے چھوٹا ایک شکاری پرند۔ بط - ایک آبی پرند جس کی گردن لمبی، پنجے جھلی دار اور چونچ چپٹی ہوتی ہے (مراداً) خشکی وتری کے حیوان۔

باز آنا - (محاورہ) دست بردار ہونا - کنارہ کش ہونا - پرہیز کرنا۔

باز دار - وہ ملازم جو شکاری باز کی تربیت پر متعین ہو (عموماً سلاطین و امرا کے یہاں)۔

بازگَشْت - واپسی - رجوع - مراجعت۔

بازار گَرْم ہونا - (محاورہ) رونق، مقبولیت یا شہرت دینا۔ کسی بات کا زور وشور یا غلبہ بڑھانا۔

بازارِی لوگ - عام لوگ - عوام - راہ گیر۔

بازَرگان (بازارگان) - تاجر - سوداگر۔

باز و - ڈنڈ - (جسم انسان میں) کہنی سے شانے تک کا حصہ - (خصوصاً وہ جہاں مچھلی ہوتی ہے)۔

بازو بَنْد - ایک زیور جس میں نگینے جڑے ہوتے ہیں اور عورتیں اسے بازو میں مچھلی کی جگہ پر باندھتی ہیں۔

باسی گھَر - بغیر جھاڑو بہارو کے - ناصاف - بغیر صفائی کے۔

باش - (کلمہ انتباہ) - ٹھہر - دم لے - سُن - صبر کر۔

باش باش - ٹھہر ٹھہر - صبر صبر۔

باشَہ - باز سے چھوٹا اور شکرے سے بڑا ایک زرد چشم شکاری پرندہ (جو چھوٹی

چڑیوں کو شکار کرتا ہے)۔
باشِید ۔ ٹھہرو ۔ رکو ۔
باطِل ۔ جھوٹا ۔ غیر حق ۔ حقیقت کے خلاف ۔
باطِن ۔ مخفی ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا۔ اندرون ۔
باعِث ۔ وجہ ۔ سبب ۔ علت (جو کسی کام پر ابھارنے یا اکسانے کا محرک ہو)۔
باغبان ۔ مالی ۔ باغ کی دیکھ بھال کرنے والا۔
باغ باغ ہونا ۔ (محاورہ) خوش ہونا ۔ شاداں و فرحاں ہونا ۔
باغِ اِرَم ۔ باغ شداد ۔ وہ جنت جو شداد نے بنائی تھی اور جس میں قدم رکھتے ہی وہ مر گیا تھا ۔
باقر خانی ۔ ایک قسم کی کُرکُری پرت دار پتلی اور روغنی ٹکیہ (میدے گھی دودھ سے تیار کی جاتی ہے)۔
باغنج و دَلال ۔ ناز و ادا کے ساتھ ۔
باکِرَہ ۔ دوشیزہ ۔ جسے مرد نے نہ چھوا ہو۔
باگ ۔ لگام ۔ عنان ۔
باگھ ۔ شیر ۔ اسد ۔
بال آنا ۔ (محاورہ) بال پڑنا ۔ ٹوٹنے کے آثار ظاہر ہونا ۔
بال بیکا نہ ہونا ۔ (محاورہ) مطلق نقصان نہ ہونا ۔ کوئی گزند نہ پہنچنا ۔
بال خورَہ (خورا) ۔ ایک بیماری جس میں انسان یا حیوان کے جسم یا عضو کے بال گر جاتے ہیں ۔
بالَک ۔ بچہ ۔ کم سن بچہ ۔ شیر خوار بچہ ۔
بال مُکُنْد ۔ (آچاریہ) ایک مصنف ۔
بالا بَتانا (محاورہ) ہیر پھیر کی باتوں میں پھنسانا ۔ فریب دینا ۔ جل دینا ۔
بالا دَوِی ۔ حالات کا جائزہ لینے یا جاسوسی و نگرانی کی غرض سے گشت ۔ ٹوہ لینے یا سراغ لگانے کے لیے جاسوسی کو نکلنا ۔
بالائی ۔ اوپر کا ۔ بلندی کا ۔ غیر معمولی ۔ برتری ۔ کوٹھے یا آسمان وغیرہ کا ۔
بالی (بالیاں) ۔ کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ ۔
بالِشت ۔ ہاتھ کی انگلیوں کو پوری طرح پھیلانے کے بعد چھنگلیا کے کنارے سے انگوٹھے کے کنارے تک کا فاصلہ ۔
بالُو ۔ ریت ، ریتا ۔
بالِیدگی ۔ ابھار ۔ نشو و نما ۔
بالے (بالا) ۔ بالی سے بڑا کان

میں پہننے کا حلقہ۔
بالے بھولے (بالا بھولا)۔ سیدھا سادہ۔ سادہ مزاج۔ معصوم۔
بالیں ۔ گیہوں جو وغیرہ اناج یا گھاس کا خوشہ (جو روئیں دار ہو) ۔ بالی۔
بام ۔ کوٹھا۔ چھت۔ بالاخانہ۔
بامِھنی ۔ آنکھوں کا ایک مرض جس میں برنیاں سرخ رہتی اور پلکیں جھڑ جاتی ہیں۔ بامنی۔
بان بَردار۔ (فیلبانی) سواری میں ہاتھی کے ساتھ رہنے والا ملازم جو اپنے ساتھ آتشی خدنگ رکھتا ہے اور جب راستے میں ہاتھی مست ہوتا ہے تو اسے ڈرانے کے لیے آتشی خدنگ چھوڑتا ہے۔
بانا ۔ خاص وضع قطع تراش خراش یا رنگ کا ملبوس جس سے عہدے یا قوم قبیلے وغیرہ کا امتیاز ہو ۔ وردی۔ یونیفارم۔
بانہاے عَبّاری ۔ ایک خاص وضع قطع کا لباس زیب تن کرنا دھوکا دہی کے لیے (ق)۔
بانبی ۔ سانپ کا بل۔
بانجھ بَنجھوٹی شیطان کی لنگوٹی (کہاوت) بانجھ عورت شیطان کے قبضے میں ہوتی ہے اور اکیلی ہونے کی وجہ سے شرارت کی باتیں سوچتی رہتی ہے۔ بے اولادی عورت کی عزت نہیں ہوتی۔
بانسوں اُچھلنا ۔ (محاورہ) خوشی، رنج یا غصّے وغیرہ کی حالت میں جگہ سے اٹھ اٹھ جانا۔
بانسری ۔ پتلی قسم کے بانس کی پور یا چوبی نلی سے بنا ہوا نفیری کی قسم کا ایک ساز جس کے سرے پر پیپا لگا ہوتا ہے جو پھونک کی مدد سے آواز دیتا ہے اور سروں کے سوراخ آواز کا اتار چڑھاؤ بناتے ہیں، بنسی، مُرلی۔
بانسواڑی ۔ بانسوں کا جنگل۔
بانک ۔ ایک قسم کی چھری جو نوک کے قریب خم دار ہوتی ہے (جس سے بکیتی کا کھیل کھیلتے ہیں) ۔ بچھوا۔
بانکے (بانکا) ۔ سرکش ۔ شریر۔ غنڈا۔
بانگی ۔ کسی چیز کا نمونہ جو پسند یا ناپسند کے لیے دیا یا دکھایا جائے۔ (نیاری) صاف کیے ہوئے سونے یا چاندی کا نمونہ جو کھوٹا کھرا پرکھنے میں بطور معیار کام دیتا اور جسے اہل معاملہ مقابلے کے لیے اپنے پاس رکھتا ہے۔
باوَرچی ۔ خانساماں ۔ بکاول۔ رسوئیا۔

باورچی خانہ - مطبخ - رسوئی - گھر کا وہ حصہ یا کمرہ جہاں کھانا پکایا جائے۔

باؤلا - پاگل - سڑی - دیوانہ -

باؤلی دینا (محاورہ) شکاری جانور یا پرند کو کسی پرند یا جانور پر چھوڑ کر دلیر کرنا - لاگ پر لگانا - ہمت بڑھانا۔

باہ - قوت مردمی خواہش جماع - شہوت -

بائی - ناچ گانے کا پیشہ کرنے والی عورت - کنچنی -

بائی جی - خاتون - معزز عورت - بیگم (ہندوؤں یا پارسیوں میں) -

بائیں ہاتھ کا کرتب (بائیں ہاتھ کا کھیل) - (مثل) نہایت آسان - بہت سہل (کام) -

بایاں (بائیں) - (موسیقی) جوڑی کا وہ طبلہ جو بائیں ہاتھ پر رہتا ہے اور جس سے گمک پیدا کی جاتی ہے -

ببول - ایک چھوٹی چھوٹی پتیوں زرد زرد پھولوں اور لمبے لمبے سخت کانٹوں کا شاخ دار درخت جس کی چھال سے چمڑے کی دباغت ہوتی ہے - کتھا بھی بناتے ہیں -

بپھرنا - غصے میں بھرنا - جھلانا - غضب ناک ہونا -

بُت - مجسمہ - مورتی -

بتّے (بتّا) - بالشت - ایک ہاتھ کی چوڑائی -

بُتّا بتانا - (محاورہ) فریب دینا - دھوکا دینا -

بَتاشا (بتاسا) - ایک قسم کی مٹھائی جو شکر کے قوام سے بشکل حباب بنائی جاتی ہے اور اس کے محدب حصے میں ننھے ننھے سوراخ ہوتے ہیں -

بتہدید - دھمکی دیتے ہوئے - دھمکی سے - ڈراوے کے ساتھ -

بِتّی - لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا گول ٹھیکری پاؤں کے انگوٹھے کی گھائی میں رکھ کر پھینکتا ہے دوسرا "بتی بتی" بآواز بلند کہتا ہوا بڑھتا ہے اور ایک سانس میں اسے اٹھا لیتا ہے - ایک طرح کی دوڑ -

بَتّیس دَھار کا تجکو دُودھ پلایا (بتّیس دھار دُودھ پلانا) - (محاورہ) اپنا دودھ پلا پلا کر پالنا - پالنا پوسنا اور پروان چڑھانا - (ماؤں یا دائیوں کے اپنی اولاد پر حق جتانے کے موقع پر مستعمل) -

بَٹّہ (بٹّا) - پتھر کا ٹکڑا جس

سے سِل پر مسالا وغیرہ پیستے ہیں۔

بَٹُوا ۔ ۱۔ کپڑے کی دو یا زیادہ تہوں کی چھوٹی سی نصف چاند سے مشابہ تھیلی جسے کھولنے اور بند کرنے کے لیے اس کے کنارے کی گوٹ میں دو طرح کے بٹے ہوئے تاگے پڑے ہوتے ہیں۔

۲۔ چمڑے یا کینوس وغیرہ کا جیبی بیگ۔ جس میں روپیہ پیسہ رکھتے ہیں۔

بِٹْیا ۔ (بیٹی کی تصغیر) پیار سے بیٹی کے لیے مستعمل۔

بِٹْیا بَہِنْیا ۔ بیٹی اور بہن۔

بِٹْھَال ۔ بٹھانا۔ (بٹھا دیا کی جگہ)۔

بَٹیر ۔ گوریا سے بڑا اور تیتر سے چھوٹا ایک خاکی رنگ کا پرندہ جو لڑانے کے لیے پالتے اور اکثر ذبح کر کے کھاتے ہیں۔

بُٹیں ۔ ایک قسم کا پرندہ (ق)۔

بِجِد ۔ (بضد ۔ ضد سے) ساعی۔ کوشش کرنے والا ۔ مُصِر۔

بَجْرا ۔ دریا میں سیر کرنے کی ایک خوشنما کشتی جو نیچے سے گول ہوتی ہے۔

بَجْرَنْگ ۔ مضبوط جسم والا (مجازاً) ہنومان۔

بِجُلی ۔ کان کی لو میں پہننے کا ایک زیور۔

بِچار ۔ سوچ ۔ فکر ۔ غور ۔ خیال۔

بَچْپَنے (بَچْپنا) ۔ کم سنی ۔ لڑکپن۔

بِچَوبے ۔ ایک طرح کا خیمہ (ق)۔

بِچھُوے (بِچھُوا) ہندو عورتوں کا پاؤں کی انگلیوں میں پہننے کا ایک زیور جس میں چیرہ دار گھنگرو لگا ہوتا ہے۔

بَچھیا ۔ گائے کا مادہ بچہ۔

بَچّی ۔ (بچہ کی تانیث) کم سن ۔ چھوکری ۔ جس کی عمر تھوڑی ہو۔

بَحْث ۔ (لفظاً) تحقیق ۔ جستجو۔ (مراداً) مباحثہ ۔ مناظرہ ۔ تکرار۔

بَحَثْنا ۔ جھگڑنا ۔ حجت کرنا، مقابلہ کرنا (کسی امر میں)۔

بِحْرِی ۔ مشہور شکاری پرندہ۔

بِحِل ۔ معاف۔

بُخار ۔ جسم مادی کی طبعی گرمی ۔ تپ۔

بَخْت ۔ نصیب ۔ قسمت ۔ بھاگ۔

بَخْتِ بَرْگَشْتَہ ۔ بدنصیب ۔ بدقسمت۔

بَخت خُفتَہ ۔ (لفظاً) سوئی ہوئی قسمت (مراداً) ناموافق تقدیر ۔ بدقسمتی ۔
بَخُور ۔ دھونی (خوشبودار چیزوں کی) ۔
بَدا ۔ قسمت کا لکھا ہوا ۔ مقسوم ۔
بَدائع نگار ۔ عجیب عجیب نقش و نگار بنانے والا ۔ موجد و مخترع ۔
بُدبُدانا ۔ (لفظاً) بلبلے اٹھنا (مراداً) چپکے چپکے کہنا ۔ زیرلب بولنا ۔ اس طرح بولنا یا پڑھنا کہ ہونٹوں کی حرکت نظر آئے اور بہت ہلکی سی سنسناہٹ سنائی دے (عموماً مدد یا منتر وغیرہ کے لیے مستعمل) ۔
بَدتَری ۔ خرابی ۔ برائی ۔
بَدحَواس ۔ مضطرب ۔ پریشان ۔ بوکھلایا ہوا ۔
بَدسِگال ۔ فتنہ انگیز ۔ براچاہنے والا ۔ دشمن ۔
بَدسِیَر ۔ بری خصلتوں کا / بری خصلت کا ۔ برے چلن کا ۔
بَدقطع ۔ بھونڈا ۔ بدصورت ۔
بَدکیش ۔ بری عادت کا ۔ برے اصول کا ۔
بَدْر ۔ چودھویں رات کا چاند ۔ پورا چاند ۔
بَدْرِیاں (بَدْرِی) ۔ چھوٹی تھیلی ۔ پلندہ ۔ پیکٹ ۔
بَدَخشاں ۔ پاکستان و خراسان کے درمیان دریائے جیحوں کے جنوب میں واقع ایک علاقہ جس کے لعل مشہور ہیں ۔
بَدلی ۔ ۱ ۔ ایک منصب یا مقام کو منتقلی ۔ تبادلہ ۔ مبادلہ ۔ ۲ ۔ گھٹا ۔ ابر ۔ بادل ۔
بَدمانُس ۔ بن مانس ۔
بَدنَظرا ۔ عورت کی طرف بری نیت سے دیکھنے والا ۔
بَدّھ ۔ بندھا ہوا ۔ روکا ہوا ۔ جما ہوا ۔ ثابت، مضبوط ۔
بَدھا ۔ قتل ۔ کشت و خون ۔
بدہاتا (بدھاتا) ۔ خالق مطلق ۔
بَدّھی ۔ پھولوں کا ہار جو بیاہ شادی میں دولھا یا دلھن کے گلے میں ڈالتے ہیں ۔
بَدھنی ۔ مٹی کا چھوٹی ٹونٹی کا لوٹا ۔ ٹونٹی دار کروا جس کا پیندا ٹھلیا کی طرح ہوتا ہے ۔
بَدیُمن ۔ منحوس ۔ نامبارک ۔
بَدی بَدا ۔ طے شدہ شرط ۔ شرطیہ ۔ یقیناً (ق) ۔
بَر کے پانچے ۔ کپڑے کے عرض

کے برابر پائنچے ۔
بَرپا ۔ قائم ۔ برقرار ۔ استادہ ۔
بُرج ۔ گنبد ۔ قبہ ۔ کٹی ۔ مٹھ ۔
بُرجِ جَدی ۔ (ہیئت و نجوم) آسمانی دائرے کے بارہ حصوں میں سے وہ حصہ جس میں چند ستارے مل کر بزغالۂ نر کی شکل میں واقع ہیں ۔ راس مکر ۔
بُرجِ حَمل ۔ (ہیئت و نجوم) آسمانی دائرے کے بارہ حصوں میں سے وہ حصہ جس میں چند ستارے مل کر بچہ گوسفند و آہو کی شکل میں واقع ہیں ۔ راس میکھ (جب ۲۱ مارچ کو آفتاب اس برج میں داخل ہوتا ہے اس سے بارش اور بہار شروع ہوتی ہے اور اہلِ ایران نوروز مناتے ہیں) ۔
بُرجِ دَلو ۔ (ہیئت و نجوم) آسمانی دائرے کے بارہ حصوں میں سے وہ حصہ جس میں چند ستارے مل کر پانی کے ڈول کی شکل میں واقع ہیں راس کمبھ ۔ کنبھ ۔
بَرات ۔ شادی کا جلوس (دولھا کے ساتھ) ۔
بِراجنا ۔ بیٹھنا ۔ تشریف رکھنا ۔
بَراز ۔ فضلہ ۔ پاخانہ ۔
بَرّانا ۔ ٹرانا ۔ چلانا ۔ چیخنا ۔ سونے یا نشے میں بکنا ۔ خواب یا بے ہوشی میں بے معنی باتیں کرنا ۔
بَرانڈی ۔ وائن یا خمر سے تیار کی ہوئی ایک خاص قسم کی تیز اور خوشبودار ولایتی شراب، اکشا نمبر اول ۔
بَرایا ۔ مخلوقات ۔ خلق خدا ۔ لوگ ۔
بَر ۔ بدن ۔ جسم ۔ دولھا ۔ شوہر ۔ خاوند ۔
بَرتَن سے بَرتَن لَڑ جاتا ہے ۔ گھروالوں میں کسی نہ کسی بات پر تکرار ہو ہی جاتی ہے ۔
بَرخاست (برخواست) ۔ ختم ۔ موقوف ۔
بَرادَر ۔ بھائی ۔ بھیا ۔ بیرن ۔
بَرادری ۔ قوم ۔ ذات ۔ کنبہ ۔
بُرّان ۔ کاٹ کرنے والا ۔ تیز دھار کا ۔
بِرجیس ۔ ستارہ مشتری ۔
بِرچھک ۔ بچھو ۔ عقرب ۔ برج عقرب ۔
بَرچھی ۔ چھوٹا نیزہ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے ۔ نیزہ ۔

بَرچھیت ۔ نیزے باز ۔ نیزے کے فن کا ماہر ۔ بھالے سے لڑنے والا سپاہی ۔
بَردا (بَردہ) ۔ جنگ کا قیدی ۔ اسیر جنگ ۔
بَردوش ۔ کندھے پر ۔
بَردہ فَروش ۔ انسانوں کی خرید و فروخت کرنے والا ۔ غلام یا کنیز بیچنے والا ۔
بُرِش ۔ کاٹ ۔ کسی آہنی اوزار یا ہتھیار کی دھار کی تیزی ۔
بَرسَر ۔ کسی بات پر آمادہ ۔ کسی کام میں مشغول ۔
بَرف باری ۔ بخارات کے آبی ذرات جم کر زمین پر گرنا ۔ برف گرنا ۔ برف پڑنا ۔
بَرشگال ۔ برسات ۔ بارش کا موسم ۔
بَرطَرف ۔ برخاست ۔ موقوف ۔
بَرفروختہ ۔ خشم گیں ۔ برہم ۔ ناراض ۔
بَرفی ۔ ایک قسم کی مٹھائی جو ماوے سے بنائی جاتی اور برف کی طرح سفید ہوتی ہے ۔
بَرق ۔ بجلی ۔ چمک ۔
بَرقِ جہندہ ۔ اچھل کر کود کر تیزی سے یکایک گرنے والی بجلی (اکثر پھرتی ظاہر کرنے کا اشارہ) ۔
بَرقِ چشمک زن ۔ بجلی کی طرح آنکھ جھپکنا ۔ (مراداً) فی الفور ۔ فوری طور پر ۔
بَرقِ خاطِف ۔ آنکھوں کو خیرہ کرنے والی بجلی ۔ بہت تیز اور شعلہ ریز بجلی جو آنکھوں کو چکا چوند کر کے آناً فاناً غائب ہو جائے ۔
بَرق ساطِع النُّور ۔ بجلی جس کا نور چمک رہا تھا ۔
بَرق صاعقہ ریز ۔ کڑک والی بجلی ۔
بَرقِ لامع ۔ چمک دار بجلی ۔
بَرقیں ۔ (مراداً) تلواریں ۔
بَرکھ ۔ بیل ۔ ثور ۔ سانڈ ۔ برج ثور ۔
بَرگد ۔ بڑ کا درخت جس میں لمبے لمبے بالوں کے گچھے سے لٹکے رہتے ہیں (ہندوؤں کے ہاں اسے مذہبی تقدس حاصل ہے اور وہ اس کے بڑے بڑے پتوں کے دونے بنا کر انھیں رکابی کی جگہ استعمال کرتے ہیں) ۔
بَرگشتہ طالع ۔ بدبخت ۔ بد نصیب ۔ بدقسمت ۔
بَرَم راکس ۔ مرے ہوئے برہمن کی روح ۔ ایک خاص خبیث روح جس کے لیے کہا جاتا ہے کہ پلٹنے کے

بعد کسی طرح پیچھا نہیں چھوڑتی۔

بِرِنجی ۔ پیتل سے بنا ہوا۔

بُرُوت ۔ مونچھ۔

بُرُوج ۔ (برج کی جمع) ۔ گنبد۔ فضائے آسمانی کا بارہواں حصّہ۔

بُرُودَت ۔ ٹھنڈک ۔ خنکی۔ سردی۔

بَرومَنْد ۔ پھل لانے والا۔ بار آور۔ کامیاب۔

بِرِگیڈیَر ۔ برگیڈ کا سالار۔ (برگیڈ ۔ پیدل فوج، پیادوں اور سواروں کی ملی جلی فوج جس میں دو یا زیادہ رجمنٹیں ہوں)۔

بَرمانا ۔ برمے سے سوراخ کرنا۔ چھیدنا (مجازاً) زخمی کرنا۔ چھلنی کر دینا (دل و جگر وغیرہ کے لیے مستعمل)۔

بَرَن ۔ بھیس ۔ حلیہ ۔ صورت۔

بَرنا ۔ جوان ۔ نوجوان۔

بَرگُستَواں ۔ روئی اور ریشم کی بھرائی کا ایک حفاظتی لبادہ جو جنگ میں پہنتے ہیں اور گھوڑے پر بھی ڈالتے ہیں (اس پر آہنی اسلحہ آسانی سے اثرانداز نہیں ہوتا)۔ پاکھر۔

بِرُوگَن ۔ (بِرُوگی کی تانیث)۔ وہ عورت جو درد مفارقت سے رنجور ہو۔

بِرِہَسپَت ۔ مشتری ستارہ۔ برجیس ۔ جمعرات کا دن۔ دیوتاؤں کے مرشد کا نام۔

بِرَہ ۔ فرقت ۔ جدائی ۔ وہ گانا جس میں عاشق و معشوق کی مفارقت کا بیان ہو۔

بِرہا ۔ فراق کے مضمون کا گیت۔

بَرہَمَن ۔ وہ شخص جو برہما یعنی خالق مطلق اور بید کو جانتا ہو۔ ہنود کے چار فرقوں میں سے پہلا فرقہ۔

بَرَہنَہ ۔ عریاں ۔ ننگا ۔ کھلا۔

بَری ۔ آزاد ۔ چھوڑا ہوا ۔ نجات یافتہ۔

بَری بچے و دھت ۔

(بَری چھ دَھت) ۔

(ہاتھی کو چلاتے وقت فیلبان یہ الفاظ کہتا جاتا ہے)۔ (ق)

بَرّی ۔ خشکی کا ۔ زمینی ۔ جنگلی۔

بِریاں ۔ سوختہ ۔ جلا ہوا ۔ (مجازاً) رنجیدہ۔

بَریٹھن ۔ دھوبن ۔ کپڑے دھونے کا پیشہ کرنے والی۔

بَڑ ۔ ایک چوڑے پتوں والا، بڑے پھیلاؤ کا سایہ دار درخت جو پیپل سے مشابہ ہوتا ہے، اس

کی شاخوں سے ڈاڑھی کی شکل میں جڑیں پھوٹ کر زمین سے جا ملتی ہیں اور تنا بن جاتی ہیں ۔ برگد ۔

بَڑ مَارنا ۔ (محاورہ) فضول بکواس کرنا ۔ بے محل بات کہنا ۔ لفاظی کرنا ۔

بَڑا بول بولنا ۔ (محاورہ) دعویٰ کرنا ۔ غرور کی بات کہنا ۔ شیخی مارنا ۔

بَڑا کلان ہے ۔ عیار ہے ۔ مکار ہے ۔

بُڑبُڑاتی (بُڑبُڑانا) ۔ بوڑھوں کی طرح چپکے چپکے بولنا ۔ منھ ہی منھ میں بڑبڑانا ۔ زیرلب کسی کو برا کہنا ۔

بَڑے بول کا سَر نیچا ۔ (کہاوت) غرور اور شیخی سے بڑا بول بولنے والے کو رسوا ہونا پڑتا ہے ۔

بَڑھانا ۔ زیور کپڑے وغیرہ اتارنا (عموماً سوگ کے) ۔

بَڑھتی کے دِن ہیں ۔ عروج اور خوش حالی کا زمانہ ہے ۔

بَڑی پاچ ۔ بہت شریر ہے ۔ بہت چالاک ہے ۔

بُز قصّاب ۔ وہ قصائی جو صرف بکریاں اور بھیڑیں ذبح کرتا یا ان کا گوشت بیچتا ہے ۔

بَزاز ۔ کپڑا بیچنے والا ۔

بَزازہ ۔ (بزازا) ۔ کپڑے کا بازار ۔ وہ بازار جہاں بزازوں کی دکانیں ہوں ۔

بُزدِل ۔ ڈرپوک ۔ کم ہمت ۔

بَزمِ طَرب ۔ گانے بجانے کی مجلس ۔ محفل نشاط ۔

بِس ۔ زہر ۔ ہلاک کرنے والی دوا ۔

بِس کی گانٹھ ۔ زہر کی پوٹلی (مجازاً) فساد کی جڑ ۔ خرابی اور نقصان کا سرچشمہ ۔

بِساط خانہ ۔ وہ بازار جہاں بساطی (خردہ فروش) بیٹھتے ہیں ۔ سوئی، تاگا اور ضرورت کے دوسرے متفرقات بیچنے والوں کا بازار یا دکان ۔

بِساطی ۔ گھر کی ضرورت کا خردہ سامان (سوئی، کنگھی، آئینہ وغیرہ) کا تاجر ۔ پھیری لگانے والا دکان دار ۔

بِسان ۔ مثل ۔ طرح ۔ مانند ۔

بُستان ۔ پھولوں کا باغ ۔ گلزار ۔

بِستَر ۔ بچھونا ۔ بسترا ۔

بَستنی ۔ وہ کپڑا جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے ۔ غلاف ۔ (خصوصاً پنجرے، ستار، طبلہ

وغیرہ کا)۔
بِسمِل ۔ زخمی ۔ گھائل ۔
بِسمِ اللہ ۔ بہت بہتر، مناسب، شروع کیجیے ۔ امیروں اور رئیسوں کے اٹھنے بیٹھنے پر مصاحب کہتے ہیں ۔ خدا کا نام لینا ۔
بَسَنت کی خبر رکھنا / ہونا ۔ (محاورہ) حقیقت حال یا انجام سے واقف ہونا۔ ماحول سے باخبر ہونا ۔ واقعات کا علم ہونا۔
بَہ سَہُولِیَت ۔ سہولت سے ۔ سہولت کے ساتھ ۔
بِسیار ۔ بہت ۔ جو تعداد، مقدار، کیفیت یا تاثیر وغیرہ میں معمول سے زیادہ ہو۔
بَسیرا ۔ شب باشی (انسانوں، حیوانوں یا پرندوں کی) ۔ پڑاؤ۔ عارضی قیام ۔
بَشَارَت ۔ خواب، نیم خوابی، مراقبے، الہام یا وحی کے ذریعے غیبی ہدایت یا اشارہ وغیرہ
بَشّاش ۔ خوش ۔ مسرور ۔ ترو تازہ ۔ شگفتہ ۔
بَشاشَت ۔ خوشی ۔ مسرت ۔ شادمانی ۔
بَصَل ۔ پیاز ۔
بَصِیر ۔ بصارت رکھنے والا ۔ بیٹا ۔ اللہ تعالےٰ کا ایک صفاتی نام ۔
بَط ۔ بطخ ۔ ایک آبی پرند جس کی گردن لمبی، پنجے جھلی دار اور چونچ چپٹی ہوتی ہے ۔
بَعِید ۔ دور ۔ جو فاصلے پر ہو ۔ غیر متوقع ۔ خلافِ عادت ۔
بَغَاوَت ۔ سرکشی ۔ نافرمانی ۔ غداری ۔
بُغدا ۔ وہ چھرا جس سے قصاب گوشت کا قیمہ بناتے اور ہڈی توڑتے ہیں ۔
بَغَل ۔ کانکھ ۔ پہلو ۔ گود ۔
بَغلی ڈوبنا ۔ (محاورہ) حریف کی بغل میں سے نکل کر کشتی کا پیچ کرنا ۔ چالاکی کرنا ۔ حریف کو مکاری سے زک دینا ۔
بَغلیں جھانکنا ۔ (محاورہ) سٹ پٹا جانا ۔ جواب بن نہ پڑنا ۔ لاجواب ہو جانا ۔
بَغی ۔ باغی ۔ نافرمان ۔ فسادی ۔
بفنِ مکّاری ۔ دھوکے سے ۔ دغابازی سے ۔
بَقّال ۔ بنیا ۔ غلہ فروش ۔ ترہ فروش ۔ کنجڑا ۔ مہاجن ۔ سیٹھ ۔
بُقچہ ۔ گٹھری ۔ جامہ بند ۔ وہ

کپڑا جس کے اندر کپڑے باندھتے ہیں۔

بَقَر قَصَّاب (بکر قصاب) بکری ذبح کرنے اور اس کا گوشت بیچنے والا۔

بُقْعَہ - جگہ۔ زمین کا وہ ٹکڑا جو اور ٹکڑوں سے ممتاز ہو۔ خانقاہ۔ کوئی متبرک مقام۔

بَقِیَّۃُ السَّیف - جنگ میں بچا ہوا۔ بچا ہوا۔

بَک بَک - بہت بکواس یسلسل یا وہ گوئی۔

بَکا جَھَکا - بک جھک - بہت بکواس - بہت باتیں۔

بَکاوَل - باورچی خانے کا داروغہ۔ خانساماں۔

بِکاؤ - بکنے کے لیے - فروختنی۔

بَکْتَر - لوہے کے تاروں سے کڑی دار بنی ہوئی ایک نیم آستین زرہ جو دشمن سے مقابلے کے وقت زرہ یا ریشمی لبادے کے اوپر پہن لی جاتی ہے۔

بکتَٹ کھڑا ہونا - فوجی دستہ تعینات ہونا - پہرے داروں کی ڈیوٹی ہونا۔

بُکْٹا (بُگٹّا) - مٹھی بھر مقدار۔ وہ مقدار جو چنگل میں آئے۔

بَکَرکُود - بکروں کی طرح اچھل کود۔

بَکْرِی / بَکْرے کی مَاں کَب تَک خَیر مَنائے گی۔ (مثل) جو آفت یا مصیبت مقدر میں ہے ضرور آئے گی۔

بِکْرِی - فروخت - مال کی نکاسی۔

بِکَسْنا - کھِلنا - شگفتہ ہونا - مسکرانا۔ مرجھانا - خشک ہونا - گل جانا۔

بَکَّل - چھلکا - پوست - چھال۔

بَکِّھیاں (بَکھّی) - (سینے سے متصل) بغل کے نیچے کا حصّہ۔ پسلی۔

بَکھیڑا - شور و شر - دنگا - فساد - ہنگامہ۔

بَکَیْت - بانک کا فن جاننے والا۔ بانکا (مجازاً) معشوق۔

بِگُل - مُنھ سے بجانے کا ایک باجا جو کسی اعلان کے موقع پر (زیادہ تر) پولیس اور فوج میں استعمال ہوتا ہے - قرنا - ترم۔

بَگلا - ایک آبی پرند جس کا رنگ نہایت سفید اور گردن لمبی ہوتی ہے، اکثر پانی کے کنارے رہتا اور مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے۔

بَگُولا - گرد و غبار لیے ہوئے چکر کھائی ہوئی ہوا - گرد باد۔

بُگھَدَری (بَگ دَھری)۔ گھوڑے کی اچھل کود ۔سرعت ۔ پھرتی۔

بِگیر و بِکُش ۔ پکڑو اور مار ڈالو۔

بِگیر بِگیر ۔ پکڑو پکڑو۔

بِگیر وَ بہ بند ۔ پکڑ اور قید کرو۔

بَل ۔ زور ۔ طاقت ۔ قوت ۔

بِلا رَیب ۔ بلاشک وشبہ ۔ بےخطر ۔ بے شبہ۔

بَلاغَت ۔ کلام فصیح کی مقتضائے حال سے مطابقت ۔ خوش بیانی ، فصاحت (ادب) وہ علم جو اعلیٰ درجے کی خوش بیانی کے قواعد پر مبنی ہو۔ معانی بیان اور بدیع پر مبنی علم۔

بَلاگَردان ۔ قربان ہونے والا ۔ صدقے ہونے والا۔

بَلائے بَد ۔ بری بلا ۔ نہایت شریر۔

بَلائے بے دَرمان ۔ لاعلاج مصیبت ۔

بَلائیں لینا ۔ (محاورہ) بلہاری جانا ۔ واری جانا ۔ قربان ہونا۔

بَل تو اَپنا بَل بِگانا بَل جائے جَل (بل تو اپنا بل اور کا بل جائے جل) (کہاوت) بھروسا اپنی قوت پر کرنا چاہیے ، اگر اپنی قوت نہیں تو پرائی قوت بیکار ہے ۔

بَل بے ۔ اللہ رے ۔ واہ واہ۔ شاباش ۔

بَل کی لینا ۔ (محاورہ) اترانا ۔ غرور کرنا۔ اینٹھنا۔

بِلَٹ (بِلَٹنا) ۔ بگڑنا۔ (عامیانہ) مچلنا۔

بُلبُل چَشم ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کی بناوٹ میں آنکھوں کی طرح کے پھول نظر آتے ہیں ۔ ڈھاکے کی ریشمی دھاری دار ململ کی ایک قسم۔

بُلچک ۔ تلوار کے قبضے کی ضرب ۔تلوار کی لچک یا لپک ۔

بُلغَہ ۔ کاسۂ دماغ یا کھوپڑی کو تلوار کی ضرب سے بچانے کا ایک دفاعی اسلحہ جو خود کے اندر پہنا جاتا ہے۔

بِلَک کَر ۔ بے تاب ہو کر ۔ بے چین ہو کر۔

بِلَلّی (بِلَلّا کی تانیث) احمق ۔ گاؤدی ۔اول جلول ۔

بَلَم ۔ بھالا ۔ برچھا ۔ نیزہ ۔

بَلَندی ۔ اونچائی ۔ ارتفاع ۔ مقام رفیع ۔ برتری ۔

بِلّور - ایک چمکیلا پتھر - کچا ہیرا -
بُلُوغ - جوانی - شباب -
بِلّی - گربہ - بلاؤ -
بَلی - (نجوم) زیادہ با اثر - قوی تر -
بَلہرا - پان رکھنے کا لمبا ڈبا یا ٹوکری -
بَلَیّاں لینا - (محاورہ) صدقے ہونا - قربان ہونا -
بَلّی - مضبوط لانبا بانس - لکڑی کا لٹھا -
بَلِیغ - کامل - پورا پورا -
بَہ مُجَرّد - ترت - فوراً -
بِنا بَر - مطابق - موافق - بموجب -
بِنا چاری - مجبوری سے -
بُنا گوش - (مجازاً) کان کی لو - کچھا -
بَناتُ النّعش - وہ سات ستارے جو چارپائی کی شکل میں قطب شمالی کے گرد پھرتے نظر آتے ہیں (ان میں چار جنازے کی شکل کے اور تین جنازہ اٹھانے والے دکھائی دیتے ہیں) دب اکبر -
بَنانا (بنانے لگے) - خفیف کرنا - احمق بنانا - خندہ زنی کرنا - ہجو ملیح کرنا -

بَنَت - ایک قسم کی توئی جس میں گوکھرو سلمہ ستارا وغیرہ لگا ہوتا ہے - بیل جس پر نقرئی اور طلائی تاروں کا (اکثر جڑاؤ) کام ہو - لیس -
بِنتِ عِنَب (بِنْتُ الْعِنَب) (لفظاً) انگور کی بیٹی - دختِ رز (مراداً) شراب انگوری - شراب -
بَنْد بَنْد - جوڑ جوڑ - ہر عضو -
بَنْدِ دَسْت - ہاتھ اور کلائی کے درمیان کا جوڑ - پہنچا - گٹا -
بِنْدرا بَن - ضلع متھرا (یوپی ہند) میں ہندوؤں کا ایک متبرک مقام -
بِنْدی (بِنْدی) - صندل یا سیندور وغیرہ کا چھوٹا سا ٹیکا جو ہندو عورتیں پیشانی پر بھنوں کے بیچ میں لگاتی ہیں -
بَنْدوڑ - (باندی کی تصغیر) - کنیزک - کم رتبہ لونڈی - وہ لونڈی جسے بیوی بنالیں -
بَنْدَھن - بندش - رکاوٹ - ڈوری یا فیتہ جس سے کوئی چیز بندھی ہو -
بَنْدی - لونڈی - کنیز -
بَنْسی بَٹ - وہ درخت جس

کے نیچے کرشن جی بانسری بجایا کرتے تھے۔
بَنَفشہ ۔ ایک مشہور بوٹی جو کئی دواؤں میں کام آتی ہے مسہل اور ملین۔
بَنک گھر۔ وہ دکان یا کمپنی جو روپیہ کا لین دین کرتی ہے اور جہاں لوگ روپیہ امانت رکھتے ہیں۔
بَنکارنا ۔ شور و غل کرنا۔ شیخی بگھارنا۔ کسی بھوت پریت کا سر پر آکر بولنا۔
بنگاہ ۔ مکان۔ جگہ۔ اسباب رکھنے کی جگہ۔
بَنگلہ ۔ کوٹھی خوش نما۔ کشادہ مکان۔ انگیا پر مسالے یا گوٹے وغیرہ سے بنائے ہوئے پان۔
بَن مانس ۔ ایک قسم کا بندر جو انسان سے بہت مشابہ ہوتا ہے۔ جنگلی آدمی۔
بَنّو ۔ دلھن، بہو، چھوٹی لڑکی کو پیار سے پکارنے کا کلمہ۔ پیاری دلاری۔ خانم۔ بیگم۔
بَنَوٹ ۔ بناوٹ۔
بَنَوٹ ۔ سپہ گری کا ایک فن جس میں ڈنڈوں سے لڑتے ہیں اور حریف کے ہاتھ پر ایسی جگہ چوٹ لگاتے ہیں کہ اس کا ہتھیار گر جائے۔

بِنولے (بِنولہ) ۔ کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ۔
بَنیا ۔ ایک ہندو قوم جو عموماً غلے کی تجارت کرتی ہے۔ ویش۔ بقال۔
بَنی ۔ دلھن۔ عروس۔ بنری۔
بُوا ۔ بوڑھی عورت۔ بہن۔ پھوپھی۔ دایہ۔ ماما اصیل۔
بُو باس ۔ مہک۔ (اچھی یا بری) باس۔
بُوتہ ۔ دھات گلانے کی کٹھالی۔
بُوتیمار ۔ بگلا۔
بُوٹا ۔ چھوٹے قد کا دل کش اور خوشنما پودا۔ (مجازاً) موزوں قد محبوب۔
بُوٹے دار ۔ جس پر نقش و نگار بنے ہوں۔
بُوٹی ۔ گوشت کا چھوٹا ٹکڑا۔ لوتھڑا۔
بُوچھار ۔ مینہ کی بوندیں جو ہوا کے ساتھ ترچھی گرتی اور بچاؤ کی جگہ میں پہنچتی ہیں۔
بُودا ۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ کم ہمت۔ پست حوصلہ۔
بُودار ۔ وہ کتا جو بو سونگھ کر شکار تلاش کرے۔
بُود و باش ۔ رہنے سہنے کا عمل۔ سکونت۔
بُودی ۔ (بودا کی تانیث) کم

کم طاقت ۔ پست ہمت ۔

بُورا ۔ موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا بڑا تھیلا ۔ بڑی بوری ۔

بَور ۔ آم کا پھول ۔ مور ۔ مَول ۔

بُورا ۔ برادہ ۔ چورا ۔ سفوف ۔

بُوریا ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی ۔

بُوڑھ سُہاگَن ۔ وہ عورت جس کا بڑھاپے تک سہاگ باقی رہے یعنی بیوہ نہ ہو (عمر اور سہاگ باقی رہنے کی دعا جو بڑی بوڑھی عورتیں اپنے سے چھوٹی عورت کو دیتی ہیں) ۔

بُوزنَہ ۔ بندر جو مشہور جانور ہے ۔

بُوس ۔ شدت ۔ سختی ۔ فقر و فاقہ ۔ بلا ۔

بُوسَہ ۔ چوما ۔ مچھی ۔ پیار ۔

بُوستان ۔ باغ ۔ خوشبو کی جگہ ۔

بُوق ۔ قرنا ۔ نفیری ۔ ترئی ۔

بُوقلَموں ۔ رنگا رنگ ۔ عجیب ۔ گوناگوں ۔

بَوکھلانا ۔ گھبرانا ۔ بے تاب ہونا ۔ بے چین ہونا ۔

بَولانا ۔ بدحواس ہونا ۔ دیوانا سا ہونا ۔

بُوم ۔ اُلّو (مجازاً) منحوس ۔ تنہائی پسند ۔ بے وقوف ۔

بُوند ۔ قطرہ ۔

بُونڈلا ۔ بگولا ۔ گرد باد ۔ چکر کھائی ہوئی ہوا ۔

بَونگ ۔ گائے وغیرہ کی ساق ۔ بوم ۔

بَہ دِل ۔ دل سے ۔

بَہ لَطائِفُ الحِیَل ۔ حیلے بہانے سے ۔

بِہاگ ۔ بلاول ٹھاٹھ کا ایک راگ جو آدھی رات کے وقت گایا جاتا ہے ، اس کا مزاج پرسکون ہے ۔

بَہجَت ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔ انتہائی مسرت ۔

بَہرام ۔ ایک ستارے کا نام جسے مریخ کہتے ہیں اور جو (قدیم فلکیات کے مطابق) پانچویں آسمان پر واقع ہے ۔

بَہرامِ فَلَک ۔ جلادِ فلک ۔ منگل سیارہ ۔ سیارہ مریخ ۔

بَہری ۔ شاہین کی طرح کا ایک شکاری پرند جو اکثر کبوتروں کا شکار کرتا اور شاہین کے برخلاف نیچے سے بلند ہو کر شکار کو اوپر سے پکڑتا ہے ۔

بَہِشتِ بَریں ۔ جنت جو کہ رفیع و اعلیٰ ہے ۔

بَہلی ۔ دو پہیے کی بیل گاڑی جو رتھ سے مشابہ ہوتی ہے ۔

بَہمَن ۔ شمسی سال کے گیارہویں مہینے کا نام جو تقریباً جنوری میں ہوتا ہے ۔
بَہلِیا ۔ بہلی بان ۔ بہلی چلانے والا ۔
بہناپا ۔ منھ بولی بہن کا رشتہ ۔ وہ رشتہ جو عورتیں آپس میں ایک دوسرے کو بہن بنا کر قائم کرلیتی ہیں ۔
بَہنیاں ۔ (بہن کی تصغیر) ہمشیرہ ۔ خواہر ۔
بُہنی ۔ سب سے پہلا سودا جو دکان کھولنے کے بعد دکان دار نقد داموں پر بیچے ۔ پہلی قیمت جو دکان دار کو ملے ۔
بَہو ۔ بیٹے کی بیوی ۔ زن پسر ۔
بِہوار ۔ لین دین ۔
بہُوڑنا ۔ پھرنا ۔ لوٹنا ۔ واپس آنا ۔
بِہی ۔ امرود سے مشابہ ایک پھل ۔ بہتری ۔ بھلائی ۔
بَہی کھاتہ ۔ وہ کتاب جس میں تجارت پیشہ لوگ اور مہاجن حساب لکھتے لکھاتے ہیں ۔ روزنامچہ ۔
بَہتیا ۔ بہاؤ ۔ سیلاب ۔ طغیانی ۔
بُہتیا ۔ (بھائی کی تصغیر) پیار سے بولتے ہیں ۔
بَہیر ۔ مجمع ۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ لشکر ۔ فوج کثیر ۔
بَہیر وبَنگاہ ۔ لشکر کا مال و اسباب اور لوگ ۔ فوج کے شاگرد پیشہ ۔
بھَابی ۔ بھائی کی بیوی ۔ بھاوج ۔
بھَاڑ سا مُنھ کھول دیا ۔ بدتمیزی سے گفتگو کرنا ۔ اول فول بکنا ۔
بھَاڑُو کے بھاڑُو ۔ (گالی) بھڑوے کا بیٹا ۔
بھَاگا بھاگ (بھاگوں بھاگ) ۔ بھاگنے کو تیار ہونا ۔
بھَال ۔ برچھی یا نیزے کا پھل ۔ پیکان ۔ سنان ۔
بھَالا ۔ نیزہ ۔ برچھا ۔
بھَانجی ۔ بہن کی بیٹی ۔
بھَان مَتی ۔ بازی گر ۔ مداری ۔ شعبدہ باز ۔ بھانڈ ۔
بھَاوَج ۔ بھائی کی بیوی ۔ بھابی ۔
بھَاؤ بتانا ۔ (محاورہ) ناچ گانے میں ہاتھ یا آنکھ یا دیگر اعضا کے اشاروں سے گیت کے مضمون کا نقشہ کھینچنا ۔
بِھبَاس ۔ بھیروں ٹھاٹھ کا اوڈو راگ (یہ راگ اترانگ ہے اور گانے کا وقت صبح کا ہے) ۔
بَھبَک ۔ ۱۔ گرم بھاپ ۲ ۔

شعلہ کی بھڑک ۳۔ تیز بو۔
بَھبُھوت ۔ راکھ جو سادھو سنیاسی اپنے بدن پر ملتے ہیں۔
بَھبُھوکا ۔ ۱۔ شعلہ ۔ شرارہ ۔ ۲۔ (صفت) انگارے کی طرح سرخ ۳۔ نہایت گورا ۔ ۴۔ حسین۔ ۵۔ شوخ، طرار۔
بَھتّی پکنا ۔ (محاورہ) مرنا ۔ وفات پانا۔
بَھتّی کھاؤں ۔ (فقرہ) (عو) کوسنا۔ (کسی کا) ماتم کروں، پیٹوں، روؤں۔
بَھٹ ۔ وہ غار جس میں جنگلی جانور رہتے ہیں ۔ کھوہ۔
بَھٹکُٹیا ۔ ایک خاردار جھاڑی۔ بن کٹیا۔
بِھٹنی ۔ سرپستان ۔ چوچی ۔ پستان کی سیاہ گھنڈی۔
بَھٹّی ۔ لوہاروں، شیشہ گروں اور دھوبیوں کا آتش دان ۔ شراب خانہ۔
بَھٹیارا ۔ (اصلاً) بھٹی والا ۔ نان بائی جو روٹیاں پکا کر فروخت کرتا ہے۔
بَھٹیاری ۔ (بھٹیارا کی تانیث) ۔ نان بائی ۔ وہ شخص جو سرائے میں مکان وغیرہ مسافروں کو کرائے پر دے اور ان کے کھانے وغیرہ کا انتظام اور ان کی خدمت کرے۔
بُھج بَند ۔ ایک زیور جو بازو پر باندھا جاتا ہے۔ بازو بند ۔ کوئی چیز جو بازو کے اوپر کے حصے پر باندھی جائے۔
بَھجَن ۔ لفظی معنی خدمت کے ہیں لیکن عرف عام میں خدا کی تعریف کا گیت ۔ جَپ ۔عبادت۔ حمد باری۔
بُھجَنگا ۔ ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو کوئل سے ملتا جلتا ہے۔ نہایت سیاہ۔
بِھچّک ۔ بھکاری ۔گدا۔
بَھدَر بَھدَر ۔ دوڑنے یا تیز چلنے میں قدموں کی آواز۔
بُھربُھرانا ۔ مائل ہونا۔ راغب ہونا۔ فریفتہ ہونا۔
بَھرتی ۔ کسی محکمے میں نام لکھا جانا۔ کسی محکمے میں داخل ہونے یا لکھانے کا عمل۔
بَھرّے میں آنا ۔ (محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں پھنسنا۔
بِھڑ پڑنا ۔ (محاورہ) لڑ پڑنا ۔ بحث کرنے لگنا۔
بَھڑاس ۔ دل کا بخار۔ غصّہ ۔ کینہ ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔
بَھڑوا ۔ (مجازاً) بے شرم ۔ ذلیل ۔ کمینہ ۔

بھڑ بھونجا ۔ بھاڑ جھونکنے والا ۔

بھس میں چنگی ڈال جمالو الگ کھڑی ۔

(مثل) اس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو فساد کرا کر خود الگ ہو بیٹھے ۔

بھسونڈا ۔ مستک ۔ ماتھا ۔ ہاتھی کی سونڈ کا اوپری حصّہ جہاں سونڈ شروع ہوتی ہے ۔

بھق بھق ۔ انجن سے دھواں نکلنے کی آواز ۔ تیز بو ۔

بھگدر ۔ بھاگنے کی ہل چل ۔

بھگدری (بھگدریاں) ۔ دوڑنا ۔ بھاگنا ۔

بھگوان ۔ (ہندو) پرماتما ۔ خدا ۔ ایشور ۔

بھگو بھگو کے جوتیاں مارنا ۔ (محاورہ) ۔ ۱۔ جوتے تر کر کے مارنا تاکہ چوٹ زیادہ لگے ۔

۲۔ مذاق میں سخت سست کہنا ۔

۳۔ طعن تشنیع کرنا ۔ شرمندہ کرنا ۔

۴۔ لعنت ملامت کرنا ۔

بھگیلا ۔ (کسی جگہ کو چھوڑ کر) بھاگ جانے والا ۔ مفرور ۔ (اصطلاحاً) مفرور فوجی ۔

بھگیلی ۔ (بھگیلا کی تانیث) مفرور ۔ بھاگ جانے والی ۔

بھُلاوہ (بھُلاوا) ۔ دھوکا ۔ چال ۔ چھل ۔ فریب ۔

بھُن پیری (بھُنڈ پیرا) ۔ منحوس ۔ نحوست زدہ ۔ سبز قدم ۔

بھَنڈارا ۔ پھکیتی کی ایک ضرب جو بائیں پہلو پر لگاتے ہیں ۔ سپہ گری کا ایک وار جو حریف کے بائیں رخ لگاتے ہیں ۔

بھُنگا ۔ بہت چھوٹا پردار کیڑا جو اکثر غلاظت میں برسات میں پیدا ہوتا ہے ۔ پتنگا ۔ پروانہ ۔

بھَنگیانا ۔ بھنگ پی جانا ۔ بھنگ کا قدح چڑھانا ۔ بدحواس ہونا ۔

بھَنگیڑن (بھَنگیڑا کی تانیث) بھنگ بیچنے والا ۔ بھنگ بنانے والا ۔ بھنگ پینے والا ۔

بھوانی ۔ لقب پاربتی کا ۔ دُرگا ۔

بھوپالی ۔ ایک راگنی کا نام جس کا تعلق جذبۂ مسرت سے ہے اس کے گانے کا وقت شام ۶ بجے سے ۱۰ بجے تک بتایا جاتا ہے ۔

بھوٹی ۔ شراب ۔

بی بی ۔ ۱۔ بیگم ۔ خانم ۔ خاتون ۔
۲۔ عورت بیوی ۔
۳۔ عورتوں کو مخاطب کرنے کا ایک باعزت کلمہ ۔

بے بَدَل ۔ بے مثل ۔ لا جواب ۔

بے تَاب ۔ بے چین ۔ بے کل ۔ مضطرب ۔

بے تَالا ۔ وہ شخص جو لے کو بر قرار نہ رکھ سکے اور گانے میں تال سے باہر ہو جائے ۔

بے چُوبے ۔ بے چوبہ ۔ وہ خیمہ جس میں چوب استعمال نہ ہو ۔

بیچُون (بے چون) ۔ وہ جس کی مانند کوئی نہ ہو ۔ بے مثل ۔ لا جواب (مجازاً) اللہ تعالیٰ ۔

بے خَانُماں ۔ بے گھر ۔ بے وطن ۔ بے ٹھکانے ۔

بیدار ۔ جاگتا ہوا ۔ جاگنے والا ۔

بے دَرماں ۔ لاعلاج ۔ جس کا کوئی علاج نہ ہو سکے ۔ ناامید ۔

بے دَریغ ۔ ۱۔ بلا توقف ۔ بلا تامل ۔
۲۔ بغیر رنج و افسوس کے ۔

بے دَغدَغہ ۔ نڈر ۔ بے خوف (ق) ۔

بیڈَول (بے ڈول) ۔ بے ڈھب ۔ بھونڈا ۔

بے سُرہونا (بے سُرا) ۔ قواعد موسیقی کے خلاف گانے والا ۔ اتار چڑھاؤ وغیرہ سے ناواقف ۔ جس کے گلے میں رس نہ ہو ۔

بے نَیل و مَرام ۔ بغیر کامیابی کے ۔ حصول مقصد کے بغیر ۔ ناکام ۔ نامراد ۔

بے سُتُوں (کوہِ بیستوں) ایران کا مشہور پہاڑ ۔

بیقرار ۔ (بے قرار) ۔ بے صبر ۔ بے چین ۔ پریشان ۔

بیکَراں (بے کراں) ۔ بے حد ۔ بے انتہا ۔ لا محدود ۔

بے گانڈ کا کُونڈا ہے ۔ ڈھلمل یقین ۔ جو ایک بات پر قائم نہ رہے ۔ غیر مستقل مزاج ۔ بے ٹھکانے ۔

بے مِہر ۔ بے مروت ۔ بے رحم ۔

بے نَیل ۔ نامراد ۔ ناکام (ق) ۔

بے وَارِثا ۔ جس کا کوئی والی وارث نہ ہو ۔

بے وَارثی ۔ وہ عورت جس کا خاوند مر جائے یا جس کا کوئی مرد سرپرست نہ ہو ۔

بے وَقُوف ۔ کم عقل ۔ احمق ۔ نادان ۔

بَیدِ مُشک ۔ ایک قسم کا درخت جس کے پھولوں کا عرق کھینچتے ہیں جو مفرح اور خوشبودار ہوتا ہے ۔

بِیر ۔ (جمع بیروں) خبیث روح ۔ وہ بھوت یا موکل جو جادوگر کسی پر مسلط کرتے ہیں ۔

بِیر بَہُوٹی ۔ ایک نہایت گہرے سرخ رنگ کا کیڑا جو برسات میں زمین سے پیدا ہوتا ہے، اس کا جسم مخمل کی طرح ہوتا ہے، اس کو خشک کرکے دواؤں میں کام لاتے ہیں ۔

بَیا ۔ گوریا سے چھوٹی رنگ کی ایک چڑیا جو تنکوں سے بہت خوبصورت اور مضبوط گھونسلا بنتی ہے جو پیڑ میں جھولے کی طرح لٹکتا رہتا ہے اور جسے جونجھ بھی کہتے ہیں ۔

بَیابان ۔ صحرا ۔ ریگستان ۔ بے آب وگیاہ خطہ ۔ جنگل ۔

بَیاض ۔ سادہ یا لکھی ہوئی اوراق کی مجلد یا غیر مجلد کتاب جس میں چیدہ اشعار یا منتخب مضامین یا نسخے وغیرہ لکھے ہوں یا لکھیں (بیشتر چھوٹے سائز کی اور خصوصاً وہ جس کی جلد بندی یا سلائی چوڑائی میں کی گئی ہو) ۔

بَیتُ الخَلا ۔ پاخانہ ۔ وہ محدود جگہ جہاں رفع حاجت کرتے ہیں ۔

بِیرَن ۔ بھائی ۔ بھیا (پیار کے موقع پر عموماً عورتوں کا روز مرہ) ۔

بِیڑا ۔ (بنے ہوئے پان کی) گلوری، کتھا چونا لگا اور چھالیا وغیرہ پڑا ہوا پان جو مخروطی یا تکونی شکل میں لپیٹا گیا ہو ۔

بَنَیٹھی (بَنَیٹی) ۔ ایک ورزش بانس کے دونوں سروں پر گیند کی شکل میں کپڑا باندھ کر اور اسے آگ لگا کر جلانے والا اپنے سر اور بدن کے گرد اس طرح گھماتا ہے کہ آگ کا چکر بندھ جاتا ہے ۔

بَیت بازی ۔ لڑکوں کا ایک مشغلہ جس میں ایک لڑکا کوئی شعر پڑھتا ہے اور دوسرا اس کے جواب میں ایسا شعر پڑھتا ہے جو اس حرف سے شروع ہو جس پر پہلا شعر ختم ہوا ہو ۔

بیٹی ۔ دختر ۔ لڑکی ۔

بَیرَق ۔ نشان ۔ علم ۔ جھنڈا ۔

بیڑی ۔ وہ خاص وضع کی کڑی یا زنجیر جو قیدی یا ملزم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں تاکہ بھاگ نہ جائے ۔

بِیجا سار ۔ سال کی ایک قسم

جس کی لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے۔

بِیچا - ایک ڈراؤنی شکل کا بنا ہوا چہرہ جو بچے کھیل میں اپنے منھ پر لگاکر ڈرایا کرتے ہیں۔ لولو۔ ہوّا۔

بِید - ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں بہت نازک اور پتلی ہونے کی وجہ سے ہروقت حرکت میں رہتی ہیں۔

بَید - بیت - چھڑی۔

بَیدِ مَجنوں - بید کی ایک قسم جس کے پتے باریک اور ٹہنیاں زمین کی طرف جھکی ہوتی ہیں، اس کی صورت دیوانوں کی سی معلوم ہوتی ہے۔

بَیدا - دشت - جنگل - صحرا -

بَیدائے ضرب - لڑائی کا میدان (ق)۔

بَیدائے ضَلالَت - گمراہی کا جنگل - صحرائے گمراہی (ق)۔

بیدار - جاگتا ہوا۔ ہوشیار۔

بَیر - دشمنی - عداوت - بغض -

بَیری - دشمن - بدخواہ - مخالف -

بَیراگ - زہد - ریاضت -

بِیڑا اُٹھانا - (محاورہ) کسی مشکل کام کو انجام دینے کا ذمہ لینا - عہد کرنا - شرط باندھنا۔

بِیڑا - وہ ڈور یا تسمہ جو تلوار کی میان اور قبضے میں اس غرض سے لگاتے ہیں کہ تلوار باہر نہ نکل پڑے۔

بِیسَن دانی - وہ تشتری وغیرہ جس میں ہاتھ دھونے کے لیے بیسن رکھا جائے۔

بِیسوا - رنڈی - کسبی - بدچلن عورت -

بَیضَہ - انڈا۔

بَیع وشَرا - خرید و فروخت - تجارت -

بِئسَ المَصِیر - برا ٹھکانہ - بری جائے بازگشت اور یہ کنایہ دوزخ سے ہے -

بِیش قِیمَت - قیمتی - بڑھیا - عمدہ - نفیس -

بِیشَہ - جنگل - بیابان - وہ جنگل جس میں شیر رہتا ہے -

بَیعَت - اطاعت کا عہد - مرید بننا - فرماں برداری کرنا۔

بَیکُنٹھ - بہشت - جنت -

بِیگنے - شیشے - صراحی - کنٹر - (ق)

بِیگمی - ایک قسم کا سفید عمدہ پان -

بیگھہ بسوہ ۔ زمین کا ایک حصّہ یا ٹکڑا جس کی پیمائش عموماً تین ہزار پچیس گز مربع ہوتی ہے اور بسوا ایک سو اسی مربع گز کا قطعۂ اراضی ۔ (مراداً) وسیع و عریض علاقہ ۔

بَیل ۔ ایک مضبوط اور لمبا رسّا ۔

بَیل بَٹّا ۔ وہ نچھاور جو دولھا دلھن پر تصدق کر کے ارباب نشاط کو دیا جائے ۔ انعام ۔

بیلدار ۔ پھاوڑے سے کام کرنے والا مزدور ۔ کارکن ۔ (خاص کر) محکمۂ نہر کا ملازم جو دیہات تک نہر کے کنارے جھاڑ جھنکار کی صفائی کرتا ہے ۔

بیلا ۔ ایک گیند جسے عیار چکنا کر کے آستین وغیرہ میں چھپا رکھتے ہیں ۔ ایک قسم کا سفید خوشبودار پھول جو چنبیلی کے پھول سے بڑا گٹھیلا اور موتیا سے ملتا جلتا ہوتا ہے ۔

بیلے (بیلا) ۔ بہادر ۔ ہمّت والا ۔ جری (رق) ۔

بیلچہ ۔ لمبے دستے اور پھاوڑے کے سے پھل کا ایک اوزار ۔ کدال ۔

بیم ۔ خوف ۔ اندیشہ ۔ ڈر ۔

بِین ۔ ستار نما ایک باجا جس کے دونوں سروں کے نیچے دو تونبے اور ایک ڈانڈ پر سات تار لگے ہوتے ہیں، پردے نہیں ہوتے بلکہ طربیں ہوتی ہیں ۔ مضراب سے بجاتے ہیں، اس کی کئی قسمیں مروج ہیں ۔

بَیّن ۔ ظاہر ۔ واضح ۔ آشکارا ۔ روشن ۔

بینجنی ۔ بینگن کے رنگ کا ۔ اودا ۔ سیاہی مائل سرخ ۔

بِیندی ۔ نقطہ ۔ بندی ۔ جو اکثر ہندو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں ۔

بَینڈیاں (بَینڈی) ۔ گیند کی شکل کی لپٹی ہوئی سُتلی یا ڈورے کی لچھی ۔

بینش ۔ دیکھنا ۔ دید ۔ بینائی ۔ نظر ۔ دکھاوٹ ۔ تمیز ۔

بینی ۔ ناک ۔

بینی پاک ۔ رومال ۔ ناک صاف کرنے کا کپڑا ۔

بیوپار ۔ تجارت ۔ لین دین ۔ معاملت ۔

بیوپاری ۔ تاجر ۔ سوداگر ۔

بیہڑ ۔ ناہموار ۔ اونچی نیچی زمین ۔

بیہمال (بے ہمال) ۔ لاثانی ۔ بے نظیر ۔

پَااَنْداز ۔ قیمتی کپڑے کا وہ فرش جو مہمان کی تعظیم کے لیے اس کی رہگزر میں بچھاتے ہیں ۔

پَابگِل ۔ مقید ۔ بے بس ۔ جو اپنی جگہ سے ہل نہ سکے ۔

پَاپ ۔ گناہ ۔ قصور ۔ جرم ۔ بدی ۔ برائی ۔

پَاپی ۔ گنہگار ۔ بدکار ۔ عاصی ۔

پَاپُوش ۔ کفش ۔ جوتی (بیزاری کے اظہار کے لیے بھی یہ لفظ آتا ہے) ۔

پَاپَڑ بیِلنا ۔ (محاورہ) تنگی سے گزارہ کرنا ۔ مصیبت اٹھانا ۔

پَات ۔ کان میں پہننے کا ایک زیور ۔

پَاٹا ۔ پٹرا ۔ تختہ ۔ دھوبی کا کپڑے دھونے کا تختہ ۔

پَاجی ۔ ۱۔ کمینہ ذلیل ۔
۲۔ لچا ۔ بدذات ۔ شریر ۔

پَاچک ۔ رسوئیا ۔ باورچی ۔

پَاخانے میں لُوٹا نہ رکھواؤں ۔ (محاورہ) حقارت ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں ۔

پَاداش ۔ بدلہ ۔ جزا ۔ سزا ۔ جرمانہ ۔ ڈنڈ ۔

پَارچہ ۔ (گوشت) کا ٹکڑا ۔

پَارنا ۔ چراغ کی لو پر کوئی برتن رکھ کر دھواں جمع کرنا ۔ کاجل بنانا ۔ کاجل پارنا ۔

پَاڑھا ۔ ایک قسم کا ہرن ۔ چیتل ۔

پَازیب ۔ پاؤں کو زینت دینے والا ۔ عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور ۔ خلخال ۔

پَاس ۔ لحاظ ۔ خیال ۔ مروت ۔ نزدیک ۔ قریب ۔ دھورے ۔

پَاسبان ۔ دربان ۔ چوکیدار ۔

پَاسُخ نامہ ۔ جواب خط ۔ پیغام کا جواب ۔

پَاسُوختہ ۔ پاؤں جلا ہوا ۔ (مراداً) نہ چلنے والا ۔ مٹھا ۔

پَاسی ۔ ایک ذات جو زیادہ تر تاڑی نکالنے کا کام کرتی ہے ۔

پَاشْنہ ۔ ایڑی ۔ گھوڑے کے سم اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ ۔

پَافشُردَہ ہونا - پاؤں رکھنا -

پَاکھَر - زرہ کی مانند آہنی پوشاک جو حفاظت یا زینت کے لیے گھوڑے ہاتھی وغیرہ کو پہناتے ہیں - جھول -

پَاکھَنڈ - دھوکا - فریب - ریا کاری - شرارت -

پَالا پڑنا - (محاورہ) ۱- کہر پڑنا - برف باری ہونا - نہایت ٹھر ہونا -

۲- واسطہ پڑنا - سابقہ پڑنا -

(مجازاً) کسی چیز کا برباد ہوجانا -

پَالکِیں - (پال) - شامیانہ - تنبو - چندوا -

پَالتھی / پَالتی مَار کر بیٹھنا - چار زانو بیٹھنا -

پَالَٹ - لکڑی پھینکنے والوں کی اصطلاح میں وہ ضرب جو حریف کے پاؤں پر لگائی جائے -

پَالکی نَالکی - لکڑی کی بنی ہوئی مستطیل شکل کی چاروں طرف سے بند دروازوں والی سواری جس میں آگے پیچھے دو ڈنڈے لگے ہوتے ہیں جسے کہار اپنے کندھوں پر رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں -

پَالاگن - (ہندو) قدمبوسی - آداب - تسلیم -

پَالہَنگ - باگ ڈور - وہ رسی جو گھوڑے کی دم یا لگام میں باندھتے ہیں - شکار بند - کوتل گھوڑا -

پَائنتی (پائینتی) - پلنگ یا چارپائی کا پاؤں کی طرف کا حصّہ -

پَانچوں گھی میں سر کڑاہی میں (مثل) - مختار کل ہے - ہر طرح مزے میں ہے - سب کام ہاتھ میں ہے - سب کچھ قابو میں ہے -

پَان دان - پان اور اس کے لوازم رکھنے کا ظرف -

پَانی پَانی ہونا - (محاورہ) شرمندہ کرنا - پسینہ پسینہ کرنا - تھکا دینا -

پَانی کا ہگا مُنھ پر آتا ہے (کہاوت) کیے کا پھل ملتا ہے - عیب ظاہر ہو کر رہتا ہے -

پَانی نہ مَانگنا - (محاورہ) دم نہ مارنا - اچانک مرجانا - یکایک مرجانا -

پَائجَامَہ (پاجامہ) - شرعی زیر جامہ - سیدھی کاٹ پتلون سے ملتا جلتا لباس جو ٹانگوں میں پہنا جاتا ہے - ستھنا -

پَائے دَان - جوتی اتارنے کی جگہ - گاڑی کی وہ جگہ جس پر

پاؤں رکھ کر سوار ہوتے ہیں۔

پایگاہ (پائِگاہ) ۔ قدر ۔ مرتبہ ۔ منزلت ۔

پائیں ۔ نیچے ۔ نیچے رخ ۔

پائوں (پائے)۔ پاؤں ۔ قدم ۔ پگ ۔

پپیہا ۔ کوئل کی طرح کا مگر اس سے چھوٹا ایک خوش آواز پرندہ ۔

پت جھڑ۔ پتے جھڑنے کا موسم ۔ موسم خزاں ۔

پتا کھڑکا بندہ سرکا ۔ (مثل) ذرا سے اشارے سے مطلب تاڑ جانا ۔ ذرا سی آہٹ سے ڈر کر بھاگنا ۔

پتال (پاتال) ۔ زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ ۔ تحت الثریٰ ۔ غار ۔ گڑھا ۔ دوزخ کا سب سے نچلا طبقہ ۔

پترے (پترا) ۔ جنتری ۔ تقویم ۔ وہ کتاب جس میں سال کی تمام سعد ونحس تاریخیں اور احکام نجوم لکھے ہوتے ہیں ۔

پتریا ۔ طوائف ۔ رقاصہ ۔ فاحشہ ۔

پتلون ۔ انگریزی وضع کا پاجامہ جس میں میانی نہیں ہوتی اور کمربند کی جگہ پیٹی کسی جاتی ہے ، قمیص کا دامن اس کے اندر اڑس لیا جاتا ہے ۔

پتھر چٹانا (محاورہ)۔ سان پر رکھنا ۔ چھری وغیرہ کو پتھر پر گھس کر تیز کرنا ۔

پتھرکلہ (پتھر کلا) ۔ پرانی وضع کی بندوق جس میں چقماق لگی ہوتی تھی ۔

پتاوا (پاتابہ) ۔ پاؤں کے نیچے جوتے کے اندر ڈالنے کا چمڑا ۔ کپڑے کا جوتا جو موزے کے اوپر پہنا جاتا ہے ۔ موزہ ، جوتا ۔

پتیرہ (پتیرا) ۔ ۱۔ پاؤں کا نشان ۔ ۲۔ سراغ ۔ اثر ۔

پتیلہ (پتیلا) ۔ بڑے منھ کا دیگچہ ۔ کھانا پکانے کا چوڑے منھ کا برتن ۔

پتیلی (پتیلا کی تصغیر) ۔ دیگچی ۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کی ہنڈیا ۔

پتے ۔ کان میں پہننے کا ایک زیور جس میں ایک بالی میں پتے بنے ہوئے آویزاں ہوتے ہیں ۔

پتی لینا (محاورہ)۔ (آواز کا) بھرا جانا ۔ (آواز میں) کھڑکھڑاہٹ یا لغزش پیدا ہوجانا ۔

پٹ ۔ ۱۔ عرض ۔ چوڑائی ۔

(مجازاً) وسعت کائنات ۔
۲۔ دروازہ، کواڑ (یا کھڑکی) کا ایک تختہ یا پلا (مجازاً) دروازہ۔ پردہ ۔
پَٹ پَٹ بولنا (محاورہ) ۔ تڑاق پڑاق بولنا ۔ بے جھجک گفتگو کرنا ۔
پَٹّا ۔ سپاہ گری کا ایک فن ۔ پھری اور گدکے کا کھیل ۔
پٹاری ۔ پاندان ۔
پَٹڑا ۔ لکڑی کا تختہ ۔ چھوٹی چوکی جس کے پائے چھوٹے ہوتے ہیں جس پر بیٹھ کر عورتیں نہاتی ہیں یا روٹی پکاتی ہیں ۔
پَٹڑی ۔ راستہ ۔ روش ۔ سڑک کا کنارا ۔
پَٹخنی کھانا (محاورہ) ۔ گر پڑنا ۔ پچھڑنا ۔
پِٹّس پڑنا (محاورہ) ۔ ۱۔ مار پڑنا ۔
۲۔ ماتم ہونا، کہرام ہونا ۔
۳۔ مجلس عزا میں گریہ و ماتم ہونا ۔
پَٹکا ۔ کمر پیچ ۔ کمر بند ۔ سر پر لپیٹنے کا کپڑا ۔ پگڑی ۔ صافہ ۔
پَٹم ۔ مُندی ہوئی ۔ بند ۔ بے نور ۔ کور ۔
پَٹّے ۔ سر کے دو طرفہ بال جو گدّی تک لمبے اور سروں پر خم کھائے ہوئے ہوتے ہیں ۔ کاکل ۔
پَٹّی ۔ کاغذ، کپڑے یا ٹاٹ کی لمبی دھجی جو کم چوڑی ہو ۔ وہ کم عرض کپڑا جو کسی عضو پر باندھا جائے ۔
پَٹّیت ۔ پٹے کے فن کا ماہر ۔ پٹے کے ہاتھ چلانے والا ۔
پَٹھا ۔ پاٹھا ۔ جوان ۔ نوجوان ۔
پَچ ۔ طرفداری ۔ حمایت ۔ رعایت ۔ پاس ۔ لحاظ ۔
پَچّی ۔ چپکایا، جڑا اور سیا ہوا ۔ پچر کی طرح ٹھکا ہوا ۔ پیوست ۔ ایک جان ۔
پِچکاریاں ۔ (پچکاری) رنگ وغیرہ بھر کر چھڑکنے یا پھینکنے کا ایک آلہ جو دھات یا پلاسٹک یا شیشے کی ایک نلکی کی شکل میں ہوتا ہے اور اس میں پتلی سی سلاخ پڑی ہوتی ہے، ہتھے کے بالمقابل سلاخ میں ایک ڈاٹ لگی ہوتی ہے نلکی میں دوسری جانب گاؤدم سوراخ دار نوک ہوتی ہے سلاخ کو اپنی طرف کھینچنے پر نلکی میں رنگ وغیرہ بھر آتا ہے اور سلاخ کو دبانے سے نلکی میں سے زور دار دھار نکلتی ہے ۔
پَچَونی ۔ معدے یا پیٹ کا وہ

حصہ جس میں غذا ہضم ہوتی ہے۔

پچّی کاری ۔ مرصع سازی ۔ جڑاؤ کام ۔ چونے اور اینٹ کا مضبوط کام ۔ چوپڑ کا فرش ۔

پچھاڑ کھانا ۔ (محاورہ) بے تابی سے لوٹنا ۔ بے ہوش ہونا ۔ غش کھانا ۔ رنج و غم سے گر پڑنا۔

پچھل پائی ۔ (لفظاً) ایسی عورت جس کے پنجے پیچھے اور ایڑی سامنے کے رخ ہو (مجازاً) چڑیل ۔ بھتنی ۔ ڈائن ۔ جادوگرنی ۔

پَچپیت ۔ چال باز ۔ فریبی ۔ چالاک ۔

پچّیسی ۔ ایک کھیل جو کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے ، بساط میں چار ٹکڑے ہوتے ہیں اور ہر ایک میں پچیس خانے ہوتے ہیں ۔

پُخْتہ ۔ (تعمیر) (عمارت، بنیاد تعمیر اور مکان وغیرہ) چونے ، گچ اور پکی اینٹوں کا چنا ہوا ۔ سیمنٹ یا پتھر کا بنا ہوا ۔

پِدّا ۔ بھوری پیٹھ کی چھوٹی سی خوش آواز چڑیا جو کئی قسم کی ہوتی ہے ۔

پِدَر ۔ باپ ۔ والد ۔

پَذِیرا ۔ قبول کیا گیا ۔ منظور ۔

پُر ۔ چمڑے کا بڑا ڈول جس سے عموماً ڈھیکلی وغیرہ کے ذریعے آپ پاشی کے لیے پانی کھینچا جاتا ہے ۔

پُرا ۔ محلہ ۔ بستی ۔ گاؤں ۔ قریہ ۔ شہر ۔ ڈولہ ۔

پَرا باندھنا ۔ (محاورہ) صف جما کر کھڑا ہونا ، سلسلہ وار کھڑا ہونا ۔

پیر بین ۔ ۱۔ عاقل ۔ دانا ۔ ماہر فن ۔ جوہری ۔
۲۔ حسین ۔ خوبصورت ۔

پَرتَل ۔ سوار کا اسباب جو ٹٹو وغیرہ پر لادا جاتا ہے ۔ لادا جانے والا اسباب ۔

پَرَچ ۔ ایک راگنی کا نام جو چار بجے رات کو گائی جاتی ہے ۔

پَرخاش ۔ کینہ ۔ عداوت ۔ غلط فہمی ۔ فساد ۔ طوفان ۔

پَرخاش جُو ۔ جھگڑالو ۔ شجاع ۔ جنگ آور ۔

پَردے میں زَردا لگانا (محاورہ) ۔ در پردہ فعل بد کرنا ۔ ٹٹی کی اوٹ شکار کھیلنا ۔ پردے میں بیٹھ کر تاک جھانک کرنا ۔

پُرسا ۔ میت کے وارثوں کے پاس جا کر اظہار غم کرنا ۔ تعزیت ۔ ماتم پرسی ۔

پَراٹھا ۔ توے پر گھی میں تلی ہوئی

بِرت دار روئی۔

پَراگَنْدَہ ۔ منتشر۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔

پَران ۔ سانس۔ دم۔ روح۔ جان۔

پَرّاں ہونا ۔ اڑنا۔ پرواز کرنا۔

پُرّاں پَرّاں ۔ غائب ہونا۔ مفقود ہونا۔

پَرایا ۔ دوسرے کا۔ غیر کا۔

پَرائے شُگُون کو اپنی ناک کٹوائے (پرائے شُگُون کے لیے اپنی ناک کٹانا) (محاورہ) غیروں کے فائدے کے لیے اپنے آپ کو نقصان پہنچانا۔

پَرتَلہ (پَرتَلا) ۔ تلوار کی پیٹی یا تسمہ جو کندھے پر ڈالتے ہیں۔ پیٹی۔ تسمہ۔

پَرچھاواں ۔ ۱۔ عکس۔ پرتو۔ سایہ۔

۲۔ آسیب کا خلل۔ بھوت۔ پریت کا اثر۔

پَرچَھائیں (پرچھاواں کی تانیث) عکس۔ سایہ۔

پَرَشاد۔ (پَرساد) دیوتاؤں کا چڑھاوا۔ نذر۔ منت۔ تبرک۔

پَرَن ۔ ثریا۔ پروین۔

پَرَنیاں ۔ ایک قسم کا پھول والا ریشمی کپڑا۔ دیبا جو بہت نرم اور ملائم ہوتا ہے۔

پَرّۂ بینی ۔ نتھنوں کے درمیان کا پردہ۔

پَرے سے پَرا ۔ گروہ در گروہ۔ قطار در قطار کاندھے سے کاندھا (ق)۔

پَردَگیاں (پَردَگی) ۔ پردہ میں رہنے کی حالت ۔ پاک دامن۔

پَردے (پَردہ) ۔ (ستار، تنبور، بین یا ہارمونیم میں) تاروں کے نیچے پیتل یا لوہے کی (موجودہ دور میں پلاسٹک اور کاغذ کی بھی) مڑی ہوئی سلاخیں جن کی مدد سے سُر کنٹرول کیے جاتے ہیں۔

پَردَۂ زَنبُوری ۔ جالی دار پردہ جو دروازوں کے آگے لٹکایا جاتا ہے۔

پُرسِش ۔ پوچھنا۔ دریافت۔ استفسار۔

پَرَمیشَر ۔ خدائے تعالےٰ۔ وشنو کا ایک لقب۔

پَرنالَہ ۔ کوٹھے یا بالا خانے کی موری یا نالی۔

پَرَورِش ۔ تعلیم و تربیت ۔ مہربانی ۔ شفقت ۔
پَروانہ وار ۔ پروانے کی طرح ۔ عاشقانہ طریق پر ۔ فریفتگی کے عالم میں (ق) ۔
پُروا ۔ یورپ کی ہوا ۔ بادِ مشرق ۔
پُروائی ۔ پروا ہوا ۔ مشرقی ہوا ۔
پَرَوتا ۔ پوتے کا بیٹا ۔ پَرپوتا ۔
پَروَردگار ۔ پالنے والا ۔ اللہ تعالیٰ ۔ رب ۔
پَروِین ۔ چھ ستاروں کا گچھا ۔ عقد ثریا ۔
پَرہیز ۔ بیماری کی حالت میں یا کسی تکلیف کے پیدا ہو جانے یا کسی نقصان کے خوف کسی فعل یا چیز (خصوصاً کھانے پینے کی چیز) سے بچنا ۔ احتراز ۔
پَرے کے پَرے ۔ کثرت سے ۔ بڑی تعداد میں ۔ فوج کی فوج (ق) ۔
پَری ۔ جن کی جنس کی عورت جس کے متعلق خیال ہے کہ بال و پر رکھتی ہے اور بے حد خوبصورت ہوتی ہے ۔ حسین عورت ۔
پَری پیکر ۔ نہایت خوبصورت ۔
پَرِیخانہ (پَری خانہ) ۔ وہ مکان یا جگہ جہاں حسینوں کا مجمع ہو ۔
پَری رُو ۔ صورت شکل میں پری کی طرح حسین ۔ نہایت خوبصورت ۔
پَری زاد ۔ پری کی نسل کا ۔ پری کا بچہ (مجازاً) بہت حسین و جمیل ۔ نہایت خوبصورت ۔
پَریشان ۔ پراگندہ ۔ منتشر ۔ بکھرا ہوا ۔
پِریت ۔ پیار ۔ محبت ۔ الفت ۔ عشق ۔
پَریٹ (پَریڈ) ۔ فوج یا پولیس کی قواعد ۔ وہ میدان جہاں قواعد ہوتی ہے ۔
پَڑ پَڑ ۔ جلدی جلدی ۔ تیزی کے ساتھ ۔ تڑ تڑ ۔
پَڑاؤ ۔ لشکرگاہ ۔ فوجی کیمپ ۔ منزل ۔
پَڑچُھد ۔ ایک فحش گالی (ق) ۔
پُڑا ۔ ۱۔ بڑی پڑیا ۔
۲۔ ڈھول یا طبلے کا خشک چمڑا ۔
پَڑے پَڑے دھجّیاں گِننا ۔ شغل بے کاری ۔
پَڑی جمانا (محاورہ) ۔ آسن جمانا ۔ گھوڑے کے زین پر کسی مجلس میں دخل پیدا کرنا ۔

پَڑھا ہُوا جن (پڑھا جن) وہ جن جو خود علم و فن سے واقف ہونے کے باعث کسی سیانے کے قابو میں نہ آئے (مجازاً) شریر۔ چالاک۔

پَڑھَنت ۔ عمل ۔ جادو۔ منتر۔ افسوں۔

پَژمُردَہ ۔ مرجھایا ہوا۔ افسردہ۔ کملایا ہوا۔

پِژُوہ ۔ ڈھونڈنے والا ۔ طالب ۔ جستجو کرنے والا۔

پَسپا ۔ شکست خوردہ ۔ پیچھے ہٹا ہوا۔

پَسِ پُشت ۔ پیچھے ۔ پیچھے کی طرف ۔

پِستان ۔ عورت کی چھاتی کا ابھار ۔ سینے کی بالیدگی ۔

پَسِینَہ (پسِینا) ۔ پانی جو مسامات جسم سے باہر نکلے ۔عرق۔ نمی ۔ بخارات ۔

پَسِینے پَسِینے ہونا (محاورہ) ۔ عرق عرق ہونا ۔ بہت شرمندہ ہونا۔

پَسِیُو ۔ وہ پانی جو چاولوں کے پک چکنے کے قریب نکالا جاتا ہے۔

پُشت ۔ پیٹھ ۔ پچھاڑی ۔

پُشتارَہ ۔ بوجھ ۔ گٹھا۔

پُشتنک ۔ دولتی ۔

پُشتی ۔ تائید ، حمایت ۔ سہارا۔ مدد۔

پَشم کَندَہ نہ ہونا (محاورہ)۔ کچھ نہ کر سکنا ۔ بدلہ لینے میں عاجز رہنا۔

پِشواز (پیشواز) ۔ انگرکھے کی وضع کا گھیردار دامن کا لباس جس کا گھیر لہنگے کی طرح ہوتا ہے ، پرانے زمانے میں امرا و بیگمات لباس کے اوپر بطور برقع پہنا کرتے تھے اور 'جامہ' کے نام سے موسوم تھا ۔اب گانے والی عورتیں گانے ناچنے کے لیے پرتکلف جامہ پہنتی ہیں ۔

پَشہ ۔ مچھر ۔ ایک پردار کیڑا ۔

پُف ۔ پھونک ۔ وہ ہوا جو منھ سے زور کے ساتھ نکالی جائے ۔

پَکوان ۔ تلی ہوئی چیز۔ پکا ہوا کھانا ۔ پوری کچوری مٹھائی وغیرہ ۔

پَکھال ۔ بڑی مشک ۔ کھال کا بڑا تھیلا جس میں پانی بھر کر اونٹ یا کسی اور جانور پر لادتے ہیں۔

پَکھاوَج ۔ ایک قسم کی

ڈھولک - مردنگ -

پُکھراج - ایک قسم کا زرد رنگ کا قیمتی پتھر -

پَگاہ - صبح - سحر - تڑکا -

پَگڈنڈی - پیدل چلنے کا راستہ - کھیتوں کا تنگ راستہ -

پگڑی اُچھالنا (محاورہ) - رسوا کرنا - بے عزّتی کرنا - مذاق اڑانا -

پگڑی اُچھلنا (محاورہ) - ذلیل ہونا - بے عزّتی ہونا -

پُل - پانی پر سے گزرنے کا راستہ - دریا عبور کرنے کا راستہ -

پلّا - کتے کا بچہ - حقارت سے انسان کے بچے کو بھی کہتے ہیں -

پُل باندھنا (محاورہ) - مبالغہ کرنا - بڑھانا - چڑھانا -

پُل صراط - مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق دوزخ کے اوپر ایک پُل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے اس پر سے بروز قیامت ہر نیک و بد کو گزرنا ہوگا نیک اس پر سے گزر کر جنّت میں چلے جائیں گے اور بدکٹ کر دوزخ میں گر جائیں گے -

پَلاس - ڈھاک کا درخت جس کے پتے بڑے چوڑے ہوتے ہیں اور پتل وغیرہ بنانے کے کام آتے ہیں -

پَلّے (پلّا) - نشانے پر پہنچنے کی طاقت اور صلاحیت (جو تیر میں اس کے لوہے اور ساخت کی عمدگی سے پیدا ہوتی ہے) -

پَلارَک - فولاد کی تلوار، تیر کی نوک (مجازاً) طاقت ور -

پَلتی (پالتی) - ۱- چارزانو بیٹھنے کا ایک طریقہ - داہنی ران کو بائیں ران پر اور بائیں کو داہنی پر رکھ کر بیٹھنا -
۲- پیراکی کی ایک قسم جس میں چارزانو ہو کر تیرتے ہیں -

پَلٹن - پیادہ فوج کا دستہ جس میں تقریباً ہزار سپاہی ہوتے ہیں -

پُلاؤ - زیر، زبر، پیش کے مختلف تلفظ سے بولا جانے والا ایک مشہور کھانا اب تقریباً دنیا بھر میں مقبول ہے اس میں پہلے گوشت کو سالم پیاز، لہسن اور دیگر مسالوں (سونف، دھنیا، تیز پات، دارچینی وغیرہ) کی پوٹلی باندھ کر یخنی تیار کر لیتے

ہیں۔گوشت گلنے کے بعد یخنی الگ اور بوٹیاں الگ کر کے پیاز گھی میں بریاں کر کے بھونتے ہیں بعد ازاں چاول جو پہلے سے بھیگے رکھے ہوئے ہیں ان کو ڈال کر دم دیتے ہیں۔

پلائی ۔ وہ عورت جس نے کسی بچے کو اپنا دودھ پلا پلا کر پالا ہو (ماں کے علاوہ) آنا۔ دایہ۔

پَلَنگ ۔ ا۔ بیٹھنے سونے اور لیٹنے کے لیے مختلف قسم کے لکڑی لوہے اور بانس کے بنے ہوئے پائے پٹی سیروے والی سادی چارپائی جو بان، نواڑ، ستلی اور آج کل پلاسٹک سے بھی بُنی جاتی ہے اس کے علاوہ عرف عام میں فوم کے گدے یا اسپرنگ والی مسہری کا چارپائی بھی پلنگ ہی کہلاتی ہے۔امراء، رؤسا اور بادشاہوں کے یہاں سونے چاندی کے پلنگ بھی ہوتے ہیں۔ ۲۔ بلی کے خاندان سے تعلق رکھنے والا ایک بڑا خوفناک درندہ (بھوری کھال پر سیاہ دھبے) افریقہ اور جنوبی ایشیا میں کثرت سے پایا جاتا ہے شکار کرنے میں تیز اور جست لگانے میں شیر کی طرح چست و چالاک۔ چیتا۔

پَلَنگ مُرَصَّع ۔ جڑاؤ پلنگ۔ موتی جواہرات جڑا ہوا پلنگ۔

پَلَنگڑی ۔ چھوٹا پلنگ یا چارپائی۔ کھٹولا۔

پَلّو ۔ آنچل۔ کنارا۔

پَلّے پار ہونا (محاورہ)۔ ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا۔

پَلَیتھَن ۔ سوکھا آٹا جو روٹی پکاتے وقت پیڑوں پر لگاتے ہیں۔

پَلیتھن نکال دینا (محاورہ)۔ خوب مارنا پیٹنا۔ بھرکس نکالنا۔ ٹھیک بنانا۔

پَلید ۔ ناپاک۔ نجس۔

پُن ۔ خیرات۔ کار خیر۔ نیکی۔

پَنّا ۔ ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر۔

پُنبَہ ۔ روئی۔ کپاس۔

پَنتھ ۔ فرقہ۔ قوم۔ ملت۔

پَنجتَن ۔ (پنج تن) اسلام کی پانچ متبرک ہستیاں یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت امام حسن، حضرت امام حسین۔

پَنج شاخہ (پنج شاخہ) ۔ وہ شمع دان جس میں پانچ بتیاں لگائی جائیں۔ وہ دھات کا پنجہ

جس کو بانس (وغیرہ) کی لکڑی پر لگا کر اس پر پانچ فتیلے روشن کرتے ہیں۔ پانچ بتیوں والا فانوس۔

پَنْجَہ ۔ ایک قسم کا زور جو حریف کے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں میں اپنی پانچوں انگلیاں ڈال کر کیا جاتا ہے۔ زور آزمائی کے واسطے چند قسمیں اور بھی ہیں۔ کوئی آلہ یا پرزہ جس سے پنجے کی طرح گرفت کا کام لیا جائے (خصوصاً جادو میں)۔

پَنْجَۂ مِژگاں ۔ پنجۂ مژہ۔ پلکیں۔ پلکوں کے بال۔

پَنْچَم ۔ موسیقی کے سات سروں میں سے ایک سر کا نام۔

پَنْچایَت ۔ پنچوں کی مجلس۔ جھگڑا دور کرنے کی سبھا۔

پَنْچَیتی ۔ صلاح مشورہ (مجازاً) غل غپاڑا۔

پِنْدار ۔ غرور۔ گھمنڈ۔

پِنْڈا پھیکا پڑنا (محاورہ)۔ ہلکا بخار ہونا۔ بخار کی آمد ہونا۔ رنگ اترنا۔

پَنْڈِت ۔ ۱۔ عالم۔ فاضل۔ ۲۔ جوتشی۔ نجومی۔

پِنْڈلی ۔ ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے کے اوپر ہوتا ہے۔ ساق۔

پَن ڈُوبی (پَن ڈُبّی) ۔ ایک قسم کی مرغابی جو پانی میں مچھلی کا شکار کرتی ہیں۔

پَنْسُول ۔ پانچ نوکوں یا سلاخوں والا ہتھیار۔

پَنْکھیا (پنکھا کی تصغیر)۔ چھوٹا دستی پنکھا۔ پنکھی۔

پَنْتَر بِگاڑنا (پَنْہتر۔ پَنْتَھر) (محاورہ)۔ حواس بگاڑنا۔ پریشان کرنا۔

پَو بارَہ ۔ (پچیسی) جیت کا ہاتھ۔ وہ ہاتھ جس میں پو گھر میں چلی جائے۔ بڑی جیت۔

پَوّا ۔ (مراداً) حقیر۔ قلیل۔ کم تر۔

پُوجا پاٹ ۔ عبادت۔ پرستش۔

پَوڈَر ۔ برادہ۔ سفوف۔ منہ پر ملنے کا سفید خوشبودار سفوف۔

پُور پُور ۔ بند بند۔ جوڑ جوڑ۔

پُورَبی ۔ مغرب سے کچھ پہلے گائی جانے والی ایک راگنی۔ موسیقی کا ایک ٹھاٹھ۔

پُوت ۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔

پُوتا پَروتا ۔ بیٹے کا بیٹا۔ پسر زادہ۔ بنیرہ (مجازاً) کسی کی

نسل یا نسبت ۔
پُوتی ۔ (پوتا کی تانیث) ۔ بیٹے کی بیٹی ۔
پُوتھی ۔ کتاب، پستک ۔ چھوٹی کتاب ۔
پُوجا ۔ عبادت (مجازاً) تعظیم و تکریم کے آداب و رسوم ۔
پُودھے (پودھا) ۔ باگ کا وہ حصہ جو سوار اپنے ہاتھ میں پکڑتے ہیں ۔
پُورن ماشی کا چاند ۔ چودھویں کا چاند ۔ کامل چاند ۔ (مجازاً) روشن ۔ چمک دار ۔ خوبرو ۔
پُوری ۔ آٹے میدے کی ٹکیا ۔ جس کو گھی یا تیل میں تلتے ہیں ۔
پُوری کچوری ۔ ماش کی دال پڑی ہوئی پوری (مراداً) لذیذ کھانا ۔
پُوست ۔ ۱۔ جلد ۔ کھال ۔
۲۔ خشخاش کی بونڈی، ایک پودا یا اس کا پھل جس سے خشخاش نکلتی ہے اور جس کی گوند یا منجمد رس سے افیون تیار کرتے ہیں ۔
پُوشاک ۔ پہننے کے کپڑے ۔
پُوشِیدَہ ۔ چھپا ہوا ۔ در پردہ ۔ پیٹھ پیچھے ۔
پَوقَدمے ۔ (پوقدما) چھوٹے چھوٹے ڈگ رکھتا ہوا ۔

دھیمی رفتار سے چلتا ہوا ۔
پُولا ۔ گھاس کا مٹھا ۔ کانس یا چھپر کے پھوس کا گڈا ۔
پَوَن ۔ خبیث روح ۔ بیر، موکل جو جادوگر کسی کو نقصان پہنچانے کے لیے مسلط کرتے ہیں ۔ جادو کی موٹھ ۔
پَوَن تاننا (محاورہ) ۔ ۱۔ پھونک مارنا ۔
۲۔ بدروحوں کو راضی کرنا یا مطیع بنانا ۔
پَوَن بھجن ۔ وہ گیت جس میں بدروحوں کو راضی کیا جائے (ق) ۔
پُونجیا ۔ راس المال ۔ سرمایہ ۔ دولت ۔
پَونڈے (پونڈا) ۔ ایک خاص قسم کا موٹا مختلف رنگ کا گنا ۔
پُویاں (پویا) ۔ دوڑنے والا ۔
پَوئی ۔ قاصد ۔
پُھہار (پھوار) ۔ باریک ۔ باریک بوندیں ۔ ہلکی بارش ۔
پَہَر ۔ دن کا آٹھواں حصہ ۔ تین گھنٹے ۔
پَہرہ (پہرا) ۔ حفاظت ۔ نگہبانی ۔ چوکی ۔
پَہلُو ۔ بغل ۔ پسلی ۔ کوکھا ۔

پُہونچیاں (پہنچی) - ایک قسم کا زیور جو کلائی میں پہنا جاتا ہے - دست بند -

پھاٹک - بڑا دروازہ -

پھاگ - گیت جو ہولی کے موقع پر گاتے ہیں - بسنت کا گیت -

پھال - تیر کے سرے پر لوہے کا نکیلا حصہ - پیکان - تیر کی انی -

پھاند - چھلانگ - جست -

پھانک - کسی پھل کا ترشا ہوا ٹکڑا - قاش -

پھبتیاں - ظرافت سے تشبیہ دینا - ہنسی اڑانا -

پھبن - چھب - خوبی - سج دھج - زیبائش -

پھپھوندی - کبھی روئی کی طرح نرم اور سفید تہ کبھی سخت پرت جو اشیاء کے زیادہ عرصے پڑا رہنے نیز اشیائے خوردنی کے ناقابل استعمال ہونے کی وجہ سے ان پر جم جاتی ہے - سڑن - بس جانے کی کیفیت -

پھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان (کہاوت) جس چیز سے انجام کار نقصان ہو اس کے وقتی یا ظاہری فائدے سے کیا حاصل -

پھڑکن - تھرتھراہٹ - کپکپاہٹ -

پھٹکی - ٹوکرے کی طرح کا چھوٹے منہ کا پنجرا جس میں چڑی مار چڑیوں کو پکڑکر رکھتے ہیں -

پھٹے منہ - ملعون - نحوست کا مارا جس کے چہرے پر لعنت یا پھٹکار برستی ہو -

پھر آنا - لوٹنا - کسی جگہ پر پہنچ کر واپس آنا - پلٹنا - مڑنا -

پھریا - گنوار عورتوں کا (موٹے کپڑے کا) ڈوپٹا -

پھریرا - جھنڈے کا کپڑا - جھنڈا -

پُھریریاں (پُھریری) - جھرجھری - کپکپی (کنایتہً) اُمنگ - جوش -

پھڑ - ۱- جھوٹے کا اڈا یا بساط جس پر جواری بازی لگاکر جوا کھیلتا ہے -
۲- بڑی توپ رکھنے کا اڈا -
۳- گاڑی جس پر توپ لادی جائے -

پھڑکے - ایک قسم کا ہتھیار (ق) -

پھنکنی (پھنکی) - ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار -

چٹنی - چورن -
پَھل - کسی آلے میں لگا ہوا لوہے کا دھار والا حصہ -
پُھلجھڑی - ۱- ایک قسم کی آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں -
۲- فتنہ پرداز عورت -
پُھلاسُڑے میں آنا - (محاورہ) فریب میں آنا - دھوکا کھانا -
پُھلّی (پُھلا کی تصغیر) ایک سفید داغ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے -
پُھنْدَنا - دھاگے، یا کلابتوں کا گچھا یا جھالر -
پھُنْکیت (پھکیت) - سیف باز - گتکا پھینکنے مارنے یا چلانے کے فن کا مشاق -
پُھنْگی - کنارہ - آخری سرا -
پُھوپھی - باپ کی بہن (چھوٹی ہو بڑی) پُھپّی -
پَھوہار - (پھوار) - مہین مہین باریک باریک بوندیں - ہلکی بارش -
پُھوٹے دِیدوں نہ بھانا - (محاورہ) سخت ناپسند ہونا - ذرا بھی بھلا معلوم نہ ہونا -

پُھوٹی آنکھوں سے نہ سُوجھنا - (محاورہ) کچھ دکھائی نہ دینا - کچھ سمجھ میں نہ آنا - کچھ معلوم نہ ہونا -
پُھول - (مجازاً) بچہ (لڑکا یا لڑکی) -
پُھول آنا (محاورہ) - ۱- درخت میں پھول لگنا -
۲- حیض آنا - عورت کا بالغ ہونا -
۳- بارآور ہونا - مقصد کو پہنچنا - کامیاب و کامران ہونا - (ق) -
پُھول اُٹھانا (محاورہ) - فاتحہ سوم میں شرکت کرنا - (سوم کے روز لوگ ایک ایک پھول پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر کشتی میں رکھتے جاتے ہیں پھر یہ پھول مردے کی قبر پر چڑھائے جاتے ہیں) -
پُھول پان چڑھانا (محاورہ) چڑھاوا چڑھانا -
پُھول پلانا (محاورہ) شراب پلانا -
پُھولے نہ سَمانا (محاورہ) - (خوشی سے) بے قابو ہونا - بہت خوش ہونا -
پُھول جھڑنا (محاورہ) - منھ سے

دل پسند اور میٹھے بول نکلنا۔

پُھوئیں پُھوئیں تالاب بھَرتا ہے (مثل)۔ تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے۔

پھِیپھڑا۔ سانس لینے کا عضو جس میں ہوا باہر سے جاکر خون کو صاف کرتی ہے۔ وہ عضو جو دل کے اوپر پنکھے کی طرح ہے۔

پھیکا شلجم۔ غیر ملیح۔ حسنِ بے نمک۔

پَھیلاوٹ۔ درازی۔ طوالت۔ بھاری بھرکم پن۔ کشادگی۔

پے۔ نقص۔ قصور۔ عیب۔

پے کرنا (محاورہ) کونچیں کاٹنا۔ پاؤں قلم کرنا۔

پیادہ۔ پیدل۔ سوار کا نقیض۔

پیال۔ ایک خاص قسم کی آبی گھاس جس کو مویشی نہیں کھاتے اور سوکھنے کے بعد کسی کام نہیں آتی۔ پھوس۔ پرال۔

پیالہ۔ ساغر، جام، کاسۂ گدائی۔ فاتحہ۔ سوم۔ فقیروں کے ہاں فقیروں کی دعوت۔

پَیام۔ ۱۔ سندیسا۔ زبانی بات جو کسی سے کہلوائی جائے۔
۲۔ نسبت۔ منگنی۔

پَیترا۔ کشتی یا پٹے کے داؤں کرتے وقت کا ٹھاٹھ۔

پیپل۔ ایک سایہ دار درخت جس کے پتے پان سے مشابہ اور چکنے ہوتے ہیں اور جسے ہندو مقدس سمجھتے ہیں۔

پیپلا۔ (سپاہ گری) تلوار کی انی۔ تلوار کی نوک۔ تلوار کا آخری نوک دار حصّہ۔

پیت۔ محبت۔ اخلاص۔ دوستی۔

پیتل۔ تانبے اور جست کا مرکب جس کا رنگ زرد ہوتا ہے اور برتن وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

پَیتابہ (پیتابا، پائتابہ)۔ چمڑا جس کو جوتے میں رکھتے ہیں۔

پیتمبر۔ زرد رنگ کا ریشمی کپڑا۔ ریشمی دھوتی جسے اکثر عورتیں باندھتی ہیں۔ زرد پوشش۔

پیٹ سے پاؤں نکالنا۔ (محاورہ) ۱۔ ناشائستہ فعل کرنا۔ بد وضعی اختیار کرنا۔
۲۔ پر پرزے نکالنا۔
۳۔ خفیہ عیب یا ہنر ظاہر کرنا۔

پیٹ پکڑے ہوئے دوڑے (پیٹ پکڑ کر بھاگنا) (محاورہ)۔ بے تابانہ

بھاگنا۔ گھبرا کر بھاگنا۔ جلد بھاگنا۔

پیچ باندھنا (محاورہ)۔ کشتی کے داؤں کا توڑ کرنا۔ جواب دینا۔

پیچیدہ۔ دقیق۔ مشکل۔ دقت طلب۔

پَیدَل۔ چلنے والا۔ پیادہ۔

پیچ پڑنا۔ (محاورہ) مشکل پیش آنا۔ دقت پیش آنا۔ رکاوٹ ہونا۔

پیچوان۔ ایک قسم کا حقہ جس کی نے لچکدار اور بہت لانبی ہوتی ہے تاکہ دور تک بیٹھنے والے افراد تک پہنچ سکے جس کا نیچا لوہے یا جست کے تار لپیٹ کر بناتے ہیں اور اسے پیچ در پیچ کر کے رکھتے ہیں۔

پَیر۔ اناج صاف کرنے، کولھو چلانے، پانی کنویں میں سے نکالنے کے لیے بیلوں کے چلنے کی جگہ۔

پیر بھائی۔ ایک پیر کے مرید مرد اور عورتیں اپنے ساتھی مرید کو پیر بھائی کہتے ہیں۔ پیر یا مرشد کا بیٹا۔

پیرِ مُغاں۔ آتش پرستوں کا پیشوا (مجازاً) مے فروش۔ ساقی۔

پَیرَہَن (پیراہن)۔ لباس۔ پوشاک۔

پیرِ زالہ۔ بوڑھی عورت۔ بڑھیا۔

پَیر بھاری ہونا۔ (پاؤں بھاری ہونا)۔ (محاورہ) ۱۔ حاملہ ہونا۔ ۲۔ ہمت پست ہوجانا۔ رک رک کر چلنا۔

پیرِ نابالغ۔ وہ بوڑھا جو بچوں کی طرح باتیں کرے یا بچوں کی سی حرکتیں کرے۔

پیڑُو۔ ناف کے نیچے کا حصہ۔

پیڑوں (پیڑ)۔ درخت۔ شجر۔

پیڑا۔ کھوئے اور شکر کے امتزاج سے بنی ہوئی ٹکیا کی شکل کی مٹھائی۔

پیڑُو پَرکی۔ وہ منتخب اور عمدہ چرس جسے ساقنیں کپڑے کے بٹوے میں ڈال کر پیڑو پر گھڑس لیتی ہیں۔

پیڑو کی آنچ۔ (عورت کی) خواہش نفسانی۔ جماع کرانے کی طلب۔ شدید شہوت۔

پَیزار۔ جوتی۔ پاپوش۔ کفش۔

پَیسا اَپنی گانٹھ کا یار اَپنے ساتھ کا (مثل)۔ ضرورت

میں وہی دولت کام دیتی ہے جو اپنے پاس موجود ہو۔ جوڑی ہوئی پونجی ہی وقت پر کام آتی ہے۔

پیش آنا (محاورہ)۔ ۱۔ سامنے آنا، آگے آنا۔
۲۔ واقع ہونا۔ گزرنا۔

پیش پانا (محاورہ)۔ جیتنا۔ غالب آنا۔

پیش خیمہ ۔ وہ سامان (خصوصاً خیمہ ڈیرا) جو کوچ سے پہلے بھیجا جائے (تاکہ منزل پر سب کچھ تیار ملے) ملاقاتیوں یا مہمانوں کے لیے مخصوص خیمہ۔

پیش قبض ۔ لوہے یا فولاد کا ایک ہتھیار جو تلوار سے چھوٹا اور آگے کی طرف نوک دار ہوتا ہے۔ خنجر۔ کٹار۔

پیش قدمی ۔ آگے بڑھنے یا سبقت لے جانے کا عمل۔

پیشکش ۔ ۱۔ بھینٹ۔ نذر۔
۲۔ ہدیہ۔ تحفہ۔ خراج۔

پیشاب ۔ بول۔ موت۔ قارورہ۔

پیشانی ۔ ماتھا۔ جبین۔

پیشانی پر شکن پڑنا ۔ (محاورہ)۔ ملال ہونا۔

چہرے سے رنج کے آثار ظاہر ہونا۔

پیشین ۔ قدیم۔ پرانا۔ پہلا۔ اگلا۔

پیشوائی ۔ آگے بڑھ کر ملنا۔ استقبال۔ خیر مقدم۔

پیکر ۔ جسم۔ جسد۔ سراپا۔

پیک ۔ رنگین تھوک۔ جو پان چباتے سے بنا ہو۔ پان کی پیک جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔

پیک بچہ ۔ قاصد۔ نامہ بر۔ ایلچی۔

پیکار ۔ جنگ۔ لڑائی۔

پیکان ۔ بھال۔ برچھی یا تیر کی انی۔ نیزے کی نوک۔

پیکرما ۔ (ہندو) تیرتھ یا متبرک مقام کا طواف نیز درشن کو گھر سے سر اور پاؤں کے بل جانے کا عمل جس کی صورت یہ ہے کہ زمین پر بیٹھ کے پیٹ کے بل لیٹ کر کھڑے ہوتے ہیں اور جہاں سر رکھا تھا وہاں پاؤں رکھ کر پھر اس طرح اٹھتے لیٹتے تیرتھ تک پہنچ جاتے ہیں۔

پیلتن (پیل تن)۔ زور آور۔ قوی ہیکل۔ بڑے جثے کا۔

پیلِ دَماں ۔ مست ہاتھی ۔ شہ زور اور جنگجو ہاتھی ۔
پیلک ۔ زرد سر کی ایک چھوٹی سی خوبصورت چڑیا ۔ صفاریہ ۔
پیلُو ۔ (موسیقی) ۱۔ کافی ٹھاٹھ کی سمپورن راگنی ، اس کا وادی سُر گندھار ہے ۔
۲۔ ایک درخت کا نام جس کی پتلی شاخوں اور جڑ کی مسواک ، نیز دانت کا برش بھی بناتے ہیں ، اس کا ریشہ بہت مضبوط ہوتا ہے اور پھل کھاتے بھی ہیں ۔
پیلی ۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور ۔
پَیمانَہ ۔ پیالہ ، بیشتر ، شراب کا پیالہ ، جامِ شراب ۔
پَینڈی ۔ گھی میں بریاں روے یا میدے کھانڈ اور خشک میوے ملا کر بنایا ہوا لڈو عموماً بڑا جو شادی بیاہ یا زچگی کی تقریبوں میں تقسیم ہوتا ہے ۔
پینس ۔ پالکی ، فینس
پینگ بڑھنا (محاورہ) ۔ جھولے کے جھونٹے کا لمبا ہونا اور اس کے نچلے سرے کا ہر جھونٹے پر زیادہ اوپر اُٹھ جانا ۔
پینگ دینا (محاورہ) جھولے کے پاس کھڑے ہو کر اس کو اس طرح دھکیلنا کہ جھولے کا نچلا سرا جھولنے والے کو لے کر اوپر کی طرف جائے ، جھولے میں کھڑے یا بیٹھے ہوئے شخص کو جھولا پکڑ کر جھلانا ۔
پیوَریا ۔ ایک قسم کی زرد رنگ کی ڈلی جو ہرتال سے بنائی جاتی اور رنگنے کے کام آتی ہے ۔ زرد رنگ ۔
پَیوَستہ ۔ ملا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔
پَیوَند ۔ دو چیزوں کا باہم وصل و ارتباط ۔ بستگی ۔ میل ۔ تعلق ۔

ت

تابدار (تاب دار) ۔ روشن ۔ چمکتا ہوا ۔
تاباں ۔ چمک دار ۔ درخشاں ۔ نورانی ۔
تابدان (تاب دان) ۔ روشن دان ۔ روزن دیوار ۔ موکھا ۔
تابش ۔ دھوپ کی چمک ۔

تمازت - روشنی -
تَابَہ - وہ (آہنی) ظرف جس پر روٹی پکائی جاتی ہے اور جس کو حمام میں بھی لگاتے ہیں، نیز اس میں مچھلی وغیرہ تلتے ہیں - توا -
تابِعدار - مطیع - پابند - فرماں بردار - ملازم -
تَابُوت - وہ صندوق جس میں انسان کی لاش رکھی جاتی ہے -
تَاثُّر - ۱- اثر - خاصیت -
۲- ثمرہ - نتیجہ -
تَاثِیر - اثر - خاصیت - عمل -
تَاتَار - قدیم ترکستان -
تَاخت و تَاراج - لوٹ مار - تباہی و بربادی -
تَارَاج - بربادی - لوٹ کھسوٹ -
تَارِکُ الدُّنیا - گوشہ نشین - بن باسی - پرہیزگار -
تَارے تُوڑنا - (محاورہ) ایسا کام کرنا جو ہر ایک نہ کر سکتا ہو - حیرت انگیز کام -
تاڑ سا قَد - بہت لانبا قد - ناموزوں قد -
تَازہ وارِد - جو ابھی آیا ہو - نووارد -
تَازِی - عربی گھوڑا - عرب کا - عربی -

تَازِیَانَہ - کوڑا - چابک - تنبیہ -
تَاس - گھنٹہ - ساعت - وہ علاقہ جو کسی دریا کے قریب ہو -
تَاسُّف - افسوس - حسرت - کڑھن -
تَاش - ایک قسم کا زری کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا بادلے کا ہوتا ہے - زربفت، بادلہ - تمامی -
تَاشَہ - تغاری یا تسلہ کی شکل کا کھال منڈھا ہوا چھوٹا باجا جو گلے میں ڈال کر دو پتلی لکڑیوں سے بجایا جاتا ہے اس کی آواز ڈھول سے زیادہ مگر کم گونج دار ہوتی ہے -
تَاک - ۱- انگور کی بیل -
۲- ٹکٹکی - نگاہ - جمتی ہوئی نظر -
تَاک دھنّا دھنّا - (تاک دھنا دھن) رقاص تال کے ساتھ یہ الفاظ کہتے جاتے ہیں -
تَاکَاسِی گَرْدَن - (مراداً) پتلی گردن -
تَال - وہ آواز جو دونوں ہتھیلیوں کے ایک دوسرے

پر مارنے سے ادا ہوتی ہے۔
تَال اُڑنا ۔ (محاورہ) تال (سُر) کا ساز کے ساتھ مطابق نہ ہونا۔
تَال مار کر اُڑنا (محاورہ)۔ پھڑ پھڑا کر ہوا میں بلند ہونا۔
تَال مکھانا ۔ کنول گٹے کے بیج جو دواؤں میں کام آتے ہیں۔
تَلاش (تلاش) ۔ کھوج۔ کوشش۔
تَالُو بِگڑنا ۔ (محاورہ) آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا۔
تَالِیفِ قُلُوب ۔ دلوں کو مائل کرنے اور اپنانے کا عمل۔ دل موہ لینے کا کام۔
تَام ۔ پورا۔ کامل۔
تَامُّل ۔ غور وفکر۔ سوچ بچار۔
تَانا بِتھاری کرنا (محاورہ)۔ ۱۔ پریشانی اٹھانا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ ۲۔ گتھی سلجھانا۔ کچا چٹھا بیان کرنا۔ دودھ کا دودھ پانی کا پانی الگ کر دینا۔
تَانْت ۔ بھیڑ بکری کی انتڑیاں جنھیں بٹ کر دھاگا سا بنا لیتے ہیں۔ آنت کی ڈور (اب نائلون سے بھی تانت کا کام لیتے ہیں)۔
تَانْتا بَندھنا ۔ (محاورہ) تار بندھ جانا۔ سلسلہ بندھنا۔
تَانْتِیا ۔ نہایت دبلا۔ لاغر۔ وہ جو لانبا اور دبلا ہو۔
تَانْس ۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ دھمکی۔
تَانیں اُڑانا ۔ (محاورہ) گانا۔ الاپنا۔ گانے میں سروں کو دل کش انداز سے ادا کرنا۔
تَاؤ ۔ کسی دھات کو آگ میں تپانا۔
تَبار ۔ خاندان۔ گھرانا۔
تَبخال ۔ وہ چھالا جو بخار کی گرمی سے ہونٹوں پر یا اس کے آس پاس نکل آتا ہے۔
تَبَختُر ۔ اتراہٹ۔ ناز و انداز اور فخر کی چال۔ غرور۔
تَبخِیر ۔ وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد یا خلوئے معدہ میں دماغ تک پہنچتے ہیں۔ ایک بیماری۔
تَبَدُّل ۔ تبدیلی۔ بدل جانے کی کیفیت۔
تَبَر ۔ بغدے سے مشابہ ایک

ہتھیار جو قدیم دستہ دار آلات میں شمار ہوتا ہے۔

تَبَرُّک ۔ وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو۔ خیر و برکت کی چیز۔

تَبَرُّکات ۔ (تبرک کی جمع) ۔ بزرگان دین کی چیزیں جو برکت کے طور پر رکھی جائیں ۔ بزرگوں کے آثار فضیلت و عزت (مجازاً) باقی رہ جانے والی چیزیں۔

تَبَسُّم ۔ مسکرانا ۔ زیرِ لب ہنسنا۔ مسکراہٹ۔

تَبُولی (تنبُولی) ۔ پان بیچنے والا ۔ پنواڑی۔

تِپائی ۔ تین پایوں کی چوکی ۔ تین پایوں والی ۔

تَپَسْی ۔ عابد ۔ زاہد ۔ تپشیا کرنے والا۔

تَپَشْیا ۔ (تپسیا) عبادت ۔ ریاضت ۔

تَپَک ۔ ٹیس ۔ جلن (مجازاً) اضطراب ۔

تُتُق ۔ پردہ ۔ چادر ۔ سراپردہ۔ حجلۂ عروس ۔

تُتْلا ۔ توتلا ۔ وہ جو صاف نہ بول سکے ۔ جو رک رک کر بات کرے ۔

تَتَیّا کا ناچ نچانا ۔ (محاورہ) (مجازاً) ستانا ۔ تنگ کرنا۔

تَتَیّا ناچ ۔ وہ ناچ جو اضطراب کی حالت میں ناچا جائے (بھڑ یا تتیے کا کاٹا بے چینی سے اچھلتا ہے)۔

تَثْلِیث ۔ ۱۔ تین کا مجموعہ ۔ تگڈم ۔
۲۔ عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق خدا کو تین جاننا باپ (اللہ تعالےٰ) بیٹا (حضرت عیسیٰ) اور روح القدس ۔ (اقانیم ثلاثہ) کو خدا ماننے کا عقیدہ ۔

تَج دینا ۔ چھوڑ دینا ۔ کنارہ کش ہو جانا۔

تَجا ۔ چھوڑا ۔ سکونت ترک کی ۔ علیحدگی اختیار کی ۔

تَجّار ۔ بڑا سوداگر۔

تَجاہُل ۔ انجان پن ۔ بے پروائی ۔

تَجَسُّس ۔ کھوج ۔ تلاش ۔ کرید ۔

تَجَمُّل ۔ جمال کی آرائش ۔ زیب و زینت ، حسن ۔ شان و شوکت ۔

تَجْنِیسِ خَطّی ۔ تجنیس کی قسم جس میں بظاہر الفاظ ایک شکل

کے ہوں۔ مگر ان کے اعراب اور
نقطے مختلف ہوں جیسے حمار
اور چمار۔
تَجویز ۔ رائے ۔ تدبیر ۔ معاملہ ۔
بات ۔ کوئی صورت پیدا کرنا،
طے کرنا۔
تَحْتُ الحَنک ۔ (لفظاً)
ٹھوڑی کے نیچے (مجازاً) دستار
کی بندش کی ایک وضع جس میں
اس کا ایک پیچ ٹھوڑی کے نیچے
سے نکالتے ہیں۔
تَحْتُ الشُّعاع (نجوم)
ہر قمری ماہ کے آخری دو یا تین
دن جن میں چاند آفتاب سے
قریب ہونے کی وجہ سے بہت
باریک ہو کر سورج کی شعاع کے
نیچے آجاتا ہے اور نظر سے معدوم
ہو جاتا ہے، یہ ایام منحوس سمجھے
جاتے ہیں۔
تَحْرِیر ۔ مضمون، عبارت ۔ انداز
نگارش ۔
تَحْرِیص ۔ لالچ دینا ۔ حرص دلانا ۔
لالچ ۔ ترغیب ۔
تَحْصِیل ۔ وصول کرنا ۔ وصولیت ۔
حاصل کرنا۔
تُحْفہ ۔ ہدیہ ۔ سوغات ۔
نذر ۔
تَحَلُّل ۔ پگھلاؤ ۔ گھل کر فنا
ہو جانا۔

تَخَنُّث ۔ گناہ ترک کرنے کا عمل ۔
شب بیداری ۔
تَخْتَہ ۔ زمین یا باغ کا ٹکڑا ۔
تَخْصِیص ۔ خصوصیت ۔ گن ۔
سبھاؤ ۔
تَخْلِیَہ ۔ تنہائی ۔ خلوت ۔
تُخْم ۔ اولاد ۔ نسل ۔
تَخْمِیر ۔ طبیعت ۔ سرشت ۔
فطرت ۔
تَدْبِیر ۔ ۱۔ آگا پیچھا سوچنا ۔
انجام پر نظر رکھنا ۔
۲۔ علاج ۔ چارہ ۔ درماں ۔
تَدَرو ۔ (تذرو) ۔ ایک
خوش آواز و خوش رفتار
پرندہ، اس کی آنکھ بڑی خوب
صورت ہوتی ہے، ایران میں
کثرت سے پایا جاتا ہے ۔
تَذْکِرَہ ۔ ذکر و اذکار ۔ یاد
کرنا ۔
تَرازو ۔ وزن کرنے کا آلہ جس
کو کانٹا بھی کہتے ہیں ۔ میزان ۔
تک ۔
تَراش ۔ (مجازاً) وضع و قطع،
طرز ۔
تَراشِندَہ ۔ کاٹنے والا ۔
تَرانَہ ۔ (موسیقی) وہ خاص گانا
جس میں بجائے معنی دار الفاظ
کے چند مخصوص بے معنی الفاظ
دہرائے جائیں ۔

تَراوَت (تراوٹ) ۔ شادابی۔ تازگی۔ ٹھنڈک۔

تراہ تراہ ۔ واویلا۔ فریاد۔ دہائی۔ شور۔ ہنگامہ۔

ترپولیا ۔ وہ مقام جہاں ایک سمت میں تین دروازے ہوں۔ بڑا سہ درہ پھاٹک جو بادشاہوں اور راجاؤں کا جلوس نکالنے کے لیے محل کے سامنے یا بیچ بازار یا شہر پناہ میں بنایا جاتا تھا۔

تُرت پُھرت کی نذر ۔ کسی کام کے جلدی ہونے کی نیت سے عورتیں تھوڑی سی شکر ایک پڑیا میں باندھ کر رکھ دیتی ہیں، جب وہ کام ہو جاتا ہے تو اس شکر پر جناب سیدہ کی نذر دیتی ہیں اور یہ شکر وہی عورتیں کھاتی ہیں جو صحنک کھاتی ہیں۔

تَرَحُّم ۔ رحم۔ مہربانی۔ ترس۔

تر دامن ۔ (کنایتہً) مجرم۔ بدکار۔ گنہگار۔

تر دامنی ۔ گناہ گاری۔ خطا کاری۔ جرم۔

تَرَدُّد ۔ پس و پیش۔ تامل۔ شک و شبہ۔

ترسول ۔ ایک طرح کا آلۂ حرب جس کے سر پر تین نوکیلی شاخیں ہوتی ہیں۔ یہ مہادیو جی کا ہتھیار اور نشان ہے۔

تَرشادے (ترشادا) ۔ لیموں اور نارنگی وغیرہ کی نوع کے درخت یا ان کے پھل۔

تَرَشُّح ۔ تقاطر۔ بوندا باندی۔ پھوار۔

تَرَصُّد ۔ انتظار۔ توقع۔ امید۔

تَرقیم ۔ تحریر۔ نگارش۔ لکھائی۔

تَرک ۔ چھوڑنا۔ کنارہ کشی۔ دنیا کو چھوڑ دینے کا عمل۔ تیاگ۔

تُرک و تاز ۔ حملہ۔ تاخت و تاراج۔ لوٹ مار۔ دوڑ دھوپ۔ غارت گری۔

تُرکتازی ۔ لوٹ مار۔ تاخت و تاراج۔ حکومت۔

تَرکَش ۔ تیروں کے رکھنے کا بڑی نلکی نما ظرف جسے کمر پر لٹکایا جاتا ہے۔ تیر دان۔

تُرکِ فلک ۔ مریخ۔ آفتاب۔

تُرکَنِیں ۔ ترکن۔ وہ ترک عورت جو پہرہ دینے پر مامور ہوتی تھی۔

ترکی ۔ ستار کا پچھلا سرا جو تونبے کی شکل کا اور اوپر سے ہموار ہوتا ہے۔ کھنڈی کی

شکل کا جڑاؤ یا سادہ کانوں کی لو میں پہننے کا زیور جو دکن کی عورتیں بالیوں کی بجائے پہنتی ہیں۔ مرکی۔ لولو۔

تُرکی بہ تُرکی ۔ (محاورہ) کسی شخص کو اسی کی زبان میں جواب دینا۔ کسی سے (بات میں) ذرا نہ دبنا۔

تُرکی تمام کرنا ۔ (محاورہ) سارا گھمنڈ خاک میں ملا دینا۔ کس بل نکال دینا۔ قصّہ تمام کرنا۔

تُرمتی ۔ باز یا شکرے کی قسم کا ایک شکاری پرندہ جس کی کئی قسمیں ہیں۔

تُرنج ۔ ایک قسم کا بڑا نیبو۔ چکوترا۔ کھٹا۔

تُرنجبین ۔ ۱۔ ایک قسم کی شکر جو خراسان میں اکثر درخت جو اسا یا اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے، مسہل میں اکثر کام آتی ہے۔
۲۔ اَفشُردَہ لیمو جس میں کھانڈ ڈال کر پیتے ہیں۔

تَرنّم سَرا ۔ گانے والا۔ خوش الحانی کرنے والا۔

تَر و تازہ ۔ ڈال کا ٹوٹا ہوا۔ وہ پھل جو حال ہی میں توڑا گیا ہو۔ تازہ تازہ جس کی اصل برقرار ہو۔ سرسبز و شاداب۔

تِرَوَٹ ۔ (موسیقی) ایک قسم کا راگ ہے نیز تروٹ اس گانے کو کہتے ہیں جس میں طبلہ یا پکھاوج کے بول شامل ہوں۔

تَرَہ فروش ۔ سبزی فروش۔ کنجڑا۔

تُرہی ۔ ایک قسم کا باجا جو منہ سے پھونک مار کر بجاتے ہیں۔

تِریا چَرِتَر ۔ عورتوں کی چال۔ عورتوں کا مکر و فریب۔

تِریاق ۔ زہر مہرہ۔ زہر کا اثر دور کرنے والی دوا۔

تَڑَپ جَھَڑَپ ۔ پھرتی۔ چالاکی۔ جوش۔

تَڑاق ۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا گرنے کی آواز۔

تَڑاقا ۔ بجلی کا کڑاکا۔ صاعقہ۔ بندوق چلنے کی آواز۔

تَڑپَن ۔ تڑپ۔ بے چینی۔ پھڑکن۔

تَڑاق کر بولنا ۔ (محاورہ)۔ خفگی سے جواب دینا۔ جھنجھلا کر جواب دینا۔

تَڑکا ۔ بہت سویرا۔ بھور۔

تُزک ۔ شان و شوکت۔ تجمل۔ جلوس۔

تَزَلزُل ۔ ہلنا۔ ہل چل۔ اضطراب۔

افراتفری۔
تزویج ۔ جوڑا جوڑا کرنا۔ بیاہنا۔ شادی۔
تزئین ۔ آرائش۔ زینت۔
تساہل ۔ سستی۔ بے پروائی۔ آلکسی۔
تسبیح ۔ سو دانوں کی مالا۔ سبحہ۔ سمرن۔
تسخیر۔ تابع کرنا۔ فتح کرنا۔
تسدیس ۔ (نجوم) دو ستاروں کا ساٹھ درجے کا باہمی تفاوت۔
تسطیر۔ سطربندی (اصطلاحاً) تحریر۔ ترقیم۔ قلم بند کرنا۔
تسکین ۔ دلاسا۔ ڈھارس۔ تشفی۔
تسلسل ۔ روانی۔ تواتر۔ لڑی۔ ملا ہونے کا عمل۔
تسلیم۔ سلام کرنا۔ سلام کہنا۔
تسمہ ۔ کھال۔ گوشت یا پٹھوں کا ٹکڑا۔
تسمہ کش ۔ کھال کھینچنے والا۔ کوڑے مارنے والا۔ جلاد۔
تسمہ لگا نہ رکھا (رکھنا)۔ (محاورہ) (گردن وغیرہ کٹنے میں) کوئی کمی نہ رہنا۔ صاف کٹ جانا (مجازاً) کچھ نہ رہنا۔
تسہیل ۔ آسانی۔ سہولت۔ سہل کر دینا۔

تشبیہ ۔ مشابہت۔ ایک چیز کو کسی صفت میں دوسری چیز سے ملانا۔
تشریف آوری ۔ (کسی امیر، معزز یا بزرگ شخص کی) آمد۔
تشطط (صحیح تشتت)۔ پراگندگی۔ پریشانی۔ بکھر جانا۔ ٹوٹ جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔
تشکیک ۔ شک۔ شبہ۔ شک میں مبتلا کرنے کا فعل یا عمل۔
تشنج ۔ اینٹھن۔ اکڑن۔ کھنچاؤ (اعضا میں) جھٹکے کی بیماری۔
تشنہ۔ ۱۔ پیاسا۔
۲۔ ناقص۔ نامکمل۔
تشنیع ۔ طعنہ۔ ملامت۔ برا بھلا کہنے کا عمل۔
تشویش ۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ تردد۔
تشہیر۔ (لفظاً) شہرت پانا۔ مشہور کرنا (مجازاً) بدنامی۔ رسوائی۔ رسوا کیا جانا۔
تصدق ۔ زرنقد، غلہ، جانور یا قیدی وغیرہ جو کسی پر سے صدقہ اتار کر خیرات کر دیا جاتا ہے۔ نچھاور کی چیزیں۔ صدقہ۔

تَصَدُّقَات ۔ (بہت سے) صدقات ۔ خیرات (ق) ۔
تَصْدِیع ۔ دکھ ۔ دردِ سر پہنچانا ۔ زحمت دینا ۔
تَصْدِیق ۔ صحیح ہونے کی تائید ۔ سچ ہونے کی شہادت ۔ صداقت ۔ صحت ۔
تَصَرُّف ۔ کسی کام میں ہاتھ ڈالنا ۔ قبضہ ۔ اختیار ۔
تَصْرِیح ۔ وضاحت ۔ صاف صاف بیان کرنا ۔
تَصَوُّر ۔ دھیان ۔ خیال ۔ ذہن میں کسی شے کی صورت قائم کرنا ۔
تَضْحِیک ۔ ہنسی اڑانا ۔ تمسخر ۔ تذلیل ۔
تَضَرُّع ۔ گڑگڑانا ۔ رونا ۔
تَطَاوُل ۔ ۱۔ زیادتی ۔ ظلم ۔
۲۔ لمبائی ۔ درازی ۔
تَعَاقُب (تعقب) ۔ پیچھا ۔ بھاگتے ہوئے کا پیچھا کرنے کا عمل ۔
تَعَب ۔ رنج ۔ تکان ۔ دکھ ۔ سختی ۔
تَعْبِیَہ ۔ آراستہ کرنا ۔ سجانا ۔ جڑنا ۔
تَعْجِیل ۔ جلدی ۔ جلد بازی ۔ فوراً ۔
تَعَدِّی ۔ زیادتی ۔ ظلم ۔ ستم ۔

تَعَرُّض ۔ روک ٹوک ۔ مزاحمت ۔ رکاوٹ ڈالنا ۔
تَعْذِیر ۔ ۱۔ عذر کرنا ۔ معذور رکھنا ۔
۲۔ سزا ۔ دکھ ۔
تَعْزِیَت ۔ ماتم پرسی ۔ پرسا دینا ۔ مُردے کے اعزہ و متعلقین سے اظہار ہمدردی ۔
تَعْرِیف ۔ ۱۔ مدح ۔ توصیف ۔
۲۔ پسندیدگی ۔ قدر ۔
تَعَشُّق ۔ عشق ۔ پیار ۔ فریفتہ ہونا ۔ (مجازاً) بناوٹی عشق ۔
تَعْصِیَہ ۔ نافرمانی ۔ سرکشی ۔ بغاوت ۔
تَعْظِیم ۔ بزرگی ۔ احترام ۔ وقعت ۔
تَعَفُّن ۔ بدبو ۔ سڑاند ۔
تَعَقُّل ۔ عقل ۔ ادراک ۔ دانشمندی ۔
تَعَلِّی ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔ لن ترانی ۔
تَعْمِیر ۔ عمارت بنانا ۔ درستی ۔ اصلاح ۔ بناؤ ۔
تَعْمِیل ۔ فرماں برداری ۔ حکم کی بجا آوری ۔ عمل درآمد کرنا ۔
تَعْوِیذ ۔ بچاؤ ۔ پناہ میں لینا ۔ ایک زیور جو عورتیں بازو پر باندھتی ہیں ۔ بازوبند ۔
تَعْوِیق ۔ تاخیر ۔ دیر ۔ ڈھیل ۔

التوا - رکاوٹ -
تَغَلُّب - غلبہ - تسلط - مغلوب کرنا -
تَغْیِیر - حالت بدل دینا -
تَفَاوُت - فرق - اختلاف - امتیاز - پہچان -
تَفْسِیدَہ - سوختہ - جلا ہوا - (مجازاً) گرمی سے خشک یا جھلسا ہوا -
تَفْتِیش - دریافت - چھان بین - پوچھ گچھ -
تَفَحُّص - تلاش - کھودنا - جستجو - چھان بین -
تَفَرُّج - ۱- کھیلنا - خوشحالی -
۲- سیر - تفریح - تماشا -
تَفْرِقَہ اَنْدَاز - جدائی کرنے والا - دلوں میں فرق ڈلوانے والا -
تَفْرِقَہ پَرْدَاز - پھوٹ ڈالنے والا -
تَفْسِیر - تشریح - مطلب - توضیح -
تَفْضِیح - رسوائی - بدنامی - فضیحت -
تَفَقُّد - ۱- توجہ - التفات -
۲- غم خواری - دل جوئی -
تَفَقُّدَات - گم کردہ چیز کو تلاش کرنا - کھوئی ہوئی چیز کو ڈھونڈنا -
تَفَکُّر - سوچ بچار - فکر -

تُفَنْگ - ہوائی بندوق - توپ بندوق -
تَفَنُّن - چہل - دل لگی - خوش طبعی - تفریح -
تَفْہِیم - ۱- سمجھانا - فہمایش -
۲- آگاہی - معلوم ہونا - علم میں آنا -
تَقَاطُر - قطرہ قطرہ ٹپکنا - بوندا باندی - لگاتار ٹپکے جانا -
تَقْدِیر - وہ اندازہ جو خدا نے روز اول سے ہر شے کے لیے مقرر کیا ہے - قسمت - بھاگ - بخت - مقدر -
تَقْرِیب - کسی خوشی یا غم کے موقع کا اجتماع - جشن - جلسہ - رسم -
تَقْرِیبا - جھتی - تکراری - جھگڑالو - جھکی - باتونی - فضول گو -
تَقْصِیر - کوتاہی - قصور - گناہ - غلطی -
تَقْوِیَت - طاقت - زور - قوت دینا یا پہنچنا -
تَقَیُّد - خود کو پابند کرنا - تنبیہ - سخت گیری -
تَقِیَّہ - ڈر کر اپنا مذہب ظاہر نہ کرنا - ڈرنا -
تَک تَک - بیل گاڑی چلنے کی آواز (ق) -

تکاسی ۔ سیدھا ۔ سیدھی ۔ عمودی ۔ عمود دار ۔
تکلا ۔ چرخے کی آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت ککڑی بنتی جاتی رہتی ہے ۔ دوک ۔ تکوا ۔
تکلم ۔ کلام ۔ بولنا ۔ بات کرنا ۔
تُکمہ ۔ گھنڈی ۔ بٹن ۔ بوتام ۔
تکیہ ۔ ۱ ۔ بھروسا ۔ سہارا ۔ ٹیک ۔
۲ ۔ مزار ۔ قبرستان ۔ گورستان ۔
تگ و تاز ۔ جولانی ۔ تیزی ۔ اچھل کود ۔ (مجازاً) یلغار ۔ چڑھائی ۔ حملہ ۔
تگاپو ۔ دوڑ ۔ سعی ۔ محنت ۔ دوڑ دھوپ ۔
تگادر ۔ جنگ میں حریفوں کے مرکبوں کا ٹکراؤ ۔ جھڑپ ۔ ٹکر ۔
تگادر زن ہونا ۔ (محاورہ) اپنے مرکب سے حریف کے مرکب کو ٹکرا دینا ۔ گھوڑے کو گھوڑے سے ٹکرانا ۔
تگادر زنی ۔ گھوڑے سے گھوڑے کو ٹکرانے کا عمل ۔
تگرگ ۔ سنگریزہ نما وہ منجمد سرد پانی جو آسمان سے برسے ۔ اولا ۔ ژالہ ۔
تِل ۔ چہرے بالخصوص گال پر کا سیاہ نشان ۔ خال ۔

تِل رکھنے کی جگہ (نہ تھی) نہیں ۔ (کہاوت) تھوڑی سی گنجائش ۔ ذرا سی جگہ ۔ کچھ بھی خالی جگہ ۔
تُلا ۔ (نجوم) برج میزان ۔ ساتویں راس ۔ بروج فلکی میں سے ساتواں برج یعنی میزان ۔
تلاش ۔ کھوج ۔ سراغ ۔ ڈھونڈنا ۔
تلاطم ۔ شدت سے موجوں کا اٹھنا اور آپس میں ٹکرانا ۔ پانی کے تھپیڑے ۔ طوفان ۔
تِلام ۔ ملازم ۔ غلام ۔ خادم ۔ خدمت گزار ۔
تِلام کا رِاحتلام ۔ نہایت ذلیل ملازم ۔
تلبیس ۔ لباس پوشی (مجازاً) بہروپی کا لباس پہننا ۔ ایسا بناؤ سنگھار جس سے دھوکا دیا جا سکے ۔
تلپٹ ۔ ۱ ۔ الٹا ۔ اوندھا ۔
۲ ۔ برباد ۔ ملیامیٹ ۔
تلچھٹ ۔ پانی یا کسی اور تیتن شے کے نیچے بیٹھا ہوا میل ۔ گاد ۔ تہ نشین ۔
تلذذ ۔ لذت اندوزی ۔ مزہ یا لطف حاصل کرنا ۔
تُلسی (تُلشی) ۔ ایک خوشبودار پودا جو تقریباً ایک گز اونچا

ہوتا ہے، اس کی تین قسمیں ہیں مگر مطلقاً تلسی سے مراد وہ ہے جس پر سفید پھول آتے ہیں، ہندو اسے پوجتے اور متبرک جانتے ہیں، بطور دوا اس کا استعمال بکثرت ہے، ہندو اس کی لکڑی کے دانے بنا کر مالا بھی بناتے ہیں۔ ریحان۔

تَلَطُّف ۔ ۱۔ مہربانی۔ عنایت۔ توجہ۔
۲۔ اختلاط۔ لطف اندوزی۔

تَلَف ۔ ہلاکت۔ فنا۔ برباد۔ ضائع۔

تَلْقِین ۔ شیعہ عقیدے میں مردے کو قبر میں اتارنے کے بعد اس کے شانے ہلا ہلا کر عقاید کو بآواز بلند پڑھنا۔

تِلَک ۔ وہ نشان جو ہندو صندل یا سیندور وغیرہ کا پیشانی پر لگاتے ہیں۔ قشقہ۔ ٹیکا۔

تَلَمُّذ ان (تَلَمَّذ) ۔ شاگردی۔ شاگرد ہونا۔

تِلَنگا ۔ فوج کا باوردی سپاہی۔ انگریزوں نے جو پہلی باوردی فوج بھرتی کی تھی وہ ملک تلنگانہ میں کی تھی اس لیے ان سپاہیوں کا یہ نام ہوا۔

تِلَنگن ۔ تلینگانہ کی عورت۔

تَلْوار کی آنچ ۔ تلوار کی چمک گرمی یا تیزی۔

تَلے اوپر ہونا۔ (محاورہ) تہ و بالا کرنا۔ درہم برہم کرنا۔

تَلْوَرِیے (تَلْوَرِیا) ۔ تلوار چلانے والا۔ تلوار کا دھنی ۔ ہتھیار بند۔

تَماشا ۔ ۱۔ دید۔ نظارہ۔
۲۔ دلچسپ منظر۔
۳۔ گانا یا کھیل کود۔
۴۔ کرتب، شعبدہ بازی ۔ نمائش۔
۵۔ عجیب یا انوکھی بات۔
۶۔ تفریح طبع کا سامان۔

تَماشا بِین (تَماش بِین)۔
۱۔ شوقین مزاج ۔عیاش اوباش۔ بدکار۔
۲۔ تماشائی ۔ تماشا دیکھنے والا۔

تَماکُو (تمباکو) ۔ ایک پودا جس کے پتے سکھا کر سگرٹ یا بیڑی یا حقے وغیرہ میں بھر کر پیتے اور پان میں ڈال کر کھاتے ہیں جس سے ہلکا نشہ ہوتا ہے۔

تَمامی ۔ ۱۔ کُل۔ سب۔
۲۔ ریشمی کپڑے کی ایک قسم جس میں روپہلی سنہری تار ہوں۔ اساوری۔

تَمَسْخُر ۔ مزاح۔ دل لگی۔ ٹھٹھول۔

تَمغا - کسی کارگزاری یا خدمت کے صلے میں نقرئی یا طلائی نشان جو حکومت کی طرف سے خطاب کے ساتھ یا بغیر خطاب بطور انعام دیا جائے۔

تَمَلُّق - چاپلوسی - خوشامد - ایسی باتیں کرنا جس سے دوسرا شخص اپنے کو بہت بڑا آدمی سمجھنے لگے۔

تِمثال - ۱- تصویر - پیکر۔
۲- مورت - پُتلا -
۳- عکس - شبیہ - سایہ -

تَمَسُّک - ۱- پکڑنا - اچھی طرح گرفت میں لینا (مراداً) اختیار کرنا -
۲- وہ تحریر جو وصیت یا اقرار نامے کے طور پر ہو - ہبہ نامہ - اقرار نامہ -

تَمکَنَت - ۱- غرور، نخوت -
۲- شان وشوکت -
۳- حکومت - اختیار -

تَمکِین - ۱- ضبط - برداشت - صبر -
۲- شان وشوکت - کروفر -

تَمَوُّج - پانی یا ہوا کی لہروں کا اضطراب تلاطم (مجازاً) اضطراب - بے چینی - ہلچل -

تَمولَن (تنبولی کی تانیث) - پان (لگاکر) بیچنے والا - پنواڑی -

تَمِیز دار - ۱- سلیقہ مند - مہذب - شائستہ - ۲- باشعور -
ہوشیار -

تَنُّور - روٹی یا شیرمال پکانے کی بھٹی جو بڑے مٹکے سے ملتی جلتی ہوتی ہے یا مٹی کی بنی ہوئی ہوتی ہے اسے زمین میں گاڑ دیا جاتا ہے اس میں آگ جلتی ہے گرم ہوجانے پر اس کے اوپر کے حصے میں روٹی لگائی جاتی ہے اور پک جانے پر نکال لی جاتی ہے -

تَناوُل - کھانا نوش کرنا - کھانا کھانے کا عمل -

تَناو - کھنچاؤ - کساؤ - اکڑاؤ - کھچاوٹ -

تَنبُورا - ستار کی طرح کا ایک ساز جس میں تین یا چار تار لگے ہوتے ہیں، چونکہ تونبے میں لکڑی لگاکر اس میں یہ تار باندھ دیتے ہیں اس وجہ سے یہ نام رکھا -

تَنت مُندرا - (تنت مندرا) تار کا باجا - وہ حلقہ جو کن پھٹے جوگی کان میں پہنتے ہیں - دنیا کے جھگڑے بکھیڑے -

تُنتُنی - چھوٹا ستار - اکتارا یا دو تارا ساز -

تُند خُو - بدمزاج - چڑچڑا - غصیلا -

تِنکے چُنوانا (تنکے چُننا) - (محاورہ) دیوانوں کے سے

کام کرنا - مجنوں ہو جانا - عاشق ہو جانا - مخبوط الحواس ہو جانا -
تِنکا - وہ چھوٹی سی سینک جو عورتیں ناک میں لونگ یا نتھ کی جگہ ڈال لیتی ہیں -
تُنگ - پانی یا شربت وغیرہ رکھنے کا ظرف جس کی گردن لمبی اور دہانہ تنگ ہو -
تَنگ ظرفی - کم حوصلگی - پست ہمتی - اوچھاپن -
تَنویر - روشنی - نور - چمک -
تَواضُع - خاطر مدارات - آؤ بھگت - مہمان نوازی -
تَوامَان (توام کا تثنیہ) - وہ دونوں بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوں - لازمی حصّہ - جڑا ہوا -
تَواں - تاب - طاقت - توانائی - بل -
تَوانا - تن و توش والا - ہٹا کٹا - طاقتور -
تَوانائی - طاقت - زور - بل -
تُوبڑا - ٹاٹ یا چمڑے کا تھیلا جس میں دانہ بھر کر گھوڑے یا خچر وغیرہ کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں -
تُوپُوں (تُوپنا) - دفن کرنا - زمین میں گاڑنا -
تُوتیا - سرمہ - وہ پتھر جسے پیس کر سرمہ بناتے ہیں -
تَوحُّش - وحشت - پریشانی - نفرت -
تَوَرُّع - پرہیزگاری - زہد - اتقا -
تَوارُد - باہم ایک جگہ اترنا - دو شخصوں کا مضمون نادانستہ لڑ جانا -
تُورَہ - مختلف کھانوں کا ایک یا کئی خوان جو امرا کے یہاں سے شادی کی تقریبات میں رشتہ داروں اور دوستوں کے یہاں بھیجے جاتے ہیں - حصہ - بخرہ -
تُورَہ پوش - خوان یا کشتی وغیرہ کا سرپوش، خوان پوش جو عموماً کپڑے اور بانس کا بنا ہوتا ہے -
تُوڑا - ۱- ناچتے وقت گت کا سلسلہ توڑ کر درمیان میں اور ایک حرکت کرکے پھر اسی گت کے سلسلے میں مل جانا -
۲- گلے، ہاتھ یا پاؤں کا زیور جس میں لڑیاں ہوتی ہیں، عورتوں کے علاوہ بعض ہندو مرد بھی گلے میں پہنتے ہیں -
تُوڑَہ - اشرفیوں یا روپیوں وغیرہ کی تھیلی - تھیلی عموماً جس میں ہزار روپیے یا اشرفیاں ہوں -
توڑی - کمر کا پٹکا - ایک راگنی کا نام -

توڑبند ۔ ایک قسم کا داؤں یا پیچ (ق) ۔
توڑمروڑ ۔ کانٹ چھانٹ ۔ تبدیلی ۔ ہیر پھیر ۔
توڑے لینا ۔ (محاورہ) رقص و موسیقی کی مشق کرنا ۔ ناچ میں گت ادا کرنا ۔
توسن ۔ گھوڑا ۔ وہ گھوڑا جو تند و شوخ ہو ۔
توشک خانہ ۔ وہ مکان جہاں امیروں کے لباس، پوشاک اور زیورات وغیرہ جمع رہتے ہیں ۔
توصیف ۔ تعریف ۔ خوبی بیان کرنا ۔
توقف ۔ ۱۔ ٹھیرنا ۔ قیام کرنا ۔ رکنا ۔ دیر ۔
۲۔ تامل ۔ غور و خوض ۔ سوچ بچار ۔
توقیر ۔ عزت ۔ عظمت ۔ مرتبہ ۔
توقیع ۔ اس خط یا حکم بادشاہی کو کہتے ہیں جو کہ حالت قہر میں تحریر کیا جائے ۔
تول (توڑل) ۔ ایک قسم کا کپڑا جس کی بناوٹ کھیس کی سی ہوتی ہے ۔
تول لینا (محاورہ) لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا ۔ آزما لینا ۔ جانچ لینا ۔ امتحان کرنا ۔
تومڑی ۔ سوکھا ہوا چھوٹا تونبا ۔ (مجازاً) استرا پھرا ہوا چکنا سر ۔

تونبی ۔ پونگی جو عموماً سپیرے بجاتے ہیں ۔ تومڑی ۔
توند ۔ بڑا پیٹ ۔ فربہی شکم ۔ دھوند ۔
توندیلا ۔ بڑے پیٹ والا ۔ جس کی توند نکلی ہوئی ہو ۔ توندو ۔ پٹیل ۔ بڑپیٹو ۔
توہم ۔ وہم ۔ وسواس ۔ گمان ۔ شک ۔
توے کا حقہ ۔ وہ حقہ جس کی چلم میں تمباکو پر مٹی کا گول ٹکڑا رکھا گیا ہو ۔
توئی ۔ ایک پرندے کا نام ۔ نال ۔
تہ تیغ کرنا ۔ (محاورہ) تلوار سے گردن اڑا دینا ۔ قتل کرنا ۔
تہاری (تہارا کی تانیث) ۔ تیری ۔
تہدید ۔ ڈرانا ۔ دھمکی دینا ۔ سرزنش ۔
تہلکہ ۔ ہنگامہ آرائی ۔ شور و غل ۔ جھگڑا ۔
تہلکہ ۔ مصیبت ۔ آفت ۔ بلا ۔ ہنگامہ ۔ کھل بلی ۔ گڑبڑ ۔
تہمت ۔ اتہام ۔ بہتان ۔
تہمت ۔ تہمد ۔ تہ بند ۔ لنگی ۔ نیچے کے دھڑ کو ڈھانپنے کا کپڑا جو ٹانگوں کے گرد لپیٹ کر کمر میں باندھ لیا جاتا ہے، اس

میں دھوتی کی طرح لانگ نہیں لگاتے ہیں۔

تَہَمتَن ۔ ۱۔ لقب رستم ۔
۲۔ قوی الجثہ ۔ شجاع ۔ دلیر۔

تَہنِیَت ۔ مبارک باد ۔ مبارک سلامت ۔

تَہَوُّر ۔ بہادری ۔ شجاعت ۔

تَہَوُّری ۔ دلیری ۔ شجاعت ۔

تَہیَّہ ۔ ۱۔ سامان تیاری آمادگی۔
۲۔ عزم ۔ آمادگی ۔ ارادہ ۔

تھاپ ۔ تال کے موقع پر طبلے یا ڈھولک پر یا کسی اور موقع پر ہتھیلیوں یا دونوں ہاتھ کی انگلیوں کی ضرب ۔

تھاپڑ ۔ ہاتھ کی ضرب جو عموماً منھ یا سر پر لگائی جاتی ہے ۔ طمانچہ ۔

تَھال ۔ تانبے، پیتل یا کسی اور دھات کا بنا ہوا بڑا طشت ابھرواں کناروں کا سینی یا خوان نما برتن ۔ مٹھائی کا خوان ۔

تَھالا ۔ وہ گڑھا جو درخت کے چوطرف پانی کے واسطے بنا دیتے ہیں ۔ تھانولا ۔ تھملا ۔

تَھالی ۔ خوانچی ،کشتی ، ٹرے (جس میں مشروبات و ماکولات وغیرہ کے برتن یک جا رکھے جائیں) ۔

تھالی کے بَینگَن ۔ (تھالی کا بَینگَن) ۔ چونکہ تھالی چپٹی اور بینگن گول ہوتا ہے اس لیے بینگن تھالی میں لڑھکتا رہتا ہے ۔ (مجازاً) ایسا شخص جو لالچ کے باعث ہر ایک کی طرف داری کرنے پر آمادہ ہو جائے، غیر مستقل مزاج شخص ۔ بے پیندی کا بدھنا ۔

تَھالی جُوڑ ۔ نیچے تھالی اور اوپر سرپوش جس کے بیچ میں پیالہ یا کٹورا وغیرہ رکھا ہو، اس میں ڈھانک کر حفاظت اور ادب کے ساتھ پانی پلایا جاتا ہے۔

تھالی پھُوٹی یا نہ پھُوٹی جھَنکار تو ہوئی ۔ (کہاوت) کوئی نقصان ہوا یا نہ ہوا مگر بدنامی تو ہوئی (ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی خاص نقصان تو نہ پہنچے مگر مفت میں بدنامی ہو جائے) ۔

تَھان ۔ (مقررہ ناپ کا) تہ کیا ہوا کپڑا یا چمڑا وغیرہ۔

تَھان کا ٹرّا ۔ وہ گھوڑا جو تھان کے قریب کسی کو آنے نہ دے اور شرارت کرے ۔

تھانبا ۔ (تھاما) ۔ روکا ۔ باز رکھا ۔ باندھا ۔ بڑھنے نہ دیا ۔
تھانٹ ۔ آواز ۔
تھپیڑ ۔ طمانچہ ۔
تھتکارہ ۔ مردود ۔ ملعون ۔ قابلِ نفرت ۔
تھتکاری ۔ (ع) زنجیر ۔ بیڑی ۔
تھتکاری ہتھیاری ۔ چڑیل ۔ ڈائن ۔ بلا ۔
تھڈی ۔ ٹھوڑی ۔ ٹھڈی ۔ ذقن ۔
تھکیاں (تھکی) ۔ ڈلی ۔ ڈھبری ۔ سونے یا چاندی کا ڈلا ۔
تھگری لگانا (تھگلی لگانا) ۔ (محاورہ) کسی مقام تک پہنچنا ۔ کسی مقام کی خبر لانا (بالعموم آسمان کے ساتھ) ۔
تھل ۔ (زردوزی) کرن یا مقیش کے بنے ہوئے تار کی شکل کے پھول جنھیں پوشاک میں ٹانک لیتے ہیں ۔ چھینٹ کا وہ حصہ جو چھپے ہوئے بیل بوٹوں کے درمیان سادہ رہے ۔
تھل باندھنا ۔ (محاورہ) بھیڑ جمع کرنا ۔ جمع کرنا ۔ بیڑا باندھنا ۔
تھل بیڑا ۔ کشتی یا جہاز ٹھہرنے کی جگہ ۔ لنگر گاہ ۔ بندرگاہ ۔ (مجازاً) ٹھکانا ۔ جائے پناہ ۔
تھوپنا ۔ لیپنا ۔ لیسنا ۔ کسی گاڑھی چیز کی تہ لگانا ۔
تھوتھنی ۔ کسی جانور (گھوڑا، اونٹ، ریچھ، سور یا گھڑیال) وغیرہ کا منھ ۔
تھوہڑ (تھوہر) ۔ ایک جنگلی خاردار پودا ۔
تھیلی ۔ (تھیلا کی تصغیر) چھوٹا تھیلا ۔ کیسہ ۔ توڑا ۔
تیرتھ ۔ اشنان کی جگہ ۔ عموماً گنگا یا جمنا یا کسی اور مقدس دریا کا گھاٹ ۔ ہندوؤں یا بدھوں کے عقیدے میں مقدس عبادت گاہ ۔
تیرگی ۔ سیاہی ۔ اندھیرا ۔
تیتر ۔ ایک پرند جو کبوتر سے کسی قدر بڑا اور عموماً بھورے یا سیاہ رنگ کا ہوتا ہے، اس کی آواز تیز ہوتی ہے اور شکاری اس کا شکار کرتے ہیں ۔ دراج ۔ تیہو ۔
تیجا ۔ کسی شخص کے مرنے کے تیسرے دن ایصال ثواب کے لیے فاتحہ کرنا، غربا کو کھانا کھلانا اور موتی کی قبر پر پھول چڑھانا ۔ فاتحہ سوم ۔ پھول ۔

تیر باراں - تیروں کی بارش - تیروں کی بوچھاڑ -
تیرہ و تار - گھپ اندھیرا - اندھیری رات -
تیرہ روزگار - تیرہ بخت - بد قسمت -

تیری باتیں میرے ناخونوں پر ہیں - تیری عیاری کو خوب سمجھتا ہوں - تیری مکاری سے خوب واقف ہوں (ق) -
تیز گام - جلد جلد قدم اٹھانے والا - تیز رفتار -
تیغ - تلوار - شمشیر (مجازاً) کاٹ کرنے والی کوئی شے -
تیغ مصری - ایک قسم کی تلوار (ساختہ مصر جو تیزی اور کاٹ کے لیے مشہور تھی) -
تیغے (تیغہ) - چھوٹی تیغ جس کا پھل چوڑا ہوتا ہے -
تیل ماش ہونا - کسی پر قربان ہونا - تصدق ہونا -
تیلی - ناک کا ایک زیور - چھوٹا لونگ -
تین کانے - وہ تین نقطے جو نرد بازی کے تین پانسوں میں ایک ایک ہوتا ہے جب پانسے کے پھینکنے پہ تینوں صفر آ کر پڑتے ہیں تو داؤں گھٹ کا خیال کیا جاتا ہے -

(مجازاً) ناکامی - نامرادی -

تین کمرپٹی کا انگرکھا - شیروانی سے ملتا جلتا ایک لباس جس میں تین کمر پٹیاں ہوتی ہیں -
تینڈوا - ایک درندہ جو چیتے کی قسم سے ہوتا ہے کھال پر سیاہی کے چوڑے چوڑے گل ہوتے ہیں - افریقہ میں یک رنگ سیاہ بھی ہوتا ہے - تیز رفتار اور قوی ہوتا ہے - باگھ - پلنگ -
تیور - نظر - چتون - صورت اور نگاہ کا انداز -
تیور دکھانا - (محاورہ) غصّہ کرنا - چیں بہ جبیں ہونا -
تیورانا - چکرانا - غش آنا - ڈگمگانا -
تیوری - پیشانی یا بھوؤں کے بل جو غصّے یا بدمزاجی کی حالت میں پڑ جاتے ہیں -
تئیں - لیے (ق) -
تیہے (تیہا) - غصّہ - غیظ - غضب - طیش -
تیہہ لگا در - غصّے کی جھڑپ - ناراضگی کے ساتھ ٹکر (ق) -
تیہو - ایک پرند جو چکور کے مشابہ مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے، چونچ اس کی سرخ اور بازوؤں کے

نظے سیاہی اور سفیدی ہوتی ہے۔

تیری ایڑی دیکھ کر میاں تیرا کسی کا مُنھ نہ دیکھے۔ (مراداً) تیرے حسن بے مثال کے آگے سب کچھ ہیچ ہے۔ جو تجھ پر فریفتہ ہے وہ کسی اور کوکب خاطر میں لائے گا (ق)۔

ٹ

ٹاپو - وہ خشک زمین جو پانی سے چاروں طرف گھری ہو۔ جزیرہ نیز اتھلا کنارہ یا ساحل۔

ٹاکتی - (ٹاکنا) ٹھہرنا۔ ٹکنا۔

ٹال - ٹال مٹول۔ لیت ولعل۔ حیلہ بہانہ۔

ٹالا بالا - حیلہ حوالہ۔ بہانہ۔

ٹانگ - ران کی جڑسے پاؤں تک کا حصہ۔ ٹانگ۔

ٹانگ لینا (محاورہ)۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ خبر لینا۔ پھبتی کسنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ سر ہونا۔

ٹپّہ - (موسیقی) ٹپا۔ ایک قسم کا گانا یا گیت۔

ٹپکا - آم کا پھل جو پختہ ہو کر زمین پر از خود شاخ سے گر پڑے۔

ٹپکا لگنا - (محاورہ) پھل (عموماً آم) کا پختہ ہو کر درخت سے خود بخود نیچے آجانا۔

ٹٹی - بانس وغیرہ کا وہ ڈھانچا جس پر بیل چڑھاتے ہیں۔

ٹرّہ - کش۔ گھونٹ۔ جرعہ (ق)۔

ٹسوے - آنسو۔ عموماً جھوٹ موٹ کے آنسو۔ ٹسوا۔

ٹسوے بہانا (محاورہ) رونا۔ جھوٹ موٹ رونا۔ دکھاوے کا رونا۔

ٹک - ذرا سی دیر۔ تھوڑی سی مدت۔ تھوڑا۔ ذرا۔ کچھ۔

ٹکا - کوڑی۔ پیسہ۔ حقیر سی رقم۔

ٹکے کا - کم حیثیت۔ بے وقعت۔ حقیر۔

ٹکٹی (ٹکٹکی) - وہ ٹٹر/ ٹھٹھر جس پر ہندوؤں کی لاش رکھی جاتی ہے۔

ٹکٹکی - تاک۔ نظارہ۔ آنکھ لڑانے یا گھورتے رہنے کا عمل۔

ٹکٹکی لگنا - (محاورہ) برابر دیکھے جانا۔ پلک نہ جھپکانا۔

گھورنا۔ غور سے دیکھنا۔
ٹُکر ٹُکر ۔ حیرت سے۔
ٹُکڑے باندھنا ۔ (موسیقی کی اصطلاح) طبلے پر گیت کے مختلف بولوں کو خوش اسلوبی سے ترتیب دینا۔

ٹُکڑے کھائے دِل بہلائے کپڑے پھٹے گھر کو آئے ۔
(مثل) نکھٹو کی نسبت کہتے ہیں جو پردیس جا کر ہاتھ خالی لوٹے۔
ٹُکڑی ۔ کبوتروں کا پرا۔ پرندوں کا غول۔ گروہ۔ جتھا۔
ٹَکورے ۔ جھونکا۔ تھپیڑا۔
ٹَمکنے ۔ (ٹمکنا) ۔ قطرے۔ دھبے (ق)۔
ٹُنڈیاں کَسنا ۔ (محاورہ) ہاتھ بازو جکڑنا۔ مشکیں باندھنا۔
ٹوپ ۔ لوہے کی ٹوپی۔ خود۔ مغفر۔
ٹوپی ۔ کلاہ۔ سر کی پوشش۔

ٹوٹ ٹوٹ کر (کے) گرنا ۔
(محاورہ) (کسی کی طرف) شدت سے مائل ہونا۔ انتہائی شوق سے کسی کا طلب گار ہونا۔

ٹوٹی بانہہ گل جَندڑے پڑی ۔ (کہاوت) اگر کسی کی بانہہ ٹوٹ جائے تو اسے پٹی باندھ کر گلے میں لٹکا لیتے ہیں اس پٹی کو جس میں بانہہ ڈالتے ہیں گل جندڑا کہتے ہیں۔ یہ مثال ایسی خراب اور ناقص چیز کے لیے رائج ہے جو ترک نہ کی جا سکتی ہو غریب یا اپاہج کی کفالت کا بار اس کے آسودہ بھائی بندوں کے ذمے پڑتا ہے اور مجبور زیادہ تر وبال جان ہو جاتا ہے۔
ٹوکرا ۔ بانس یا جھاؤ وغیرہ کا بنایا ہوا ظرف۔ جھابا۔ جھلی۔ چھبڑا۔ ڈلا۔
ٹوکری ۔ ڈلیا۔ جھلی۔ چھبڑی۔
ٹُول ۔ ایک قسم کا سرخ کپڑا۔
ٹُوم ۔ خوبصورت عورت۔ مال دار عورت۔ سونے کی چڑیا۔
ٹَہَل ۔ خدمت گاری۔ بندگی۔ نوکری۔
ٹَہَلوا ۔ خادم۔ خدمت گار۔ ملازم۔
ٹَہنا ۔ موٹی اور بڑی شاخ۔ گدا۔ ڈالا۔
ٹَہنی ۔ چھوٹی شاخ۔ ڈالی۔ قلم۔

ٹھوکا ۔ اشارہ جو انگلی یا بازو اور کسی چیز کی خفیف ضرب سے کیا جائے۔ کسی چیز کی ہلکی ضرب۔

ٹھاٹھ ۔ (ٹھاٹ) ا۔ شان و شوکت ۔ آن بان۔
۲۔ دُھن، طرز ۔ گانے کا انداز۔

ٹھاٹھربندی ۔ روشنی کی ٹٹیاں باندھنے یا بنانے کا عمل۔

ٹھٹ ۔ بھیڑ۔ مجمع ۔ ہجوم ۔ جھرمٹ۔ جمگھٹ۔

ٹھٹھے بازی ۔ دل لگی ۔ مذاق ۔ تمسخر۔ خوش طبعی۔

ٹھٹھیرا ۔ پیتل، کانسی اور تانبے کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔ کسیرا۔

ٹھرّا ۔ دیسی اور خراب شراب جو عموماً شیرے کو سڑا کر بنائی جاتی ہے ۔ سستی اور گھٹیا قسم کی شراب جسے ادنیٰ درجے کے لوگ پیتے ہیں۔ (اسے دارو بھی کہتے ہیں)۔

ٹھلیا ۔ چھوٹا گھڑا۔ سبو چۂ گلی ۔ پانی یا شراب وغیرہ کا مٹی کا برتن۔

ٹھمری ۔ ایک قسم کا چھوٹا دو بول کا گیت جس میں عورت کی جانب سے اظہار عشق ہوتا ہے۔

ٹھنڈا کرنا ۔ (محاورہ) مار ڈالنا۔ سرد کر دینا۔ قتل کر ڈالنا۔

ٹھنڈھا ٹھنڈ ۔ نہایت خنک ۔ بہت سرد ۔ بہت ٹھنڈا (ق)۔

ٹھنڈے ٹھنڈے ۔ (ٹھنڈی ٹھنڈی)۔ اُلٹے پاؤں ۔ خوشی خوشی ۔ خیریت کے ساتھ۔

ٹھنڈھائی (ٹھنڈائی)۔ بھنگ ۔ سبزی (بھنگ کی ٹھنڈی تاثیر کی وجہ سے)۔

ٹھنکے منکے سے ۔ آراستہ پیراستہ۔ ناز و انداز سے ۔ بن سنور کر (ق)۔

ٹھنکنا ۔ ناز سے رونا ۔ سبکنا ۔ بچوں کی طرح رونا۔

ٹھونسنا ۔ زبردستی داخل کرنا۔ خوب زور کے ساتھ بھرنا۔ نگلنا۔ کھانا۔

ٹھینٹی ۔ بے نیازی ۔ استغنا۔ لاپرواہی ۔ عدم توجہی۔

ٹھیک ۔ وہ گلی ظرف جس میں فقرا، آگ بھر کر دبا دیتے ہیں ۔ (عوام) انگیٹھی ۔

ٹھیک بنانا ۔ (محاورہ) سزا دینا ۔ گوشمالی کرنا ۔ مارنا پیٹنا۔ درست کرنا ۔ راہ پر لانا۔

ٹھیک بنوانا ۔ سزا دلوانا۔ پٹوانا۔

ٹِھیکا ۔ سُر ۔ الاپ ۔ راگ کی قسم ۔
ٹِھیکی ۔ وہ چیز جس کے سہارے بوجھ اٹھانے والے دم لینے کے لیے بوجھ رکھ دیتے ہیں ۔ چبوترا جس پر مزدور بوجھ رکھتے ہیں ۔ جَست ۔
ٹھیکا ۔ اجارہ ۔ پٹا ۔
ٹھیکا بجانا ۔ (محاورہ) گانے والے کے ساتھ ڈھولکی یا طبلہ اس طرح بجانا کہ اس کی آواز کو سہارا ملے ۔ طبلے یا ڈھولکی پر تھاپ لگانا ۔
ٹِھیکَر ۔ مٹی کے برتن کا ٹوٹا ہوا ٹھیکرا (مجازاً) ادنیٰ شے ۔
ٹِیپ ۔ چپت ۔ دھول ۔
ٹِیڑی دَل ۔ (ٹڈی دل) ٹڈیوں کا بڑا گروہ (کنایتہً) بھیڑ ۔ بھاڑ ۔ بہت بڑا ہجوم ۔ کثیر التعداد فوج وغیرہ ۔
ٹیڑھی کھیر ۔ دشوار کام ۔ بیبنڈا کام ۔ مشکل کام ۔
ٹیسُو ۔ ڈھاک کا درخت یا پھول جس میں سے زرد رنگ نکالا جاتا ہے ۔
ٹیک ۔ جانوروں کی پیشانی ۔
ٹِیکا ۔ (ع و) ماتھے کا زیور جو عام طور سے جڑاؤ بنایا جاتا ہے اور جس کے نیچے موتیوں کی جھالر ہوتی ہے ۔ چاندلا ۔ سیس ۔ تلک ۔
ٹیکرا ۔ زمین بلند ۔ ٹیلا ۔ پہاڑی ۔
ٹینٹ ۔ آنکھ کا ابھرا دانہ جو کریل کے پھل کے برابر ہوتا ہے ۔ آنکھ کی پھلی ۔

ث

ثابت ۔ مصدقہ ۔ محقق ۔ ظاہر دلیل سے واضح اور روشن ۔ پایۂ ثبوت کو پہنچا ہوا ۔
ثاقِب ۔ روشن ۔ منور ۔ صاف و شفاف ۔
ثالِث ۔ فیصلہ کنندہ ۔ پنچ ۔ حَکَم ۔
ثانی ۔ ۱ ۔ دوسرا ۔ دوم ۔
۲ ۔ مقابل ۔ ہم پلہ ۔ جوڑ ۔ اس جیسا دوسرا ۔
ثُرَیّا ۔ وہ چھ یا سات ستارے جو برج ثور میں باہم متصل واقع ہیں اور بادی النظر میں ملے جلے نظر آتے ہیں ۔ عقد ثریا ۔ نظم پروین ۔ سات سہیلیوں کا جھمکا ۔
ثُعبان ۔ بڑا سانپ ۔ اژدہا ۔
ثَمَر ۔ پھل ۔ میوہ (مجازاً) نتیجہ ۔ انجام ۔ فائدہ ۔

ثَمُرَن ۔ (سُمَرَن) ۔ مالا۔ ایک قسم کا بازو کا زیور۔

ثَمَرَہ ۔ پھل ۔ میوہ ۔ بدلہ ۔ نفع ۔

ثَنا ۔ تعریف ۔ توصیف (بیشتر) خدا کی تعریف ۔ حمد ۔

ثَوابت ۔ وہ اجرامِ فلکی جو گردش نہیں کرتے ۔ ایک جگہ قائم رہنے والے ستارے ۔

ثَوَر ۔ (نجوم) بارہ برجوں میں سے دوسرا برج جو بیل کی شکل کا ہے۔ برکھ ۔ ثور فلک ۔

ج

جاپ ۔ کسی منتر یا دیوتاؤں کے نام کو دل ہی دل میں بار بار دہرانا ۔ رٹنا ۔ ورد کرنا ۔ مالا پھیرنا ۔

جات ۔ بھینٹ پوجا ۔ قدر و نیاز ۔

جاتا دَھن دیکھیے تو آدھا لیجیے بانٹ ۔ (مثل) اگر تمام مال کا نقصان ہوتا نظر آئے اور آدھا دینے سے آدھا بچ جائے تو آدھا دے دینا چاہیے کہ اس میں فائدہ زیادہ ہے ۔

جادُوگَرنی ۔ جادو کرنے والی عورت ۔ ساحرہ ۔ ٹونہائی ۔

جادۂ اطاعَت ۔ تابعداری کا طریقہ ۔ اطاعت کا دستور ۔

جارْچی ۔ ڈھنڈورچی ۔ اعلان کرنے والا ۔

جاروب ۔ جھاڑو ۔ بہارو ۔

جارُوب کَش ۔ جھاڑ دینے والا (مجازاً) خادم ۔

جارُوب کَشی ۔ جھاڑو دینے کا عمل ۔ پیشہ ۔

جاسُوس ۔ ا۔ بھیدی ۔ مخبر ۔ ۲۔ تھانگی ۔ شہر خبرا ۔

جاسُوسی ۔ کھوج لگانے کا عمل ۔ مُخبری ۔

جاکِٹ ۔ انگریزی وضع کی کُرتی ۔ بنڈی ۔ صدری ۔ واسکٹ ۔

جاکو پی چاہے وُہی سُہاگن ۔ (مثل) جسے مالک پسند کرے وہ سب سے اچھا ہے ۔ خواہ اس کی صورت کیسی ہی ہو ۔

جاکو رَاکھے سائیاں مار

نہ سا کے کوئی ۔ بال نہ بیکا کر سکے جو دو جگ بیری ہوئے ۔ (مثل) جس کو خدا بچائے اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ۔

جاگتی جوت ۔ کسی دیوی یا دیوتا کا کرشمہ ۔ زندہ کرامات ۔

جالِ الیاسی / الیاس ۔ یہ صفت رکھتا ہے کہ اگر کروڑوں من کے وزن کی چیز ہو مگر جب تم جال پھینکو گے وہ سوا سیر کی ہو کر اس میں آجائے گی اور جہاں منڈھی کھڑی کر دو گے اور اس کے نیچے بیٹھو گے کوئی گرفتار نہ کر سکے گا ، جو اس کے اندر آئے گا الٹا ہو کر ٹنگ جائے گا ۔

جام ۔ (مجازاً) شراب کا پیالہ ۔ ساغر ۔ ایاغ ۔

جامدانی ۔ کڑھا ہوا پھول دار کپڑا ۔ بوٹی دار مہین کپڑا ۔

جامعُ المتفرقین ۔ بچھڑوں کو ملانے والا ۔ (کنایتہً) اللہ تعالےٰ ۔

جاموش ۔ بھینسا ۔ گاؤمیش کا معرب ۔

جامہ ۔ اچکن نما گھٹنے تک نیچا گھیر دار اور لہنگے کی طرح چنٹ دار لباس جو دولھا کو پہناتے ہیں (مجازاً) پیرہن ، لباس ، کرتا ۔

جامہ سے باہر ہونا ۔ (محاورہ) (غصے یا خوشی سے) آپے میں نہ رہنا ، بے ہودہ سی حرکتیں کرنا ۔ جذبے کی شدت کا اظہار کرنا ۔ بے قابو ہو جانا ۔

جانباز ۔ جان پر کھیل جانے والا ۔ بہادر ۔ بڑا محنتی ۔ کسی خطرے کی پرواہ نہ کرنے والا ۔

جان بازی ۔ جان پر کھیل جانا ۔ بہادری ۔ جاں نثاری ۔

جاں گزا ۔ تکلیف دہ ۔ جان گسل ۔

جان دیں بی فاختہ اور کوّے میوے کھائیں ۔ (کہاوت) محنت کوئی کرے اور اس کا پھل کسی دوسرے کو ملے ۔

جانِ جہاں ۔ معشوق ۔ دل ربا ۔ محبوب ۔

جانکاہ (جاں کاہ) ۔ انتہائی تکلیف دہ ۔ ضرر رساں ۔

جانی ۔ عزیز ۔ دلارا ۔ پیارا ۔

جاں نثاری ۔ جانبازی ۔ جانفشانی ۔

جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام ۔ (مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ اپنائیت جتائے (عو) جب کوئی کسی اجنبی کے ساتھ نہایت گرم جوشی سے پیش آئے یا چالاکی سے دوستی ظاہر کر کے اپنا مطلب نکالنا چاہے تو کہتے ہیں ۔

جان ہے تو جہان ہے ۔ سب لطف جیتے جی کا ہے ۔ دنیا کے مزے اپنے دم تک ہیں ۔ زندگی ہے تو اسباب وغیرہ مہیا ہو ہی جائے گا ۔

جاناں ۔ محبوب ۔ معشوق ۔ پیارا ۔

جاہ ۔ رتبہ ۔ درجہ ۔ شرف ۔ عزت ۔ شان ۔

جائدادِ منقولہ وغیر منقولہ ۔ قابل انتقال اور غیر قابل انتقال جائداد ۔

جائزہ ۔ انعام ۔ صلہ ۔ جانچ ۔ پڑتال ۔

جب آنکھیں ہوئیں چار (تو) دل میں آیا پیار (جب) آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں پڑی کھوٹ ۔ (مثل) جس وقت آمنے سامنے ہوں تو اظہار محبت کرتے ہیں مگر غیر حاضری میں کوئی پرواہ نہیں ہوتی بلکہ برائی سوجھتی ہے ۔

جب اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں سے کیا ڈر ۔ (مثل) مشکل کام ہاتھ میں لیا تو مشکلات کا سامنا کرنا ہی پڑے گا ۔

جب تک اونٹ پہاڑ کے نیچے نہیں آتا جانتا ہے مجھ سے بڑا کوئی نہیں ہے ۔ (کہاوت) جب تک اپنے سے زیادہ زبردست سے پالا نہ پڑے انسان اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتا ہے ۔

جبال ۔ (جبل کی جمع) پربت ۔ پہاڑ ۔ کوہ ۔

جب چیونٹی کی قضا آتی ہے پر پیدا کرتی ہے (جب چینیوٹی کے پر نکلتے ہیں

تَب ہی قضا آتی ہے)۔(مثل) آدمی خود اپنی مصیبت کو دعوت دیتا ہے، ایسا کام کرنے کے موقع پر بولتے ہیں جس کا انجام خرابی ہو۔
جَبَرُوت ۔ (لفظاً) قدرت ۔طاقت۔ حشمت ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ جلال ۔
جَبَل ۔ پربت ۔ پہاڑ ۔کوہ ۔
جُبّۂ سالُوس ۔ مکروفریب کا لباس ۔
جَبِین ۔ پیشانی ۔ ماتھا۔
جَبہہ سا ۔ پیشانی رگڑنے والا۔
جَپْنا ۔ تسبیح پڑھنا۔ مالا پھیرنا۔ مدد کرنا۔
جَٹا ۔ رسی کی طرح بٹے ہوئے اور الجھے ہوئے بڑے بڑے بال (جیسے سادھوؤں کے ہوتے ہیں)۔
جَٹا داری (دھاری) ۔ لمبے بالوں والا ۔گیسو دراز۔
جُٹی بھَوَیں ۔ جڑی ہوئی بھویں ۔
جِٹھانی ۔ جیٹھ (شوہر کا بڑا بھائی) کی بیوی ۔
جِدّ و کَد ۔ سرگرمی ۔سعی ۔کوشش۔ محنت مشقت۔
جِدال ۔ جنگ ۔ لڑائی ۔ جھگڑا۔
جِدّۃ (جِدّت) ۔ نیاپن ۔ تازگی ۔ اپج ۔ انوکھاپن ۔
جَدْوَل ۔ پانی کی گزرگاہ یا راستہ۔ (مجازاً) چھوٹی نہر۔ نالی۔
جُدّۃ ۔ وقت ۔ موقع ۔ تاریخ (گزشتہ یا آئندہ)۔
جُدھے ۔ کودھا پھرتڑ (ق)۔
جُرأت ۔ بہادری ۔ دلیری ۔ مردانگی ۔
جَرّار ۔ بڑا بھاری لشکر۔ انبوہ کثیر۔
جَرْدَہ ۔ اسپ سبز رنگ ۔(زرد ایال کے ساتھ) گھوڑے کا ایک رنگ جو منحوس خیال کیا جاتا ہے ۔
جَرَس ۔ گھنٹا ۔ (جو کوچ کے وقت بجاتے ہیں)۔ گھڑیال ۔
جُرْعَہ نوش ۔ گھونٹ پینے والا۔ شرابی ۔
جِرْم قمر۔ (فلکیات، ارضیات یا جمادات وغیرہ) چاند کی ساخت۔ چاند کا حلقہ یا کُرہ ۔ جسم ۔ حجم ۔
جُرّہ ۔ شکرا ۔ باز کا نر (مجازاً) دلیر، دلاور۔
جُرْوا ۔ (جورو کی تصغیر) بیوی۔ زوجہ ۔
جَرِیب ۔ عصا ۔ چوب دستی ۔ لاٹھی ۔
جَرِیدہ ۔ یکہ ۔تنہا ۔ (سب سے) الگ تھلگ ۔
جَزَع ۔ ناشکیبائی ۔ بے صبری ۔

جَزَع و فَزَع ۔ گریہ و زاری ۔

جس کا پاپ اُس کا پاپ ۔ (کہاوت) ۔ جس کا گناہ ہو اسی کے سر۔

جس کو خُدا رکھے اُس کو کون چکھّے ۔ (مثل) جسے اللہ بچائے اسے کون مار سکتا ہے ۔

جس کے ہاتھ ہنڈیا ڈوئی اُس کا سب کوئی ۔ (مثل) جس سے فائدہ پہنچتا ہے سب اس کی خیر خواہی کرتے ہیں ۔

جس کے یہاں بیری ہوتی ہے اُس کے ہاں ڈھیلے آتے ہیں ۔ جس کے ہاں جوان لڑکی ہوتی ہے لوگ تانک جھانک میں رہتے ہیں ۔

جس کی تیغ ہے اُس کی دیگ ہے ۔ (کہاوت) جس میں حکومت کا زور ہو اس کا حکم ماننا ہی پڑتا ہے ۔

جس نے نہ پی گانجے کی کلی اُس بیٹے سے بیٹی بھلی ۔ (مثل) نشہ کرنے والے گانجا پینے کو مردانگی کی نشانی سمجھتے ہیں اور جو یہ نہ پیئے اس کے لیے یہ فقرہ بولتے ہیں ۔

جَسارَت ۔ ہمت ۔ دلیری ۔ مردانگی ۔ جرأت (گستاخی کی حد تک) ۔

جَسْت ۔ ۱۔ ایک مرکب دھات جو تانبے اور سیسے کو ملا کر تیار کی جاتی ہے (ملاوٹ کا تناسب چار سیر تانبا ایک سیر سیسے کے حساب سے رہتا ہے) ۔ ۲۔ کود پھاند ۔ زغند ۔ چھلانگ ۔ چوکڑی ۔

جَسْت و خیز ۔ اچھل کود ۔ چوکڑی بھرنا ۔

جِسْم ۔ بدن ۔ تن ۔

جَشْن ۔ خوشی کی محفل ۔ خوشی، عیش ۔

جَعْد ۔ بال یا سر کے بالوں کی لٹ ۔ زلف ۔ گھونگر یالے بال ۔

جَعْفَری ۔ زرد گیندے کا پھول (مجازاً) مطلق زرد رنگ ۔

جَعْلساز (جعل ساز) ۔ فریبی ۔ دھوکا دینے والا ۔

جَعْلیئے (جعلیا) ۔ دھوکے باز ۔ فریبی ۔ جعل ساز ۔

جَفا ۔ ظلم ۔ ستم ۔ زیادتی ۔

نااتصاقی۔
جَفا کار ۔ ظالم ۔ ستمگر ۔ سفاک ۔ بے رحم (مجازاً) معشوق۔
جُفت ۔ ۱۔ جوڑا۔ وہ عدد جو دو پر پورا پورا تقسیم ہو جائے۔
۲۔ زن و شوہر۔ نر و مادہ ۔ میاں بیوی یا نر و مادہ سے کوئی ایک۔
جُفتی ۔ نر و مادہ کا جنسی ملاپ۔
جُگ جُگ جیئوے ۔ بڑی عمر ہو۔
جَگَت ۔ کنوئیں کی مینڈ ۔ کنوئیں کے اطراف کی وہ پوری جگہ جہاں پانی نکالنے کو پاڑ یا ٹانڈ بنی ہوتی ہے اس میں کنوئیں کی حد چو بچہ اور گھاٹ بھی شامل ہے۔
جُگَت بولنا ۔ (محاورہ) ضلع بازی کرنا۔ ذو معنی بات کہنا۔
جَگمَگی ۔ جگمگاتی ۔ چمکتی۔
جُگنو ۔ (عورتوں کے) گلے کا ایک زیور۔
جَگھڑ ۔ ایک پرندہ (ق)
جَل ۔ پانی ۔ آب ۔
جُل ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ جھانسا ۔
جَل تھَل ۔ وہ زمین جو پانی سے ڈھک جائے (بارش کی کثرت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں)۔
جَلتَرنگ (جل ترنگ) ۔ پانی سے بھرے چینی کے پیالے جن کو چوب سے ضرب لگا کر موسیقی پیدا کرتے ہیں۔
جَل ٹھنڈا ۔ آب خنک ۔ ٹھنڈا پانی ۔ (ق)۔
جُلاب ۔ دست آور دوا ۔ مسہل۔
جَلاپے (جَلاپا) ۔ ۱۔ جلن ۔ کڑھن ۔ رنج ۔
۲۔ رشک ۔ حسد ۔ سوکنوں کی جلن۔
جَلاجل (جُلجُل کی جمع) جانجھر یا تال جو دونوں ہاتھوں میں ایک ایک لے کر بجاتے ہیں۔ دف ۔ دائرہ ۔
جَلّاد ۔ (لفظاً) درے لگا کر کھال اتار دینے والا ۔ گردن مارنے والا۔ پھانسی دینے والا ۔ قاتل ۔
جَلادَت ۔ بہادری ۔ جواں مردی ۔ چستی ۔ چابکی ۔
جَلّادنی ۔ (جلّاد کی تانیث) ظالم۔ سنگدل عورت۔
جَلال ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ بڑائی ۔ (خدا کی صفت) ۔ قہاری ۔
جَلالَت ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ رعب داب ۔
جُلدُو ۔ صلہ ۔ انعام ۔ اچھا بدلہ۔ جزا۔
جَلسَہ ۔ محفل رقص و سرود ۔ ناچ رنگ کی محفل۔

جَلسۂ نَشاط ۔ خوشی کی محفل ۔ ناچ رنگ کی محفل ۔
جِلَو ۔ ہمراہی ۔ ہم رکابی ۔ معیت ۔
جِلَو خانَہ ۔ شاہی محلات میں امراد ارکان سلطنت سے ملاقات کی جگہ جو عموماً حمام خانہ سے متصل ہوتی اور جہاں خاص خاص لوگ ہی باریاب ہوتے ہیں ۔
جِلَو دار ۔ وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کے ہمراہ چلے ۔
جُلُوس ۔ شاہانہ حشم ۔ امیروں بادشاہوں کی سواری ۔ سواری کے ٹھاٹھ باٹ اور کروفر ۔
جَلْوَہ اَفگَن ۔ جلوہ دینے والا ۔ عکس ڈالنے والا ۔ نمودار ۔ ظاہر ۔
جَلْوَہ فرما ۔ رونق افروز ۔ نمودار ۔ نمایاں ۔
جَلْوَہ گاہ ۔ ۱۔ نمودار ہونے یا نظارہ دکھانے کی جگہ ۔ مقام دیدار ۔
۲۔ تماشا گاہ ۔ حجلۂ عروسی ۔
جَلْوَہ گَر ۔ رونق بخش ۔ نمودار ۔ ظاہر ۔ نمایاں ۔
جَلْوَہ گُسْتَر ۔ رونق بخش ۔
جَلْوَہ نُما ۔ جلوہ گر ۔ نمایاں ۔
جَلیبی ۔ ہند و پاک کی ایک مشہور مٹھائی جس کو عربی میں زلابیہ کہتے ہیں (زلابیہ ہی سے بگڑ کر جلیبی بنا ہے) ۔
جَلی ۔ برہم ۔ ناراض ۔
جَلی کَٹی ۔ رشک وحسد والی ۔ دشمنی کی ۔
جَلِیس ۔ ساتھ بیٹھنے والا ۔ ہم نشین ۔ ساتھی ۔ مصاحب ۔
جَلِیل ۔ بزرگ ۔ بڑا ۔ شان دار ۔
جَلِیلُ القَدْر ۔ معزز ۔ بڑے رتبے والا ۔ عالی مرتبت ۔ رفیع الدرجات ۔
جَم ۔ پیشدادی خاندان کا چوتھا بادشاہ ۔ جمشید ۔ ایک قسم کا باجا ۔ (ق)
جَم جَم ۔ نت نت ۔ ہمیشہ ۔ مدام ۔
جَمْجاہ (جم جاہ) ۔ جمشید کا ہم مرتبہ ۔ بلند مرتبہ اور بڑا بادشاہ ۔ شایان شان شوکت والا ۔
جَمال ۔ حسن ۔ خوب صورتی ۔ روپ ۔
جَمالِ جَہاں آرا ۔ وہ حسن جو جہان کو رونق بخشے ۔ دنیا کو سنوارنے والا حسن ۔ وہ حسن جس سے دنیا کی رونق اور چہل پہل میں اضافہ ہو ۔ (ق)
جَماہی ۔ خمار اور بیداری کے طول یا تکان کی حالت میں منہ

کھول کر سانس لینا - خمیازہ - کاہلی -
جَمال گوٹا - ایک نہایت دست آور پھل جو جلاب کی دواؤں میں شامل کیا جاتا ہے -
جَماؤ - اجتماع - بھیڑ - ہجوم - (مجازاً) لشکر - لشکر کا اکٹھا ہونا -
جَمْعَدار - ۱- فوج کا ایک چھوٹا افسر -
۲- خاکروب - بھنگی -
جَمگھٹا - ہجوم - انبوہ - مجمع -
جَمِیع - کل - تمام - سب - مجموع -
جَمِیعَت - (مجازاً) گروہ - سپاہ - فوج - دستہ -
جَن جائے اُنہیں لجائے - (کہاوت) ناخلف اولاد سے ماں باپ کو شرمندگی اور ذلت اٹھانی پڑتی ہے -
جِنّ - (لفظاً) پوشیدہ - چھپا ہوا (مجازاً) ایک مخلوق انسانوں سے مختلف قرآن مجید میں اس کا ذکر سورہ جن میں آیا ہے (مجازاً) مضبوط اور زور آور شخص - غصہ - غضب - ثابت قدم - مستقل مزاج شخص -
جن چڑھ بیٹھنا - یکایک آسیب زدہ ہوجانا -
جِناح - فوج کا دستہ (عموماً) مقدمۃ الجیش - ہراول -
جُناغ - معاہدہ - عہد - آپس میں شرط بدنا - ٹھیکہ - جوئے کی شرط -
جِنان - جنت - بہشت -
جُنْبان - ۱- جنبش دینے والا - جنبش کرانے والا -
۲- متحرک - ہلتا ہوا -
جُنْبانی - حرکت - جنبش -
جُنْبِش - حرکت - ہلنا جلنا -
جَنَّت - (اسلام) مرنے کے بعد صاحب ایمان نیکوکاروں کا مسکن جہاں ایسی نعمتیں موجود ہیں جنھیں نہ کسی بشر نے دیکھا نہ کسی کان نے سُنا اور نہ کسی کے دل پر ان کا خیال گزرا - بہشت - باغِ بہشت -
جَنَّتُ الْماویٰ - جنت کے ایک درجے کا نام جو بعض کے نزدیک پانچواں اور بعض کے نزدیک ساتواں ہے -
جَنْتَر - تعویذ - گنڈا - جادو - طلسی نقشہ - سحر - افسوں - ٹوٹکا -
جَنْجال - مصیبت - آفت - پریشانی -
جُنجُنا (جھُنجھُنا) - بچوں کا کھلونا جس کے اندر بجنے کے لیے کنکریاں ڈال دیتے ہیں -
جِنْدڑی - جان - زندگی -

جِنس ۔ قسم ۔ طرح ۔

جَنگ ۔ لڑائی ۔ معرکہ ۔ رزم ۔ پیکار ۔

جَنگِ زَرگَری ۔ مصنوعی لڑائی ۔ دکھاوے کی لڑائی ۔ (مصلحتاً) لڑائی ۔

جَنگِ مَغلُوبہ ۔ ایسی جنگ جس میں دونوں فریقوں کے لشکر ایک دوسرے پر ٹوٹ پڑیں ۔ گھمسان کی لڑائی ۔ ایسی لڑائی جس میں ایک فریق دوسرے فریق پر حاوی ہونے کے لیے سرتوڑ کوشش کے ساتھ لڑے ۔ دست بدست لڑائی ۔ انبوہ کی لڑائی ۔

جَنگ و جَدال (جَدَل) ۔ لڑائی جھگڑا ۔ ہاتھا پائی ۔

جَنگاہ ۔ میدان جنگ ۔ لڑائی کی جگہ ۔

جَنگَل ۔ صحرا ۔ بن ۔ بیابان ۔

جَنگَل باڑی ۔ ایک قسم کا باریک سفید سوتی کپڑا ۔

جَنگَل میں مَنگَل ۔ ویرانے میں رونق ۔ چہل پہل یا عیش و نشاط کا سامان ۔ خوشی اور عشرت کا دور دورہ ۔

جَنگلے ۔ (موسیقی) ایک راگ کا نام جو سہ پہر کو گایا جاتا ہے ۔

جَنَم گھٹّی ۔ طبی نسخے کے مطابق وہ پہلی دوا جو نوزائیدہ بچے کو دی جاتی ہے ۔ گھٹی ۔

جُنُود (جُنْد کی جمع) لشکر ۔ فوج ۔ سپاہ ۔

جَنیُو ۔ وہ بٹا ہوا تاگا جو ہندوؤں میں برہمن یا کھتری یا ویش مقدس سمجھ کر گلے میں اور بغل میں آڑا ڈالتے ہیں کہ اس کا ایک بل یا حلقہ کمر تک آتا ہے ۔ برہمن کے گلے میں بدھی کی طرح ڈالا ہوا تاگا ۔ زنار ۔

جو آگ کھائے گا اُنگارے ہگے گا ۔ (کہاوت) برے کام کا نتیجہ برا ہوتا ہے ۔

جو پہلے مار چلے وہ میر ہے ۔ (مثل) جو پہلے فائدہ اٹھالے وہی اچھا رہتا ہے ۔ مقابلے میں جو پہلے چوٹ کرے وہی جیتتا ہے ۔

جُو جاگے سُو پاوے جُو سُوئے سُو کھُووے ۔ (کہاوت) جو ہوشیار رہتا ہے وہی فائدہ اٹھاتا ہے ۔ غفلت برتنے والا نقصان ہی اٹھاتا ہے ۔

جو گرجے ہیں وہ برسیں گے کیا ۔ (مثل) بڑھ بڑھ کے

باتیں بنانے والا ناکارہ اور نکما ہوتا ہے۔

جُو گُڑ دیئے مَرے اس کو زہر کیوں دیجیے ۔ (کہاوت) جو کام معمولی تدبیر سے نکل سکے اس کے لیے سخت اقدام کیوں کیا جائے۔

جُوار ۔ ایک اناج جس کا دانہ سفید اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے (مجازاً) موٹا جھوٹا اناج جو غریبوں کی غذا ہو۔

جَواسیس ۔ (جاسوس کی جمع) ۔ مخبر۔ بھیدی۔

جَوانِ رَعنا ۔ خوب صورت جوان۔

جَوانمَرد ۔ (جواں مرد) دلیر۔ بہادر۔ عالی ہمت۔

جَوانِب ۔ (جانب کی جمع) طرف۔ سمت۔

جَوانی ۔ شباب۔ نوعمری۔

جَوانی پیٹے ۔ (پیٹا) ۔ (فقرہ) (عو) (کوسنا) جوان ہی مرجائے۔

جَوانِی چلتی پھرتی چھاؤں ہے ۔ جلد ختم ہوجانے والی۔ ناپائدار۔

جَوانی دِیوانی ۔ (فقرہ) جوانی میں انسان دیوانہ ہوتا ہے۔ جوانی میں کچھ آگا پیچھا نہیں سوجھتا۔

جَواہِر ۔ قیمتی پتھر جن کی پانچ قسمیں نہایت اعلیٰ سمجھی جاتی ہیں۔ لعل، الماس، یاقوت، نیلم اور زمرد، ان کے ساتھ مروارید، مرجان، عقیق اور فیروزے کو شامل کرتے ہیں۔

جَواہِرنِگار ۔ جس میں جواہر ٹکے ہوں۔ مرصع۔ جڑاؤ۔

جُوبَن ۔ جوانی کا اٹھان۔ اُبھار۔ آغاز۔ اٹھتی جوانی۔ حسن وجمال۔ خوبصورتی۔ بانکپن۔

جُوت ۔ ۱۔ بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جوا د بار رہتا ہے۔
۲۔ بیڑی کی رسی سینچتے وقت جس کو ہاتھ میں پکڑتے ہیں۔
۳۔ چاندنی۔ روشنی۔ رونق۔

جُوتا بھاری ۔ قیمتی جوتا۔ (ق)۔

جُوتی پَیزار ۔ جوتیوں سے مار پیٹ۔ دنگا فساد۔ دھینگا مشتی۔ تو تو میں میں۔

جُوتی ۔ پاؤں کی حفاظت کے لیے کپڑے، چمڑے، ریگزین وغیرہ کی بنی ہوئی پوشش۔ پاپوش۔ کفش۔

جُود - بخشش - سخاوت - فیاضی -
جُورُو - بیوی - زوجہ -
جوز - اخروٹ - چارمغز -
جوزی - حلوا جس میں جائفل اور جاوتری وغیرہ بھی پڑتی ہے -
جُوڑا باندھنا - (محاورہ) سر کے بالوں کو اکٹھا لپیٹ کر سر کے پچھلے حصّے پر گرہ دے لینا -
جُوڑے (جوڑا) - پوری پوشاک - لباس - خلعت -
جُوڑی - ایک قسم کی بانسری جس میں دو نے جڑی ہوں یا ایک ساتھ بجائی جانے والی دو بانسریاں -
جُوجھ مرنا - (محاورہ) لڑائی میں مارا جانا - لڑتے ہوئے جان دے دینا -
جُوشَن - جنگی لباس جس میں زرہ کی طرح کڑیوں کے علاوہ پٹریاں بھی ہوتی ہیں - تعویذ جو بازو پر باندھا جائے -
جَوف - غار - گہرائی (پہاڑ وغیرہ کی) -
جُوکھوں - ۱- مشکل صورت، حال یا خطرے کی کیفیت -
۲- نقصان - خسارہ -
۳- بلا - آفت -

جو ہمیں نہ مارے تو ہم تما عالم کو مار ڈالیں - (مثل) اگر ہم مصیبت میں پھنستے تو ساری دنیا سے انتقام لیتے (ق) -
جُوگ - (ہندو) گیان دھیان کے ذریعے خدا سے وصل کرنا - ریاضت - نفس کشی -
جُوگی - تارک الدنیا - مرتاض - ہندو فقیر - بن باسی - سنیاسی -
جُوگیا - (موسیقی) بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے - جوگیوں کی وضع قطع کا - ملاگیری -
جَولان - ۱- دوڑ - تیز رفتاری -
۲- گھوڑے کا چکر کھانا - تیز دوڑنے والا - تیز رفتار - زنجیر - بیڑی -
جُوں - ایک چھوٹا سا کیڑا، جو بالوں یا کپڑوں میں میل یا پسینے سے پیدا ہو جاتا ہے -
جَوہَری - جواہر فروش - جواہر کا پارکھ -
جُوہی - ایک پودا اور اس کا پھول جو نازک اور خوشبودار اور چنبیلی کے پھول سے ملتا جلتا ہے - یاسمین دشتی -

جُوئبار - نہر - بڑی نہر - نہروں سے مل کر بننے والی نہر۔
جُویا - طالب - خواہاں - متمنی -
جُویاں (جویا) - ڈھونڈنے والا - تلاش کرنے والا - کھوجی۔
جہاد - شعائر اسلام اور فرائض منصبی میں رکاوٹ ڈالنے پر اثبات دین اور اعلائے کلمۃ الحق کے لیے کفار اور منافقین کے خلاف لڑنا۔ استحکام وبقائے دین واحکام دین کے لیے جنگ کرنا۔
جہالت - ان پڑھ ہونا - بے عملی - اجڈپن۔
جہاں ڈر وہاں اپنا / ہمارا گھر - (مثل) بہادر آدمی کا مقولہ - ہم خطرے کی پرواہ نہیں کرتے - نڈر - جیالا - بہادر۔
جہاں کہیں گل ہے وہاں خار ضرور ہے - (مثل) خوشی کے ساتھ رنج - راحت کے ساتھ تکلیف۔
جہاندار - (جہاں دار) بادشاہ - حاکم وقت - دنیا کا رکھ والا۔
جہاں گنج ہے وہاں مار ہے۔ (مثل) (روایت ہے کہ لوگ دولت کو دفن کر کے اس کی حفاظت کے لیے سانپ اس پر بٹھا دیتے تھے) - دولت کے ساتھ خوف وخطرہ بھی ہے - آرام کے ساتھ مصیبت بھی لگی ہوتی ہے۔
جہانگیریاں (جہاں گیری)۔ ہاتھ کا ایک جڑاؤ زیور (ملکہ نور جہاں کی ایجاد)۔
جَہندَہ - اُچھلنے والا - تڑپنے والا - جست بھرنے والا - کودنے والا۔
جَہنّم - پہلے دوزخ کا نام - وہ مقام جہاں گنہگار آگ میں جلتے رہیں گے۔
جھابے جھاڑ - ایک قسم کا فانوس یا جھاڑ (ق)۔
جھاڑ - بلور یا آبگینے کا شاخ دار درخت کی مانند وہ فانوس جو مکانات میں روشنی اور زیبائش کے لیے لٹکایا جاتا ہے۔
جھاڑ پھونک - منتر - دعا جو دفعیہ مرض کے لیے کرے۔
جھاڑ کا کانٹا - ۱- لڑاکا - جنگجو - ۲- وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔
۳- جھاڑی کا کانٹا۔
جھاڑنا - دعا یا منتر سے زہر منتر، مرض یا آسیب کے اثر کو دفع کرنا۔ پھونکنا - دم کرنا۔

جَھاڑ جھَنکاڑ ۔ گھنے اور خاردار درخت جس میں پتے کم اور شاخیں بہت ہوں ۔ کانٹوں دار درختوں کی سوکھی شاخیں ۔

جَھاڑُو نہ دِلوانا ۔ معمولی یا ادنیٰ کام کے بھی قابل نہ سمجھنا ۔ لائق اعتنا خیال نہ کرنا (ق) ۔

جَھاڑُو بُہارُو (بُہارُو) ۔ صفائی ستھرائی ۔ جھاڑو دینے کا عمل ۔

جَھاڑی ۔ وہ میدان جہاں خاردار پودے ہوں ۔

جَھاڑی جُھنڈی ۔ ایک جگہ بہت سے چھوٹے چھوٹے گھنے درخت ۔

جَھال ۔ چوکڑی ۔ زقند ۔

جَھالے (جھالا) ۔ عورتوں کے کانوں کا ایک زیور جس میں سونے کے علاوہ موتیوں کی چند در چند لڑیاں ہوتی ہیں ۔

جَھانٹ ۔ ۱۔ شرم گاہ کا بال ۔ موئے زہار ۔
۲۔ ادنیٰ چیز ۔ بے حقیقت چیز ۔

جَھانجَھ (جَھانجَر) ۔ ۱۔ ایک قسم کا بڑا مجیرا جو عموماً تاشے اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے، یہ دو کانسی کی بیچ میں سے (بھری ہوئی رکابیاں سی ہوتی ہیں، بیچ میں سوراخ ہوتا ہے کہ اس میں ڈورا ڈال کر گرفت میں لیا جا سکے ۔ بجانے میں دونوں کے ٹکراؤ سے جھنکار پیدا ہوتی ہے ۔
۲۔ جھانجھ ۔ پیروں میں پہننے کا خول دار کڑے کی وضع کا زیور جس کے اندر لوہے یا سیسے کے دانے ڈال دیئے جاتے ہیں جو حرکت کرتے وقت جھنکار پیدا کرتے ہیں ۔

جَھانجھ اُتارنا ۔ جھنجھلاہٹ نکالنا ۔ کسی کا غصہ کسی پر اُتارنا ۔

جَھانک ۔ جھانکنے کا فعل ۔

جَھانکڑ ۔ ۱۔ سوکھی جھاڑی ۔ چھوٹی جھاڑی کا جنگل ۔
۲۔ دبلا ۔ لاغر ۔

جَھانکی ۔ (جھانکیوں) ۔ وہ موکھا جس میں سے شکاری شکار کی گھات لگاتے ہیں یا قلعہ جہاں جنگ میں توپ یا بندوق وغیرہ نصب کرتے ہیں ۔

جَھاوَلی بتانا (دینا) ۔ (جھاوَلی) ۔ (محاورہ) غمزے کرنا ۔ آنکھ سے اشارے کرنا ۔ عشوہ سازی کرنا ۔ آنکھیں مٹکانا ۔

جَھٹ پَٹ ۔ ترت ۔ فوراً ۔ جلدی سے ۔

جَھٹک ۔ جنبش ۔ ضرب ۔ دھچکا ۔ اچھال ۔

جَھٹکا ۔ اسلامی ذبیحے کی شرائط

کے خلاف ایک ہی وار میں جانور کی گردن اڑا دینا۔

جھجھک (جھجک) ۔ خوف، تعجب یا شرم وغیرہ سے ٹھٹک جانے یا چونک جانے کی حالت۔ خوف ۔ حیا۔ شرم ۔ رکاوٹ۔

جھَڈُّو ۔ ایسا شخص جسے بیوی کی کمائی اُڑانے میں تامل نہ ہو۔

جُھرمُٹ مارنا ۔ (محاورہ) چادر وغیرہ سے منھ چھپانا ۔ گھونگھٹ نکالنا۔

جِھری ۔ شگاف ۔ درز۔ چاک ۔

جھَڑی ۔ بارش ۔ ہلکی بارش جو کئی دن جاری رہے ۔ تیز اور مسلسل بارش۔

جھَرّانا ۔ برہم ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ خفگی کا اظہار کرنا (ق)۔

جھَڑ ۔ قفل کا کھٹکا۔

جھَڑنا (جھرنا) ۔ وہ چشمہ یا حوض جس میں پانی کسی اونچے مقام پر سے آکر گرے اور ایک چادر کی شکل اختیار کرے ۔ آبشار۔

جھَڈُّوس ۔ بے غیرت ۔ بے حیا ۔ بے حمیت۔

جھکائیاں (جھکائی) ۔ گھائی ۔ جھپکی ۔ بھلاوا ۔ مغالطہ ۔ دھوکا (جو پہلوان یا لاٹھی یا نیزہ چلانے والے حریف کو دیتے ہیں)۔

جھَکوُرا ۔ ہوا جھونکا۔

جھَل ۔ ۱۔ حرکت ۔ جنبش ۔ ۲۔ گرمی ۔ حرارت ۔

جھُل ۔ روشنی ۔ چمک ۔ جگمگاہٹ ۔

جھَلّاکر ۔ غصّے کے عالم میں ۔ تندمزاجی کے ساتھ۔

جھُلسا ۔ لوکا ۔ لکٹا ۔ شعلہ ۔

جھَلّا ۔ بے وقوف ۔ پاگل ۔ سڑی ۔ خبط الحواس ۔ بدمزاج ۔ غصہ ور۔

جھَلی ہوئی صراحی ۔ ٹھنڈا پانی اس طرح کیا جاتا کہ جست کی نازک صراحیاں موجود رہتیں اور وہ ناندوں میں شورا اور پانی میں ڈال کے اس میں پھرائی جاتیں، اس تدبیر سے تھوڑی دیر میں پانی میں برف کی سی خنکی پیدا ہو جاتی اور اس کی ٹھنڈک نہایت ہی لطیف و خوشگوار ہوتی ۔ اس تدبیر کو صراحیوں کا جھلنا کہتے تھے۔

جھَلابور ۔ (عموماً لباس) جواہرات سے جھلملاتا ہے ۔ زرق ۔ برق ۔

جِھلّم ۔ خود پر لگی ہوئی لوہے کی کڑیاں یا نقاب جو زرہ کی طرح ہوتی ہے اور اکثر لڑائی کے وقت منھ پر ڈال لی جاتی ہے ۔ جھالردار نقاب ۔

جِھلنگا ۔ ڈھیلی ڈھالی چارپائی ۔ وہ چارپائی جس کے بان ٹوٹ کر

لٹک گئے ہوں اور ادوان بھی بوسیدہ ہوگئی ہو۔

جَھلّو ۔ چھنال ۔ شہوت پرست عورت ۔ غصہ ور اور لڑاکا عورت ۔

جَھَم ۔ فوراً ۔ بہت جلد ۔ تیزی کے ساتھ ۔

جَھَم جَھَم ۔ تیز اور مسلسل بارش ۔ لگاتار مینھ کا برسنا ۔ زور سے مینھ برسنے کی آواز ۔

جَھَمَک ۔ ۱۔ نور ۔ تجلی ۔

۲۔ آب و تاب ۔ شان و شوکت ۔

جُھمکا ۔ بندے کی قسم کا زیور جس کی مُرکی کٹوری کی شکل کی جڑاؤ اور سادہ دونوں قسم کی ہوتی ہے ۔

جَھمَکڑا ۔ ۱۔ حسن ، جھلک ، آب و تاب ۔

۲۔ ناز و انداز ۔ بناؤ سنگار ۔ شان و شوکت ۔

جَھمیلَہ (جھمیلا) ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ بکھیڑا ۔

جَھَنا ۔ گونج ۔ جھنجھناہٹ ۔ جھننا ۔

جَھَناٹا ۔ زناٹا ۔ کسی برتن یا تلوار وغیرہ کی آواز ۔ جھنناٹا ۔

جَھنجَھٹ ۔ جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ قضیہ ۔ پریشانی ۔ حجت ۔ تکرار ۔

جَھنجَھری ۔ ۱۔ جالی ۔ شبکہ ۔ چق ۔ چلمن ۔ جھروکا ۔

۲۔ سوراخ دار توا ۔

جَھنجھوڑنا ۔ ۱۔ بیدار کرنا ۔ ہوشیار کرنا ۔ خبردار کرنا ۔

۲۔ نوچنا ۔ کھسوٹنا ۔ بار بار جھٹک کر ادھموا یا زخمی کر ڈالنا (کنایتہً) لعنت ملامت کرنا ۔ شرم دلانا ۔

جُھوٹھ مُوٹھ کا ۔ ۱۔ فرضی ۔ مصنوعی ۔ نقلی ۔

۲۔ بناوٹی ۔ دکھاوے کا ۔ ظاہر داری کا ۔

جُھنجُھنا ۔ بچوں کا وہ کھلونا جس میں کنکریاں یا کسی اور قسم کے دانے پڑے ہوتے ہیں اور جس کو ہلانے سے جھن جھن کی آواز ہوتی ہے ۔ گھنگرو لگا ہوا دستی کھلونا ۔

جُھنڈا ۔ بالوں کی لٹ یا گچھا ۔

جُھنڈا سر کھلا ہوا ہے ۔ سر کے بال پریشان ہیں ۔ بکھرے ہوئے ہیں ۔

جَھنڈے تلے کے شُہدے ۔ چھٹے ہوئے گرگے ۔ لفنگے ۔ لنگارے ۔

جَھونپڑیا ۔ (جھونپڑا کی تصغیر) ۔ ۱۔ چھپر کا گھر ۔ پھوس کا مکان ، چھپر ۔

۲۔ سر چھپانے کی جگہ ۔ رہنے کی معمولی جگہ ۔ غریب خانہ ۔

جُھوٹا - ۱- جھوٹ بولنے والا - دروغ گو - بے ایمان - کاذب - ۲- بچا کھچا - پس خوردہ - کھانے پینے کی ایسی چیز جسے کسی نے تھوڑا سا کھا پی لیا ہو ، اُلش کیا ہوا۔

جُھوٹے سے سَچّا بَدَلنا - یعنی نقلی سے اصلی بدلنا (مراداً) خراب دے کر اچھی چیز لینا۔

جُھوٹَن جَھاٹَن - (تحقیر کے موقع پر مستعمل) - بچا کھچا - بچا ہوا کھانا۔ پس خوردہ۔

جُھوٹے کو گھر تک پہنچانا - (محاورہ) جھوٹے کو قائل کرنا۔ جھوٹے کا جھوٹ ثابت کردینا۔

جُھوجُھر - بڑا پیٹ - توند کا نکلا ہوا حصہ - بڑے پیٹ کا وہ حصہ جو باہر کو نکلا رہے اور تھل تھل ہلے - توند۔

جَھوڑ - ۱- لڑائی جھگڑا۔ ۲- تکرار - ردو بدل -

جُھولا کھا جانا - (محاورہ) مفلوج ہو جانا - بے کار ہو جانا۔ لٹک جانا۔

جُھولی - چھوٹی تھیلی - خورجی -

جُھومَر - ایک زیور کا نام جو عورتیں زیبائش کے لیے پیشانی پر لٹکاتی ہیں -

جَھونٹے پکڑنا - (محاورہ) حقارت کے ساتھ سر کے بال پکڑنا - بال نوچنا - چوٹی پکڑنا - ذلیل کرنا -

جھُونک - وار کرنے کی حالت - خمیدگی - وار -

جُھونجھ - (مجازاً) جھونپڑا - جھونپڑی - معمولی مکان [illegible]حقارتاً و طنزاً گھونسلا -

جِھیل - پانی کا وسیع قطعہ جو خشکی کے درمیان واقع ہو - تال - بڑا تالاب -

جِھیں جِھیں - جھینگر کے بولنے کی آواز -

جِیبھی - زبان صاف کرنے کا آلہ - جیب چھیلنی - نہاری - دہانہ -

جَھینپنا - شرمانا - لجانا - آنکھیں نیچی کر لینا - آنکھیں نہ ملانا - تامل کرنا -

جَے جَے کار - فتح - سلامتی - خوشی کا نعرہ -

جَیب - (مجازاً) وہ تھیلی جو ضرورت کی معمولی چیزیں رکھنے کے لیے لباس میں کسی موزوں جگہ زیر گریباں ، دامن میں سی لیتے ہیں -

جَیسا دیس ویسا بھیس - (کہاوت) جہاں رہے وہیں کی وضع اور چلن اختیار کرنا چاہیے -

جَیسے (جَیسی) کَرنی وَیسی بَھرنی (مثل) برے عمل کا نتیجہ برا ہی ہوتا ہے۔ انسان جیسا کچھ کرے گا وہی کچھ اس کے سامنے آئے گا۔

جَیش - لشکر - فوج - سپاہ۔

جِیوڑا - روح - جی - جان - زندگی۔

چ

چابُک دَست - پھرتیلا - اپنے کام میں چست و چالاک۔ تیز (مجازاً) ماہرفن۔

چاچ - ماوراالنہر کا ایک قدیم شہر جہاں کی کمان مشہور تھی۔

چادَر - جسم پر اوڑھنے کا لمبا چوڑا کپڑا - لمبا اور کم چوڑا کپڑا جو مختلف کاموں میں استعمال کیا جائے۔

چادَر مَحمُودی - ایک قسم کی باریک ململ کی چادر۔

چادَر ہِلنا - فوج کا اعتراف شکست اور پیغام صلح کی علامت۔

چادُرا - موٹے سوتی یا اونی کپڑے کی بڑی چادر۔ چادر کی قسم کا مگر لمبان اور چوڑان میں اس سے کسی قدر بڑا بنا ہوا کپڑا عموماً تین سوا تین گز لمبا اور ڈیڑھ پونے دو گز چوڑا تیار کیا جاتا ہے۔

چار آنکھیں ہونا۔ (آنکھیں چار ہونا) (محاورہ)۔ رو برو ہونا - مقابل ہونا۔ ملاقات کرنا۔

چار آئینَہ - ایک قسم کی زرہ جس میں لوہے کی چار تختیاں بانات یا مخمل میں مڑھ کر سینے اور پشت کے گرد لگاتے ہیں۔

چار اَبرو کا صَفایا - سر بھویں مونچھیں اور ڈاڑھی کے بال منڈا دینے سے عبارت ہے - بھدرا۔

چار باغ - اصفہان اور دہلی میں ایک باغ کا نام - گلشن - گلزار۔ چمن۔

چار چاند لگنا - (محاورہ) شہرت ہونا - نام ہونا۔

چار چَمن - چار باغ - گلشن - گل زار۔

چار خانَہ - کپڑے میں بنا وٹ یا رنگائی یا کڑھائی وغیرہ سے بنا

ہوا چوکور خانہ یا خانے۔ وہ کپڑا جس میں چوکور خانے بنے ہوں۔

چَار دَانگ ۔ چاروں سمت۔ ہر طرف۔

چَار دِن کی چَاندنی اَور پھر اَندھیرا پاک ۔ (کہاوت) چند روزہ عیش ہے پھر وہی تکلیف۔ چند روزہ عروج ہے اور پھر زوال۔

چَار طاق ۔ راوٹی۔ چھوٹا خیمہ۔

چَار قَب ۔ ایک قسم کی زرتارو مرصع صدری جو سلاطین توران کا امتیازی پہناوا تھا۔

چَارَوں شانے چِت ۔ پشت کے بل۔ اس طرح کہ پشت بالکل زمین سے ملی ہوئی اور ہاتھ پاؤں پوری طرح پھیلے ہوئے ہوں (مجازاً) شکست خوردہ، مات کھایا ہوا۔

چَارَہ ۔ (چارا) گھاس چری وغیرہ جو جانوروں کو کھلاتے ہیں۔

چَاق ۔ تندرست۔ صحیح۔ تنومند۔ توانا۔ فربہ۔

چَاک ۔ کمہار کا مٹی سے بنا ہوا پہیا جو زمین میں پر نصب ہوتا ہے اور جسے وہ مقررہ ضابطے کے تحت گھما کر اوپر رکھی ہوئی مٹی سے برتن بناتا ہے۔

چَالاَ ۔ شادی کے بعد چوتھی کی رسم جو دوسرے دن دلھن کے گھر پر ہوتی ہے اس کے بعد دلھن دولھا کے گھر چلی جاتی ہے پھر چار روز بعد اس کو میکے بلایا جاتا ہے یہ شغل چار مرتبہ یعنی ایک ماہ تک جاری رہتا ہے، ہر بار جب دلھن میکے سے واپس سسرال جاتی ہے تو دولھا کے ساتھ اس کی بہنیں اور دوسرے رشتے دار دلھن کے گھر دعوت پر بلائے جاتے ہیں۔

چَاند پَر خاک ڈَالنا (چاند پر خاک ڈالے سے نہیں پڑتی) ۔ (محاورہ) کھلے ہوئے کمال کا انکار کرنا، بے عیب کو عیب کو عیب لگانا۔ کامل کو ناقص قرار دینا۔ (حسد وغیرہ کی وجہ سے) اچھے کو برا کہنا۔

چَاند ٹیکی ۔ سرخ رنگ کی بندی جو (بیشتر ہندو) عورتوں کے سنگھار کا ایک جزو ہے اور ماتھے پر وسط میں لگائی جاتی ہے۔

چَاندنی چَوک ۔ کسی بھی شہر کا بارونق یا مرکزی بازار۔

چَاندنی کا کھیت کَرنا ۔

(محاورہ) چاندکی روشنی کاخوب پھیل جانا - چاندنی چٹکنا۔

چاہ - چاہت - محبت - عشق۔ لگاؤ - ذوق وشوق -

چاہِ بابل - بغداد سے جنوب کی طرف تقریباً پچپن میل کے فاصلے پر ایک چوکور کنواں جس کا قطر تین فٹ کے قریب ہے اس کنویں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس میں ہاروت و ماروت لٹکے ہوئے ہیں اور قیامت تک لٹکے رہیں گے - علماء یہود کا کہنا ہے کہ زمین پر قیام کے دوران ہاروت ماروت کی نگاہ ایک خوب صورت عورت زہرہ پر پڑی اور وہ اس کی قربت کے طلب گار ہوئے 'زہرہ کے کہنے پر انہوں نے شراب خوری' بت پرستی اورقتل وغارت تک سے گریز نہ کیا یہاں تک کہ اسم اعظم بھی (جس کی ممانعت تھی) زہرہ کو سکھا دیا' زہرہ اسم اعظم کی برکت سے آسمان پرچلی گئی اور ہاروت ماروت خدا کے غضب میں مبتلا ہوکر چاہ بابل میں قید ہوئے - قرآن کریم میں ہاروت و ماروت کا نام آیا ہے مگر مذکورہ قصے کی طرف کوئی اشارہ موجود نہیں -

چاؤش - لشکر، قافلے یا سلاطین وامرا کا سواری کے آگے آگے مقررہ نعرہ لگاتا ہوا چلنے والا۔ چوب دار - نقیب - محافظ۔ پیغامبر۔

چاؤں چاؤں - بے فائدہ باتوں کا شوروغل - بے ضرورت بکواس۔ تکرار - جھگڑا جو ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے تک محدود ہے -

چِبلی (چبلا کی تانیث) - طفل مزاج - ناتجربے کار - سفلہ - کم ظرف - غیرسنجیدہ -

چَبُوترَہ - مربع یا مستطیل صورت میں زمین سے اونچی جگہ - پلیٹ فارم - چبوترا۔

چَبِینا - بھنا ہوا اناج - چبانے کے قابل غلہ - معمولی غذا - روکھا سوکھا کھانا۔

چَپَرغٹّو (چپڑغٹو) - اسیر بلا وگرفتار آفت - گرفتار۔ اسیر۔

چَپکَن - سینہ کشادہ بالا برکا انگرکھا - بے گریبان لٹکتی ہوئی آستین کی اچکن جو بائیں جانب پسلیوں پر ہلالی شکل میں کھلی ہوتی ہے اور بغلوں کے نیچے سلائی نہیں ہوتی۔ بٹن کی جگہ ڈوری یا بند ہوتے ہیں' بیسویں صدی کے ابتدائی زمانے تک اس کا کافی رواج تھا۔

چَپنی بَھر پانی میں ڈُوب مَرنا ۔ (محاورہ) نہایت منفعل اور شرمندہ ہونا ۔ غیرت سے منہ چھپا لینا (شرم اور غیرت دلانے کے لیے بولتے ہیں) ۔

چَپّی ۔ جسم کو سہلانے یا ہاتھ پاؤں دبانے کا عمل ۔ آرام پہنچانے کی غرض سے بدن کی مالش ۔ چمپی ۔

چَپَڑ (چپر) ۔ ہرزہ گرد ۔ سفلہ ۔ کمینہ ۔

چَپڑا ۔ صاف کی ہوئی لاکھ کا پتر ۔

چَتّر ۔ چھتری ۔ بڑی چھتری ۔ خصوصاً سلاطین و امرا کے سر پر لگائی جاتی ہے ۔

چُتھَا بَنانا ۔ (محاورہ) کسی کی برائی کر کے ذلیل کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ فضیحت کرنا ۔

چِتَوَن ۔ تیوری ۔ نظر ۔ نگاہ ۔

چَٹاخا ۔ مسلسل چٹاخ کی آواز کے ساتھ ۔ سڑاسڑ ۔

چَٹخ اُٹھنا ۔ (محاورہ) برہم ہو جانا ۔ خفگی کے ساتھ کچھ کہنا ۔ بھڑک جانا ۔

چَٹ کر جانا ۔ (محاورہ) سب کا سب نگل جانا ۔ ہضم کر جانا ۔

چَٹ لنگوٹ ۔ ورزش یا کشتی کا لنگوٹ جس کی لمبی پٹی بہت کم چوڑی ہوتی ہے ۔

چُٹکی ۔ کنگرے دار گوکھرو یا گوٹا لچکا یا لیس جو انگوٹھے اور اس کے پاس کی انگلی سے موڑ کر بنائی جاتی ہے ۔ مروڑی یا موڑی ہوئی وضع ۔

چُٹکیوں میں اُڑانا ۔ (محاورہ) خاطر میں نہ لانا ۔ حقیر سمجھنا ۔ (کسی کی) ذرا بھی پرواہ نہ کرنا ۔ مذاق اڑانا ۔

چَٹوَانا ۔ سان دھروانا ۔ باڑھ رکھوانا ۔ دھار نکلوانا ۔

چُٹیا ۔ بالوں کی وہ لٹ جو ہندو مرد مذہبی رسم کے طور پر چندیا پر سارے بالوں میں نمایاں اور بڑھی ہوئی ہمیشہ قائم رکھتے ہیں ۔ چرکی ۔

چَٹیل ۔ وسیع و عریض ہموار سطح زمین جہاں دور دور تک کوئی درخت خاص کر سایہ دار درخت اور پانی نہ ہو ۔ وسیع ناہموار جگہ جہاں درخت اور پانی نہ ہو ۔

چَچا بنانا ۔ (محاورہ) جی بھر کے سزا دینا ۔ مناسب سزا دے کر راہ راست پر لانا ۔ درست کر دینا ۔ پوری طرح ذلیل و خوار کر دینا ۔

چَخے ۔ (دھتکار کا کلمہ) بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے ہودہ ۔ نالائق ۔

چُڈّو ۔ (فحش بازاری، دشنام) حرام زادی ۔ قحبہ ۔ فاحشہ ۔

چھنال۔

چڈّھوں (چڈّھا) ۔ ران کے اوپر کا جوڑ۔ بن ران۔

چراغ پا ۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ برہم ہونا۔

چراغِ پیشِ آفتاب جلانا ۔ (مراداً) ناکام کوشش کرنا۔ سعیٔ لاحاصل۔

چراغ گل پگڑی غائب ۔ (مثل) آنکھ بچی اور مال اڑا لیا گیا۔

چراغاں ۔ بہت سے چراغ ایک ساتھ جلنے کا عمل۔ بہت سے چراغوں کی یکجا روشنی۔ قطار در قطار جلے ہوئے چراغ۔

چراغی ۔ وہ نقد یا جنس وغیرہ جو کسی متبرک مقام پر چراغ بتی کے خرچ کے نام سے یا بطور نذرانہ رکھ دیتے ہیں یا وہاں کے مجاور کو بطور حق الخدمت دیتے ہیں۔

چراہند (چراند) ۔ ہڈی، گوشت، بال، چمڑے، چربیلے کاغذ یا کپڑے خراب تیل یا گھی وغیرہ جلنے سے پیدا ہونے والی بو۔ پرانے گھی یا چربی کی بو۔

چرب دست ۔ ۱۔ موٹا۔ فربہ۔ چربی چڑھا ہوا۔

۲۔ چست۔ پھرتیلا۔ چالاک۔ تیز دست۔ ہنرمند۔ چور۔ گٹھ کترا۔

چرب زبانی ۔ جسے کچھ کہنے یا کرنے میں باک اور عار نہ ہو۔ شوخ۔ چالاک۔ نڈر۔ عیار۔ شستہ زبان۔

چرب زبانی ۔ شوخی۔ گستاخی۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ فریب۔

چربی ۔ جسم کی چکنائی۔ روغن۔ رواز۔

چرچ ۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ۔ گرجا۔ کلیسا۔

چرخِ اخضر ۔ آسمان جو بظاہر نیلا نظر آتا ہے۔ نیلا آسمان۔

چرخ دینا ۔ (محاورہ) چکر دینا۔ گھمانا۔ گردش میں لانا۔

چرخِ مینائی ۔ آسمان۔ تاروں بھرا آسمان۔ آسمان جس میں میناکاری ہو۔

چرخی ۔ کپاس اوٹنے اور روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ۔ پونگا۔ پونی۔ چونگی۔

چرغاؤں ۔ چالاک۔ مکار۔ فریبی۔ گھما پھرا کر بات کرنے والا۔

چرچرانا ۔ لکڑی وغیرہ ٹوٹنے کی وجہ سے آواز دینا۔

چَرَس پَر دَم پَڑنا ۔ (محاورہ)
چرس کے دم اڑنا۔
چَرَسِیا ۔ چرس کا نشہ کرنے والا۔
چُرَسیں (چُرَس) ۔ کپڑے یا کاغذ وغیرہ کی شکن۔ سلوٹ۔
چَرَکُوا ۔ لال کے برابر ایک چھوٹا پرندہ۔ پدی۔
چَرِند وپَرِند ۔ چوپایہ اور طائر۔ (مراداً) ہر طرح کے حیوان۔
چُروانا ۔ چوری کرانا۔
چَرِی ۔ غمزہ۔ نازش۔ اتراہٹ۔ فوقیت۔
چَڑ چَڑ ۔ چٹ چٹ۔ مسلسل اور پیہم (ق)۔
چَڑھوے (چَڑھوا) ۔ لوہے کا حلقہ جو بیڑیوں کے اوپر ران پر چڑھا ہوا ہوتا ہے۔
چِڑیا کے (چِڑیا کا) ۔ (گالی کے طور پر مستعمل) احمق۔ بے وقوف۔
چِڑیمار ۔ (چِڑی مار)۔ پرند پکڑنے والا۔ صیاد۔
چُسْت ۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ تیز۔ ہوشیار۔
چَشَنک ۔ روکھا کھانا جو باورچی تقریبوں کے موقع پر صاحبِ تقریب کے گھر سے اپنے لیے حصے کے طور پر (ڈورے میں بھر کر) لے جاتے ہیں۔ کسی تقریب کا بچا ہوا کھانا جو دوستوں عزیزوں کو بھیجا جائے۔
چشم بَرَاہ ۔ انتظار میں بے قرار۔ راستے پر آنکھیں لگائے ہوئے۔ منتظر۔
چَشم زَدَن ۔ پلک مارنے کا وقفہ۔ لمحہ بھر۔ ذرا سی دیر۔
چَشمِ غزالیں ۔ بہت خوبصورت آنکھ۔
چَشمِ فَتّاں ۔ لبھا لینے والی آنکھ۔ فتنہ اٹھانے والی آنکھ۔
چَشم نُمائی ۔ آنکھیں دکھانا۔ جھڑکی۔ تنبیہ۔
چَشم وچراغ ۔ آنکھوں کا نور۔ بہت زیادہ عزیز (مجازاً) بیٹا۔ گھر کی رونق۔
چَشمَک ۔ چھیڑ چھاڑ۔ نوک جھونک۔ طعن وتشنیع۔
چَشمَہ ۔ زمین سے پانی نکلنے کی جگہ۔ پانی کا سوتا۔
چُغد ۔ ایک چھوٹا پرندہ جو الو نامے پرندے کی نسل سے تعلق رکھتا ہے۔ (برصغیر میں اسے منحوس سمجھا جاتا ہے)۔ بوم۔
چَقاچاق ۔ نیزوں اور تلواروں وغیرہ کے متواتر چلنے اور بدن پر پڑنے کی آواز۔ چکاچک۔
چُغَر ۔ جوہڑ۔ ڈابر۔ وہ گڑھا جس

میں پانی بھر گیا ہو۔
چقماق ۔ ایک قسم کا سخت پتھر اور اس کا پہاڑ۔ وہ لوہا جسے پتھر مار کر آگ نکالتے ہیں۔
چقماق چادر ۔ چقماق پتھر یا لوہے کا پترا یا بڑا ٹکڑا۔ اسلحہ کی ایک قسم۔
چکاپُو (چکابُو) ۔ قلعے کے گرد اگرد خندق جس میں پانی بھرا ہوا۔ آبشار۔ جھرنا۔
چکارَہ (چکارا) ۔ سائیسوں اور گنواروں کے بجانے کا ذلیل ساز۔
چکت چلنا ۔ (محاورہ) ۱۔ ایک دوسرے کے منھ مارنا۔ دانتوں سے کاٹم کاٹا ہونا۔
۲۔ کٹا چھنی ہونا۔
چکتی لگانا ۔ (محاورہ) تھگلی لگانا۔ کہیں رسائی کرنا۔ کسی مقام کی خبر لانا۔ تیزی دکھانا۔
چکر مکر ۔ دغا۔ فریب۔ بھلاوا۔ جھانسا۔
چکلہ (چکلا) ۔ ۱۔ بازاری عورتوں کا اڈا۔ عصمت فروشی کا اڈا۔
۲۔ تعلقہ۔ تحصیل۔ ضلع۔
چکنا گھڑا ۔ وہ گھڑا یا برتن جو روغن سے تر ہو، جس کی پانی کی بوند پڑے تو نہ ٹھہرے (کنایتہً) بے حیا۔ بے غیرت۔ بے حس (جس پر کسی چیز کا اثر نہ ہو)۔
چکوتا ۔ ۱۔ فیصلہ۔ حساب کتاب، تصفیہ۔
۲۔ معاہدہ، سودا۔
۳۔ قیمت ادا کرنا۔
چکور ۔ یونانی الاصل ایک خوشنما پرند جس کی چونچ اور پنجے سرخ اوپر کا حصہ سیاہ اور اس پر سفید چتیاں اور گلے میں قدرتی طوق پیٹ کا رنگ سفیدی مائل ہوتا ہے ۔ (مشہور ہے کہ یہ چاند کا عاشق ہے اور آگ کی چنگاریاں چاند کی کرنیں سمجھ کر کھا جاتا ہے)۔
چکوے دار پگڑی ۔ گھیر والی پگڑی جسے لپیٹ دے کر باندھا گیا ہو۔
چکی ۔ گھرنی یا گراری کی شکل کا گول کھلونا جس کے گھیرے میں ڈور لپٹی رہتی ہے ڈور کا ایک سرا انگلی میں باندھ کر اس کھلونے کو بچے گھماتے پھرتے ہیں۔
چکی پیسنا ۔ (محاورہ) مصیبت بھگتنا۔ تکلیف اٹھانا۔ پاپڑ بیلنا۔
چل پھر ۔ حرکت ۔ جنبش ۔ گردش ۔
چل جھوٹی ۔ (عو) جھوٹا بنانا اور خفا ہونا۔
چل نکلنا ۔ (محاورہ) بے تکلف

ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ آگے بڑھ جانا۔ روانہ ہو جانا۔ کوچ کر جانا۔ سدھارنا۔

چِلپاسہ ۔ چھپکلی۔

چلتر ۔ مکر۔ فریب۔ چال۔

چلتہ پوش ۔ ایسا سپاہی جو زرہ پہنے ہو۔ زرہ بکتر پہنے ہوئے۔

چِلَم ۔ حقے پر رکھنے کا یا بغیر حقہ استعمال کرنے کا مٹی یا دھات کا ظرف جس میں تمباکو ڈال کر آگ رکھتے اور تمباکو نوشی کرتے ہیں۔

چِلمَن ۔ تیلیوں کا بنا ہوا پردہ جو عام طور پر گھروں اور گاڑیوں کے دروازوں اور دریچوں پر ڈالا جاتا ہے تاکہ باہر والوں کو اندر کی کوئی چیز نظر نہ آئے۔ چق، چک۔

چلّو چلّو ۔ تھوڑا تھوڑا پینا۔ تھوڑا تھوڑا کر کے زیادہ ہضم کرنا۔

چُلّو ۔ ہاتھ کی انگلیوں کو ملا کر ہتھیلی کی مدد سے گڑھا سا بنا لینا جس میں کوئی رقیق چیز آسکے۔

چُلّو میں اُلّو ہونا ۔ (محاورہ) تھوڑی سی تند و تیز چیز پینے سے مدہوش ہو جانا (عام طور پر شراب یا کسی نشے کی تندی کے اظہار کے موقع پر کہتے ہیں)۔ اوک۔

چلّے (چلّا) ۔ وہ چمڑے یا لکڑی کا چھلا جو کمانی کی تانت کے اس سرے پر لگا ہوتا ہے جو کمان سے بندھا نہیں ہوتا اور جس کو کمان کے گوشے پر چڑھاتے ہیں۔

چلیپا ۔ ۱۔ صلیب کا نشان۔ ۲۔ کج۔ ٹیڑھا۔ خمدار۔

چم و خم ۔ چمک دمک۔ جھلاہٹ۔

چماق ۔ لکڑی کا موٹا ڈنڈا جس کے اوپر کے سرے پر موٹھ ہو۔

چماں چماں ۔ خرام ناز سے / ٹہلتے ہوئے چلنا۔ خراماں خراماں۔ ناز و انداز سے چلنے والا۔

چمپا کلی ۔ گلے کے ایک زیور کا نام جس کے دانے چمپا کی کلیوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔

چمچچڑ ۔ چچڑی یا کلنی کی طرح کھال یعنی چمڑے سے چمٹ جانے والا۔ (مجازاً) پیچھا نہ چھوڑنے والا۔

چُمبک پتھری ۔ (صفت) مقناطیس۔

چُمکار ۔ پیار۔ پچکار۔ چمکارنے کا عمل۔

چمن بند ۔ چمن آرا۔ باغبان۔ مالی۔

چمن بندی ۔ باغبانی۔ چمن آرائی۔ آرائش و زیبائش۔

چمین ۔ (مخفف چامین کا)۔ گوہ

موت - پیشاب - پاخانہ -

چَنار - ایک بڑا درخت اس کے پتے انسانی ہاتھ سے مشابہ ہوتے ہیں ان کے سرے کٹواں اور پت جھڑ سے پہلے سُرخ ہو جاتے ہیں، معشوق کے پنجے کو اس سے شعرا اکثر تشبیہہ دیا کرتے ہیں - لوگوں کا خیال ہے کہ جب یہ زیادہ پرانا ہو جاتا ہے تو اس سے آگ نکلتی ہے -

چنا بھاڑ نہیں پھوڑتا (اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا) - (کہاوت)
اکیلا آدمی بہت سے آدمیوں کا کام نہیں کر سکتا -

چَنبر - گھیرا - گردن کی گولائی -

چَنپا - (چمپا) ایک درخت جس کے پھول سفیدی لیے ہوئے زرد رنگ کے نہایت خوشبودار ہوتے ہیں -

چَنبیلی - ایک مشہور خوشبودار پھول یا اس کا پودا ' یہ پھول سفید اور زرد ہوتا ہے' پھولوں سے تیل اور عطر بنایا جاتا ہے ' پھولوں سے بسے ہوئے تیل کو چنبیلی کا تیل کہتے ہیں ' یہ دواؤں میں بھی کام آتا ہے - یاسمین - سمن -

چَنداول - فوجی دستہ جو لشکر کے پیچھے اس کی حفاظت کرتا ہے - ہراول کی ضد - چنڈاول -

چَندرانی (چندرانا) - اغماض - تجاہل - انجان بننا - جانتے بوجھتے کوئی بات پوچھنا -

چَندر ماں بلی - (مراداً) - خوش بختی - (اقبال مندی - خوش قسمتی -

چُندری (چُنری) رنگ برنگ ڈوپٹا - چونر - مختلف رنگوں کی اوڑھنی - چنڈری -

چَندن - تلک - صندل کا ٹیکا -

چَند یا گنجی ہونا - (محاورہ) سر کے بال اُڑ جانا - کھوپڑی صاف ہو جانا -

چَندے - غیر معین تعداد - کچھ مدت - تھوڑے دن -

چَنڈول - (مجازاً) بدہیئت اور بے ہنگم آدمی -

چَنگ - ستار کی قسم کا ایک باجا جس کا بالائی رُخ خمیدہ ہوتا ہے -

چَنگِ مُرصّع - جڑاؤ چنگ - قیمتی چنگ (ق) -

چِنگاری - آگ - انگارا - شرارہ -

چَنگال - ہاتھ یا پاؤں کا پنجہ - ناخن دار پنجہ -

چَنگیریں (چَنگیر)۔ روٹی، پھول اور مٹھائی وغیرہ رکھنے کا پھیلا ہوا گول ظرف جو تنکوں سے بنایا گیا ہو۔
۲۔ خوان کا سرپوش۔ تورہ پوش۔ چنگیر دان۔

چَنوَر۔ پرندوں کے پروں کا مخصوص انداز کا بنا ہوا گول پنکھا۔

چوب۔ لکڑی۔ ساز بجانے کی لکڑی۔ لکڑی کی مضراب۔

چُوبدار (چوب دار)۔ بادشاہوں اور امیروں کا وہ ملازم جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا ہوا سونٹا لیے امیروں کے آگے آگے چلتا ہے۔ عصا بردار۔

چُوب دَست۔ ہاتھ کی چھڑی۔ عصا۔

چُوبیں (چوب)۔ بادشاہ اور امرا کے دربار کے حاضر باش ملازم کے ہاتھوں کی لکڑی یا چھڑی جو حسب حیثیت نقرئی یا طلائی ہوتی ہے۔

چَوپَڑ کا بازار۔ چورخا یا چو طرفہ بازار۔ وہ چار ملے ہوئے بازار جو بشکل چلیپا واقع ہوں۔ چوک بازار۔

چَوپَڑ کی نَہر۔ چاروں سمت کی نہریں جو مرکز پر آ کر ملیں یا مرکزی منبع سے نکل کر چاروں طرف جائیں۔ وہ نہر جس میں مربع یا چوکور اینٹیں یا پتھر کی سلیاں لگی ہوں۔

چَوپہلا۔ تام جھام کے قسم کی سواری جس کو کہار کندھے پر اٹھا کر ایک مقام سے دوسرے مقام پر لے جاتے ہیں۔ محافہ۔ چنڈول۔ چوڈول۔

چُوتَڑ اُچھالنا۔ (محاورہ) کولھے مٹکانا۔

چَوتھی۔ شادی بیاہ کی ایک رسم جو عموماً شادی کے چوتھے روز ہوتی ہے، دلھن کے گھر پر دولھا اور دلھن کے کچھ قریبی عزیز شریک ہوتے ہیں۔

چُوٹّا (چوٹّا)۔ چور۔ اٹھائی گیرا۔ اچکا۔

چُوٹّاپن۔ اُچکاپن۔ چوری کی عادت۔

چُوٹّو۔ چور۔ اٹھائی گیرا۔ اچکا۔

چوٹّی۔ (چوٹّا کی تانیث) چور عورت۔

چُوٹیلا۔ (عور) ۱۔ چوٹی میں پہنا جانے والا ایک زیور جو حسب حیثیت چاندی، سونے یا پیتل وغیرہ کا ہوتا ہے۔
۲۔ پر اثر، پرسوز و پر درد۔ دل پر اثر کرنے والا۔

چُورَن۔ (طب) مختلف قسم کے

نمک کالی مرچ اور دیگر ادویات کا سفوف جو بدہضمی کے علاج کے لیے اطبا تیار کرتے ہیں۔ پھٹکی۔ چٹکی۔

چَورَنگ ۔ کسی چیز کو تلوار کی ایک ضرب اوپر سے نیچے کو اور دوسری دائیں سے بائیں کو اس تیزی سے لگانا کہ چار ہو کر گر پڑے۔

چُور کی ڈاڑھی میں تِنکا ۔ (مثل) مجرم اپنے افعال اور حرکات سے پہچانا جاتا ہے۔ جب کوئی کسی کے طعنے اور کنایے کو اپنی طرف گمان کرے تو اس کی نسبت یہ کہاوت بولتے ہیں۔

چُور کے گھر میں بَیٹھا مُور ۔ (کہاوت) چور کے گھر چوری ہونا۔ بد معاش کے ساتھ بد معاشی ہونا۔ چالاک کو بھی دغا دینا۔

چُور مَشعَل ۔ ایسی مشعل جس پر ایک خول چڑھا ہوتا ہے جو روشنی کو چھپائے رکھتا ہے وقت ضرورت اس خول کو نیچے کر لیتے ہیں تو مشعل کی روشنی پھیل جاتی ہے۔ چور بتی۔ چور لالٹین۔

چَوری (چنوری) ۔ کلغی ۔ پھندنا۔ مکٹ ۔ پروں کا بنایا ہوا چتر یا چھتری۔

چُوری کی مِٹھائی ۔ مفت کا عیش ۔ مفت کا مال سب کو اچھا لگتا ہے۔ کسی کا مال اس کے اطلاع کے بغیر کھانا زیادہ مزہ دیتا ہے۔

چَوراسی ۔ گھنگرو جو ناچنے والیاں پاؤں میں پہنتی ہیں۔ ایک مشہور زیور کا نام جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے۔ جھانج۔

چُوڑے (چُوڑا) ۔ سونے چاندی ہاتھی دانت، لاکھ یا مسالے کی بنی ہوئی بڑی چوڑی۔ چھوٹی بڑی چوڑی۔ چھوٹی بڑی چوڑیوں کا مجموعہ جو کلائی میں اوپر تک پہنا جائے۔ چوڑ۔

چَوسَر ۔ ایک قسم کی پچیسی جو کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے۔

چَوک ۔ وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں۔ چار بازاروں کے ملنے کی جگہ ۔ شہر کا وسطی پُر رونق بازار۔

چَوکا ۔ ۱۔ رنگین آٹے یا عبیر وغیرہ کی لکیروں سے بنائی ہوئی جگہ جو سحر وغیرہ کرنے کے لیے بنائی جاتی ہے۔
۲۔ (ہندو) کھانا پکانے اور کھانا رکھنے کی جگہ ۔ رسوئی۔
۳۔ لکڑی کے بنے ہوئے چوکور تخت یا برابر بچھے ہوئے چار تخت۔

چوکا دینا - (محاورہ) لیپ پوت کر لوٹا وغیرہ کرنے کے لیے جگہ تیار کرنا۔

چوکڑی بھولنا - (محاورہ) سٹ پٹا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ عاجز و درماندہ ہو جانا۔

چوکی - ۱۔ چھوٹا تخت - مربع یا مستطیل نما نشست گاہ۔
۲۔ وہ جگہ جہاں آس پاس کی حفاظت کے لیے تھوڑے سے سپاہی تعینات ہوں - پہرے داروں کی قیام گاہ۔

چوکھٹ - دروازے کے چوبی یا سنگین چوکھٹے کا وہ حصہ جو نیچے کی طرف زمین سے پیوست ہوتا ہے - دہلیز (مجازاً) بارگاہ۔ درگاہ۔ مزار - آستانہ۔

چوکھی - عمدہ - خوب - پسندیدہ - خالص۔ دل خوش کن۔

چوکیدار - وہ شخص جسے حفاظت اور دیکھ بھال کے لیے ملازم رکھا جائے۔ پاسبان - محافظ۔

چوگھڑا - سونے چاندی یا کسی اور دھات کا بنا ہوا چوخانہ برتن جس میں عطر الائچی وغیرہ رکھتے ہیں۔

چوگلا - چار پنکھڑی والا پھول۔

چول - پلنگ ، دروازے ، لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں چھید یا کٹاؤ کر کے بٹھایا جائے۔

چولا - ۱۔ زندگی - جیون - روح۔
۲۔ جسم - قالب۔

چولا بدلنا - (محاورہ) آواگون یا تناسخ کے عقیدے کے مطابق جاندار کی روح کا کسی دوسری شکل میں پھر پیدا کرنا۔ ایک جسم سے دوسرے جسم میں حلول کرنا۔ ہیئت تبدیل کرنا۔ شکل و صورت بدلنا - بھیس بدلنا۔

چولی - چھوٹا کپڑا جس کے ساتھ لہنگا یا کوئی دوسرے زیر جامے بھی پہنے جاتے ہیں۔ عورتوں کی ایک تنگ پوشاک جو انگیا کے اوپر پہنی جاتی ہے - عموماً ساڑھی کے ساتھ - بلاؤز۔

چولی مسکنا - (محاورہ) چولی کا پھٹ جانا۔ چاک ہو جانا۔

چومک - چار بتی والا چراغ۔ چار لو کا دیا۔

چوما - بوسہ۔

چونٹی (چیونٹی) - ایک قسم کا سیاہ رنگ کیڑا۔

چونچلے (چونچلا) - نخرہ - غمزہ - اتراہٹ - ادا - ناز۔

چونگلیاں - چونگلا - چونگا - خوشامد - چرب زبانی سے کوئی چیز لے لینا۔

چھونا لگانا۔ (محاورہ) چکمہ دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ مکاری اور دغابازی سے کام لینا۔

چونڈا دھوپ میں سفید کیا ہے۔ بوڑھا ہو جانا مگر تمیز نہ آنا۔

چونسٹھ۔ چار اور ساٹھ کا مجموعہ۔ چار اوپر ساٹھ۔

چونری۔ مورچھل۔

چوہنی۔ حسین۔ چاہنے کے لائق۔ ایک نام جس کا منتر پڑھنے میں مدد کرتے ہیں۔

چوہے دنتیاں۔ کلائی میں پہننے کا پہنچی کی قسم کا زیور۔

چوہیا۔ (چوہے کی تانیث)۔ ایک چھوٹا سا جانور جو زمین میں بل بنا کر رہتا ہے (عموماً بھورا اور سرمئی رنگ کا ہوتا ہے)۔ موش۔

چہ خوش۔ کیا خوب۔ کیا بات ہے۔ واہ کیا کہنا ہے (بطور طنز بھی کسی شخص کی خدمت یا ہجو کے موقع پر بولتے ہیں)۔

چہ می گوئیاں۔ سرگوشی کے انداز میں تبادلۂ خیال۔ شوخیاں۔ دوستانہ نوک جھونک۔

چہچہا۔ ۱۔ (پرندوں کی) خوش الحانی۔ نغمہ ریزی۔

۲۔ خوش مزاجی۔ خوش دلی۔
۳۔ خوشی۔ شادمانی۔

چہر (چہرہ)۔ مکھڑا۔ صورت

چہکارہ۔ (چہکارا) (صبح کے وقت یا بہار میں خوشی کی آواز) پرندوں کا چہچہا۔ نواسنجی۔ نغمہ سرائی۔

چہل بازی۔ ہنسی مذاق۔ دل لگی۔ خوش طبعی۔

چہلے کی بھینس۔ (مجازاً) موٹا۔ فربہ۔ مست۔ جس کو حرکت کرنا دشوار ہو۔ گوشت پوست سے اتنا وزنی کہ حرکت کرنی دشوار ہو۔

چھاتی پر چڑھنا۔ (محاورہ)۔ پچھاڑ کر چھاتی پر سوار ہونا۔ ہر وقت سامنے موجود رہنا۔

چھاتی پر کودوں دلنا۔ (محاورہ) پریشان کرنا۔ ستانا۔ صدمہ پہنچانا۔

چھاتی پر مونگ دلنا۔ (محاورہ) تکلیف دینا۔ دکھ پہنچانا۔ اذیت دینا۔

چھاج۔ ۱۔ سوپ۔ غلہ افشاں۔ چاولی۔
۲۔ مکھن نکالنے کے بعد دودھ

یا دہی کا باقی جزو جو دودھ سے زیادہ پتلا ہوتا ہے - چھاچھ -

چھاگل - مشکیزہ - پکھال - مٹی، دھات یا چمڑے کا وہ برتن یا کپی جس میں پانی بھر کر مسافر اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔

چھالا - ۱- آبلہ - پھپھولا۔
۲- داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ پر ہو جاتا ہے -

چھاندا - فقیر کا حصہ یا بھوجن۔

چھاؤنی - وہ مقام جہاں فوج مستقل یا عارضی طور پر رہے - لشکر گاہ -

چھائیں پھوئیں - (عور) خدا نہ کرے - خدا بچائے - خدا پرے ہی رکھے (کسی سے بچنے کے موقع پر مستعمل) - چھائیں دوئیں -

چھب - زیب و زینت - شان - آرائش - بناؤ - سنگار -

چھبارہ - چھوارا - خرما۔ ایک قسم کی خشک کھجور -

چھب تختی - سینے اور جسم کا حسن۔ جسم کا تناسب - خوبصورتی - ناز و انداز - چہرہ مہرہ -

چھبتی - دلالی - پیسہ - فلوس۔

چھبیلی (چھبیلا کی تانیث) - رنگیلی۔ بانکی - خوبصورت - خوش طبع - موزوں -

چھپر - پھوس سے تیار کیا ہوا سائبان - پھوس کی چھت - (مرادً) جھونپڑی -

چھپر کھٹ - چھتری اور پوشش والا پلنگ - دلھن کا چھتری دار پلنگ - امیروں کے سونے کی مسہری - سائبان اور پردہ دار مسہری -

چھپریا (چھپر کی تصغیر) غریب کا گھر - ٹھکانہ -

چھپکلی - ایک بد صورت رینگنے والا چھوٹا جانور جو عام طور پر گھر کی دیواروں پر رہتا ہے اور مکھیوں، پتنگوں اور چھوٹے کیڑوں کو کھاتا ہے (مجازاً) دُبلی پتلی عورت -

چھپکا - جڑاؤ بالے جو کان کی لو میں پہن کر بجائے لٹکانے کے اوپر کو پلٹ لیے جاتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا جڑاؤ رُخ پورے کان کے حصے پر سامنے رہتا ہے۔ کھٹکے - ماگری -

چھتا - مکان کی ڈیوڑھی جس پر صرف چھت ہو پاکھے نہ ہوں -

چھتری - ایک وضع کا گنبد دار محل - گنبد۔

چھتیس تن - سیکڑوں داؤں ہیں - ان گنت پیچ ہیں - بے پناہ اسرار

ور موز ہیں۔ (ق)
چھتیسی ۔ ۱۔ فریبی ۔ مکار ۔ چالاک۔ مکاری ۔ چالاکی ۔ فریب۔
۲۔ آوارہ عورت ۔ چھنال۔ زانیہ جو بظاہر پارسا بنتی ہو۔
چھٹم چھاٹا (چھٹم چھٹا) ۔ باہمی جدائی ۔ آپس کی تفریق ۔ چھوٹنے اور چھوڑنے کا عمل ۔ اتحاد و یگانگت کا خاتمہ۔
چھرے (چھرا) ۔ چھوٹی چھوٹی گولیاں جو بندوق میں رکھ کر چلائی جاتی ہیں ۔ سنگ ریزے۔
چھریاں (چھری) ۔ سبزی ترکاری چھیلنے کا آلہ۔
چھرچھرانا ۔ (پر وغیرہ) جھاڑنا ۔ جھٹکنا ۔ پرندوں کا اپنے پروں پر سے پانی جھاڑنا۔
چھری تلے دم لینا ۔ (محاورہ) صبر و قرار سے کام لینا ۔ ٹھہرنا ۔ تامل کرنا۔
چھریرے (چھریرا) ۔ اکہرے بدن کا ۔ مائل بہ لاغری ۔ دبلا ۔
چھڑ ۔ نیزے کی چوب ۔
چھڑکاؤ ۔ تربتر ۔ گیلا ۔ آب پاشی ۔
چھڑے ۔ ایک قسم کے پاؤں کے کڑے ۔
چھکائی ۔ تیزی کے ساتھ ہٹانا ۔ جھٹکا ۔ پرے کرنا ۔ (ق)
چھکڑ ۔ دو پہیوں کی لمبی گاڑی جس میں بیل جوتے جاتے ہیں اور جو باربرداری کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔
چھکڑیا ۔ (چھوکری کی تصغیر) لڑکی ۔ چھوٹی لڑکی ۔ بیٹی ۔
چھکے ۔ (آتش بازی) ایک آتش بازی کا نام جو موٹے مضبوط بانسوں کی لمبی لمبی پوریوں پر تانت لپیٹ کر اوپر سے جھلی چڑھا اور اندر خوب ٹھونس ٹھونس کر بارود بھر کر بنائی جاتی ہے ۔ (قماربازی و چوپڑ) وہ داؤں جس میں پانسہ پھینکنے سے چھ کے ہندسے یا چھ نقاط یا چھ علامتوں والا پہلو پڑے ۔ پو چھکا ۔
چھکے اڑانا ۔ (محاورہ) مزے کرنا ۔ عیش کرنا ۔ لطف اندوز ہونا ۔
چھکے چھوٹنا ۔ (محاورہ) بے اوسان ہوجانا ۔ کسی بات کی سدھ نہ رہنا ۔ مدہوش ہوجانا ۔ پریشان ہوجانا ۔ حواس گم ہوجانا ۔
چھل ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔
چھل بل ۔ شوخی ۔ چالاکی ۔ چٹک مٹک ۔ ناز و ادا ۔
چھل چھل ۔ زیادہ مقدار میں ۔ فوراً ۔ ایک دم ۔ یکایک ۔
چھلاوہ (چھلاوا) ۔ وہ

روشنی جو قبرستانوں میں یا دلدلی مقامات پر دکھائی دیتی ہے۔ یہ ہڈیوں کے خاص فورس یا گیس کے ہوا میں آنے سے پیدا ہوتی ہے، (جاہل لوگ اسے بھوت سمجھتے ہیں) ۔ اگیا بیتال ۔ غول بیابانی ۔

چھلی چھلیا ۔ آنکھ مچولی کی طرح کا ایک کھیل ۔

چھلیل ۔ رنگ ۔ ڈھنگ ۔ طور طریق ۔ (ق) ۔

چھلنگا ۔ ایک طرح کی چادر (ق)۔

چھم چھم ۔ چٹک مٹک ۔ آن بان ۔

چھوا چھو ۔ وہ آواز جو دھوبی کپڑا دھوتے وقت منھ سے نکالتے ہیں۔

چھنال ۔ فاحشہ ۔ زانیہ ۔ قحبہ ۔ بدکار عورت ۔

چھنالا ۔ (عورت کی) بدکاری ۔ زناکاری ۔

چھنگلیا ۔ (چھنگلی کی تصغیر) انگوٹھے کی طرف سے پانچویں انگلی ۔ ہاتھ پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی ۔ چھنگلی ۔

چھوٹ ۔ ۱۔ چمک دمک ۔ پرتو ۔ عکس ۔ روشنی ۔ اثر ۔

۲۔ (بانک بنوٹ) حریفوں کے اپنے مقابل پر بے ٹھاٹ وار پروار کرنے اور ضرب پر ضرب لگانے کا فیصلہ کن اور آزادانہ طریقہ ۔ داؤں پیچ جس میں کوئی شرط نہ ہو۔

چھوٹا منھ بڑی بات (کہاوت) اپنے حوصلے سے بڑھ کر بات کہنی ۔ تھوڑے سے پر شیخی بگھارنی ۔ بڑے بوڑھوں کی عیب گیری کرنی ۔ ادنیٰ کا اعلیٰ دعویٰ کرنا ۔

چھوچھکا ۔ منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل ۔ جادو ٹونا ۔ سحر و افسوں ۔ جھاڑ پھونک ۔

چھوارا ۔ ایک خاص طرح کی سکھائی ہوئی کھجور ۔

چھومنتر ۔ جادو ٹونا ۔ کچھ پڑھ کر دم کرنا ۔ پھونکنا ۔

چھوئی موئی ۔ ۱۔ ایک پودا جس کے پتے انسان کا ہاتھ لگتے ہی مرجھا جاتے ہیں ۔

۲۔ لاجونتی ۔

۳۔ نازک مزاج ۔

چھوکرا ۔ لڑکا ۔ امرد ۔ نوعمر ۔ جس کی ڈاڑھی مونچھ ابھی نہ نکلی ہو ۔

چھوکری ۔ لڑکی ۔ چھوٹی لڑکی ۔ بیٹی ۔

چھولا ۔ چھونا ۔ مس کرنا ۔

چھیپی ۔ (حلوائی) مکھیاں اڑانے کی وہ ڈنڈی جس پر کپڑا بندھا ہوتا ہے اور حلوائی اس سے مٹھائی پر

سے مکھیاں اُڑاتے ہیں - چونری - جھنڈی -

چَھبیلا - بانکا - رنگیلا - البیلا - طرح دار -

چھینٹے (چھینٹا) - بانس کی قمچیوں سے بنا اور تاڑ کے ریشوں سے بندھا ہوا ٹوکرا -

چھینن - اچک لینے کی حالت - ہتھیا لینے کا داؤں - چھیننے کا عمل -

چھینکا - وہ جالی یا لٹکن جو اشیائے صرف رکھنے کے واسطے لٹکا دیتے ہیں تاکہ چیزیں محفوظ رہیں -

چیتل - بارہ سنگھے کی ایک قسم رنگ بھورا یا زرد اور جسم پر چھوٹے چھوٹے سفید گل، بارہ سنگھے کی دوسری انواع کی نسبت چھوٹا، قد ایک گز سے زائد نہیں ہوتا -

چیتنا - سوچنا - چاہنا - خواہش کرنا -

چیخی پیٹی - چلائی - شور و غل کرنا - داویلا کرنا -

چیرو چار بگھارو پانچ پھر ویسے ہی کے ویسے - (کہاوت) (عور) ا- موٹی تازی بھدیسل عورت کے لیے بولا جاتا ہے -

۲- تیز - چالاک -

چیرہ دست - زور آور - زبردست - فتح مند - غالب -

چیری - خادمہ - کنیز - لونڈی -

چیل - مردار خور پرند جس کا رنگ بھورا چونچ اور پنجے مڑے ہوئے گدھ سے چھوٹا اور کوے سے بڑا ہوتا ہے گوشت اور گوشت پوست والے چھوٹے پرندوں اور چوزوں کو پنجوں سے جھپٹ کے لے اڑتا ہے - غلیواز -

چیل کا انڈا چھوڑنا - (فقرہ) شدید گرمی کی تیزی اور حدت کے اظہار کے لیے بولتے ہیں (سخت گرمی اور شدید تپش کی تاب نہ لاکر چیل انڈا چھوڑ کر سیتے سیتے کھڑی ہو جاتی ہے) -

چیلا - شاگرد - غلام - ملازم - بندہ -

چین - باریک سلوٹ (جو عموماً غصے یا ناراضی کی حالت میں پیشانی اور بھوؤں پر آتی ہے) شکن -

چیں بولنا - ہار ماننا - مات کھانا - عاجز ہونا -

چیں بہ جبیں - ناراض - خفا -

چیونٹیوں کے بھرے کباب (چیونٹیوں بھرا کباب) ا- جھگڑے کی چیز - مصیبت

کا گھر۔
۲۔ وہ شوہر جس کی پہلی بیوی سے اولاد ہو۔

ح

حَاجِب ۔ دربان ۔ پہرہ دار۔ ڈیوڑھی کا نگہبان۔
حَاشَا کَلَّا ۔ (حاشا وکلا) خدا اس سے بچائے۔ کسی بری بات پر تعجب ظاہر کرنے کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
حَاشَا لِلّٰہ ۔ ہرگز نہیں۔
حَاضِر ۔ موجود ۔ آمادہ ۔ تیار۔
حَاضِرات (عملیات) ۔ دعائیں یا منتر پڑھ کر جن، بھوت، پریت اور روحوں یا بد روحوں کو بلانے اور حاضر کرنے کا عمل یا جلسہ جو عموماً سیانے لوگ کرتے ہیں، کہا جاتا ہے کہ اس طرح وہ ان دیکھے حالات ان کے ذریعے جان لیتے ہیں اور غرض مندوں کی حاجتیں پوری کرتے ہیں۔
حَافِظ ۔ نگہبان ۔ محافظ ۔ پاسبان۔ خبرگیر۔
حَالِ زَار ۔ بری حالت ۔ رونے کی حالت ۔ حال زبوں ۔
حَائِل ۔ باز رکھنے والا ۔ روکنے والا۔ آڑ ۔ روک۔
حَبَاب ۔ پانی کا بلبلا ۔
حَبَاب آسا ۔ کمزور ۔ بہت ناپائدار۔ بلبلے کی طرح۔
حَبَّذَا ۔ واہ واہ ۔ سبحان اللہ۔ قابلِ داد و مبارک باد ہے ۔ آفرین ۔
حَبْشی حَلْوا ۔ سوہن حلوے کی ایک قسم جو دودھ، روے اور سمنک کو ترکیب دے کر بنایا جاتا ہے، اس کا رنگ لاکھی ہوتا ہے اس لیے حبشی، جوزی گوندے کا حلوا سوہن کہلاتا ہے۔
حَبْلُ الْمَتِین ۔ مضبوط رسی ۔ محکم سلسلہ یا وسیلہ (کسی بات یا کام کا) (مجازاً) کتاب اللہ ۔ قرآن پاک ۔
حَبَّہ ۔ ذرہ بھر ۔ کم سے کم مقدار ۔
حَبِیب ۔ جس سے محبت کی جائے۔ محبوب ۔ دوست ۔ پیارا۔

حتی الامکان ۔ جس قدر ممکن ہو۔ جہاں تک ہو سکے ۔
حجاب ۔ نقاب ۔ پردہ ۔ اوٹ ۔ آڑ ۔
حُجرہ ۔ کمرہ ۔ کوٹھڑی (بیشتر مسجد وغیرہ کسی متبرک مقام کی)۔ وہ خلوت خانہ جس میں بیٹھ کر عبادت کریں۔
حَجلہ ۔ چھپر کھٹ جو دلھن کے لیے سجایا جاتا ہے ۔ پردے دار مسہری' سیج ۔ دلھن کے بیٹھنے کا آراستہ کمرہ۔
حَجلۂ عَروسی ۔ دلھن کے لیے آراستہ کیا ہوا کمرہ ۔
حَدّاد ۔ لوہے کا کام کرنے والا ، آہن گر ۔ لوہار ۔
حَدقہ ۔ کاسۂ چشم ۔ آنکھ کا ڈھیلا ۔ آنکھ کی پتلی ۔
حَدِید ۔ لوہا ۔ آہن ۔ فولاد ۔
حَدِیقہ ۔ چار دیواری والا باغ ۔
حَذر ۔ پرہیز ۔ اجتناب ۔ بچاؤ ۔ خوف ۔ احتیاط ۔
حَرارتِ غَریزیہ ۔ (طب) جسم کی طبعی گرمی جس کی اساس پر حیات قائم ہے ۔
حَرام زادی (حرام زادہ کی تانیث) ۔ ولد الزنا ۔ بدذات ۔ شریر (بطور گالی مستعمل) ۔

حَرام زادے کی رسّی دراز ہے ۔ (کہاوت) شریر مدت تک جیتا ہے اور اسے چھوٹ ملتی رہتی ہے ۔ بدمعاش ہمیشہ مزے میں رہتا ہے اور پکڑا نہیں جاتا ۔
حَرب ۔ لڑائی جو دو مسلح جماعتوں یا فوجوں کے درمیان ہو ۔ جنگ ۔
حَرب و ضَرب ۔ جنگ و جدال ۔ مارکٹائی ۔ لڑائی بھڑائی ۔
حَربہ ۔ ۱۔ داؤں ۔ تدبیر ۔ حیلہ ۔ بہانہ ۔
۲۔ نیزہ ۔ برچھی ۔ بھالا ۔
حِرز ۔ ۱۔ پناہ گاہ ۔ مامن ۔
۲۔ دعائیں جو ضرر سے بچنے کے لیے کی جائیں ۔ تعویذ ۔
حِرز ِ ہیکل ۔ گلے کا تعویذ ۔ گلے کا ہار ۔
حَرَس ۔ نگہبانی کرنے والے ۔ محافظ ۔
حَرف آنا ۔ (محاورہ) اعتراض کیا جانا ۔ عیب لگنا ۔
حَرف زَن ۔ گویا ۔ بولنے والا ۔ باتیں کرنے والا ۔
حَرفِ غَلط ۔ وہ حرف جو تحریر میں غلط لکھا گیا ہو اور اسے

مٹا دیا جائے۔
حِرْفہ ۔ پیشہ ۔ ہنر ۔ دست کاری ۔
حُرْمَت ۔ ۱۔ عزت ۔ آبرو ۔ عظمت ۔ پاکیزگی ۔
۲۔ حرام ہونا ۔ ناپاکی ۔
حَرِیر ۔ ریشم ۔ ریشمی کپڑا ۔
حَرِیسہ ۔ ایک پکوان جو گیہوں کے آٹے ، گوشت کی یخنی اور دودھ کو ملاکر تیار کیا جاتا ہے ۔
حَرِیف ۔ مقابل ۔ دشمن ۔ رقیب ۔
حَرِیق ۔ سوختہ ۔ جلا ہوا ۔
حَزْم ۔ دانائی کے ساتھ احتیاط ۔ دور اندیشی ۔ ہوشیاری ۔
حَزِیں ۔ غمگین ۔ رنجیدہ ۔ ملول ۔
حُسّاد ۔ (حاسد کی جمع) حسد کرنے والا ۔ کسی کی نعمت یا دولت وغیرہ سے جلنے والا ۔ بدخواہ ۔ دشمن ۔
حُسام ۔ تیز تلوار ۔ شمشیر براں ۔
حَسَب و نَسَب ۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ ۔
حَسْبُ الحُکْم ۔ حکم کے مطابق ۔
حَسْبُ الطَّلَب ۔ طلب کے مطابق ۔
حَسَد ۔ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا ۔ جلن ۔ کینہ ۔ بدخواہی ۔
حَسْرَت ۔ افسوس ۔ پشیمانی ۔ احساس محرومی ۔ مایوسی ۔
حُسن دَان ۔ ۱۔ آرائش کے لوازمات کا صندوقچہ ۔ سنگھار دان ۔
۲۔ ایک قسم کا چھوٹا اور نازک پاندان ۔
حَسِین ۔ خوبصورت ۔ جمیل ۔ خوبرو ۔ شکیل ۔ سندر ۔
حَشْر ۔ ۱۔ عاقبت ۔ آخری انجام ۔
۲۔ قیامت ۔ روز حساب ۔
حَشَری ۔ سرکش (گھوڑے کے عیوب میں سے ایک عیب) ۔
حَشَم ۔ شان ۔ شوکت ۔ جاہ ۔
حَشَم و خَدَم ۔ نوکر چاکر ۔ خادمان ۔ خدام ۔
حَشْمَت ۔ دبدبہ ۔ مرتبہ ۔ عظمت ۔ لوازمات شان و شوکت (مثلاً دولت ، سازوسامان ، نوکر چاکر ، فوج ولشکر) ۔
حِصَار ۔ ۱۔ دائرہ ۔ گھیرا ۔ حلقہ ۔
۲۔ قلعہ ۔
حِصَاری ۔ ۱۔ قلعہ بند ۔ محصور ۔
۲۔ فوجی ۔ قلعہ کا محافظ ۔
حِصْنِ حَصِین ۔ مضبوط چار دیواری ۔ فصیل ۔ مضبوط اور محکم قلعہ ۔
حُضّار ۔ (حاضر کی جمع) کسی مقام یا موقع پر موجود لوگ ۔ حاضرین ۔

حُضّاران ۔ حاضرین ۔
حَضَر ۔ ایک جگہ کا قیام ۔ گھر میں رہنے کی حالت ۔ خانہ باشی ۔
حُضُور ۔ روبرو ۔ سامنے ۔ خدمت میں ۔ بارگاہ میں ۔
حُضُوری ۔ ۱۔ بارگاہ ۔ دربار ۔ حضور ۔
۲۔ حاضرین ۔ موجودگی ۔ قربت ۔
حَضِیض ۔ ۱۔ کسی چیز کا نچلا حصہ ، نشیب ، گڑھا ۔
۲۔ پستی ۔ پہاڑ کا دامن ۔
حَظ ۔ لطف ۔ سرور ۔ مزا ۔
حِفاظَت ۔ اپنا بچاؤ ۔ سلامتی ۔ پاسبانی ۔ نگرانی ۔ محافظت ۔
حِفظ ۔ بچاؤ ۔ نگہبانی ۔
حِفظِ مَاتَقَدُّم ۔ وہ بچاؤ جو پہلے سے کر لیا جائے ۔ کسی امر کی پیش بندی ۔
حَق پَژوَہ ۔ سچ بات کا جویا ۔ حقیقت تلاش کرنے والا ۔ سچائی کا طالب ۔
حَق سِرَّہٗ ۔ اس کا راز سچا ہے ۔
حَقّا ۔ (جو کچھ کہا گیا بہ قسم خدا) ۔ سچ ہے ۔ صحیح ہے ۔ حق ہے ۔ خدا کی قسم ۔
حِقَارَت ۔ ذلت ۔ خواری ۔ اہانت ۔ سبکی ۔
حُقّہ ۔ ۱۔ باروت سے بھرا ہوا ایک قسم کا گولہ ۔ بم ۔
۲۔ نے (نیچہ) چلم اور کسی قدر پانی سے بھرا ہوا ظرف ۔ جس کے ذریعے تمباکو پیتے ہیں اور جس کا دھواں پانی سے گزر کر آتا ہے ۔ قلیان ۔
حُقّہ پانی بند ہونا ۔ (محاورہ) ذات یا برادری سے نکال دینا ۔ بول چال ، لین دین ، ملنا جلنا بند ہونا ۔
حُقّۂ زَرّیں ۔ سنہری حقہ ۔ سنہری ڈبا ۔
حُقّہ ہائے نَفتی ۔ باروت سے بھرا ہوا گولہ ۔
حُقُوق ۔ (حق کی جمع) ۱۔ سچائی ۔ صداقت ۔
۲۔ استحقاق ۔ اختیار ۔
حَقِیر ۔ ۱۔ مبتذل ۔ ذلیل ۔ خوار ۔
۲۔ بے مایہ ۔ بے قدر و قیمت ۔
حَقِیرَہ ۔ ناچیز ۔ نادار ۔ مفلس ۔ بے عزت ۔
حَقِیقَت ۔ حیثیت ۔ بساط ۔
حَکّاک ۔ نگینہ ساز ۔ مہر کن ۔
حِکایت ۔ نقل ۔ قصہ ۔ کہانی ۔ داستان ۔ بات ۔
حَکّ ۔ چھیلنا ۔ کھرچنا ۔ مٹانا ۔ ترمیم و تنسیخ ۔
حُکم ۔ فرمان ۔ ارشاد (جس کا بجا لانا ضروری ہو) ۔

حَکِیم ۔ عالم ۔ دانا ۔ دانشور ۔ باشعور ۔

حَلّال ۔ گرہ کھولنے والا ۔ (مشکل کو) آسان کرنے والا۔ عقدہ کشا۔

حَلال خور ۔ خاک روب۔ مہتر بھنگی ۔

حَلاوَت ۔ مٹھاس ۔ شیرینی ۔ مزہ ۔ لذت۔

حَلَب ۔ ملک شام کا ایک شہر جہاں کے آئینے مشہور ہیں۔

حَلْبی آئینَہ ۔ دبیز اور زیادہ شفاف شیشے کا بنا ہوا آئینہ ۔ شہر حلب اس صنعت کے لیے مشہور تھا اس میں یہ خوبی ہوتی تھی کہ ہر چیز اپنی اصلی حالت میں دکھائی دیتی تھی اور یہی وصف اس کی شہرت کا سبب بنا، قدیم گھرانوں میں اب تک اس قسم کے آئینے کو حلبی آئینے کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے خواہ وہ کہیں کا بنا ہوا ہو۔

حَلَق ۔ وہ مقام جو دہن، نرخرہ اور مری کے درمیان ہے ۔ گلا ۔

حَلْقَہ ۔ گھیرا ۔ کان کی بالی۔سونے یا چاندی کا بندا جو غلاموں کے کان میں ڈالتے تھے ۔ چھلا ۔ طوق ۔ پھندا ۔ گروہ ۔ جماعت ۔

حَلْقَہ بَگوش ۔ وہ جس کے کان میں غلامی کا حلقہ ہو۔ زر خرید غلام ۔ مطیع ۔ فرماں بردار ۔

حَلْوا ۔ ترچیز۔ نرم چیز (کھانے کی) مفت کا مال ۔ بغیر محنت کے ہاتھ آنے والی چیز۔

حَلْوا سوہَن ۔ دودھ میں روا اور سمنک حل کر کے پکایا ہوا حلوا۔ حلوا سوہن کئی قسم کا خاص طور پر مشہور ہے ایک کرارا یعنی سخت جو اصطلاحاً پپڑی کا سوہن حلوا کہلاتا ہے اور نشاستے کے پانی میں برابر کا گھی اور قند ملا کر تار بند چاشنی کے طور پر پکایا جاتا ہے، دوسرا نرم جو دودھ روے اور سمنک کو ترکیب دے کر بنایا جاتا ہے اور اس کا رنگ لاکھی ہوتا ہے اس لیے حبشی، جوزی یا گوندھے کا حلوا سوہن کہلاتا ہے یہ نام ابتدا میں اس کی سختی کے باعث رکھا گیا تھا بعد میں ملائم کو بھی اسی نام سے تعبیر کرنے لگے ۔

حَلْوائی ۔ حلوا فروش ۔ مٹھائی بنانے اور بیچنے والا۔

حِلْم ۔ بردباری ۔ تحمل۔ نرم دلی۔

حُلیَہ ۔ رنگ روپ ۔ وضع قطع ۔ صورت ۔

حُلُول ۔ ایک چیز کا دوسری چیز میں اس طرح گھس جانا یا سما جانا کہ دونوں میں امتیاز نہ ہو سکے ۔ روح کا کسی شے یا جسم میں داخل ہو جانا ۔

حُلَہ پوشاں ۔ حلہ پہنے ہوئے ۔ پوشاک میں ملبوس ۔

حَمّام ۔ غسل ۔ نہانا (بیشتر کسی بند جگہ میں)

حِمائِل ۔ (سیف بازی) مراد تلوار کی ضرب جو جسم کو گردن سے ناف تک ترچھا کاٹ دے ۔

حِمایَت ۔ طرف داری ۔ تائید ۔ مدد ۔

حِمایَتی ۔ حمایت کرنے والا ۔ طرف دار ۔ مددگار ۔

حَمد ۔ خدا کی تعریف ۔ ستائش ۔

حَمَل ۔ (نجوم) آسمان کے بارہ برجوں میں سے پہلے برج کا نام (بکری کی شکل کا) میکھ ۔

حَملَہ ۔ چڑھائی ۔ دھاوا ۔ ہلہ ۔

حَمِید ۔ ممدوح ۔ ستودہ ۔ پسندیدہ ۔ اللہ کا ایک صفاتی نام ۔

حنا بَند ۔ وہ چیز (کاغذ یا کپڑا) جس میں مہندی کی پڑیاں باندھتے ہیں ۔ ہاتھوں پر لگائی ہوئی مہندی پر باندھنے کا کپڑا ، جو مہندی لگاتے ۔ مشاطہ ۔

حَنظَل ۔ اندرائن کا پھل جو بہت کڑوا ہوتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ بھر پھیندوا ۔

حَنُوط ۔ خوشبودار چیزوں کا مرکب جیسے مردے کے جسم پر ملتے ہیں اور کفن پر بھی لگاتے ہیں ۔ مومیائی ۔

حَوّا ۔ ڈرانے کی ایک فرضی شے ۔

حَواس ۔ (حاسہ کی جمع) ۔ قوت مدرکہ ، حس کرنے کی قوت ۔ حسی طاقت ۔

حَوالے ۔ تحویل ۔ سپردگی ۔

حَوالی ۔ اطراف ۔ نواح ۔ مضافات ۔ اردگرد ۔ آس پاس ۔ گرداگرد ۔

حُوت ۔ بڑی مچھلی ۔ آسمان کے بارہ برجوں میں بارہویں برج کا نام ۔

حُور ۔ گوری چٹی عورتیں جن کی آنکھوں کی پتلیاں اور بال بہت سیاہ ہوں ۔ بہشتی عورتیں ۔

حُورُ العِین ۔ بڑی بڑی آنکھوں والی ۔

حُورِیَہ ۔ حور ۔ نہایت حسین ۔

حَوض ۔ پانی جمع کرنے کی جگہ جو زمین میں بنائی جائے ۔ چھوٹا تالاب ، حاشیے کے اندر کا میدان (شال ، چادر ، قالین کپڑے کے لیے مستعمل

حَیات - زندگی - جان -
حَیران - ہکا بکا - دنگ - متحیر - متعجب -
حَیرَت - تعجب حیرانی - بھوچکا پن -
حَیرَت زا - دنگ کر دینے والا - حیرت میں ڈالنے والا -
حیرت فزا - حیرت بڑھانے والا -
حَیرَتی - حیرت زدہ - حیران - محو حیرت - وارفتہ - سرشار -
حِیطہ - احاطہ - حد - چار دیواری -
حَیوان - جاندار - انسانوں کے علاوہ جاندار مخلوق جس میں قوتِ حس اور ارادی حرکت ہو - جانور -

خ

خَاتَم - انگوٹھی - انگشتری -
خَاتَم بَندی - (نجاری) ہاتھی دانت یا اونٹ کی ہڈی وغیرہ کی گل کاری جو رئیسوں کے مکانات کی چھت میں ہوتی ہے - تختہ بندی جو چھت کی کڑیوں کو چھپانے کے لیے بطور چھت گیری کڑیوں کی رد کار پر لکڑی کے طرح طرح کے پھول اور جالیاں بنا کر جڑی جاتی ہیں - جالی کے نام سے خاتم بندی کو موسوم کرتے ہیں -
خَار - پودوں، درختوں اور جھاڑیوں پر نکلی ہوئی نکیلی روئیدگی - سخت اور باریک کانٹا -
خَاردَار - کانٹوں والا - جس میں کانٹے لگے ہوں -
خَار کھَانا - (محاورہ) حسد کرنا - رشک کرنا - جلنا - دشمنی کرنا -
خَارا - ایک وضع کا غیر معمولی سخت پتھر -
خَاراسَنگ - نیلاہٹ لیے ہوئے سنگ مرمر -
خَارِستان - وہ جگہ جہاں کثرت سے کانٹے ہوں (مجازاً) کارخانۂ عالم -
خَاسِر - نقصان اٹھانے والا (مجازاً) ناکام - نامراد -
خَاصُ الخُواص - (خاص الخاص) - مخصوص ترین - نہایت، چیدہ و منتخب - مقبول ترین - بہت عزیز -

خَاصَہ ۔ بادشاہوں یا امیروں کا کھانا۔

خَاصَہ پَزْ ۔ وہ باورچی جو بادشاہوں یا امیروں کے لیے خاص کھانے تیار کرے۔

خَاصدان ۔ پان کی گلوریوں کے رکھنے کا گنبد نما ظرف جو چاندی بھرت یا تانبے وغیرہ کا ہوتا ہے۔

خَاصِیَّت ۔ خاص اثر۔ خصوصی تاثیر۔ خلقی وصف ۔ فطری افتاد۔

خَاطِر ۔ ۱۔ دل ۔جی ۔ جان ۔
۲۔ خیال ۔ دھیان ۔ ذہن ۔

خَاطِر جَمع ۔ اطمینان ۔ سکون دِل ۔ تسلّی ۔ طمانیت ۔

خَاطِف ۔ اچک لے جانے والا۔ چھین لینے والا۔

خَاطی ۔ ۱۔ دانستہ خطاکار ۔
۲۔ بجلی کی طرح چمکنے والا۔

خَاقَان ۔ قدیم زمانے میں چین اور ترکستان کے بادشاہوں کا لقب (مجازاً) سلطان ۔ بادشاہ ۔

خَاکدان ۔ (خاک دان) کوڑے دان ۔ ڈبہ جس میں کوڑا کرکٹ ڈالا جائے (مجازاً) دنیا (مجازاً) قبر۔

خَاک چھاننا ۔ (محاورہ) بے حد تلاش و جستجو کرنا ۔ مارا پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔

خَاکِ راہ ۔ ہیچ ۔ ذلیل ۔ حقیر۔

خَاکسار ۔ ۱۔ خاک کی مانند ۔
۲۔ عاجز ۔ حقیر۔

خَاکِستَر ۔ راکھ ۔ بھبوت ۔

خَال ۔ وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم کے کسی حصے پر ہوتا ہے ۔تِل ۔

خَالُو ۔ ماں کی بہن کا شوہر۔ خالہ کا شوہر۔

خَالَہ جان ۔ ماں کی بہن ۔

خَالَہ جی کا گھر ۔ (محاورہ) ۱۔ آسان کام ۔ معمولی بات ۔
۲۔ وہ جگہ جہاں زور چلتا ہو یا دعویٰ ہو ۔

خَالی اَز عِلَّت ۔ بے سبب۔ بے وجہ ۔ بغیر جواز ۔

خَام پارَہ ۔ وہ لڑکی جس نے بلوغت سے قبل عورت مرد کے تعلقات کا تجربہ کیا ہو۔ بہت زیادہ بننے والی ۔ (کلمۂ تشنیع کے طور پر) بد معاش ۔آوارہ ، مکارہ۔

خَامُوش ۔ جو اپنی زبان نہ کھولے۔ چپکا ۔ چُپ ۔

خَامَہ ۔ قلم ۔ کلک ۔

خَانگی ۔ پردہ نشین عورت جس کا پیشہ زناکاری ہو۔

خَانَہ بَراَنداز ۔ گھر بار اجاڑ دینے والا ۔ تباہ و برباد کرنے والا۔

(کنایتہً) معشوق۔
خَائِف ۔ ڈرپوک ۔ ترساں ۔ خوف زدہ ۔ ڈرنے والا ۔
خَائِن ۔ بد دیانت ۔ بے ایمان ۔ دغل فصل کرنے والا ۔
خَبِیث ۔ ناپاک ۔ نجس ۔ پلید۔ گندا ۔
خَبِیر ۔ خبر رکھنے والا ۔ واقف۔ دانا ۔
خِتام ۔ ۱۔ اختتام ۔ خاتمہ ۔ انجام۔ ۲۔ چپڑا لاکھ، موم یا مٹی جس سے کسی چیز کو سربمہر کرتے ہیں ۔
خَتمی مَآب ۔ اخیر پیغمبر، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آخری نبی جن کے بعد کوئی نبی نہ آئے گا۔
خِجالَت ۔ شرمندگی ۔ ندامت۔ خفت ۔
خُجَسْتَہ ۔ مبارک ۔ فرخندہ ۔نیک۔ ہمایوں ۔
خَجِل ۔ شرمندہ ۔ نادم ۔
خَجلَت ۔ شرمندگی ۔ندامت ۔
خَچَّر ۔ یہ جانور گھوڑے اور گدھے کے ملاپ کا نتیجہ ہے اس کی نسل کشی شاذ ہی ہوتی ہے ۔
خدا حافظ ۔ (کلمۂ دعا) اللہ حافظ ۔ اللہ کے سپرد۔
خدا خدا کر کے ۔ بڑی مشکل سے ۔ بدقت تمام ۔
خِضْر ۔ (مرادًا) ۔ حضرت خضر۔
خُدَع ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا۔
خَدَم ۔ خدمت گار ۔ ملازم ۔ نوکر چاکر۔
خِدْمَت ۔ سیوا ۔ اطاعت ۔ فرماں برداری ۔
خِدْمَتی ۔ فرماں بردار ۔ خدمت کرنے والا ۔
خَدَنگ ۔ ایک خاص قسم کی آتش بازی جو تیر کی شکل کی ہوتی ہے اور شتابہ لگانے سے تیر کی طرح اڑی چلی جاتی ہے ۔ ختنگا ۔
خَدِیو ۔ قدیم مصر کے بادشاہوں کا لقب ۔
خِرَاج ۔ زمین کا محصول ۔ مال گزاری ۔ لگان ۔
خِرام ۔ نرم رفتار ۔ خوش رفتاری۔ ناز و انداز کی چال ۔
خِراماں ۔ اٹھلا کر چلتا ہوا ۔ خوش رفتار ۔
خِراماں خِراماں ۔ آہستہ آہستہ ناز و انداز کے ساتھ چلتا ہوا ہوا۔
خَر نامشخص ۔ احمق ۔ بے ہودہ۔
خُرجی ۔ جھولا نما تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری اسباب رکھنے کے لیے کاٹھی سے باندھ دیتے ہیں ۔ زنبیل ۔

خَرچی ۔ روزانہ کا خرچ ۔
خِرَد ۔ عقل ۔ دانائی ۔ سمجھ ۔
خُرد نوک کا جُوتا ۔ لال زری، کا شانی مخمل اور کیمخت کے بنے ہوئے سبک جوتے، لکھنؤ کی خاص ایجاد ۔ اس میں سلیم شاہی کے برعکس نوک نکلی ہوئی نہیں ہوتی تھی، فقط ذرا سا ابھار ہوتا تھا ۔
خَردَل ۔ سرسوں سے مشابہ دانہ ۔ رائی ۔
خِرس ۔ ریچھ ۔ بھالو ۔
خُرسَند ۔ خوش خرش ۔ شادماں ۔ مسرور ۔
خُرطُوم ۔ ہاتھی کی لانبی ناک ۔ سونڈ ۔
خَرگاہ ۔ بہت بڑا خیمہ ۔ سلاطین اور امرا کا خیمہ ۔
خُرّم ۔ شادماں ۔ خوش ۔ بشاش ۔
خُرما ۔ کھجور ۔ چھوارا ۔
خِرمَن ۔ غلے کا ڈھیر جس سے بھُس الگ نہ کیا گیا ہو ۔ کھلیان ۔
خُرّمی ۔ خوشی ۔ مسرت ۔ شادمانی ۔
خَرمُہرہ ۔ بڑی کوڑی ۔ سنگھ ۔ گھونگھا ۔
خُرُوج ۔ حملہ ۔ یورش ۔ چڑھائی ۔
خَرِید و فَروخت ۔ خریدنا اور بیچنا ۔ بیع وشریٰ ۔
خَریدار ۔ مول لینے والا ۔ گاہک ۔

خِزاں ۔ وہ موسم جس میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں ۔ پت جھڑ ۔
خَزانہ ۔ ۱۔ وہ جگہ جہاں روپیہ، سونا، چاندی، ہیرے جواہرات بحفاظت رکھے جائیں ۔
۲۔ وہ جگہ جہاں پانی کا ذخیرہ ہو ۔ حوض ۔ تالاب ۔ جھیل ۔
خَس پوش کرنا ۔ چھپا دینا ۔ اسلحہ کے ذخیرہ کو محفوظ کرنا ۔
خَسخانہ (خَس خانہ) ۔ سواری جس میں خس کی ٹٹیاں لگی ہوئی ہوں ۔
خَسخانہ مژہ ۔ (مجازاً) آنکھ کا ڈھیلا جس میں روشنی (نظر) ہوتی ہے اور جس کی حفاظت پلکیں کرتی ہیں ۔
خُسروانہ ۔ شاہی طریقے سے ۔ شاہانہ ۔
خُسُوف (فلکیات) جب زمین گردش کرتے ہوئے آفتاب کے سامنے آجاتی ہے تو زمین کے سایے کی وجہ سے چاند کا کچھ حصّہ اور بعض وقت پورا چاند تاریکی میں آجاتا ہے ۔ چاند گہن ۔
خَسِیس ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔
خِشت ۔ اینٹ ۔
خَشم ۔ غصّہ ۔ خفگی ۔
خُشُوع ۔ کسی کے سامنے خوف و

ہیبت کے ساتھ ساکن اور پست ہونا ۔ گڑگڑانا ۔ فروتنی ۔ عاجزی ۔

خِصَال (خصلت کی جمع) ۔ عادت ۔ خو ۔ جبلت ۔

خَصائل ۔ (خصلت کی جمع) خصلتیں ۔

خَصَم ۔ ۱۔ مالک ۔ آقا ۔ ۲۔ خاوند ۔ شوہر ۔

خَصْم ۔ دشمن ۔ غنیم ۔

خَصْمی ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ مالک پن ۔ بیر ۔ خصومت ۔

خُضُوع ۔ گڑگڑانا ۔ عاجزی ۔ فروتنی ۔ (عام طور پر خشوع کے ساتھ مستعمل) ۔

خَطا ۔ غلطی ۔ قصور ۔ بھول چوک ۔

خَطا پوش ۔ گناہوں کو بخشنے والا ۔ عیب چھپانے والا (مراد اً) خداوند تعالےٰ ۔

خَطائی ۔ روے کی میٹھی اور بہت خستہ بسکٹ کی طرح کی تیار کی ہوئی چھوٹی ٹکیا ۔ نان خطائی ۔

خَطِ اِستِوا ۔ فرضی دائرہ جو زمین کے بیچوں بیچ قطبوں سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی طرف کھنچا ہوا مانا گیا ہے اسے خط استوا اس لیے کہتے ہیں کہ جو مقامات اس پر واقع ہیں وہاں دن اور رات قریب قریب برابر ہوتے ہیں ، آفتاب اس خط پر سے سال میں دو بار گزرتا ہے اول ۲۱ مارچ کو اس روز دن رات برابر ہوتے ہیں دوم ۲۲ ستمبر کو اس تاریخ کو بھی دن رات برابر ہوتے ہیں ۔

خَطِ بَہار ۔ (خوش نویسی) پھول پتوں کی شکل یا گل بوٹوں کے اندر لکھا ہوا کوئی کلمہ یا کلام ۔ خوش نویسی کی ایک صفت جو خط مصنوعہ کے نام سے معروف ہے ۔

خَطِ شُعاع / شُعاعی ۔ سورج کی کرنیں نیز وہ لکیر جو سورج کی کرنوں سے پیدا ہو ۔

خَطِ غُبار ۔ اس کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک یہ کہ باریک نقطوں کے ذریعے جلی حروف کی شکل کے مطابق قاعدہ خوش نویسی بنائی جائے دوسری یہ کہ کسی عبارت کو بہت باریک لکھ کر جلی حروف بنائے جائیں ۔

خَطِ گلزار ۔ اس کی صورت یہ ہے کہ بہت جلی قلم سے باریک لکیروں کے ذریعے حروف کی اس طرح حد بندی کی جاتی ہے کہ اس کا درمیانی حصہ سادہ رہے اس میں پھول پھل برگ و بار بنا دیئے جاتے ہیں ۔

خَط و خال ۔ چہرہ مہرہ ۔ شکل و صورت کی ساخت ۔ حلیہ ۔

خُطبہ خواں ۔ خطبہ پڑھنے والا

خطیب ۔

خَطِیر ۔ بڑا ۔ کثیر (بیشتر رقم روپیہ پیسہ) (کنایتہً) بیش بہا۔ قیمتی ۔

خَفا ۔ ۱۔ ناراض ۔ آزردہ ۔ ناخوش ۔

۲۔ دم گھٹنا ۔ گلا گھٹنا (عموماً لفظ دم کے ساتھ مستعمل) ۔

خِفَّت ۔ ۱۔ شرمندگی ۔ ندامت ۔

۲۔ ذلّت ۔ سبکی ۔

خَفْتان ۔ ایک جنگی لباس ۔ ایک وضع کا کرتا جو زرہ کے اندر پہنا جاتا ہے ۔ جبہ و جوشن کی ایک قسم جسے جنگ میں پہنتے ہیں ۔

خَفْقَان ۔ دل کی دھڑکن جو معمول سے زیادہ ہو ۔ ایک بیماری جس میں دل کی حرکت بڑھ جاتی ہے مالیخولیا کی ابتدائی حالت ۔

خَفَقانی ۔ وحشت زدہ ۔ سودائی ۔ مخبوط الحواس ۔ وہ شخص جو ذرا ذرا سی بات پر گھبرا جائے ۔

خُفْتگان ۔ سونے والے ۔ سوئے ہوئے ۔ خوابیدہ ۔

خَفگی ۔ ناخوشی ۔ غصّہ ۔ ناراضی ۔ عتاب ۔

خِلال ۔ دو چیزوں کے درمیان فرق یا فاصلہ ۔

خَلائق ۔ (خلقت کی جمع) ۔ مخلوقات ۔ تمام لوگ ۔

خَلْخال ۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور جس میں گھنگرو لگے ہوتے ہیں ۔ پازیب ۔ پایل ۔ گوجری ۔

خُلْد ۔ جنت ۔ بہشت ۔

خِلْعَت ۔ لباس جو بادشاہ یا امرا کی طرف سے انعام یا عزت افزائی کے طور پر ملے (یہ کم از کم تین پارچوں پر مشتمل ہوتا تھا یعنی دستار، جامہ، کمر بند) ۔

خِلْعَتِ فاخِرَہ ۔ ایسا لباس جو باعث فخر ہو ۔ نہایت قیمتی پوشاک جو بادشاہوں کی طرف سے انعام یا عزت افزائی کے طور پر عطا ہو ۔

خَلْق ۔ پیدائش ۔ آفرینش ۔ پیدا کرنا ۔ پیدا ہونا ۔

خِلْقَت ۔ مخلوق ۔ نوع انسان ۔ بنی آدم ۔ لوگ ۔

خَلِیفَہ ۔ نائب ۔ جانشین ۔

خَم ۔ کجی ۔ ٹیڑھ ۔ ترچھاپن ۔ خمیدگی ۔ جھکاؤ ۔

خَم بَجانا ۔ (محاورہ) کشتی میں اپنے بازوؤں پر ہاتھ مارنا ۔

خَم و چَم ۔ رفتار معشوقانہ ۔ خرام ناز ۔ اتراہٹ ۔

خُم ۔ مٹکا ۔ گھڑا ۔ بڑی ہانڈی ۔

خُم خانَہ ۔ شراب خانہ ۔ مے خانہ ۔

خُمار ۔ نشہ اترنے کے وقت درد سر اور اعضا شکنی کی کیفیت ۔

وہ مستی جو نشۂ شراب کا زور ٹوٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔
خَمر ۔ انگوری شراب۔ ہر نشہ آور مشروب۔
خُمُول ۔ گمنامی۔ پوشیدگی۔ پنہاں و پست۔
خَمیازَہ ۔ ۱۔ انگڑائی۔ جماہی۔
۲۔ سزا۔ بدلہ۔ مکافات۔ بھگتان۔
خَمِیر ۔ فطیر کا نقیض۔ جسم کی مٹی۔ وہ مادہ جس سے کوئی شے بنائی جائے۔ سرشت۔ فطرت۔ مزاج۔
خَمِیر بِگاڑنا / دینا ۔ (محاورہ) مار مار کر بری حالت کر دینا۔ درگت بنانا۔
خَنّاس ۔ شیطان۔ بدروح۔ خبیث روح۔
خَنجَر ۔ کسی قدر چوڑے خمدار پھل کا عموماً دو دھارا چھرا۔ کٹار۔ پیش قبض۔
خَنجَری ۔ چھوٹی دف۔ ڈفلی۔
خَندَق ۔ گہرا گڑھا۔ غار۔ کھوہ۔
خَندَہ دَندان نُما ۔ کھلکھلا کر ہنسنے کی کیفیت جس میں بتیسی دکھائی دینے لگے۔
خَندَہ زَن ۔ ہنسنے والا۔ ہنستا ہوا۔ کسی کی ہنسی اڑانے والا۔
خِنزِیر ۔ سور۔ خوک۔
خِنگ ۔ سفید۔
خِنگا ۔ ہٹا کٹا۔ مسٹنڈا۔ تنومند۔

موٹا تازہ۔
خُواب ۔ سو جانے کا عمل یا کیفیت۔ نیند۔ (بیداری کا نقیض)۔
خُوابِ خَرگوش ۔ خرگوش کی نیند۔ (مجازاً) گہری نیند۔ غفلت کی نیند۔ تغافل۔ بے خبری۔ مدہوش۔
خُواب و خُور ۔ سونا اور کھانا پینا۔
خُوابِ نوشِیں ۔ آرام دہ نیند۔ میٹھی نیند۔
خواجَہ زادہ ۔ خواجہ کا بیٹا۔ مالک۔
خواجَہ سَرا ۔ جو خصی کر دیا گیا ہو اور زنانے مکان میں آمد و رفت پر مامور ہو (شاہی کے زمانے میں غلاموں اور نوکروں کو خصی کر دیا جاتا تھا جو شاہی بیگمات کے محل میں بے روک ٹوک آتے جاتے اور کام کاج کرتے تھے)۔ نامرد۔ ہیجڑا۔ مخنث۔
خُوار ۔ جو ننگا ہوں میں حقیر اور سبک ہو۔ جو قابلِ نفرت و تحقیر ہو۔ ذلیل۔ رسوا۔ بے عزت۔
خُواستگاری ۔ ۱۔ درخواست۔ خواہش۔ طلبگاری۔
۲۔ نسبت کی درخواست۔ شادی کا پیغام۔

خَواص ۔ (بیگمات کی) لونڈی ۔ خادمہ ۔ سہیلی ۔

خَواصی ۔ ۱۔ ہودے کے پیچھے وہ جگہ جہاں امرا کی سواری کے وقت ان کا خاص ملازم یا مصاحب بیٹھتا ہے ۔
۲۔ ہم نشینی ۔ مصاحبت ۔ خدمت گاری ۔ مصاحبت ۔ خدمت گار ۔

خَواصیں ۔ لونڈیاں ۔ کنیزیں ۔ سہیلیاں ۔ وہ ملازمائیں جو شہزادیوں اور امیرزادیوں کے ساتھ رہتی ہیں ۔

خُوان ۔ سینی ۔ تھال ۔ طشت ۔ کھانا وغیرہ لانے یا لے جانے کا گول طبق ۔

خُوباں ۔ حسین لوگ ۔ معشوق ۔

خُوبانی ۔ خشک زرد آلو جو بھورے رنگ کا اور مزے میں میٹھا ہوتا ہے ۔

خُوبرُوئی ۔ (خوب روئی) حسن ۔ جمال ۔ خوبصورتی ۔

خُود ۔ لوہے کی گول ٹوپی ۔ آہنی سر پوش ۔

خُود بِین ۔ اپنی ذات کا پجاری ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ گھمنڈ کرنے والا ۔ فخر کرنے والا ۔

خُود رَو ۔ قدرتی طور پر اگنے والا / والی ۔

خُورد بُرد ۔ ۱۔ بے جا تصرف ۔
۲۔ غبن ۔ خیانت ۔

خُورد نُوش (خور و نوش) ۔ کھانا پینا ۔ غذا (مجازاً) ضروریات زندگی ۔ معیشت کا سامان ۔ اکل و شرب ۔

خُودی ۔ اپنی ذات ۔ نفس ۔ روح ۔ شعور ذات ۔

خُورشِید ۔ سورج ۔ آفتاب ۔ سوریہ ۔

خُورشِید خاوَری ۔ آفتاب شرقی ۔ روشن و منور ۔

خَوَرنَقِ بہرام ۔ ایک محل جو نعمان بن منذر نے بہرام کے لیے بابل میں بنوایا تھا (کنایتہً) عالی شان محل ۔ قصر ۔

خوش اِلحان ۔ دل کش اور پر اثر آواز کا مالک ۔ اچھی آواز والا ۔ خوش نوا ۔

خوش اِلحانی ۔ سُریلا پن ۔ نغمگی ۔ خوش نوائی ۔ خوش آوازی ۔

خُوشبُو ۔ اچھی مہک ۔ معطر ۔

خُوشحَال (خوش حال) ۔ آسودہ ۔ خرم ۔ مگن ۔ مرفہ الحال ۔

خُوش غِلاف ۔ (مجازاً) بد چلن ۔ بدکار ۔

خُوش فِعلی ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ دل لگی ۔ چہل ۔ ہنسی مذاق ۔

خُوش قَطع ۔ اچھی اور خوب صورت بناوٹ کا ۔ اچھی شکل والا ۔ سڈول ۔

خُوشہ ۔ گچھا ۔ پھلوں کا گچھا ۔ اناج کی بالی ۔

خُوشہ چِین ۔ فیض حاصل کرنے والا ۔ فائدہ اٹھانے والا ۔

خوشی سے پھُول جانا ۔ (محاورہ) بہت زیادہ خوش ہونا ۔

خُوشنُود ۔ راضی ۔ خوش ۔ مسرور ۔

خَوض ۔ تعقل ، تفکر اور تحقیق کے ذریعے کسی بات کی تہہ تک پہنچنے کا عمل ۔ کوشش ۔ سوچ بچار ۔

خُوک ۔ سور ۔ بریلا ۔ خنزیر (مجازاً) سفاک ۔ ظالم ۔

خُون آشام ۔ خون پینے والا ۔ خونخوار (مجازاً) سفاک ۔ ظالم ۔

خُون تھُوکنا ۔ (محاورہ) قریب بہ ہلاکت ہونا ۔ ہلکان ہونا ۔ عاجز ہونا ۔

خُونریز (خوں ریز) ۔ خون بہانے والا ۔ سفاک ۔ ظالم ۔ ستمگر ۔ جاں ستاں ۔

خُون سَفید ہونا ۔ (محاورہ) بے مروت ہونا ۔ رشتے اور تعلق کی پروا نہ ہونا ۔ بے رحم یا سنگدل ہو جانا ۔ دل میں محبت و خلوص باقی نہ رہنا ۔

خُونناب (خوناب) ۔ پانی ملا ہوا خون ۔ خون کے آنسو ۔ وہ خون جو حالت رنج و غم میں آنسو بن کر بہے ۔

خُون ہلکا ہونا ۔ (محاورہ) طبیعت پر نظر بد کا بہت جلد اثر ہونا ۔ چھوئی موئی ہونا ۔ جس کو جلدی نظر لگ جائے ۔

خَیابان ۔ وہ چوڑی روش یا چوڑا راستہ جس کی دونوں جانب پیڑ یا پودے لگے ہوں ۔ پھولوں کی کیاری ۔ تختۂ گل ۔

خِیار ۔ ککڑی ۔ کھیرا ۔

خِیارِ تَر ۔ تازہ ککڑی یا کھیرا ۔

خَیّاط ۔ درزی ۔ کپڑا سینے والا ۔

خَیال ۔ ۱ ۔ موسیقی کا ایک خاص طریقہ / انگ ۔
۲ ۔ تصور ۔ تفکر ۔ ادھیڑ بن ۔ جو بات آدمی کے دماغ میں گزرے ۔

خِیام (خیمہ کی جمع) ۔ تنبو ۔ ڈیرا ۔

خَیر ۔ سلامتی ۔ تندرستی ۔ عافیت ۔

خَیر سَگالی ۔ خیر خواہی ۔ خیر اندیشی ۔ ہمدردی ۔

خِیرگی ۔ تیز روشنی یا بہت تیز روشن چیز کو دیکھ کر آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانے کی کیفیت ۔ چکا چوند ۔ تیرگی ۔

خِیرہ ۔ چکا چوند میں مبتلا ۔ نگاہ

حیراں۔ حیرت زدہ۔

خِیرَہ سَر۔ بے باک۔ گستاخ۔ مغرور۔ خود سر۔ سرکش۔

خَیرِیت۔ بھلائی۔ بہتری۔ سلامتی۔ تندرستی۔

خَیل خیل۔ گروہ در گروہ۔ جوق در جوق۔ فوج در فوج۔

خَیلا۔ بدتمیز۔ جھگڑالو۔ بے سلیقہ۔ احمق۔ بے ڈھنگی عورت۔

خَیلاپَن۔ پھوہڑپن۔ بے وقوفی۔ حماقت۔

خَیمَہ۔ تنبو۔ ڈیرا۔ راوٹی۔

خَیمَہ و خَرگاہ۔ چھوٹا بڑا تنبو ڈیرا (مراداً) محفل عیش ونشاط (ق)۔

د

دَاخِل۔ وارد۔ اندر جانے والا۔ پہنچا ہوا۔

دَادَاجی۔ باپ کا باپ۔ (تعظیماً) بڑی عمر والا آدمی۔ بڑے میاں کی جگہ۔

دَاذَرا۔ (موسیقی) ایک چلتی لے کا راگ جو آگرے اور بندیل کھنڈ میں عام طور پر گایا جاتا ہے (یہ دادر (مینڈک) کی تیز تانوں سے مشابہت رکھتا ہے)۔

دَادرَس۔ فریاد سننے والا۔ انصاف کرنے والا۔ چارہ ساز۔

دَادگاہ۔ کچہری۔ عدالت۔ انصاف کی جگہ۔

دَارباز۔ بازی گر جو بانس اور رسی پر چڑھتا ہے۔ نٹ۔

دَار۔ وہ لمبی لکڑی جسے زمین میں گاڑ کر اور اس کے سرے پر حلقہ باندھ کر مجرم کو پھانسی دیتے ہیں۔ پھانسی۔ سولی۔

داربَست۔ بانس یا لکڑی کا بنا ہوا ٹھاٹھر جس پر انگور کی بیل چڑھتی اور پھیلتی ہے۔

دَار و مَدار۔ ۱۔ خاطر مدارات۔ تواضع۔ آؤ بھگت۔ دلجوئی۔
۲۔ انحصار۔

دَاراب۔ شان وشوکت۔ لڑائی کا شور۔

دَارُو۔ علاج۔ تدبیر (مجازاً) دیسی شراب۔

دَارُالاِمارَت۔ (دارالعمارۃ) پایۂ تخت۔ فرماں روا کا صدر مقام۔

دَارُالبَوار۔ ہلاکت اور

تباہی کی جگہ ۔ دوزخ ۔ جہنم۔

دَاروگِیر ۔ پکڑ دھکڑ ۔ مواخذہ ۔ لڑائی کا شور ۔ ہاؤ ہو۔

دَاری ۔ ۱۔ لونڈی ۔ باندی ۔ داشتہ ۔ عموماً ہندو عورتیں حقارت کے طور پر کہتی ہیں۔
۲۔ زن فاحشہ ۔ طوائف ۔ قحبہ ۔

دَارِیتہ ۔ کہن سال ۔ تجربہ کار شخص ۔

دَاسا ۔ غلام ۔ خادم ۔ چاکر۔

دَاستان ۔ قصہ ۔ کہانی ۔ واقعہ۔ سرگزشت ۔

دَاستانہ (دَستانہ) ۔ وہ لمبی کرچ یا سیدھی تلوار جس کی موٹھ کے اوپر کلائی تک پہنچنے والا لوہے کا پردا لگا رہتا ہے۔

دَاعِیہ ۔ خواہش ۔ طلب ۔ تقاضا۔ ارادہ ۔ درخواست ۔

دَاغ دینا ۔ (محاورہ) آتش بازی میں آگ لگانا ۔ آتش بازی چھوڑنا۔

دَاغی غُلام ۔ وہ غلام جس کے بدن پر غلامی کا نشان ہو (ترکوں کا دستور تھا کہ حبشیوں کے لڑکوں کو پکڑ لاتے تھے اور ان کی پیشانی پر داغ لگا دیتے)۔

دَاغِستانی ۔ ایک ہتھیار کا نام ۔

دَافِع ۔ دفع کرنے والا۔ (دکھ درد وغیرہ) دُور کرنے والا۔ مٹانے والا۔ باز رکھنے والا۔

دَافِعُ البَلِیّات ۔ مصیبتوں اور بلاؤں کو دُور کرنے والا۔ (مراداً) اللہ تعالیٰ۔

دَال پیش دو ۔ (فقرہ) چل دو ۔ چلے جاؤ۔ دفع ہو جاؤ۔

دَال میں کالا ہونا ۔ (محاورہ) خرابی یا شک وشبہ کی بات ہونا۔ کوئی پوشیدہ بات یا کھوٹ ہونا۔

دَال موٹھ ۔ مونگ اور موٹھ کی دال جو پانی میں بھگونے کے بعد تلتے اور اس میں نمک مسالے ملا کر کھاتے ہیں ۔

دَال میں نمک ۔ بہت کم ۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔

دَال نہ گلنا ۔ پہنچ نہ ہونا ۔ دسترس نہ ہونا۔ کامیاب نہ ہونا۔

دَالان ۔ (معماری) محراب دار دروں کی کشادہ عمارت جس میں کم از کم تین در ہوتے ہیں ۔ بالاخانہ یا کوٹھی کے دروازے کے باہر کا سائبان ۔ برآمدہ ۔

دَام ۔ جال ۔ پھندا۔

دَامِ تَزوِیر ۔ مکر و فریب کا جال ۔ فریب کا پھندا۔

دَام کھوٹے تو پَرکھیا کو کیا دُوس ۔(مثل) ۔ خود اپنے میں عیب ہو تو دوسرے کو کیوں الزام دیں ۔ اپنی کوتاہی پر دوسرے کو مورد الزام ٹھہرانا (ق) ۔

دَامَاد ۔ بیٹی کا شوہر۔

دَامَن پَکَڑنا ۔ (محاورہ) ۔ ۱۔ متقاضی ہونا۔
۲۔ پناہ میں آنا ۔ سہارا لینا۔

دَامِنَہ ۔ دامن ۔

دَامِنِی ۔ باریک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں ۔ ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں ۔

دَان ۔ نذر ۔ خیرات ۔ ایک رسم جس میں برہمن کچھ پڑھ کر کسی کو کچھ دیتے ہیں ۔

دَانت کھَٹّے کَرنا ۔ (محاورہ) ۔ (لڑائی یا کشتی وغیرہ میں یا کسی اور طرح سے) جی چھڑانا ۔ عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔

دَانتا کِلکِل ۔ روز کے گھریلو جھگڑے ۔ تو تو میں میں ۔ بحث و تکرار۔

دَانتوں میں اُنگلی دَبانا ۔ (محاورہ) اظہار تعجب کرنا ۔ متحیر ہونا۔

دَانِسْت ۔ واقفیت ۔ شناخت ۔ علم ۔ آگہی ۔

دَانِش ۔ ۱۔ علم و فن ۔
۲۔ عقل مندی ۔ دانائی ۔ فکر۔

دَانگ ۔ پہاڑ یا پہاڑی کا ڈھلوان حصّہ جو سطح زمین سے آ کر مل جائے۔ دامن کوہ کا بالائی حصّہ ۔

دَانَہ ۔ انسان کا کھانا ۔ خوراک۔ رزق ۔

دَانَہ زَد ۔ ۱۔ ایسا شخص جو ایک دانے کے پیچھے دوڑے ۔ نہایت لالچی ۔ حریص ۔
۲۔ مفلوک الحال ۔ دانے دانے کو محتاج ۔

دَائِرَہ ۔ دف کی شکل کے ایک ساز کا نام جو ایک طرف سے کھلا ہوا ہوتا ہے ۔ چنگ ۔

دَاؤدِی ۔ ایک درخت یا اس کا پھول جو زرد اور سفید رنگ کا ہوتا ہے ۔ گل داؤدی ۔

دَائی ۔ بچہ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت ۔ دایہ ۔

دَائی بَندِی ۔ جب کوئی بری بات اپنی یا کسی اور کی نسبت کہنا ناپسندیدہ ہو تو اس وقت اشارہ کرنے کے لیے کہتے ہیں ۔

دَایَہ ۔ دایہ کا کام کرنے والی ۔ دائی۔ قابلہ ۔

دُبِّ اَصْغَر ۔ قطب شمالی کے قریب ریچھ سے مشابہ چند ستاروں

کے دو مجموعے ہیں جن میں چھوٹا دب اصغر کہلاتا ہے۔

دُبِّ اَکبَر ۔ (فلکیات) سات ستاروں کا مشہور جھرمٹ۔ بنات النعش۔

دَبا دَبُو ۔ نگرانی ۔ نگہبانی ۔ دیکھ بھال (ق)۔

دَبُّوں دَبُّوں کرنا ۔ (محاورہ) (کسی بات کو) ابھرنے یا ظاہر نہ ہونے دینا۔ دبا دینا ۔ چھپا دینا۔

دُبّے ۔ برہمنوں کی ایک گوت جو دو وید جانتے ہیں۔

دُبدھا ۔ پس وپیش ۔ تذبذب۔ گو مگو کی کیفیت ۔ وہم ۔ دگدا۔ دگدھا۔

دَبڑُو گھُسڑُو ۔ بودا ۔ کم ہمت۔ بزدل ۔ ڈرپوک ۔

دُبلا پَتلا ۔ جسمانی طور پر کمزور۔ نحیف ۔ چھریرا۔

دُبلیا ۔ نحیف ۔ لاغر۔

دَبَنگا ۔ باہمت ۔ بے خوف ۔ بے باک ۔ تیز۔ طرار۔ نڈر۔

دَبے پَر چیونٹی بھی کاٹتی ہے

(مثل) عاجز اگر کمزور بھی حملہ کر بیٹھتا ہے۔

دَبِیر ۔ محرر ۔ کاتب ۔ سکتر ۔ منشی۔ اڈیٹر۔

دَبِیل ۔ مطیع ۔ زیر دست ۔ مرعوب ۔

دُھجَر ۔ ٹکڑا ۔ پرزہ ۔ کنارہ (ق)

دُختِ قاضی ۔ (کنایتہً) شراب (ق)۔

دُختَر ۔ بیٹی ۔ لڑکی ۔ بنت ۔

دُخترِ رَز ۔ (لفظاً) انگور کی بیٹی (مجازاً) انگوری شراب ۔ سُرخ شراب ۔

دَخل ۔ ۱۔ واقفیت ۔ شدبد۔ دسترس ۔

۲۔ پورا قبضہ ۔ کامل اختیار ۔ مکمل حکومت ۔

دَخل دَر مَعقُولات ۔ کسی معاملے میں خواہ مخواہ دخل دینا۔ بلا وجہ یا بلا کسی حق و استحقاق کے مداخلت کرنا۔ جہاں مداخلت کی ضرورت نہ ہو وہاں ناحق مزاحم ہونا۔

دَخمہ ۔ وہ تہ خانہ جہاں کفار فارس اپنے مردے رکھتے ۔ آتش پرستوں کا گورستان ۔ صندوق جس میں مردہ رکھا جائے۔ تابوت۔ قبر۔ مقبرہ ۔

دَد ۔ پھاڑ کھانے والا جانور۔ درندہ جیسے شیر۔ بھیڑیا۔

دُر ۔ موتی ۔

دَربان ۔ دروازے کا پہرے دار ۔ چوکیدار ۔ محافظ۔ ڈیوڑھی

بان ۔
دَربَر ۔ اوپر ۔ پہن کر ۔
دُرُست ۔ ٹھیک ۔ صحیح ۔
دَربہشت ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔
ایک طرح کی مٹھائی جو پپڑی حلوا
سوہن سے مشابہ ہوتی ہے ۔
دُرج ۔ زیور رکھنے کا ڈبہ ۔ صندوقچہ ۔
ڈبیا ۔
دُرجک ۔ (درج کی تصغیر) ڈبیا ۔
صندوقچی ۔
دَرَخت ۔ پیڑ ۔ شجر ۔
دَرَخشِندَہ ۔ چمکنے والا ۔ تابناک ۔
دَرد ۔ ٹیس ۔ دکھن ۔ چمک ۔
دَرِ دَولت ۔ بادشاہ یا رئیس کا
مکان ۔
دُرد کَشاں ۔ وہ جو تلچھٹ پیئے ۔
شرابی ۔ مدہوش ۔
دَر دَرا ۔ جو بخوبی کٹا یا پسا نہ ہو ۔ نیم
کوفتہ ۔ دانے دار ۔
دَر اَنداز ۔ آپس میں لڑا دینے
والا ۔ چغل خور ۔ بدخواہ ۔
بدگو ۔
دَرار ۔ شگاف ۔ جھری ۔ چاک ۔
درز ۔
دُربار ۔ موتی برسانے والا ۔
دَربِینی ۔ چھوٹا آئینہ ۔
دَرزِی ۔ وہ شخص جو پیشے کے طور
پر کپڑا سینے کا کام کرتا ہو ۔ خیاط ۔
دُرُستگی ۔ ۱۔ درست ہونا ۔
درستی ۔
۲۔ مضبوطی ۔ تندرستی ۔
دُرُشت ۔ سخت ۔ نازیبا ۔
ناسزا ۔ تند و تیز ۔
دَرشن ۔ دیدار ۔ نظارہ ۔
صورت دیکھنا ۔ زیارت ۔
ظاہر ہونا ۔
دَرشنی ۔ قابل دید ۔ حسین ۔
دیکھتے ہی ۔ دیکھنے کے ساتھ
ہی ۔
دُرِ خوش آب ۔ ۱۔ نہایت
آبدار موتی ۔
۲۔ (مجازاً) موتی کی طرح چمک
دار ۔ خوبصورت ۔
دُرَفش ۔ پھریرا ۔ جھنڈا ۔
دَرکار ۔ مطلوب ۔ ضرورت ۔
خواہش ۔ چاہت ۔
دَرَکنا ۔ (شیشے کے برتن وغیرہ
کا) تڑقنا ۔ بال پڑنا (مجازاً)
شگاف پڑنا ۔ چیرنا ۔
دُرگ ۔ دشوار گزار راستہ
یا گھاٹی ۔ ناممکن الگزر ۔ جہاں
چلنا دشوار ہو ۔
دِرَم ۔ چاندی کا ایک سکہ (مجازاً)
روپیہ پیسہ ۔ نقدی ۔
دَرماہَہ ۔ ماہانہ تنخواہ ۔
مشاہرہ ۔
دُرِ یَتیم ۔ بڑا آبدار موتی جو
سیپی میں اکیلا ہو ۔ نہایت قیمتی

موتی۔
دَرْکَٹی ۔ بازار یا سرکاری کارندے کی جانب سے منڈی میں تجارتی مال کی قیمت کا تعین۔
دَرْگاہ ۔ چوکھٹ ۔ آستانہ ۔ کسی بزرگ کا مزار ۔ روضہ تیز خانقاہ ۔
دَرِندوچَرِند ۔ پھاڑ کھانے والا (جانور) شکاری جانور اور چرنے والا ۔ چوپایہ، حیوان ۔ ہر طرح کے حیوان ۔
دِرْنگ ۔ دیر ۔ تاخیر ۔ تامل ۔ پس وپیش ۔
دُرُود ۔ اگر خدا کی طرف سے ہو تو رحمت و برکت اور ملائکہ کی جانب سے ہو تو استغفار، اگر اہل ایمان کی جانب سے ہو تو (بالخصوص نبی برحق پر) دعا اور سلام اور بہائم و طیور کی نسبت سے ہو تو تسبیح کے معنی دیتا ہے ۔
دُرُوغ ۔ جھوٹ ۔ بہتان ۔ کذب ۔
دَرَّہ ۔ وہ راستہ ۔ شگاف یا فاصلہ جو کسی پہاڑ یا دو پہاڑوں کے درمیان میں ہو ۔
دُرَّہ ۔ چمڑے یا بٹے ہوئے تسموں کا کوڑا ۔
دَرَّہ کوہ ۔ گھاٹی ۔ شعب ۔
دَری ۔ موٹے سوت کا دبیز فرش جو چھوٹا بڑا ہر ناپ کا ہوتا ہے اور چارپائی تخت وغیرہ پر بچھانے کے علاوہ زمین پر بھی بچھانے کے کام آتا ہے ۔
دَریا ۔ پانی کی وہ لمبی اور کسی قدر چوڑی دھار جو اپنے منبع (جھیل یا پہاڑ وغیرہ) سے نکل کر خشکی پر دور تک بہتی ہے اور آخر میں کسی دوسرے دریا یا سمندر میں جاملتی ہے ۔ بڑی ندی ۔

دَریا میں رَہنا اور مَگَرمچھ سے بَیر ۔ (کہاوت) جہاں انسان رہے اگر وہاں کے صاحبِ اقتدار یا با اثر لوگوں سے عداوت رکھے تو کہتے ہیں ۔
دَرِیچَہ ۔ کھڑکی ۔ چھوٹا دروازہ ۔ موکھا ۔
دَرِیچی ۔ چھوٹی کھڑکی یا موکھا ۔
دَرْیافت ۔ کھوج ۔ تلاش ۔ جستجو ۔
دَرِیغ ۔ افسوس ۔ ہائے افسوس ۔
دَرِیغ دَرِیغ ۔ ہائے افسوس ۔ واحسرتا ۔
دُزْد ۔ چور ۔ سارق ۔
دُزْدِحِنا ۔ وہ جگہ یا سفیدی جو ہاتھوں پاؤں میں مہندی لگانے کے بعد رہ جائے ۔ مہندی کا ۔

چور۔

دُزدِیدَہ نِگاہی ۔ چھپ کر یا کنکھیوں سے دیکھنے کا عمل۔

دِساوَر ۔ وہ جگہ جہاں تجارتی مال فروخت کرنے (برآمد) کے لیے بافراط جمع ہو۔ منڈی۔ تھوک فروشی کا مقام۔

دَس گھَرا ۔ ۱۔ لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں دونوں طرف دس دس گھر ہوتے ہیں۔

۲۔ وہ بساط جس میں دس گھرا کھیلنے کے لیے کے لیے خانے بنے ہوں۔

دَسپَنا ۔ چمٹا ۔ آگ یا انگارا پکڑنے کا آلہ۔ دست پناہ۔

دَست اَندازِی ۔ ۱۔ دخل اندازی۔ مداخلت ۔ ہاتھ ڈالنا (کسی پر)۔

۲۔ چھیڑ چھاڑ ۔ دست درازی ۔

دَستبُرد ۔ تباہی۔ظلم وستم۔

دَست بُردی ۔ ۱۔ دلیری ۔ ہمت ۔

۲۔ چوری ۔ غبن ۔ خورد برد۔

دَست بَستَہ ۔ ہاتھ باندھے ہوئے۔ ہاتھ جوڑ کر (مجازاً) کمال اطاعت و انکسار کے ساتھ ۔ باادب و احترام

دَست بُقچہ ۔ چھوٹا بقچہ جس میں کپڑے وغیرہ رکھتے ہیں ۔

دَست بَند ۔ موتیوں اور جواہرات کا لچھا جو عورتیں کلائی پر باندھتی ہیں ۔

دَستِ پاک ۔ وہ کپڑا جس سے ہاتھ پونچھتے ہیں ۔ تولیہ ۔ رومال ۔

دَستِ چَپ ۔ بائیں طرف ۔ اُلٹا ہاتھ ۔

دَستِ رَاست ۔ (کنایتہً) حامی ۔ مددگار ۔

دَسترَس ۔ ۱۔ رسائی ۔ پہنچ ۔

۲۔ قدرت ۔ اختیار ۔

دَستِ مَرحَمَت ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ توجہ ۔ (ق) ۔

دَستَک ۔ ۱۔ تالی ۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنے کا عمل ۔ ۲۔ دروازہ بجانا۔ دروازہ اور پھاٹک وغیرہ کھٹکھٹانے یا تھپتھپانے کا عمل ۔

دَستگِیر (دَست گِیر) ۔ حامی۔ مددگار ۔

دَستَنبُو ۔ گولی کی شکل کا خوشبوؤں کا مجموعہ جسے سونگھنے کے لیے ہاتھ میں رکھتے ہیں ۔ لخلخہ ۔

دَستُور ۔ رسم و رواج ۔ روش۔ چلن

دَستُوری ۔ ۱۔ اجازت ۔ رخصت ۔

۲۔ چنگی ۔ محصول ۔

۳۔ جس کام کا عام رواج ہو ۔

دَستِی ۔ ایک داؤں کا نام جو ہاتھ سے لگایا جاتا ہے ۔ چھوٹا دستہ۔

چھوٹا قبضہ۔

دَشت ۔ جنگل یا میدان۔ غیر آباد علاقہ۔

دَشتِ نَبَرد ۔ لڑائی کا میدان (ق)۔

دُشمَن ۔ جو شخص کسی کی جان، مال، آبرو وغیرہ کے نقصان کا خواہاں ہو۔ مخالف۔ بدخواہ۔

دُشنام ۔ گالی۔ برا بھلا۔

دَشنَہ ۔ قصابوں کی چھری کی طرح کا اوزار۔ کٹار۔ خنجر۔ فولاد کا تیز دھار آلہ۔

دُشوار ۔ کٹھن۔ مشکل۔ محنت طلب۔

دُعا ۔ اللہ سے مانگنا۔ طلب کرنا۔ التجا۔ عرض۔ پکار۔

دَعوَت ۔ کسی تقریب یا ضیافت یا تحریک میں شرکت کے لیے بلانا۔

دَعوٰی ۔ وہ مدعا یا مفہوم جس کے حق ہونے پر قائل زور دے۔ صداقت کے ساتھ پر زور لفظوں میں کہی ہوئی بات۔

دَغدَغَہ (دَغدَغا) ۔ ۱۔ ایک چھوٹی سی قندیل جس میں شمع روشن ہوتی ہے۔ قمقمہ۔ کنول۔

۲۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ دگدا۔

۳۔ روشن۔ تاباں۔ چمکتا ہوا۔

دَف ۔ کم و بیش ایک فٹ قطر کا چوبی حلقہ نما ایک ساز۔ طبلہ سے مشابہ لیکن بڑا جس میں ایک کھال منڈھی ہوئی ہو۔ ڈفلا۔ دائرہ، ڈھپڑی۔ چوپٹی۔

دِفاعی گُرز ۔ وہ گرز جس سے دفاع / بچاؤ کیا جائے۔

دَفان ۔ نکال دینا۔ دور کرنا۔ ہٹا دینا (تحقیر، تنفر یا عتاب کے موقع پر)۔

دَفتَر ۔ ۱۔ وہ جگہ جہاں کسی ادارے انجمن یا محکمے وغیرہ کا عملہ یا کوئی شخص ذاتی کاروبار سے متعلق معمولاً کام کرتا ہے۔ آفس۔

۲۔ مجموعۂ کاغذات۔

دَفع ۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔

دَفن ۔ مردے کو قبر میں گاڑے جانے کا عمل۔ تجہیز و تکفین۔

دَفِینَہ ۔ گڑا یا چھپا ہوا خزانہ۔ دبا ہوا مال۔

دِق ۔ تنگ۔ عاجز۔ پریشان و حیران۔ آزردہ۔

دَقائِق ۔ کسی بات کے محاسن و معائب کے وہ پہلو جو غور و فکر سے سمجھ میں آئیں۔ اسرار و رموز۔ باریکیاں۔ نکتے۔

دَقِیقَہ ۔ راز۔ نکتہ۔ مشکل۔ معمولی بات۔

دُکان بَڑھانا ۔ (محاورہ) ۱۔

۱۔ کاروبار ختم کرنا۔ کام سے فارغ ہوجانا۔
۲۔ حسب معمول دکان کو بند کرنا۔

دُکھڑا ۔ دکھ۔ تکلیف۔ مصیبت۔

دُکھتی رَگ پکڑنا ۔ (محاورہ) کسی عیب یا کم زوری کی گرفت کرنا۔

دَکھن ۔ ۱۔ جنوب۔
۲۔ جنوبی علاقہ۔ خصوصاً جنوبی ہند کا علاقہ (حیدر آباد وغیرہ)۔

دُکھی ۔ ملول۔ رنجیدہ۔ مصیبت زدہ۔ پریشان۔

دِگرگُوں ۔ بدلا ہوا (اچھی سے بری حالت میں)۔ الٹ پلٹ۔ زیر و زبر۔

دَگلا ۔ روئی دار انگرکھا۔ لبادہ۔

دَل کے دَل ۔ کثرت سے فوج یا مجمع۔ بھیڑ۔

دِلبَر ۔ (دل بر) دل لینے والا۔ دلربا۔ پیارا۔ محبوب۔ معشوق۔

دِلبَری (دل بری)۔ دل موہ لینے کا عمل یا کیفیت۔ دل لبھانے کا انداز۔ دلربائی۔ محبوبیت۔ معشوقانہ وصف۔

دِلپَذیر ۔ (دل پذیر)۔ دل کو لبھانے والا۔ مرغوب۔ دل پسند۔

دِلدار ۔ (دِل دار) محبوب۔ معشوق۔ پیارا۔

دِلداری (دل داری)۔ دلاسا۔ تسلی۔ ہمدردی۔ دلجوئی۔

دِلدوز (دل دوز)۔ تکلیف دہ۔ اذیت ناک۔ دردناک۔ دل برمانے والا۔

دِل زَدَہ ۔ غم زدہ۔ غم رسیدہ۔ پژمردہ۔ افسردہ۔

دِلشاد ۔ خوش۔ بشاش۔ مسرور۔

دِلکَش (دل کش)۔ دل لبھانے والا۔ پسندیدہ۔ مرغوب الطبع۔ خوشنما۔

دِلکُشا (دل کشا)۔ فرحت افزا۔ طبیعت کو شگفتہ کرنے والا۔ روشن۔ کھلا ہوا۔ وسیع۔

دِل کے پَھپھولے پُھوڑنا ۔ (محاورہ) اظہار رنج و غم کے لیے جلی کٹی باتیں کرنا۔ برا بھلا کہہ کر اپنا جی ٹھنڈا کرنا۔ غصہ نکالنا۔ زہر اگلنا۔ طعنہ دینا۔

دِل کو دِل سے رَاہ ہونا ۔ (محاورہ) دو طرفہ محبت ہونا۔

جانبین میں لگاؤ ہونا۔

دِل میں گھَر پَیدا کَرنا۔ (محاورہ) نظروں میں سما جانا۔ کسی دل میں اپنی محبت اور ہمدردی پیدا کرنا۔

دُلار۔ پیار۔ مامتا۔ لاڈ۔

دِلاسا۔ تسلّی۔ تشفی۔ تسکین۔

دَلّال۔ بائع اور مشتری میں واسطہ ہو کر خرید و فروخت کرنے والا۔ آڑتیا۔ ایجنٹ۔

دِلاوَر۔ بہادر۔ سورما۔ من چلا۔ باہمت۔ جری۔

دُلائی۔ مرزائی کی وضع کی دوہری چادر جس کے درمیان روئی کی باریک تہ بھی ہوتی ہے اور چاروں طرف اوریب گوٹ لگائی جاتی ہے۔

دِلَدَّر۔ فقر و فاقہ کشی کی حالت۔ افلاس۔ تنگ دستی۔ بد حالی۔

دَلکنی (دَلکنا)۔ دلک۔ ارتعاش۔ ہلنا۔ لڑکھڑانا۔ تصادم۔ جھٹکا۔

دَلو۔ ڈول۔ (فلکیات، ہیئت)۔ آسمان کا گیارہواں برج۔

دَمُ الاَخوَین۔ (طب)۔ ایک سُرخ گوند کا نام جو اکثر رنگنے اور دوا میں ڈالنے کے کام آتا ہے۔ دھوکا۔ فریب۔ افسوں۔ منتر۔

دَم باز۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ عیار۔

دَم بخود۔ خاموش۔ ساکت۔ چپ چاپ۔ دم سادھے۔

دَم بھَرنا۔ (محاورہ) (کُشتی)۔ پہلوانوں کا اپنے شاگردوں کے ساتھ زور کر کے ان کو تھکانا۔ (کبوتر بازی) کبوتر کے پوٹے میں (پھونکوں کے ذریعے) ہوا بھرنا۔

دَم بھَر میں تولہ دَم بھَر میں ماشہ۔ (فقرہ) متلون مزاج کے لیے مستعمل۔ غیر مستقل مزاجی۔ دم بھر میں کچھ دم بھر میں کچھ۔

دَم دھاگے۔ دھوکا۔ فریب۔ جھانسا۔ حیلہ حوالہ۔

دَم دینا۔ (محاورہ) ۱۔ فریب دینا۔ بہکانا۔
۲۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
۳۔ جان نکلنا۔

دَمساز (دم ساز) ہمدم۔ ہمراز۔ ہمدرد۔ ساتھ دینے والا۔ ہم طبیعت۔ ہم رنگ۔

دَم طمانچہ۔ ہندوستانی تلوار کی ایک قسم۔ پیش قبض۔ نیمچہ۔

دَم لگانا ۔ (محاورہ) حقہ پینا ۔ حقے کا گھونٹ پینا ۔ چرس پینا ۔

دَم میں آنا ۔ (محاورہ) دھوکا کھانا ۔

دُم ۔ ۱۔ پونچھ ۔
۲۔ انت ۔ انجام ۔ تھوڑا سا ۔

دِماغ آسمان پر ہونا ۔ (محاورہ) غرور یا تکبر کرنا ۔ فخر کرنا ۔ ناز کرنا ۔ مغرور ہونا ۔

دِماغ عرش پر ہونا ۔ (محاورہ) مغرور ہونا ۔ ناز کرنا ۔

دَمامہ ۔ ڈھول ۔

دَمان ۔ غصیلا ۔ مست ۔ طاقتور ۔

دَمدمہ ۔ عارضی قلعہ ۔ مورچہ ۔ بندوقچیوں کی پناہ گاہ ۔

دَمڑو ۔ ایک قسم کا باجا ۔

دُمکّی ۔ سُست رفتار ۔

دَن ۔ ایک قسم کا باجا ۔ (ق)

دِن رات ۔ ایک دن اور ایک رات ۔ روز و شب ۔ ہر وقت ۔ ہمیشہ ۔ چوبیس گھنٹے ۔

دِن عید رات شب برات ۔ (دن روز عید رات شب برات) ۔ (کہاوت) ہر وقت خوشی اور عیش و آرام ہونے کے موقع پر مستعمل ۔

دِن دہاڑے ۔ برملا ۔ علی الاعلان ۔ کھلم کھلا ۔

دِن لگنا ۔ (محاورہ) گھمنڈ ہونا ۔ غرور پیدا ہونا ۔ بڑھ کر چلنا ۔

دُنبال ۔ پچھلا حصہ ۔ دم چھلا ۔ کسی چیز کا سرا ۔ عقب ۔

دُنبالہ ۔ دُم ۔ پچھلا حصہ ۔ دُم چھلا ۔

دَنگل ۔ ایک قسم کی بڑی کرسی جس پر کئی آدمی بیٹھ سکتے ہیں ۔ کسی بڑے اور ممتاز عہدہ دار کی مخصوص نشست یا کرسی ۔ گڑھ ۔ اڈا ۔ مرکز ۔ پہلوانوں کی جائے نشست ۔

دَنی پن ۔ کمینہ پن ۔ کم ظرفی ۔ سفلہ پن ۔ پاجی پن ۔

دُنیائے دوں ۔ حقارت سے دنیا کو کہتے ہیں ۔ ذلیل و حقیر دنیا ۔

دُنیا سے اُٹھنا ۔ (محاورہ) ۔ مرجانا ۔ آخرت کا سفر کرنا ۔ راہی عدم ہونا ۔

دُو اَبرُو ۔ دو ابروؤں کا درمیانی حصّہ ۔

دُوب ۔ چھوٹی قسم کی عمدہ گھاس جو زمین پر جالی کی شکل میں پھیلتی ہے ۔ گھوڑا خصوصاً اور دیگر مویشی عموماً اسے رغبت سے کھاتے ہیں ۔

دو پتی ۔ (تاش بازی) سادہ طریقے پر دو کھلاڑیوں کے درمیان کھیل ۔ اس میں ایک پتا (اینٹ

کی دگی) خارج کر دیا جاتا ہے اور اکیاون پتوں سے کھیلا جاتا ہے جس کھلاڑی کے پاس بڑی قدر کے سب رنگوں کے پتے ہوتے ہیں وہ جیت میں رہتا ہے، کھیل آفتاب سے شروع ہوتا ہے جس کے پاس آفتاب ہوتا ہے وہ اس سے کھیل شروع کرتا ہے۔

دُوپَٹّہ ۔ (دوپٹا) ۔ عورتوں کی اوڑھنی جو پہلے دو پاٹ / عرض کپڑے سے بناتی تھیں مگر آج کل چوڑے عرض کی ململ یا دوسرے باریک کپڑے کی ہوتی ہے۔

دُوت دَبک ۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ دھتکار۔ لتاڑ۔

دوبَلغَہ ۔ (سپہ گری) دوتہی چادر جو سپاہی خود کے اندر پہنتے ہیں۔

دو دِل راضی تو کیا کرے گا قاضی (مثل) فریقین کی رضا مندی میں حاکم دخل نہیں دے سکتا۔ دو شخص متفق ہوں تو تیسرا نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

دُود ۔ دھواں۔

دُودِ غَلیظ ۔ گہرا دھواں۔

دُودمان ۔ خاندان ۔ قبیلہ۔ کنبہ۔

دُودی جَہاز ۔ دخانی جہاز۔

دھوئیں بھاپ سے چلنے والا۔

دَوّار ۔ بہت گھومنے والا۔ بہت گردش کرنے والا۔

دَوران ۔ زمانۂ وقت۔

دَوسار ۔ دوحصوں ہیں۔

دُوست ۔ وہ شخص جس کی خیر خواہی اور محبت قابل اعتبار ہو یا جس سے سچی خیر خواہی و محبت کی جائے۔

دَوات ۔ چانڈو پینے کی چلم ۔ سیاہی رکھنے کا ظرف۔

دَوادَوِش ۔ دوڑ دھوپ۔ کوشش۔

دُوش ۔ کندھا۔ مونڈھا۔

دُوش بہ دُوش ۔ کاندھے سے کاندھا ملائے ہوئے۔ شریک رہ کر۔

دَوال ۔ وہ تسمہ جس سے نقارہ بجاتے ہیں۔

دَوال دینا ۔ ڈنکے پر چوٹ لگانا۔

دِوانی ۔ (دوانہ کی تانیث)۔ پاگل۔ سودائی۔ سڑی۔

دوانی ۔ چاندی یا نکل کا سکہ جو اعشاری سکوں کے رواج سے پہلے چلتا تھا۔ روپیہ کا آٹھواں حصہ۔ دو آنے کا سکہ۔

دَورِ جام ۔ (مجازاً) جام شراب۔ شراب کا پیالہ۔

دُور بِین ۔ دور کی چیز دیکھنے کا آلہ ۔ دور رس ۔

دُور کے ڈھول سُہاوُنے
(مثل) دور کی سنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے ۔ دیکھنے پر ہر چیز اچھی ثابت نہ ہونا حالاں کہ پہلے بہت اچھی تھی ۔ غائبانہ تعریف ۔

دُورِکابَہ ۔ بہت اونچا گھوڑا ۔

دُودْھ ۔ وہ سفید سیال چیز جو مادہ کے پستانوں سے نکلتی ہے ۔ شِیر ۔ لبن ۔

دُور اَندیشی ۔ ہوشیاری ۔ عقل مندی ۔ انجام پر نظر رکھنا ۔

دُور باش ۔ دور ہٹو ۔ راستہ دو ۔ ہٹو بڑھو کی آواز ۔ وہ نعرہ جو نقیب بادشاہوں کی سواری کے موقع پر لگاتے تھے / ہیں ۔

دَوڑ بھیجنا ۔ ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس کے آدمی بھیجنا ۔

دُو گھڑی ۔ تھوڑی دیر ۔ تھوڑی مدت ۔

دُودھ کی بَڑھائی ۔ بچوں کے دودھ چھڑانے کی رسم جو ایک تقریب کے طور پر منعقد کی جاتی ہے ۔

دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک کر پیتا ہے ۔ (مثل) ایک چیز سے ڈرا ہوا آدمی اس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے ۔ نقصان اٹھا کر انسان محتاط ہو جاتا ہے ۔

دُودھ کی سی مکّھی نکال کر پھینک دینا ۔ (محاورہ) ۔ کسی قریبی کو اپنے یہاں سے نکال دینا ۔ بے دخل کر دینا ۔ بے تعلق کر دینا ۔

دُودھوں نہائی ہے پوتوں پھلی ہے (دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو) ۔ (کلمۂ دعا) دھن، دولت اور اولاد سے خوش رہو ۔ مال و دولت کی افراط ہو ۔

دُوشاخے (دُوشاخہ) ۔ شمع دان جس میں دو شمعیں روشن کی جاتی ہیں ۔

دُوشالَہ ۔ پشمینے کی چادر ۔ اعلیٰ درجے کی شال ۔

دُوشِینَہ ۔ گزشتہ شب کا ۔ وہ چیز جس پر رات گزر چکی ہو ۔ (مجازاً) ماضی کا ۔ گزرے ہوئے زمانے کا ۔

دُو گال ہنس بول لیے ۔ تھوڑا وقت دوستوں میں بے فکری سے گزارا ۔

دُولَتّی چلانا ۔ (محاورہ) گھوڑے

یا گدھے کا پچھلی ٹانگیں اچھالنا۔
لاتیں چلانا۔ لاتیں مارنا۔
دُولھا ۔ نوشاہ ۔ وہ مرد جس کی نئی شادی ہوئی ہو۔
دُولائی ۔ دو مختلف پرتوں والا کپڑا جس کا ابرہ اور استر سے باہم سیا جاتا ہے، بعض اوقات اس میں پتلی سی روئی بھری ہوتی ہے۔
دُونگڑا ۔ برسات کے شروع کی بارش جو خوب زور سے ہو۔
دونوں وقت ملنا ۔ (محاورہ) رات اور دن کا ملنا ۔ سورج ڈوبنا ۔ شام ہونا۔
دِوالا ۔ (دِوال) دینے والا۔
دوآنیاں چوانیاں ۔ دو آنے کی قدر کا چاندی یا کانسی کا سکہ، چار آنے کی قدر کا چاندی یا کانسی کا سکہ (مراداً) پیسے کی بارش ہونا۔
دُوگھٹی ہونا (محاورہ)۔ کسی جلسے میں لوگوں کے درمیان حقے کا دور چلنا۔
دُولھا کے گھر کی شکر دُلھن کے کنوئیں کا پانی ۔ (مثل)۔ (مراداً) دونوں کا امتزاج محبت کی نشانی ۔ فریقین میں انتہا درجے کا اخلاص اور محبت۔ (ق)

دَولتسرا (دَولت سرا) ۔ محل سرا۔ حرم خاص۔
دُوہائی پھرنا ۔ (محاورہ)۔ منادی ہونا ۔ ڈھنڈورا پٹنا۔ اعلان ہونا۔
دُوہائی دینا ۔ (محاورہ) پناہ مانگنا۔ داد خواہی کرنا۔
دوہائی تہائی مچانا ۔ (محاورہ) امداد خواہی کرنا۔
دُوبِل ۔ مکار ۔ حیلہ باز۔
دُونا ۔ پتوں سے بنایا ہوا پیالہ۔ پتل جس میں دکان دار پھول، مٹھائی، دہی وغیرہ رکھ کر دیتے ہیں۔
دُونتر ۔ غصہ ۔ تیہا ۔ غرور۔ گھٹیا پن۔
دَوِندہ ۔ دوڑنے والا۔
دُونی ۔ دگنی ۔ دوچند۔
دُوہاجُو ۔ دوسری شادی کرنے والا مرد یا عورت ۔
دُوَیّا ہیں دَوَیّا تیبنا ہیں تیبنا ۔ خریدار چٹکی میں اناج لے کر پرکھتے ہوئے کہتا تھا۔ (مراداً) دو اور تین کی گنتی یاد رکھنا ۔ تاکہ تول میں بھول نہ ہو (ق)۔
دَہانَہ ۔ منھ ۔ دہن۔
دَہنَہ ۔ غار کا دہانہ ۔ منھ۔
دِہانید ۔ دینے کا عمل ۔ ادائیگی۔

دَہر ۔ آگ ، جنگل ۔ جلتا ہوا ۔ تخصیص و انحصار اور معنی میں زور و تاکید پیدا کرنے کے لیے نیز رکھنے یا پکڑنے کا عمل ۔

دَہشت ۔ ڈر ۔ خوف ۔ ہول ۔

دَہرو ۔ ایک قسم کا باجا ۔ (ق)

دَواں دَواں ۔ دوڑتے ہوئے ۔ بھاگم بھاگ ۔

دُہل ۔ دھونسا ۔ دمامہ ۔ ڈنکا ۔ کوس ۔ نقارہ ۔

دُہل زَنی ۔ نقارہ یا ڈھول بجانے کا عمل ۔

دُوہانہ ۔ دودھ دوہا جانا ۔

دُوہرہ ۔ (دوہا) دو پد (مصرعوں) اور چار حصوں پر مبنی ۴۸ ماترا کا بیت ، یہ صنف سخن ہندی سے اردو میں آئی ۔

دَہولیڈی ۔ ہنگامہ ۔ شور ۔ قیامت خیزی (ق) ۔

دَہینڈی ۔ وہ برتن جس میں دودھ جمائیں یا دہی رکھیں ۔

دَہی بَڑے ۔ کھانے کی ایک قسم جو عام طور پر ماش کی دال بھگو کر پیس لیتے ہیں پھر اس میں مسالے وغیرہ ملا کر پوریوں کی شکل میں تیل یا گھی میں تل کر دہی میں ڈالتے ہیں ، نیز بیسن سے بھی بنائے جاتے ہیں ۔

دُوہَر ۔ دوہری چادر ۔

دُوہتڑ ۔ دونوں ہاتھ ایک ساتھ اپنے منھ اور سینے پر یا دوسرے کے منھ اور سینے پر (مارنا جڑنا کے ساتھ) ۔

دَھامَن ۔ ایک قسم کا لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینس کی ٹانگیں جکڑ کر دودھ پی جاتا ہے ، یہ سانپ زہریلا نہیں ہوتا ہے ۔

دَھان پان ۔ دھان کے پودے اور پان کی طرح نازک ۔ دبلا پتلا ۔

دَھاوَاں (دَھانوا) ۔ ایک قسم کا پرندہ ۔

دَھاوَنی ۔ ایک راگنی کا نام (ق) ۔

دَھانی ۔ سبز دھانی کے رنگ کا ۔ ہلکا سبز ۔ زردی مائل سبز ۔ انگوری ۔

دَھبّا ۔ نشان ۔ ٹیکا ۔ داغ ۔

دَھبڑ دَھبڑ ۔ قدموں کی آواز ۔ ریت یا زمین پر چلنے کی آواز ۔ تیزی سے ۔

دھتا ہے ۔ شور و غل کی آواز ۔ ہنگامہ خیزی ۔ (ق)

دَھتا بتانا ۔ (محاورہ) نکال دینا ۔ علیحدہ کرنا ۔ ٹالنا ۔ ترک کرنا ۔

دُھتورا ۔ ایک زہریلا پودا جو بینگن کے پودے کے برابر یا اس

سے بڑا ہوتا ہے۔
دَھجِیر - (عو) دھجی - چیر۔
دَھرا جانا - (محاورہ) پکڑا جانا۔
گرفتار ہونا۔ قید ہونا۔
دُھرپت (دُھرپد) - (موسیقی)
گانے کا انداز جس کے چار رنگ
ہوتے ہیں، اس قسم کے گانے میں
حمد و ثنا اور شجاعت کے کارنامے
یا دیوتاؤں کی توصیف ہوتی ہے
(مجازاً) طول طویل گانا۔ طویل
بیان۔
دَھرتی - زمین - ارض۔
دَھرَم - دستور - قاعدہ - روش۔
رسم۔
دَھرماتما - مخیر - فیاض - سخی۔
نیک۔
دُھرّے اُڑانا - (محاورہ)
زدوکوب کرنا۔ ذلیل و خوار
کرنا - مارنا پیٹنا - درے لگانا۔
دَھڑ - (حیوان کا) بدن - جسم۔
(بہ استثنائے سر)۔
دَھڑاک - جسم پر ڈنڈے یا
سونٹے وغیرہ کی ضرب پڑنے کی
آواز (عموماً لفظ 'سے' کے
ساتھ)۔
دَھڑاکا - دو وزنی چیزوں کا
تصادم اور اس سے پیدا ہونے
والی زور کی آواز - دھماکا۔
دَھڑا دَھڑی - کثرت سے۔

دَھڑو - باجے کی ایک قسم۔ (ق)
دَھڑوکا - سانڈ یا شیر وغیرہ
کے غرانے یا دھاڑنے کی آواز۔
غراہٹ۔
دَھڑوکنا - شیر کا گونجنا۔ ڈکارنا۔
دُھکدُھکی - (دھگدگی)۔
۱۔ حلقوم، سینے اور گلے کا گڑھا۔
۲۔ گلے کا ایک زیور جو سینے سے اوپر
لٹکتا رہتا ہے۔ جگنو۔
دَھکم دَھکّا - آپس کی ریل پیل
جو بھیڑ میں ہوتی ہے۔ دھکا پیل۔
بھیڑ بھاڑ۔
دَھکیانا - دھکا دینا۔
دَھگڑا - (دھگڑ) - فاحشہ
عورت کا یار - آشنا - بدمعاش۔
بدکردار۔
دَھماچوکڑی - اچھل کود - شوروغل - اودھم - ہنگامہ۔
دَھمال - اچھل کود - دھماچوکڑی۔
شوروغل۔
دَھمدَھمی - ایک ایک قسم کی
ڈفلی۔
دَھمکانا - ڈرانا - خوف دلانا۔
خوف زدہ کرنا۔
دَھن - دولت - مال و منال۔
روپیہ پیسہ۔
دَھنتر - ۱۔ دولت مند۔
مال دار۔
۲۔ زبردست - سرکش۔

دَھن کُٹی کرنا۔ (محاورہ) دھان کوٹنے کا آلہ۔ دھانوں کی اوکھلی اور موسل۔ وہ شخص جسے خوب مار پڑتی ہو۔

دَھناسَری۔ بھیرویں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو رات کے وقت گائی جاتی ہے۔

دَھنَک۔ قوس قزح۔ کمان۔

دَھنی - خوش قسمت۔ صاحب نصیب۔ مال دار۔ ماہر۔

دَھنوان - صاحب دولت۔ دولت مند۔

دُھنیا۔ روئی دھنکنے والا - نداف۔

دُھنَکنا - ۱۔ روئی صاف کرنا۔ ۲۔ خوب مارنا پیٹنا۔ ۳۔ مہیب آواز نکالنا۔

دَھنوَر - ایک قسم کی فاختہ۔

دُھوبی پر زور نہ چلے گدھی کے کان اَمیٹھے۔ (مثل) زبردست کے عمل کی سزا کسی زیر دست کو دینا۔

دُھوبی کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا مَیلا۔ (مثل) ۱۔ بدتمیز۔ بے سلیقہ۔ پھوہڑ۔ ۲۔ پرائے مال پر اترانے والا۔

دُھوبی کا کُتّا گھر کا نہ گھاٹ کا۔ (کہاوت) ہر طرف سے ٹھکرایا ہوا، ناکام و نامراد۔ اس شخص کی بابت کہیں گے جسے ہر طرف سے دھتکار دیا گیا ہو۔

دُھوپ دِیپ دینا۔(محاورہ) (ہندو) پوجا کرتے وقت بتوں کے آگے خوشبو یا دھواں دینا۔

دُھوتی - جسم کے حصۂ پائیں میں باندھنے کا کپڑا یا تہ بند۔

دُھوکے کی ٹٹی - ۱۔ فریب میں لانے یا ضابطے دینے والی شے۔ ۲۔ وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکار کھیلتے ہیں۔

دَھوکَڑ۔ جنگل کے بڑے درختوں میں سے ایک درخت۔

دَھوکَڑی - مکر۔ فریب۔ چالاکی۔ عیاری۔(ق)

دَھوکَنی (دھونکنی)۔ آگ پھونکنے کا چمڑے کا مشک کی شکل کا آلہ۔

دَھوکَنی - چمڑے، کاغذ یا پلاسٹک کی وہ خول دار تھیلی جس پر دباؤ پڑنے سے ہوا موسیقی کے پردوں سے ٹکراتی ہے جس سے سُر نکلتے ہیں۔

دَھول ۔ دھپ ۔ تھپڑ ۔ چانٹا ۔
دَھول دَھپّا ۔ ۱۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا ۔
۲۔ چھیڑ چھاڑ ۔
دَھولا ۔ سفید نسل کا سانڈ یا بیل ۔
دُھوم دَھامی ۔ شاندار ۔ خوبصورت ۔
ڈُھونڈھوکار (ڈُھونڈ وکار) ۔ دھواں دھار ۔ شدت کے ساتھ دھوئیں کے طرز پر ۔ تاریکی ۔ سیاہی (ابر کی وجہ سے) ۔ دھوندھوکار ۔
دُھونی رَمانا ۔ (محاورہ) ۱۔ دھونی جگانا ۔
۲۔ کسی جگہ بیٹھ رہنا ۔
دُھیڑ ۔ پہاڑی کوا ۔ کوا ۔ کاگ ۔
دِھیر ۔ ثابت قدم ۔ قائم مزاج ۔
۲۔ عقل مند ۔ چالاک ۔
۳۔ دیرپا ۔
۴۔ وہ عورت جو غصّے اور رنج کو قابو میں رکھے ۔
دَھنِیاں (دَھنّی) ۔ شہتیر ۔ کڑی ۔
دِھینگا مُشتی ۔ گھونسے مکے کی لڑائی ۔ ہاتھا پائی ۔ دست درازی ۔
دُھوئیں کے بُقّے اُٹھنا ۔ کثرت سے دھواں پھیلنا ۔ دھوئیں کے بادل چھانا ۔
دَیا ۔ محبت ۔ عنایت ۔ شفقت ۔
دِیا ۔ دیوا ۔ چراغ ۔ سراج ۔ لمپ ۔
دِیا لِیا ۔ خدا کی راہ پر دیا ہوا ۔ بھلائی ۔ نیکی ۔
دِیبا ۔ رنگین اور دبیز قسم کا ریشمی کپڑا جس پر سنہرا یا روپہلا ابھرا ہوا کام ہوتا ہے ۔
دِیپ ۔ دیا ۔ دیوا ۔ چراغ ۔
دِیپک ۔ فصل جیٹھ اور اساڑھ (مطابق مئی جون) میں بعد زوال گایا جانے والا سمپورن راگ ۔ جو سات سُروں پر مشتمل ہوتا ہے اور جس کے متعلق روایت ہے کہ اس کے گانے سے آگ لگ جاتی ہے ۔
دَیجُور ۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔
دِید نہ شُنِید ۔ دیکھا نہ سنا ۔ عجوبہ ۔ انوکھا ۔ نایاب ۔
دِیدَہ دَلیر ۔ نڈر ۔ بے خوف ۔ دلیر ۔
دِیدے پَٹَم ہونا ۔ (محاورہ) (عور) کوسنا ۔ بد دعا ۔ اندھا ہو جائے ۔ دیدے پھوٹ جائیں ۔
دِیدَہ پَھٹ جانا ۔ (عو) ۔ بے باک ہو جانا ۔ پاس ننگ و ناموس نہ رہنا ۔

دِیدے پھَٹے کے پھَٹے رَہ جانا۔ فرط استعجاب سے آنکھ نہ جھپکنا۔

دِیدَے نِکالنا۔ (محاورہ) ۱۔ کسی جانور کا انسان کی آنکھیں نکالنا۔ تکلیف پہنچانا۔
۲۔ مراد: غضب ناک نظروں سے۔ خشمگیں آنکھوں سے۔ غصّے میں آکر۔

دِیدُوں کی قَسَم۔ آنکھوں کی قسم۔

دِیدار۔ درشن۔ ملاقات۔

دِیدَے گھُٹنوں کے آگے آئے۔ (فقرہ) (عور) ایک قسم کا کوسنا۔ بد دعا، اندھا ہو جائے، لنگڑا ہو جائے (بطور سزا یا پاداشں بدی کے)۔

دِیار۔ گھر۔ مکان۔ جائے پیدائش۔ شہر۔ علاقہ۔

دَیر۔ نصاریٰ کا عبادت خانہ۔ وہ عبادت گاہ جہاں خدائے وحدہٗ لاشریک کے علاوہ کسی دوسرے کی پرستش ہو (مجازاً) مندر۔ بت خانہ۔

دِیرا۔ خیمہ۔ رہنے کی جگہ۔ مسکن۔

دِیری۔ (عوام کی زبان) دیر۔ وقفہ۔

دَیرِینَہ۔ جو پہلے سے اب تک برقرار ہو۔ بہت عرصے سے ہونا۔ پرانا۔ قدیم۔

دِیس۔ (موسیقی) دیپک راگ کی پانچ راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام جس میں سات سُر ہوتے ہیں، سہر بادی رکھیپ ہے اور رات کے وقت گائی جاتی ہے۔

دِیس چُوری پَر دِیس بھیک۔ (کہاوت) وطن سے باہر پست تر پیشہ اختیار کرنے میں شرم و عار نہیں مگر وطن میں وہی کام چھپ کر ہوتا ہے (حفظ آبرو کے لیے وطن چھوڑنے کے موقع پر مستعمل ہے)۔

دِیکھا نہ بھالا صَدقے گئی خالہ۔ (مثل) بے برتے یا دیکھے صرف سُنی سنائی باتوں پر کسی کی تعریف کیے جانے کے موقع پر مستعمل۔ (خواہ مخواہ محبت جتانے والوں پر بطور طنز مستعمل)۔

دیکھانا (دِکھانا)۔ ملاحظہ کرانا۔ پیش کرنا۔ روبرو کرنا۔ آگاہ کرنا۔ دکھانا۔

دِیگ۔ لوہے تانبے کا بڑا برتن۔ (عموماً کھانا پکانے کا) جس کی گردن

واضح طور پر اُبھری ہوئی ہوتی ہے۔
بڑا برتن۔

دِینَار ۔ طلائی سکہ۔ بعض عرب ممالک میں یہ سکہ آج بھی رائج ہے جس کی شرح، وزن اور دھات بدلتی رہتی ہے اصلاً املا دنار تھا۔

دیو ۔ بھوت، جن بار اکشش جس کو دیکھ کر ڈر لگے اکثر سینگوں والا۔

دِیواَستھان ۔ (ہندو) دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ۔ مندر۔

دِیوجَامہ ۔ افسانوی طلسمات یا کرامات کا ایک لباس جو دم بدم رنگ بدلتا اور حریف کو حیرت و خوف میں مبتلا کرتا ہے۔

دِیوسَار ۔ بہت تنومند۔ قوی ہیکل۔ قدو قامت میں دیو جیسا۔ بہت بڑا۔

دِیوارگیری ۔ دیوار میں لگانے کا لیمپ۔ وہ کپڑا جو خوش نمائی کے لیے دیوار میں لگا دیتے ہیں۔

دِیواریں پھَاندنا ۔ بدچلن ہونا۔ حد سے گزرنا۔

دَیُّوث ۔ بھڑوا۔ قلتبان۔ قرمساق۔

دِیوَر ۔ خاوند کا چھوٹا بھائی۔

دِیونی (دیو کی تانیث) ۔ جن۔ بھوت۔ موٹی تازی۔ ہٹی کٹی۔

دِیوالی ۔ (ہندو) خوشی۔ چراغاں۔ اور صفائی ستھرائی۔ ایک تیوہار جو کنوار کاتک میں منایا جاتا ہے، لکشمی کی پوجا ہوتی ہے۔

دِیوالی کی ٹُھِیّن ۔ دیوالی کا تحفہ۔ دیوالی کا نذرانہ (ق)۔

دِیوانجی ۔ (دیوان جی) ۔ (سرکاری محکمے کا) منشی، خصوصاً تھانے کا۔

دِیوانی ۔ (دیوانہ)

دَیہیم ۔ بادشاہ کی مرصع اور زرنگار ٹوپی جو اس کے منصب کی خاص علامت ہوتی ہے۔ تاجِ شاہی۔

ڈ

ڈَاب ۔ پرتلا، پیٹی یا چوڑا تسمہ جس کو تلوار وغیرہ لٹکانے کی غرض سے کمر پر باندھتے ہیں۔ بغیر قبضے کی تلوار۔ تلوار۔

ڈاریں (ڈار) ۔ ہرنوں کی قطار۔ پرندوں کا پرا۔

ڈاڑھ گرم ہونا ۔ (محاورہ) اشتہا کی تسکین ہونا ۔ کلا گرم ہونا ۔

ڈاڑھی ۔ مرد کی ٹھوڑی اور رخساروں کے بال ۔

ڈاڑھی پھٹکارنا ۔ (محاورہ) ڈاڑھی کے بالوں کو ہاتھ سے جھٹکنا۔ ڈاڑھی میں کنگھی کرنا۔

ڈاک (ڈاکنا) ۔ ۱۔ اوکنا ، قے کرنا۔
۲۔ کودنا ۔ پھاندنا۔ شور کرنا۔

ڈال ۔ بے جوڑ۔ سالم ۔ بے ملاوٹ ۔

ڈالی ۔ درخت کی چھوٹی شاخ۔ ٹہنی ۔

ڈالی لگانا ۔ (محاورہ) ٹوکری میں پھول یا میوے سجا کر رکھنا ۔ ٹوکری میں پھولوں کا تحفہ پیش کرنا ۔ ٹوکری میں پھول اور پھل ڈال کر امیروں کی نذر کرنا ۔

ڈانٹا ۔ پہنا ۔ زیب بدن کیا ۔

ڈانڈ ۔ بغیر چھڑے کا گدکا ۔ چوب نیزہ ۔ نیزے کا بانس ۔

ڈانڈا ۔ حد بندی کرنے والی لکیر۔ حد۔ مینڈ۔ ملک کی سرحد۔

ڈانڈا مینڈی ۔ (ڈانڈا مینڈی ۔ ڈانڈا پینڈی) دشمنی اور رقابت جو دو ہمسروں میں ہوتی ہے ۔ لڑائی جھگڑا ۔

ڈانک ۔ سونے یا چاندی کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے کے نیچے رکھ دیتے ہیں ۔ چٹھیوں کا تھیلا ۔

ڈانگر ۔ دبلا ۔ پتلا ۔

ڈانواں ڈول ۔ ۱۔ پریشان حال ۔ خراب ، خستہ ، تباہ و برباد۔
۲۔ ڈگمگاتا ہوا ۔ مذبذب ۔ ڈھلمل ۔

ڈاھٹینگرا ۔ مضبوط ۔ موٹا تازہ۔ مسٹنڈا ۔ لحیم و شحیم ۔

ڈالبیا ۔ بدنصیب ۔ محروم القسمت ۔ اجڑی ہوئی ۔ تباہ حال ۔ (ق)

ڈبڈبانا ۔ (آنکھوں میں آنسو) بھر آنا ۔ بھرلانا ۔

ڈبرا ۔ اتھلا گڑھا جس میں پانی بھر جاتا ہے ۔ چھوٹا کچا تالاب۔ کنڈ ۔

ڈبیا ۔ ڈبی ۔

ڈپٹ ۔ دھمکی ۔ ڈانٹ ۔

ڈٹھی ۔ بیٹھ جانا ۔ ضم ہو جانا ۔ سما جانا ۔ (ق)

ڈربا ۔ مرغیوں اور کبوتروں کا گھر۔ کابک ۔ دربا ۔

ڈرپوک ۔ بزدل ۔ بودا ۔ کم ہمت ۔

ڈَرَونی (ڈرونا کی تانیث) ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔

ڈَرِیے آپ کے دِیدے سے ۔ آپ سے پناہ مانگنا چاہیے ۔ الگ الگ رہنا چاہیے ۔

ڈَسنا ۔ ۱ ۔ سانپ یا بچھو وغیرہ کا کاٹنا ۔
۲ ۔ زہریلے جانور یا کیڑے کا کاٹ لینا ۔

ڈَفلا ۔ ڈھپلا ۔ دف ۔

ڈَفلی ۔ ڈفلا ۔ چھوٹا دف ۔

ڈُک ۔ مکا ۔ گھونسا ۔

ڈَکیت ۔ قزاق، لٹیرا ۔ بہت بڑا ڈاکو ۔

ڈَگا ۔ دُبلا اور لمبی ٹانگوں والا ۔

ڈَگڈَگانا ۔ ضعف یا نقاہت کے سبب آنکھوں میں حلقے پڑنا ۔ دکھنا ۔ جلنا ۔

ڈُگڈُگی ۔ بازی گروں کا جنتروان پیالے کی شکل کا چھوٹا سا ساز جس کے دونوں طرف کھال منڈھی ہوتی ہے، اس کے بیچ میں دو ڈوریاں بندھی ہوتی ہیں جن کے سرول پر مضبوط گانٹھ لگی ہوتی ہے جن کی ضرب سے یہ باجا بجایا جاتا ہے، یہ باجا ایک ہاتھ میں پکڑ کر ہلانے سے بجتا ہے ۔ ڈرو ۔ ڈمرو ۔

ڈِگنا ۔ لڑکھڑانا ۔ متزلزل ہونا ۔

ڈَلا ۔ ڈھیلا ۔ کلوخ ۔ بڑا ٹکڑا ۔

ڈَلی ۔ کسی ٹھوس چیز کا چھوٹا ٹکڑا ۔ ٹکیہ ۔ بٹی ۔

ڈَمرُو ۔ ایک وضع کی ڈگڈگی ۔ ڈگڈگی کے مشابہ ایک باجا ۔

ڈُنڈ ۔ گدا یا ڈالا جس کے پتے اور شاخیں گر پڑی ہوں ۔

ڈَنڈ ۔ ایک طرح کی ورزش ۔ ڈنتر ۔

ڈَنڈَوت ۔ (ہندو) آداب ۔ سلام ۔ پرنام ۔

ڈَنڈے بجانا ۔ (محاورہ) خراب وخستہ اور آوارہ پھرنا ۔ بیکار مارے مارے پھرنا ۔

ڈَنڈیے (ڈَنڈیا) ۔ بازار کی آمدنی وصول کرنے والا ۔

ڈَنٹر پیل ۔ ڈنڈ پیل ۔ کسرتی ۔ ورزشی ۔ توانا ۔

ڈَنکا ۔ ڈھول کی ایک قسم جسے آدمی آسانی سے گلے میں لٹکا کر بجا سکتے ہیں ۔ نقارہ جو امرا و سلاطین کی سواری کے آگے رہتا تھا ۔

ڈُوبتے کو تِنکے کا سَہارا ۔ (کہاوت) مصیبت زدہ کو تھوڑی سی مدد بھی بہت

ہے۔

ڈورا بندھنا ۔ (محاورہ) کسی کام یا بات کا لگاتار ہونا۔ تسلسل بندھنا۔

ڈورے ڈالنا ۔ (محاورہ) محبت میں پھنسانا ۔ رجھانا۔

ڈوری ۔ بٹی ہوئی پتلی رسی (سوت یا ریشم وغیرہ کی)۔

ڈولچی ۔ پانی کھینچنے کا چھوٹا برتن۔ چھوٹا ڈول۔

ڈولی ۔ بانس کے موٹے ڈنڈوں کے سہارے لٹکی کھٹولی جس کو دو کہار کندھوں پر اٹھاتے ہیں ۔ ایک زنانہ سواری۔

ڈومنی کا بار سدا خوار ۔ (مثل) ہرجائی طبیعت ہمیشہ ہی نقصان اٹھاتی ہے۔ متلون مزاج خسارے میں رہتا ہے۔

ڈونگرا ۔ موسم گرما کے پہلے روز کی بارش ۔ ہلکی بارش۔

ڈونگی (دونگی) ۔ چھوٹی کشتی۔

ڈویا ۔ (طباخی) بڑا کفگیر۔ بڑی ڈوئی۔

ڈہڑو ۔ ایک قسم کا باجا۔

ڈھ جانا ۔ (محاورہ) ۔ گر پڑنا۔ منہدم ہو جانا ۔ مسمار ہو جانا۔ تباہ ہو جانا ۔ ڈھ پڑنا۔

ڈھاٹے (ڈھاٹا) ۔ کپڑے کی پٹی جسے منھ کے گرد اگر د باندھ کر ڈاڑھی چڑھاتے ہیں۔

ڈھاڑی ۔ (۱) مسلمانوں میں گویوں کی ایک قوم جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے گاتی ہوئی جایا کرتی تھی ، اس قوم کا فرد ڈوم ۔ میراثی۔
۲۔ ڈاکو ۔ ڈکیت ۔ راہ زن ۔

ڈھانک (ڈھاک) ۔ ایک درخت کا نام جس کی ٹہنی کے سرے پر تین پتے ہوتے ہیں ، اس کے پھول سرخ ہوتے ہیں ۔ پھل نہیں ہوتا ' پھول رنگنے کے کام آتے ہیں اور پتوں سے دونے بناتے ہیں اور اس کا گوند دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ' بیج جلاب کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ پھولوں سے گلال تیار ہوتا ہے۔ پلاس کا درخت ۔

ڈھاک باندھنا ۔ رعب جمانا۔ دھمکانا ۔ ڈرانا (ق) ۔

ڈھاکہ ۔ ایک قسم کا ڈھانکنے کا لباس ۔ ایک طرح کا ڈھانکنے کا کپڑا ۔ ایک نوع کا سرپوش ۔

ڈھال ۔ تلوار اور نیزے وغیرہ کا وار روکنے کا آلہ جو چمڑے یا دھات وغیرہ کا بنا ہوا اور تھالی کی طرح گول اور عام طور سے بیچ میں سے ابھرا ہوا سرپوش نما

ہوتا ہے۔ سپر۔ پھری۔

ڈھالا بگاڑنا ۔ (محاورہ) نقصان کرنا۔ کسی کے بنے بنائے کام میں خلل ڈالنا۔

ڈھائی چلّو لہو پی جانا ۔ (محاورہ) حالت غضب میں کسی کو مار کر اس کا خون پی لینا (غم و غصے کے اظہار کے موقع پر بولتے ہیں)۔

ڈھب ۔ ڈھنگ۔ روش۔ طریقہ۔

ڈھٹا ۔ جسم کا وہ حصہ جو بار بار استعمال یا رگڑ کی وجہ سے سخت ہوتا اور ابھر آتا ہے۔ گٹا۔

ڈھٹائی ۔ بے باکی۔ دیدہ دلیری۔

ڈِھٹ بَندی ۔ جادو یا شعبدے کے اثر سے کچھ کا کچھ نظر آنا۔ نظر بندی۔ شعبدہ بازی۔

ڈھڈّو ۔ بڑھیا عورت۔ جھکی بڑھیا (مجازاً) بے شرم عورت۔ ایک شور مچانے والی چڑیا کا نام جو اکثر باغوں میں اپنے گروہ کے ساتھ پھرتی ہے اور ڈومنی بھی کہلاتی ہے، اس کی چونچ پیلی ہوتی ہے۔

ڈھرّا ۔ راستہ۔ شارع عام۔ عام رہ گزر۔

ڈھرکا ۔ شیر کے دھاڑنے کی آواز۔ کسی درندے کا دھاڑنا۔

ڈھکوسلا ۔ مہمل بات۔ بے کار بات۔ خرافات۔ لغو کام۔

ڈھلتا پانسا ۔ مذبذب۔ متلون مزاج۔ تھالی کا بینگن۔ وہ شخص جو کبھی ایک طرف کبھی دوسری طرف ہو۔

ڈھلکا ۔ ۱۔ بارش ہونا۔ مینھ پڑنا (ق)۔

۲۔ نیند کے غلبے کی وجہ سے آنکھیں بند ہونا اور سر کا جھک جھک جانا۔ غنودگی۔ جھوکا۔

۳۔ آنکھوں سے پانی بہنے کی بیماری۔ موت کے قریب آنکھوں سے پانی جاری ہونا۔

ڈھلنا پالنا ۔ (مجازاً) ایک بات پر قائم نہ رہنے والا۔ مذبذب، متلون مزاج۔

ڈِھمڈِھمی ۔ ایک قسم کی ڈھولکی۔ ڈفلی۔ خنجری۔

ڈھمکی ۔ (ڈھمکا کی تانیث)۔ ایرا غیرا۔ ایسا ویسا شخص۔

ڈھنڈورا پٹنا ۔ (محاورہ) منادی کا ڈھول بجنا۔

ڈھنڈیا ۔ تلاش۔ جستجو۔ کھوج۔

ڈھولا ۔ ڈولی۔ ڈولا۔

ڈھولک ۔ چھوٹا ڈھول۔

ڈھولی ۔ زیادہ سے زیادہ ہزار

کم سے کم دو سو یا ایک سو پانوں کا مٹھا۔

ڈھنڈورا۔ (ڈھڈھورا) اعلان تشہیر۔ منادی۔

ڈھیر۔ ۱۔ ایک ادنیٰ قوم کے لوگ جو اپنے آپ کو کوؤں کی نسل تصور کرتے اور مردار کھاتے ہیں۔

۲۔ ایک قسم کا پرندہ۔

ڈھیر لگانا۔ (محاورہ) انبار لگانا۔ ذخیرہ کرنا۔

ڈھیڑھ ہتھی۔ ایک قسم کا ہتھیار۔ ایک قسم کا داؤں پیچ۔ (ق)۔

ڈھینکلی۔ ۱۔ قلا بازی۔

۲۔ پانی نکالنے کی لمبی رسی جس کے ایک سرے پر ڈول اور رسی باندھی جاتی ہے اور دوسرے سرے پر بوجھ رکھ دیا جاتا ہے۔

ڈیرے (ڈیرا)۔ خیمہ۔ تنبو۔ پڑاؤ کی قیام گاہ۔

ڈیوڑھی۔ مکان کا پٹا ہوا دروازہ۔ گھر میں آنے جانے کا مسقف رستہ۔ (کنایتہً) محل۔ بارگاہ۔ دربار۔

ذ

ذائقہ۔ ۱۔ احساس جو زبان سے حاصل ہو۔

۲۔ لذت۔ مزہ۔

۳۔ چسکا۔ ذوق۔ لگاؤ۔

ذبح۔ رگ کاٹنا۔ گلے پر چھری پھیرنا۔ شرعی طریقے سے جانوروں کو حلال کرنا۔

ذبیح۔ حلال کیا ہوا۔ جس کو ذبح کیا گیا ہو۔ مقتول۔

ذرّہ۔ ۱۔ کسی چیز کا نہایت چھوٹا ٹکڑا۔ ریزہ۔

۲۔ خاک، دھول، ریت کا بہت چھوٹا جزو۔

ذلت۔ بے عزتی۔ بے وقری۔ خفت۔ توہین۔

ذلیل۔ بے عزت۔ بے وقعت۔ حقیر۔ خوار۔

ذلہ رُبا۔ کسی کا بچا ہوا کھانا کھانے والا (مجازاً) خوشہ چین۔ کسی سے

فائدہ یا فیض اٹھانے والا۔
ذُو ۔ والا۔ مالک۔ خداوند۔
ذُو ذَنَب ۔ دم دار ستارہ ۔ جھاڑو دار تارا۔
ذُو ذَوائب ۔ دم دار ستارہ۔
ذُو فُنُون ۔ ۱۔ بہت سے فن جاننے والا۔ مختلف ہنروں کا ماہر۔ بہت بڑا عالم۔
۲۔ چالاک ۔ فریبی ۔ عیار ۔ متفنی ۔
ذَوق ۔ کیف۔ سرور۔
ذَوائب ۔ دُم ۔ پونچھ ۔ نام ایک ستارۂ آسمانی کا جس کو ذنب الفرس کہتے ہیں۔
ذَوِالاِحترام ۔ عزت و احترام والے ۔ صاحب اعزاز ۔ محترم لوگ ۔
ذُوی الاِقتدار ۔ اختیار و طاقت رکھنے والا ۔ اعلیٰ مرتبت۔
ذِی اِحترام ۔ عزت والا۔
ذِی رُتبہ ۔ صاحب منصب ۔ مرتبے والا۔ عہدہ دار ۔
ذِی رُوح ۔ جان دار۔
ذِی عزّت ۔ معزز ۔ عزت دار۔
ذِی لیاقت ۔ لیاقت والا ۔ لائق ۔ قابل ۔
ذی وقار ۔ سنجیدہ ۔ صاحبِ منزلت۔ معزز۔
ذِی ہوش ۔ عقلمند۔ سمجھدار۔ عاقبت اندیش ۔ ہوشیار ۔ ذہین۔
ذَیل ذَیل ۔ گروہ در گروہ ۔ جوق در جوق ۔

ر

رَات تھُوڑی سُوانگ بُہَت ۔ (کہاوت) ۔ وقت تھوڑا ہے اور کام بہت۔
رَاج سُہاگ ۔ سہاگ کے زمانے کا عیش و آرام ۔ وہ زمانہ جس میں عورت کا خاوند زندہ رہے ۔
رَاج سُہاگ بَنا رہے ۔ (فقرہ) ایک دعا جو سہاگن عورت کو دی جاتی ہے۔
رَاجا اندر ۔ دیوتاؤں اور پریوں کا راجا (مجازاً) وہ شخص جو حسین عورتوں کی محفل یا مجمع میں

سب کا منظور نظر ہو۔
رَاجا اِنْدر کا اَکھَاڑا ۔
۱۔ راجا اندر کی محفل رقص و سرود۔
۲۔ ایسی محفل جس میں حسین عورتوں کا ہجوم ہو۔
رَاجِع ۔ کسی جانب لوٹنے یا مڑنے والا۔ پھرنے والا ۔ رجوع کرنے والا۔
رَاحَت ۔ سُکھ ۔ چین ۔ آرام ۔ آسودگی۔
رَاڑ لانا ۔ (محاورہ) جھگڑا مچانا۔ فساد برپا کرنا۔
رَاز ۔ پوشیدہ امر یا بات ۔ بھید ۔
رَاز و نِیاز ۔ عشق یا دوستی کی محرمانہ باتیں ۔ سرگوشیاں اشارے کنائے (مجازاً) خفیہ معاملات یا خیالات ۔
رَاسُ الشَّیاطِین ۔ شیاطین کا سردار ۔ بڑا شریر ۔ نہایت خبیث ۔
رَاسْتَہ لو ۔ (فقرہ) چلے جاؤ۔ چلتے بنو۔
رَاسِخُ الاِعْتِقَاد ۔ اپنے عقیدے پر قائم رہنے والا ۔ وہ جس کا عقیدہ مضبوط ہو ۔ جس کا ایمان پختہ ہو۔
رَاسُو ۔ نیولا۔

رَاضِی ۔ کسی امر کو قبول کرنے یا کسی بات پر تیار ہونے والا ۔ متفق ۔ رضامند۔
رَافَت ۔ کسی بزرگ (سن و سال یا رتبے کے اعتبار سے) کی مہربانی یا نوازش سے جو کسی خرد یا نسبتاً کم رتبہ شخص کے شامل حال ہو ۔ مرحمت ۔ شفقت۔
رَافِع رَایات ۔ جھنڈوں کو بلند کرنے والا۔ جھنڈوں کو اٹھانے والا۔
رَاکِب ۔ اونٹ گھوڑے یا کسی بھی سواری کا سوار ۔ سواری لینے والا۔
رَاگ ۔ موسیقی کے مانے ہوئے ضابطوں کے مطابق سروں کی بندھی ہوئی ترتیب ۔
رَاگِے (راگا) ۔ ایک وضع کا سلاح جنگ ۔ حفاظتی سلاح جنگ ۔
رَال ۔ لعاب دہن ۔ تھوک ۔ وہ لعاب جو (عموماً) کمسن بچوں یا بوڑھوں کے منھ سے بے اختیار ٹپکتا ہے ۔
رَال اُڑانا ۔ (محاورہ) رال کو جو ایک طرح کا اشتعال پذیر گوند ہوتا ہے آگ دکھا کر باروت کی طرح اڑانا۔
رَال ٹَپکنا ۔ (محاورہ) کسی مرغوب

شے کو دیکھ کر منھ میں پانی بھر آنا۔
بہت راغب ہونا۔ لالچ آنا۔
رَام رَام سَت ۔ (فقرہ) خدا سچا ہے (ہندو ارتھی کے ساتھ یہ یہ جملہ کہتے ہوئے چلتے ہیں)۔
رَام جَنیاں (رام جنی)۔
(ہندو) لاوارث عورت جو عصمت فروشی کرنے لگے۔ کسبی۔ رنڈی۔
رَام چنگے ۔ ایک قسم کی سواری۔ (ق)
رَامِش گَر ۔ گانے اور ناچنے والا (مجازاً) عیاش۔
رَان ۔ (جسم کا حصہ) جانگھ سے لے کر گھٹنے تک کا حصہ۔
رَان پَڑی ۔ شہسواری میں پٹڑی جمانے کا انداز۔
رَاندھیے (رَاندھنا)۔
۱۔ پکانا۔ ریندھنا۔ ابالنا۔
۲۔ چلانا، چھیڑنا، (چرخے کا) (مجازاً) ملوث کرنا۔
رَانڈ ۔ وہ عورت جس کا شوہر مرگیا ہو۔ بیوہ۔
رَانڈ کے سَانڈ ۔ ۱۔ (مجازاً) رانڈ کی اولاد۔ بے پروا۔ نڈر۔ بے باک۔ فکروغم سے آزاد۔
۲۔ موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔
رَاوٹی ۔ ایک وضع کا چھوٹا تنبو۔

برآمدے دار ایک چوبہ۔ دو چوبہ۔ تنبو۔ چھولداری۔
رَاہ گلی کا مُعَامَلہ ۔ ہروقت کا ساتھ۔ ہروقت کا لین دین۔ (ق)
رَاہ گیر ۔ وہ شخص جو کسی راستے سے گزرے۔ راستہ چلنے والا۔ راستہ چلتا (شخص)۔
رَائحَہ ۔ (خصوصاً) بو نیز خوشبو۔ مہک۔
رَایَت ۔ علم۔ جھنڈا۔
رَائی ۔ سرسوں سے چھوٹا اور خشخاش سے بڑا ایک (تلہن کا) بیج۔ بیج جو مزے میں کھٹا ہوتا ہے (مجازاً) بہت چھوٹا یا حقیر۔
رَائے بیل ۔ ایک سفید۔ خوشبو دار چنبیلی سے زیادہ تہ بہ تہ پنکھڑیوں کے پھول کا بیل نما پودا، نیز اس کا پھول۔ بیلا۔
رَبُّ العِزَّت ۔ اللہ تعالیٰ۔ بہت عزت والا۔
رَبُّ النَّوع ۔ مخلوق کی مختلف انواع میں سے ہر نوع کی دیکھ بھال یا حفاظت کرنے والا فرشتہ جو کہا جاتا ہے کہ خدا کی طرف سے مقرر ہے، نیز کسی گروہ یا جماعت یا کنبے وغیرہ کا سربراہ اور سرپرست۔
رُبَاب ۔ سارنگی کی طرح کا ایک تار دار چوبی باجا۔ تنبور جس کے

نچلے حصے پر کھال منڈھی ہوتی ہے،
لکڑی کی مضراب سے بجایا جاتا ہے،
کہا جاتا ہے کہ اسے گرو نانک نے ایجاد کیا تھا
لیکن یہ در اصل صوبہ سرحد کا
باجا ہے۔

رِباط ۔ وہ مکان جہاں مسافر
عارضی طور پر ٹھہرے ۔ مسافر خانہ۔
سرائے۔ قلعہ ۔ چوکی ۔

رَبط و ضَبط ۔ میل جول ۔ دوستی۔

رَبڑ مارنا ۔ (محاورہ) ۔ کسی جگہ
جاکر بے نیل مرام واپس آنا۔ بے
حصول مطلب کسی جگہ جاکر پھر
آنا۔

رُبع مَسکُون ۔ کرۂ ارض کا ایک
چوتھائی حصہ جو آباد ہے (باقی غیر
آباد اور پانی سے ڈھکا ہوا) زمین۔
کرۂ ارض ۔ اقلیم ۔ دنیا ۔

رُبودگی ۔ غفلت ۔ بے خبری یا بے
ہوشی کی کیفیت (خصوصاً بیمار
کی)۔

رَت جگا ۔ خوشی کی تقریب جو
رات بھر جاگ کر اور گا بجا کر ختم
کی جاتی ہے، اکثر اس میں عورتیں
گل گلے اور چاول (زردہ یا خشکہ)
پکاتی اور بی بی فاطمہؓ کی نیاز دلواتی
نیز مسجد کا طاق گل گلوں سے بھرتی
ہیں ۔ گیت بھی گائے جاتے ہیں۔

رَتن ۔ جواہر ۔ موتی ۔ نگینہ ۔ لال
(مجازاً) زیور نیز ہر گراں قدر قیمتی
اور عمدہ چیز۔

رَتوندی ۔ آنکھوں کا ایک مرض
جس میں رات کے وقت بصارت
بے کار ہو جاتی ہے ۔ شب کوری۔

رَتی ۔ تقدیر ۔ قسمت ۔

رِجا ۔ امید ۔ تمنا ۔ آرزو ۔

رَجز پڑھنا ۔ (محاورہ) گن گانا۔
تعریف کرنا ۔ مدح کرنا ۔ قصیدہ
پڑھنا۔

رَجز خوانی ۔ ہم خیال کا اظہار کرنا۔
رجز پڑھنا۔

رَجسٹری ۔ ڈاک اور خطوط جو
مکتوب الیہ تک بحفاظت پہنچانے
کے لیے ڈاک خانے کے رجسٹر
میں درج کرائے جائیں اور ان کی
رسید حاصل کی جائے ۔ مسجل ۔
رجسٹری شدہ ۔

رُجُوع ۔ پہلی جگہ پر لوٹنا ۔ سابق حالت
کی طرف پھرنے کا عمل ۔ عود ۔ باز
گشت ۔ واپسی۔

رِجھانا ۔ لبھانا ۔ متوجہ کرنا ۔ قائل
کرنا ۔

رَحم ۔ مہربانی ۔ نرم دلی ۔ ترس ۔

رَحم دِلی ۔ مہربانی ۔ دل سوزی۔
نرم دلی ۔

رَحمت ۔ کرم ۔ عنایت ۔
شفقت ۔

رَحیق ۔ شراب ۔ خالص
شراب ۔

رَحِیل ۔ رحلت ۔ کوچ ۔ دوسری جگہ جانے کا عمل (مجازاً) موت ۔
رُخ ۔ چہرہ ۔ رخسار ۔ نیز استعارۃً محبوب ۔
رُخامہ ۔ نرم اور ملائم ۔
رُخِ اَنوَر ۔ روشن چہرہ ۔ دمکتا ہوا چہرہ ۔ بہت روشن چہرہ ۔
رُخسار ۔ گال ۔ کلا ۔ عذار (مجازاً) رُخ ۔ چہرہ ۔
رَخْش ۔ رستم کا گھوڑا ۔ جو سُرخ و سفید رنگ کا تھا ۔ (مجازاً) گھوڑا ۔
رُخصَت ۔ ۱ ۔ چھٹی ۔
۲ ۔ اجازت ۔ منظوری ۔
۳ ۔ روانگی ۔ کوچ ۔
۴ ۔ مہلت ۔ چھوٹ ۔
رَخنے پَڑنا ۔ (محاورہ) رکاوٹ پیدا ہونا ۔ خلل پڑنا ۔ فرق پڑنا ۔
رَزّاق ۔ بہت رزق دینے والا ۔ روزی رساں ۔ اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام ۔
رَزالَت ۔ (رَذالت) سفلہ پن ، کمینگی ۔ بد معاشی ۔
رَزم ۔ جنگ ۔ معرکہ ۔ لڑائی ۔
رَزمی طَبل ۔ جنگی طبل جو میدان جنگ میں سپاہیوں کے حوصلے بلند کرنے کے لیے بجاتے ہیں ۔

رِسالَت ۔ پیام لے جانے اور پہنچانے کا کام ۔ ایلچی گری ۔ سفارت ۔
رِسالَہ ۔ سوار فوج کا دستہ ۔
رِسالَہ دار ۔ رسالدار ۔ سو سواروں کا افسر ۔
رَسان ۔ آہستگی ۔ نرمی ۔ دھیما پن ۔
رَسائی ۔ پہنچ ۔ باریابی ۔ گزر
رَستخیز ۔ قیامت ۔ حشر ۔ روز حساب ۔
رُستَمِ دَستان ۔ ایک ایرانی پہلوان جو زال کا بیٹا تھا ۔ اس کا ذکر شاہنامہ میں آتا ہے ۔ زابلستان کا حاکم ۔
رَسَن ۔ رسی ۔ ریسمان ۔ پھانسی کا پھندا ۔ ایسی کوئی چیز جس سے باندھنے یا رسی کا کام لیا جاسکے ۔
رُسُوخِیَت ۔ پختگی ۔ مضبوطی ۔ استواری ۔
رَسوئی ۔ کھانا ۔ طعام ۔ بھوجن ۔
رَسّی جَل گئی مَگَر رَسّی کا بَل نہیں جَلا ۔ (مثل) دولت ، عزت یا وقعت جاتی رہی مگر غرور نہ گیا یا آن بان میں فرق نہ آیا ۔
رَسِید ۔ (قانون) رقم یا سامان وغیرہ کی وصولیابی کی

باضابطہ تحریر جس میں وصول پانے والے کے دستخط ہوں۔

رَشحَہ ۔ ٹپکنے یا برسنے کا عمل ۔ بارش ۔ تراوش۔

رَشک دَہ ۔ ایسا خوبصورت جس پر رشک آئے۔

رَضا ۔ اجازت ۔ رضامندی۔

رِضوان ۔ داروغۂ جنت ۔ خازن جنت۔

رُطَب ۔ کھجوریں ۔ تروتازہ کھجوریں۔

رَطب ۔ تروتازہ اور سرسبز نیز (استعارۃً) خشک کی ضد۔

رَطبُ اللِسان ۔ زبان سے میٹھے بول نکالنے والا ۔ شیریں زباں۔

رُطوبَتِ غَرِیزی ۔ جسم کی اصلی تری جس کا ہونا ضروری ہے اور جس کے بغیر جینا ممکن نہیں۔

رِعایا بَرایا ۔ عام لوگ کسی حکومت کے تابع ۔ عوام۔

رُعب و داب ۔ جاہ و جلال ۔ دبدبہ ۔ ہیبت ۔ اثر و رسوخ ۔

رَعد ۔ بادل کی گرج ۔ گڑگڑاہٹ۔ ایک ابر کے دوسرے ابر سے ٹکر کھانے کی آواز۔

رَعد آسا ۔ رعد کی مانند۔

رَعشَہ ۔ تھرتھری ۔ کپکپاہٹ۔ لرزش ۔

رَعنائی ۔ حسن و جمال ۔ زیبائی۔ حسن نظر۔

رَعیَّت ۔ وہ لوگ جو بادشاہ یا راجا کی سلطنت میں آباد ہوں ۔ پرجا۔ رعایا۔

رَفعِ اِحتِیاج ۔ پاخانہ یا پیشاب کی ضرورت ۔ حوائجِ ضروریہ ۔

رُفو ۔ پھٹے ہوئے کپڑے کے سوراخ کو تاگے بھر کر برابر کرنے کا عمل ۔ تاگوں کا پیوند ۔ سلائی۔

رَفِیدَہ ۔ گول اور کم حجم کی بد وضع پگڑی۔

رَفیع ۔ بلند ۔ اونچا۔

رَفیق ۔ ساتھ دینے والا ۔ ہم سفر۔ دوست ۔

رِقاب ۔ ۱۔ گردنیں (مجازاً) جانیں ۔

۲۔ دشمنی ۔ رقابت ۔

رَقّاص ۔ ناچنے کا کام یا پیشہ کرنے والا شخص ۔ کتھک ۔ نرتک ۔

رَقّاصَہ ۔ ناچنے والی ۔ رقص کرنے والی ۔

رَقص ۔ اصول نغمہ یا فطری امنگ اور جوشِ مسرت میں تھرکنے اور ناچنے کا عمل یا کیفیت ۔

ناچ - ناچنا۔

رُقصاں - فرط طرب یا وجد یا حال میں جھوم جھوم جانے کی کیفیت - ناچنے میں محو ہو جانا۔ گردش کرتا ہوا۔

رُقعہ - خط - چٹھی - پرچہ۔

رِکاب - سوار کے پیر رکھنے کو زین کے دونوں تسمے میں لٹکے ہوئے آہنی پاانداز جن میں سے ایک میں پیر ڈال کر گھوڑے پر چڑھتے ہیں - گھوڑے کے زین میں لٹکا ہوا کمان نما حلقہ جس میں پاؤں رکھنے کے لیے آہنی تختہ جڑا ہوتا ہے۔

رِکابدار (رکاب دار) - دسترخوان لگانے اور کھانا پیش کرنے والا شخص - باورچی۔

رِکابداری - رکاب دار کا کام یا عہدہ۔

رِکابی - مٹی، چینی یا کسی دھات کا چھوٹا بڑا پھیلا ہوا برتن - تشتری - پلیٹ۔

رَکت - خون - لہو - سرخ رس۔

رُکنِ رَکین - مضبوط اور بڑا رکن۔ مراد: وزیر اعظم۔

رَکھ پَت رَکھا پَت - (کہاوت) عزت کرو عزت پاؤ - اچھا برتاؤ کروگے تو تمہارے ساتھ بھی اچھا برتاؤ کیا جائے گا۔

رِکھب - (موسیقی) سرگم کے سات سروں میں سے ایک کا نام۔

رَم - بھاگنے کی کیفیت یا عمل - فرار۔ (مجازاً) وحشت اور گریز - جدائی۔ تیز رفتاری۔

رَم کرنا - (محاورہ) ۱- ہرن کا وحشت کرنا اور شکاری کے خوف سے بھاگنا۔
۲- تیزی سے بھاگنا۔

رَمّال - علم رَمل کا جاننے والا یا ماہر - جوتشی - نجومی۔

رُمح - نیزہ - بھالا - سنان (مجازاً) نیزے کی نوک۔

رَمز شناس - اشارہ سمجھنے والا۔ نکتہ ور۔

رَمل - آئندہ کے حالات کے معلوم کرنے کا ایک علم جس میں پیتل کے (سلائی میں پروئے ہوئے) چار چار بانسری کی دو پٹریوں (قرعون) سے (جن پر نقطے بنے ہوتے ہیں) مقررہ قاعدے کے مطابق شکل بناتے ہیں - کہا جاتا ہے کہ یہ علم فرشتے نے حضرت دانیال کو ریت پر نقطے بنا کر سکھایا تھا - (کنایتہً) نجوم - جوتش۔

رَمَق - باقی جان - رہی سہی جان - آخری سانس۔

رَمنا - گھومنا - گشت کرنا۔

سیر کرنا۔
رَمَہ ۔ مردہ کھال یا ہڈی جو اپنی جگہ چھوڑ چکی ہو۔ لٹکی ہوئی بے جان ہڈی۔
رَمِیدگی ۔ بھاگنے کی کیفیت یا عمل ۔ (کسی بات سے) متنفر۔ وحشت۔ ڈر۔
رَمِیم ۔ گلا ہوا ۔ بوسیدہ ۔ کہنہ ۔
رَن ۔ میدان جنگ ۔ مقتل ۔
رَن چَڑھنا ۔ گھوڑے یا ہاتھی کا دمدار ہونا۔ سانس جلد نہ پھولنا ۔
رَن گَڑھ ۔ فوج کا پڑاؤ ۔ چھاؤنی ۔
رَنجِش ۔ خفگی ۔ آزردگی ۔ ناخوشی۔ عداوت ۔
رَنجُور ۔ رنجیدہ ۔ افسردہ ۔ فکرمند۔ غمگین۔
رَنجیدگی ۔ صدمہ ۔ تکلیف ۔ کشیدگی ۔
رِند ۔ ۱۔ غیر متشرع ۔ لا مذہب۔ بے دین ۔ ملحد ۔ دہریہ ۔
۲۔ شرابی ۔ چرسی ۔ مست ۔
۳۔ لفنگا ۔ شہدا ۔ آوارہ ۔
رَنڈسالہ ۔ بیوہ کی پوشاک ۔ وہ سفید کپڑے جو شوہر کی موت کے بعد بیوہ کو اس کا سہاگ بڑھا کر پہنائے جاتے ہیں ۔
رَنڈی ۔ ۱۔ عورت ۔ بیوی ۔
۲۔ پیشہ کمانے والی بازاری عورت ۔ گانے والی بیسوا ۔ طوائف ۔
رَنڈیا ۔ (رنڈی کی تصغیر) ۔ دکھیا ۔
رَنڈی بازی ۔ تماش بینی ۔ زنا کاری ۔ عیاشی ۔
رَنڈِی مُنڈِی ۔ طوائف۔ کسبی ۔
رَنڈِی نَاقِصُ العَقل مَشہُور ہے ۔ (کہاوت) عورت ناقص العقل ہوتی ہے ۔
رَنگ ۔ گنجفے کی آٹھوں بازیوں کا نام ۔
رَنگ باز ۔ ۱۔ جھوٹا تقدس ظاہر کر کے لوگوں پر اپنی دھاک جمانے والا ۔ وہ شخص جو بڑا اجلیا مگر ظاہر بیں شریف ہو ۔
۲۔ جواری ۔ جوا کھیلنے والا ۔
رَوارَوی ۔ بھاگ دوڑ ۔ عجلت۔ سرسری ۔
رَوارَوی کَرنا ۔ (محاورہ) جلد بازی کرنا ۔ بھاگ دوڑ کرنا۔ تیزی کرنا۔
رَنگترے (رَنگترہ) ۔ نارنگی کی ایک قسم ۔ میٹھی اور بڑی نارنگی ۔
رَواحِل ۔ (راحلہ کی جمع) ۱۔

سواری یا باربرداری کا جانور۔ اونٹ۔
۲۔ کاروان۔ قافلہ۔
۳۔ سفر۔ کوچ۔
رُو بَرُو ۔ آمنے سامنے۔ بالمقابل۔ آگے۔ سامنے۔
رُو بَفَرَار (رُو بَفَرَار) ۔ دور ہونے یا بھاگ جانے کی جانب مائل۔ بھاگنے یا مٹ جانے کے قریب۔
رُواق ۔ کسی عمارت یا خیمے کے سامنے کا حصہ۔ دالان۔ پیش گاہ۔ پورٹیکو (مجازاً) آبرو۔
رَوائح ۔ خوشبوئیں۔
رُوبَاہ ۔ ایک جنگلی جانور جو اپنی چالاکی کے لیے مشہور ہے۔ لومڑی۔
رُوپوش ۔ منھ چھپائے ہوئے۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔
رُوپیہ ۔ چاندی کا سکہ، زمانۂ حال میں سو پیسے کی مالیت کا سکہ یا نوٹ۔ کرنسی۔ نقدی (مجازاً) دولت۔
رُوح اَفزا ۔ ۱۔ زندگی بڑھانے والا۔
۲۔ تازگی یا فرحت بخشنے والا۔ مفرح۔
رُوحُ القُدُس ۔ (مسیحی)۔ روح پاک۔ مراد۔ حضرت جبرئیل۔ عیسائی۔ اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اُقنوم۔
رُووَت ۔ روتی کیوں ہو۔ رونا (ق)۔
رُود ۔ دریا۔ ندی۔ نہر۔
رُوزگار ۔ کاروبار۔ کام۔ دھندا۔ ذریعۂ معاش۔
رَوزَن ۔ سوراخ۔ چھید۔ شگاف۔
رَوِش ۔ (راستہ)۔ باغ کے اطراف یا چمن کے درمیان بنایا ہوا چہل قدمی کا راستہ۔
رَوشَن چوکی ۔ (مجازاً) نوبت نوازوں کی چوکی جو شاہی جلوس یا محرم اور شادی کے جلوس میں کہار کندھوں پر اُٹھائے چلتے ہیں۔ روشنیوں سے سجا ہوا تخت۔
رَوضَہ ۔ باغ۔ باغیچہ۔
رَوضَۂ رِضوان ۔ بہشت کے دربان کا باغ۔ مراد۔ باغ بہشت۔ جنت۔
رَوغَن ۔ (چہرے وغیرہ کی) ہلکی ہلکی چمک اور نرماہٹ۔ آب و تاب۔ رونق۔ نکھار۔ شادابی۔
رَوغَنِ عَیّار ۔ وہ رنگ یا روغن جو چہرے کے رنگ یا وضع کو بدل دیتا ہے۔ (کنایۃً) دَم۔ فریب۔ دھوکا۔

رُوکَش ۔ ۱۔ مقابل ۔ حریف ۔
۲۔ ثانی ۔ ہم سر ۔
۳۔ شرمندہ کرنے والا ۔

رُوکھائی ۔ (رکھائی) ۔ بے مروتی ۔ کج ادائی ۔ اکھڑپن ۔ ترش روئی ۔

رُوکھی ۔ بے رونق ۔ خشک ۔

رُوگ ۔ بیماری ۔ مرض ۔ آزار ۔

رُول ۔ لکڑی کا چھوٹا ڈنڈا جو اکثر سپاہیوں یا استادوں کے پاس مارنے یا ڈرانے کے واسطے ہوتا ہے ۔

رُول (رُولنا) (مجازاً) ضائع کرنا ۔ برباد کرنا ۔

رَوم ۔ اون ۔ سنجاب ۔ فلالین ۔ مخمل وغیرہ کا رواں ۔

رُوم پھرانا (محاورہ) (پہلوانی) ورزش کرانا ۔ دوڑ لگانا ۔ مشق کرانا ۔ بیٹھکیں لگانا ۔

رُومال ۔ منہ صاف کرنے یا پونچھنے کا کپڑا ۔

رَوند ۔ سپاہیوں یا چوکیداروں کی گشت ۔ رات کی گشت ۔

رُونگٹا ۔ رواں ۔

رُونگٹے کھڑے ہونا ۔ (محاورہ) خوف وغیرہ سے، سردی سے یا جھرجھری لینے یا دانت کے نیچے کسی سخت چیز کے یکایک آجانے سے بدن کے روئیں کھڑے ہونا ۔ سہم جانا ۔ تھرا جانا ۔ کانپنا ۔

رُونمائی ۔ نذر جو کسی محبوب یا مطلوب کے دیدار حاصل ہونے پر پیش کی جائے ۔

رَوتوں (رَوتا) ۔ وہ ملازم (عموماً) لڑکا جو مستورات کا کام کاج کرنے اور مکان کے اندر اطلاع بھیجنے وغیرہ کے لیے ڈیوڑھی پر متعین ہوتا ہے ۔

رُوئی ۔ بنولہ نکالی ہوئی کپاس ۔ دھنی ہوئی روئی ۔

رُویاں (رُواں) ۔ چھوٹے بال جو انسانوں کے بدن پر ہوتے ہیں ۔

رُوئیں تن ۔ جس کے جسم پر تیغ و تبر تیر وغیرہ کی ضرب کارگر نہ ہو، اسفندیار کا لقب، کہتے ہیں اس کے جسم پر تیغ و تبر کارگر نہیں ہوتے تھے ۔ بہت بہادر ۔

رُویائے صادِقہ ۔ خواب جو سچا ثابت ہو ۔ سچا خواب ۔ وحی کی ایک قسم ۔

رَہ تو سہی ۔ (فقرہ) (دھمکی کے طور پر) ٹھہر تو سہی ۔ کھڑا رہ ۔ صبر کر ۔

رُہبان (رَاہِب کی جمع) ۔ ۱۔ رومن کیتھولک کا پادری ۔

نصاریٰ کا پیشوا۔
۲۔ خانقاہ نشین۔ فقیر، جوگی۔
رَہَٹ ۔ (کاشت کاری) وہ چرخ جس کے ذریعے سے کنویں کے اندر سے پانی نکالتے ہیں۔
رَہرَوِی (رَاہ رَوِی)۔ سفر۔ راہ چلنا۔
رَہزَن (رَہ زَن)۔ راہ میں لوٹنے والا۔ ڈاکو۔
رِہٹُو ۔ بہت وزنی اور بڑا سامان لادنے کی لمبی چوڑی گاڑی۔ فوجی ضرورت کی چھکڑے کی قسم کی بار برداری کی گاڑی۔
رَہکَلی (رَہکَلا) ۱۔ چھوٹی توپ۔ زنبورک۔
۲۔ فوجی ضرورت کی چھکڑے کی قسم کی بار برداری کی توپ رکھنے کی گاڑی۔
رَہوار ۔ گھوڑا۔
رِیاحِین ۔ خوشبودار پھول۔
رِیاض ۔ ۱۔ باغ۔ چمن۔
۲۔ مسلسل محنت۔ مشقت۔ کسی فن کو سیکھنے کی مشق۔
رِیاضِ رِضواں ۔ باغ جنت۔
رِیال ۔ لعاب۔
ریب ۔ شک۔ شبہ۔
رِیتنا ۔ (سطح ہموار کرنے کے لیے) ریتی یا ریگمال گھسنا۔ رگڑنا۔
رِیتی ۔ ۱۔ ریت جو دریا کے کنارے یا میدان میں جمع ہو جائے۔
۲۔ دریا کا ریتلا کنارہ۔
۳۔ رستہ۔ ندی۔
رِیجھ ۔ ۱۔ پسند۔ میل۔ عادت۔
۲۔ خواہش۔ چاہت۔ نفس۔
رِیجھنا ۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
رَیحان ۔ ایک تیز خوشبودار پودا جس کے بیج (جو بھیگ کر لعاب دار ہو جاتے ہیں) شربت اور دوا میں استعمال ہوتے ہیں۔ تخم بالنگا۔
رِیختَن ۔ ٹوٹے پھوٹے ٹکڑے۔ ریزے (ق)۔
رِیزِش ۔ روشنی کا پھیلاؤ۔
رِیزہ سی آنکھیں ۔ چھوٹی چھوٹی چیاں سی آنکھیں۔
رِیزے ۔ نوچی۔ نوعمر لڑکے۔
رِیزاں ۔ بہتا ہوا۔ گراتا ہوا۔ بکھرتا ہوا۔ ڈالتا ہوا۔
رِیسمان ۔ رسی۔ ڈوری۔
رِیش تراشندۂ مُنکِران وسَربُرندۂ جادوگران ۔ منکروں کی ڈاڑھی مونڈھنے والا اور جادوگروں کے سر کاٹنے والا۔
رِیش فش ۔ گھنی بے ترتیب، بغیر تراشی ہوئی ڈاڑھی۔

رِیشِ قاضِی ۔ (کنایتہً) شراب یا بھنگ چھاننے کا کپڑا ۔ صافی ۔

رِیشمین ۔ ریشم سے منسوب ۔ ریشم کا یا ریشم سے بنا ہوا ۔ ریشمی ۔

رِیگ ۔ ریت ۔ بالو ۔

رِیل (رِیلنا) ۔ ریلا دینا ۔ دھکا دینا ۔ پیچھے سے ہٹانا ۔

رِیلاپیلی (ریل پیل) ۔ بڑھتے ہوئے مجمع کا دباؤ ۔

رَین ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔

رِیو ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ ریا ۔ مکاری ۔

رِیوڑِیاں (رِیوڑی) ۔

گڑ یا شکر کی تل چڑھائی ہوئی میٹھی ٹکیاں ۔ ایک شیرینی ۔ ایک قسم کی مٹھائی جو کھانڈ گڑ کے گٹوں پر تل چڑھا کر بناتے ہیں ۔

ز

زَادِ رَاہ ۔ راہ کا خرچ ۔ راہ کا توشہ ۔ زادِ سفر ۔

زَار ۔ مصیبت یا غم کا مارا ۔ غمگین ۔ عاشق کے لیے بھی مستعمل ۔

۲ ۔ نالہ و فریاد ۔ وہ جگہ جہاں کوئی چیز کثرت سے پائی جائے ۔

زَاغِ نُول ۔ ایک قسم کا نوکدار فولادی ہتھیار یا اوزار ۔ ایک قسم کا آلۂ حرب و ضرب ۔

زَاغ و زَغَن ۔ کوا اور چیل ۔ چیل کوا ۔

زَاغی ۔ سیاہ رنگ الماس ۔

زَال ۔ بوڑھا ۔ سفید بالوں والا ۔ رستم کے باپ کا نام (یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ شروع ہی سے اس کے بال سفید تھے) ۔

زَانُو ۔ گھٹنا ۔ گھٹنے کے اوپر کی ہڈی (چپنی کی ہڈی)۔

زَائچہ ۔ وہ کاغذ جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں جس میں ولادت کی تاریخ اور وقت وغیرہ درج کرتے ہیں اور اس وقت مختلف سیارے جہاں جہاں ہوتے ہیں وہ ایک نقش میں لکھے جاتے ہیں اس کے مطابق مولود کی تمام عمر کا حال نیک و بد بتایا جاتا ہے۔

زُباں دَراز ۔ بدتمیزی سے بولنے والا ۔ منھ پھٹ ۔ گستاخ ۔

زُبان سُوکھنا ۔ (محاورہ) ۔ پیاس سے زبان کا خشک ہو جانا۔ بہت زیادہ باتیں کرنا۔ تعریف کرتے یا نام لیتے لیتے زبان کا عاجز ہو جانا۔

زُبان گدّی سے کھینچنا ۔ (محاورہ) بہت تکلیف دہ سزا دینا۔ سخت اور اذیت ناک سزا دینا۔

زُبان لال ہونا (محاورہ) زبان کا گنگ ہونا۔ بیان کرنے سے قاصر ہونا۔ بول نہ سکنا۔

زُبان ہاتھ بھر کی ہونا ۔ (محاورہ) زبان دراز ہونا ۔ بولنے میں بہت تیز ہونا ۔

زُبدَہ ۔ برگزیدہ ۔ چنا ہوا۔ منتخب ۔

زَبَرْجَد ۔ زردی مائل سبز رنگ کا قیمتی پتھر یا معدنی جوہر جو زمرد سے مشابہ مگر اس سے کمتر شمار ہوتا ہے ۔ پنّا ۔

زَبَرجَدی ۔ آسمانی ۔ زبرجد کے رنگ۔

زَبُون ۔ معیار یا معمول سے گرا ہوا ۔ بیکار ۔ ناکارہ ۔

زُجاج ۔ آبگینہ و شیشہ ۔ کانچ ۔

زَجر و تَوبِیخ ۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت ملامت ۔

زُحَل ۔ ایک سیارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے ۔

زَحمَت ۔ رنج ۔ دکھ ۔ تکلیف۔ دشواری ۔ مشکل ۔

زَحِیر ۔ ۱۔ مروڑ ۔ پیچش ۔
۲۔ آزردہ ۔ مغموم ۔

زَخّار ۔ لبالب ۔ بہت بھرا ہوا۔ نہایت وسیع و عریض (دریا یا سمندر)۔

زَخم پَر نَمک چھڑَکنا۔ (محاورہ) کسی کے دکھ یا تکلیف پر اور زیادہ سخت تکلیف دینا۔

زَخمداری (زخم داری)۔ زخمی ہونا۔ مجروح ہونا۔ زخمی ہونے کی حالت۔

زَخم دُوزِی ۔ مرہم پٹی۔

زَخمی ۔ ۱۔ وہ جس کے زخم لگا ہو۔
۲۔ گھائل۔ چوٹ کھایا ہوا۔
۳۔ خستہ۔

زَدو کُوب ۔ مارنے پیٹنے کا عمل۔ مار کٹائی۔

زَر ۔ ۱۔ کندن۔ سونا۔ طلا۔
۲۔ روپیہ پیسہ۔ دولت۔

زَر بُفت ۔ ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بُنتے ہیں۔

زَرْد ۔ پیلا۔ خط صفرا۔ سرسوں وغیرہ کا یا ان سے ملتا جلتا رنگ۔

زَرْدَہ ۔ ۱۔ وہ کھانے خصوصاً میٹھے چاول جنھیں زعفرانی رنگ وغیرہ ڈال کر زرد کیا جاتا ہے۔
۲۔ کھانے کا تنباکو۔
۳۔ پیلا گھوڑا۔

زَر اَندُود ۔ سونے کا ملمع کیا ہوا۔ وہ چیز جس پر سونے کا گلٹ کیا گیا ہو۔

زَرگَر ۔ سُنار۔

زِرَہ ۔ باریک کڑیوں کا چھوٹی آستین کا فولادی لباس جو دوران جنگ جسم کی حفاظت کے لیے عام لباس کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ چلتہ۔

زِرَہ پوش ۔ وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہو۔ زرہ بکتر میں ملبوس۔

زَرِیر ۔ ۱۔ زرد لکڑی۔
۲۔ صفرا۔
۳۔ یرقان۔

زِشت ۔ بُرا۔ بد۔ ناپسندیدہ۔

زَعفران کا کھیت ۔ یہ بات مشہور ہے کہ زعفران کا کھیت دیکھ کر بے اختیار ہنسی آجاتی ہے (کنایتہً) ایسی جگہ جہاں وفور مسرت سے خود بخود ہنسی آئے۔

زِفاف ۔ دلھن کو دولھا کے پاس بھیجنے کا عمل۔ دولھا دلھن کی مقاربت یا جنسی اختلاط۔

زَفِیل ۔ سیٹی۔ سیٹی جیسی تیز آواز۔

زَفِیلنا ۔ سیٹی دینا۔ سیٹی بجانا۔ چیخنا۔

زَک ۔ ہار۔ شکست۔ ہزیمت۔

زَکوٰۃ ۔ اسلام کے پانچ ارکان میں سے ایک رکن۔ مال کا چالیسواں حصہ جو اصلی اور حقیقی ضروریات پوری ہو جانے کے بعد سال بھر

تک فاضل رہے اور جس کا خدا کی راہ میں دینا حکم شرع کے مطابق ہر صاحب نصاب مسلمان پر فرض ہے۔

زَلازِل ۔ (زلزلہ کی جمع) بھونچال۔ آفتیں۔ سختیاں۔

زَلزَلَہ ۔ بھونچال۔ زمین کی لرزش۔

زُلف ۔ ۱۔ پیشانی کے اوپر اور سر کے سامنے کے بالوں کی لٹ جو کان کے قریب ہوتی ہے۔ کاکل۔ گیسو۔

۲۔ گندھے ہوئے سر کے بال۔

زُلفِ دُوتا ۔ خمیدہ زلف۔ مڑی ہوئی لٹ۔

زُلفِ گرہ گیر ۔ مڑی ہوئی یا گرہ دی ہوئی یا بل کھائی ہوئی زلف۔ گرہ دار زلف۔ خوب گھونگر والے بال۔

زُمُرَّد ۔ جواہرات میں سے ایک سبز رنگ کا پتھر جو زیورات میں استعمال ہوتا ہے۔

زَمزَمہ پَرداز ۔ نغمہ سرا۔ گانے والا۔

زَمزَمہ سَرا ۔ نواسنج۔ نغمہ خواں۔

زَمزَمہ سَرائی ۔ زمزمہ پردازی۔ نغمہ سرائی۔ گانا گانا۔

زَمزَمہ سَنج ۔ نغمہ خواں۔ نغمہ سرا۔

زَمہَرِیر ۔ سخت جاڑا۔ شدید سردی۔ سردی کا موسم۔

زَمِین آسمان کا فَرق ہونا ۔ (محاورہ) بہت زیادہ فرق ہونا۔ کسی قسم کی یکسانیت یا مماثلت نہ ہونا۔

زَمِین و آسمان کے قُلابے مِلانا ۔ (محاورہ) دون کی ہانکنا۔ حد سے زیادہ مبالغہ آرائی کرنا یا جھوٹ کہنا۔

زَمِیندار ۔ زمین یا جائداد کا مالک۔

زَمیں گِیر ۔ ۱۔ (مجازاً) پست۔ ناتواں۔ ضعیف۔ کمزور۔

۲۔ وہ شخص یا چیز جو اپنی جگہ سے ہلے نہیں یا ہل نہ سکے۔ زمین سے چپکنے والا۔

زَن ۔ عورت ذات خصوصاً بالغ عورت۔

زَن جَلَب ۔ (بطور گالی) بھڑوا۔ اپنی بیوی سے کسب کرانے والا۔ دیوث۔

زُنّار ۔ وہ دھاگا یا ڈوری جو ہندو گلے سے بغل کے نیچے تک ڈالتے ہیں۔ جنیو۔ وہ دھاگا یا زنجیر جو عیسائی، مجوسی اور یہودی کمر میں باندھتے ہیں۔

زَنبَق ۔ ۱۔ چنبیلی کا تیل ۔پھلیل۔
۲۔ ایک قسم کا مرہم۔
۳۔ شراب۔
زُنبُور ۔ ۱۔ بھڑ۔
۲۔ شہد کی مکھی ۔
زَنبُورچی ۔ چھوٹی توپ چلانے والا آدمی۔
زَنبُوری ۔ ایک جالی دار کپڑا ۔ مشبک۔
زَنبِیل ۔ ایک کیسہ ہے کہ علاوہ اس دنیا کے ایک عالم اس میں بھی آباد ہے، جب تم چاہو گے اس میں سے ہر چیز جو مانگو گے نکلے گی اور جو چاہو گے اس میں رکھ لوگے۔
زَنجِیر ۔ چاندی یا سونے یا کسی اور دھات کے تاروں کی کڑیوں سے بنی ہوئی حلقہ در حلقہ کڑی۔
زَنجِیرہ بَند ۔ اس ہاتھی کو کہتے ہیں جس کے اوپر ہودج اور تخت وغیرہ زنجیروں کے ذریعے سے کستے ہیں۔
زَنخدان ۔ ٹھوڑی ۔
زِندان ۔ قید خانہ ۔جیل۔
زِندان بان ۔ قید خانے کی نگرانی کرنے والا ۔ قید خانے کا محافظ۔
زِندان خانہ ۔ قید خانہ ۔ جیل خانہ۔

زِندانی ۔ قیدی ۔ اسیر ۔ گرفتار۔
زِندہ پیل (زندپیل) ۔ بڑا ہاتھی۔
زِندہ درگور ۔ سخت اذیت یا عذاب میں مبتلا ہونا ۔ زندہ مثل مردہ ۔ مجبور و معذور۔
زَنگ ۔ گھنٹہ ۔ جرس ۔گھنٹی ۔
زَنگاری ۔ زنگار کا ہم رنگ ۔ زنگار جیسا سبز۔
زَنگبار ۔ حبش ۔ زنجبار۔
زَنگولہ ۔ ۱۔ گھنٹی ۔
۲۔ گھنگرو۔
زَنگن ۔ (زنگی کی تانیث) حبش۔ سیاہ فام۔
زَنگی ۔ زنگبار یا زنجبار کا رہنے والا ۔ حبشی ۔ شیدی (مجازاً) سیاہ فام۔
زِنہار ۔ حاشا ۔ ہرگز (نفی کی تاکید کے لیے)۔
زَوجہ ۔ بیوی ۔ رفیقۂ حیات۔
زور کے آگے ظلم نہیں چلتا ۔ (مثل) طاقت ور پر زیادتی نہیں کی جا سکتی ۔ طاقتور کے سامنے سب ہیچ ہے۔
زَورَق ۔ چھوٹی کشتی ۔ ڈونگی۔
زُونٹا ۔ سارنگی کی آواز ۔ سارنگی کا سُر۔

زَہار - عورت کی شرم گاہ - پیڑو - مرد کا عضو تناسل -

زِہازِہ - پے در پے تعریف کی آوازیں - مسلسل تعریفیں -

زَہر مار - (طب) زہر کا اثر زائل کرنے والی چیز (کنایتہً) ناگواری -

زَہر مار کرنا - (محاورہ) ناپسندیدہ یا نا مرغوب چیز کھانا - زبردستی حلق سے اتارنا - بلا رغبت کے کھانا -

زَہر مُہرہ - ایک سخت سبزی مائل مادہ، از قسم سنگدانہ جو بعض جانوروں کے جسم سے نکلتا ہے اور تریاق کا اثر رکھتا ہے، مشہور ہے کہ زہر کو جذب کرلیتا ہے -

زَہر ہلاہل - ایسا زہر جس کا توڑ نہ ہو - سم قاتل -

زَہرہ - پھول - کلی -

زَہرہ آب کرنا - (محاورہ) - دہشت زدہ کرنا -

زَہرہ آب ہونا - (محاورہ) - نہایت دہشت زدہ ہوجانا -

زُہرہ لقا - خوبصورت - حسین - مجسم حسن -

زَہے - (کلمۂ تحسین) شاباش - آفرین - واہ واہ - کیا کہنے -

زِیارت - کسی متبرک مقام، شے کو دیکھنے یا دیکھے جانے کا عمل - یاترا -

زیبِ بَدن - پہنا ہوا - جسم پر آراستہ -

زیب و زینت - آراستگی - آرائش و زیبائش - بناؤ سنگار -

زیبا - خوشنما - خوبصورت -

زیبائی - حسن - خوبصورتی - خوبی - خوشنمائی -

زِیر - ایک قسم کا لباس - ایک طرح کا پہناوا -

زیر انداز - وہ کپڑا یا چمڑا جو طشت، آفتابے یا حقے کے نیچے بچھایا جائے تاکہ فرش خراب نہ ہو -

زیر و بم - (موسیقی) سُر کا اتار چڑھاؤ - تان - لے -

زیر پائی - ایک وضع کی زنانہ پھنڈی جوتی - سلیپر سے مشابہ جوتی -

زیر جامہ - ۱- پاجامہ - لہنگا - سایہ -

۲- (گھڑسواری) وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر نیچے ڈالتے ہیں اور اس پر چارجامہ رکھتے ہیں -

زیر مُشت - مطیع - محکوم - مسخر (ق) -

زِیر و زَبَر - تہ و بالا - الٹ پلٹ - تلپٹ - تباہ -

زِیر و زَبَر ہونا - (محاورہ) - تباہ ہونا - درہم برہم ہونا - تہ و بالا ہونا -

زِیرَک - دانا - ہوشیار - تیز فہم

زِیرَہ سی آنکھیں - چھوٹی چھوٹی آنکھیں -

زَیغ - کجی - ٹیڑھا پن - حق سے انحراف -

زِیوَر - ۱ - اعضائے جسمانی پر سجانے کی زیب و زینت کی اشیاء (جواہرات اور سونے چاندی وغیرہ کی بنی ہوئی) جیسے ہار -
۲ - آرائش کا ذریعہ یا سبب - بناؤ سنگار کا ذریعہ یا سامان -

ژ

ژَالَہ - یخ بستہ پانی کے ٹکڑے جو بارش کے ساتھ یا بغیر بارش کے آسمان سے برستے ہیں - اولا -

ژوپیں - چھوٹا نیزہ - برچھی - حربہ -

ژولِیدَہ - الجھا ہوا - پریشان - حال - پراگندہ خاطر -

ژِیان - تند خو - غصیل - خشمناک - درندہ صفت -

س

سَابِق ۔ (مقابلتہً) پچھلا ۔ متقدم ۔ گزشتہ ۔ ترتیب میں پہلے آنے والا ۔

سَات پانچ ۔ ۱۔ مکر و فریب ۔ حیلہ بہانہ ۔
۲۔ چالاکی ۔ طراری ۔ تیزی ۔

سَات جھاڑو مارنا ۔ (محاورہ) لعنت بھیجنا ۔ ذلیل کرنا ۔

سَات چھپروں کا پھوس ۔ (عو) آگ لگے ۔ غارت

سَاتِگیں ۔ جام شراب ۔ شراب کا پیالہ ۔ جام صحت ۔

سَاجِد ۔ سر جھکانے والا ۔ (نماز میں) ۔ زمین پر ماتھے ٹیکنے والا ۔ سجدہ کرنے والا ۔

سَاحَت ۔ میدان ۔ کھلی ہوئی وسیع جگہ ۔ انگنائی ۔

سَاحِر ۔ جادوگر ۔ ٹونے ٹوٹکے کرنے والا ۔

سَاحِرنی ۔ (ساحر کی تانیث) جادوگرنی ۔

سَاحِرَہ ۔ (ساحر کی تانیث) جادوگرنی ۔

سَاحِری ۔ جادوگری ۔

سَاحِل ۔ دریا یا سمندر کا کنارہ ۔

سَارْبان ۔ شتربان ۔ اونٹ چلانے والا ۔

سَارَس ۔ طویل گردن ۔ لانبی چونچ اور لانبی ٹانگوں والا ایک پرند جو پانی کے کنارے رہتا ہے ۔ اس کا جوڑا آپس میں محبت کرتا ہے ، گہری محبت رکھنے کے لیے مشہور ہے ۔

سَارَنگی ۔ چھاتی سے لگا کر بجایا جانے والا ساز جس میں لکڑی کے خول پر چار تانت کی تانیں اور عموماً تیرہ طربیں ہوتی ہیں ، تاروں پر کمانچہ پھیر کر بجایا جاتا ہے ۔ غچکا ۔ غچکی ۔

سَارے گَاما پَا دَھانِی ۔ گانے کے ابتدائی بول (ق) ۔

سَارِی (ساڑی) ۔ ساریؔ کم و بیش چھ گز لمبا اور سوا گز چوڑا عورتوں کا پہناوا جس کا دو تہائی حصّہ تہبند یا لنگی کی طرح ٹانگوں کے گرد لپیٹ کر بچا ہوا ایک تہائی حصہ اوپر سے بدن پر لپیٹ کر اس کا پلو ڈوپٹے کی طرح کندھوں پر یا سر پر ڈال لیا جاتا ہے۔

سَاڑھ سَتی ۔ ساڑھے سات سال ۔ نحوست ۔ بدبختی ۔ مصیبت ۔

سَازْ وِیَرَاق ۔ زین ۔ لگام ۔ گھوڑے کی سواری کا سامان۔

سَازِنْدہ ۔ باجا بجانے والا ۔ سازنواز ۔

سَاطِع ۔ روشن ۔ درخشاں ۔ چمکنے والا۔ نمایاں ۔

سَاطِعْ و لَامِعْ ۔ روشن اور چمکیلا۔

سَاطِع الاَنْوار ۔ چمکتا ہوا نُور۔

سَاطُور ۔ چھرا ۔ بغدا ۔ دشنہ ۔

سَاعَت ۔ وقت ۔ مدت ۔ زمانہ ۔

سَاعَتِ سَعِید ۔ مبارک گھڑی ۔ نیک ساعت ۔

سَاعِد ۔ پہنچے سے کہنی سے نیچے تک کا حصہ ۔ کلائی ۔ ہاتھ ۔

سَاغَر ۔ پیالہ (کنایۃً) شراب کا پیالہ ۔ جام ۔

سَاغَرِی ۔ انسان کا مقعد ۔ گھوڑے کا مقعد ۔

سَاق ۔ گھٹنے اور ٹخنے کا درمیانی حصّہ۔ پنڈلی ۔

سَاقِ پا ۔ ٹانگ، گھٹے تک کا حصّہ ران سے لے کر۔

سَاقِ سِیمِیْں ۔ چاندی جیسی پنڈلی ۔ سفید پنڈلی ۔ خوبصورت پنڈلی ۔

سَاقِط ۔ گرا ہوا ۔ رد کیا ہوا ۔ مسترد ۔ ناکارہ ۔

سَاقِیِ اَزَل ۔ (کنایۃً) اللہ تعالیٰ ۔ خلاق عالم۔

سَاقِی ۔ نشہ آور چیزیں پلانے والی (مجازاً) شراب پلانے والی ۔ نشہ آور چیز پلانے والی پیشہ ور عورت ۔

سَاقَہ ۔ قلب ؛ لشکر کا پچھلا حصّہ۔

سَاقِی گَرِی ۔ شراب کے جام تقسیم کرنے کی ذمہ داری ۔ پلانا ۔

سَاکِن ۔ غیر متحرک ۔ ٹھہرا ہوا۔

سَاکِنَان ۔ باشندے ۔ رہنے والے۔ بسنے والے۔

سَاکھُو ۔ ایک درخت کا نام جس کی لکڑی مضبوط اور پائیدار ہوتی ہے ۔ سال ۔ ساگوان ۔ عمارتی

کاموں اور فرنیچر بنانے میں کام آتی ہے۔

سَاکھے کے جَوان ۔ بہادر ۔ مارنے مر جانے والے ۔

سَاکھے کا ہاتھ ۔ تلوار کا بھرپور ہاتھ ۔

سَاکھے کی تلوار کرَنا ۔ گھمسان کی جنگ کرنا ۔ بھرپور لڑائی کرنا ۔

سَالجہان (سال جہان) چرس کی ایک اعلیٰ قسم جو بیش قیمت اور کمیاب ہوتی ہے ۔

سَالن ۔ مسالے ڈال کر پکائی ہوئی شوربے دار ہنڈیا اور اس کا حاصل جسے عموماً روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

سَالِم ۔ کامل ۔ پورا ۔ ثابت ۔ سلامت ۔

سَالی ۔ (سالیاں) بیوی کی بہن ۔

سَامان ۔ اشیائے ضروری ۔ اثاثہ ۔ چیز بست ۔

سَان ۔ وہ گول پتھر جس کو گھما کر اوزاروں پر باڑھ رکھتے ہیں ۔ باڑھ رکھنے کا پتھر ۔ سلی ۔

سَانپ مَرے نہ لاٹھی ٹوٹے (کہاوت) رفع شر بھی ہو جائے نقصان بھی نہ ہو ۔ کام بھی ہو جائے اور نقصان بھی نہ ہو ۔

سَانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو ۔ (کہاوت) موقع ہاتھ سے جاتا رہا، سوائے افسوس کے کچھ چارہ نہیں ۔

سَانپا ۔ (ہندو) سوگ ۔ ماتم ۔ سراپ ۔ بد دعا ۔

سَانچَہ ۔ قالب ۔ ڈھانچہ ۔ فرما ۔

سَانحَہ ۔ پیش آنے والا واقعہ (عموماً اندوہناک) واقعہ ۔ حادثہ ۔

سَانڈیا ۔ (سانڈیاں) ۔ اونٹ کا بچہ ۔

سَانگ ۔ برچھا ۔ نیزہ ۔ بھالا ۔

سَانولا سَلونا ۔ گندم گوں ۔ ملیح ۔

سَاوَن ۔ ہندی سال کا پانچواں مہینہ جس میں تیز بارش ہوتی ہے ۔

سَاوَن کے اَندھے کو ہَرا ہی ہَرا مَعلُوم ہوتا ہے ۔ (مثل) اگر کوئی دولت مند مفلس ہو جائے تو امیری کی بو اس کے دماغ سے نہیں جاتی ۔

سَاوَنت ۔ دلیر ۔ بہادر ۔ سورما ۔

سَاوُنی ۔ خریف کی فصل برسات

میں بوئی اور خزاں کے زمانے میں کاٹی جانے والی فصل ۔ ساون کے مہینے کا کھلنے والا پھول ۔
ساہوکار ۔ دولت مند ۔ مالدار ۔ سرمایہ دار ۔
سائبان ۔ بارش اور دھوپ کے اثر سے بچانے کے لیے (خصوصیت سے آہنی چادروں کا) چھجہ ۔ شامیانہ ۔
سائر ۔ ۱ ۔ گردش کرنے والا ۔ پھرنے والا ۔ سیلانی ۔
۲ ۔ جملہ ۔ کل ۔ تمام ۔ جمیع ۔
سائیس ۔ گھوڑے کی خدمت کرنے والا ۔
سائیسی علم دریاؤ ہے ۔
کسی علم میں مہارت حاصل کرنا آسان نہیں کہ ہر علم غیر معمولی وسعت و گہرائی رکھتا ہے حتیٰ کہ سائیسی کا علم جسے عموماً بہت ادنیٰ سمجھا جاتا ہے ، اس پر بھی کلی مہارت بہت دشوار ہے ۔ علم کی اہمیت کے اعتراف میں کہتے ہیں ۔
سائیں ۔ ۱ ۔ خدا ۔
۲ ۔ آقا ۔ مالک ۔ شوہر ۔
سایہ فگن ۔ سایہ ڈالنے والا ۔ سائبان کا کام دینے والا (کنایتہً) معاون ۔
سبب ۔ (عروض) دو حرفی کلمہ جس کا ایک حرف ساکن ہو ۔
سبحان اللہ ۔ اللہ کی ذات پاک منزہ اور پاک ہے ۔
سبحہ ۔ تسبیح ۔ سمرن ۔ مالا ۔
سبدِ گل ۔ پھولوں کی ٹوکری ۔
سبز باغ دکھانا ۔ (محاورہ) جھوٹے وعدے سے بہلانا ۔ پھسلانا ۔ فریب دینا ۔
سبز بختی ۔ خوش نصیبی ۔ خوش قسمتی ۔
سبز رنگ (سبزہ) ۔ سانولی رنگت والا جس کے رخساروں سے سبزی جھلکتی ہو ۔ گندمی ۔
سبز قدم ۔ باعث نحوست ۔ منحوس ۔ سبز پا ۔
سبزہ زار ۔ وہ میدان جو سبزے سے ڈھکا ہو ۔ ہرابھرا میدان ۔
سبع معلّق ۔ عرب کے سات شاہکار قصیدے ۔
سبقت ۔ ۱ ۔ پیش قدمی ۔ آگے نکل جانا ۔
۲ ۔ فوقیت ۔ برتری ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔
سُبک ۔ جس میں وقار ، متانت یا سنجیدگی نہ پائی جاتی ہو ۔ اوچھا ۔ معیار سے گرا ہوا ۔
سُبکی ۔ ذلت ۔ توہین ۔ بے عزتی ۔

سُبُو ۔ گھڑا ۔ ٹھلیا ۔ مٹکا ۔
جام ۔
سُبُو دان ۔ وہ ظرف جس پر ٹھلیا
یا صراحی رکھتے ہیں ۔ گھڑونچی ۔
سُبَھاؤ ۔ اچھی خصلت ۔ خوش اخلاقی ۔
حسن سلوک ۔
سِپاہ ۔ فوج ۔ لشکر ۔ عسکر ۔
سِپاہی ۔ فوجی آدمی ۔ لشکری ۔ جنگی
آدمی ۔ بہادر ۔
سِپَر ۔ (سپرون) ایک ہتھیار
جو تلوار کی ضرب سے محفوظ رہنے
کے لیے استعمال ہوتا تھا اور عموماً
کچھوے کی پیٹھ یا گینڈے کی کھال
سے بنایا جاتا تھا ۔ پھری ۔ ڈھال ۔
سَپَر دائی ۔ وہ لوگ جو ناچنے والیوں
کے ساتھ ساز بجائیں ۔
سِپَند ۔ رائی ۔ کالا دانہ جسے نظر
بد کا اثر دور کرنے کے لیے بھی
جلایا جاتا ہے ۔
سِپَہ سالار ۔ فوج کا سربراہ
اعلیٰ ۔
سِپَہ گری ۔ سپاہی کا کام ، فن
یا منصب وغیرہ ۔ سپاہی یا فوجی
ہونا ۔
سِپِہر ۔ آسمان ۔ فلک ۔ گگن ۔
سِپِہر دَوّار ۔ گردش کرنے والا ۔
گھومنے ، چکر کھانے والا مراد ۔
آسمان ۔
سَت سَت ہے ۔ سچ سچ ہے ۔
حق حق ہے ۔
سِتار ۔ مضراب سے بجایا جانے
والا ایک ساز جس میں پہلے تین تار
ہوتے تھے اب پانچ سے سات تک
ہوتے ہیں ۔
سِتارہ چشم ۔ آنکھ کا ایک عیب ۔
پھلی ۔ گھوڑے کا ایک نقص ۔
سَت رَنگا ۔ ہریل ۔ ایک
پرندہ ۔
سِتُرگ ۔ بڑا ۔ عظیم ۔ بزرگ ۔
اہم ۔
سَتّو ۔ بھنے ہوئے جو یا چنے کا
آٹا جو عام طور پر موسم گرما میں
پانی میں گھول کر اور کہیں نمک
یا میٹھا ملا کر بھی پیا جاتا ہے (مجازاً)
معمولی غذا ۔
سُتُودہ ۔ جس کی تعریف کی
جائے ۔ سراہا ہوا (مجازاً)
پسندیدہ ۔ نیک ۔
سُتُون ۔ چوکور یا پہلو دار تھم یا
پایہ ۔ تھونی ۔ کھمبا ۔
سُتھرا بُھترا ۔ کمزور ، ضعیف ۔
ناتوان (ق) ۔
سُتھرا شاہی ۔ بابا گرو نانک
کے ایک چیلے سُتھرا پیرو ، یہ
لوگ ڈنڈے بجاتے اور تک
بندی کرتے ہوئے بھیک مانگتے
پھرتے ہیں ۔
سُتھراؤ ہونا ۔ (محاورہ) کشتوں

کے پُشتے لگنا۔ ڈھیر ہو جانا۔
صفایا ہو جانا۔
سَتی۔ ۱۔ پاک دامن۔ محبت و
عصمت والی۔
۲۔ ستی ہونے کی رسم۔ جان کی قربانی
دینا۔
سَتی ہونا۔ (محاورہ) (ہندو)
اپنے شوہر کی چتا میں زندہ جل کر
جان دینا۔ مرنا۔
سَتیاناس۔ یکسر تباہ برباد۔
نام و نشان نہ رہنا۔
سِتیز۔ جنگ۔ لڑائی۔ مقابلہ۔
سَٹر پَٹر۔ لشتم پشتم۔ جوں توں۔
کسی طرح۔
سَج دار۔ طرح دار۔ چھبیلا۔
بانکا۔ نکیلا۔
سَج دَھج۔ وہ دل کشی جو بناؤ سنگار
سے پیدا ہوتی ہے۔ آراستگی و
زیبائی۔
سَجدَہ۔ تعظیم یا عقیدت میں
زمین پر پیشانی رکھنا۔ عجز اور
اطاعت کا اظہار۔
سَجّادَہ۔ جانماز۔ مصلیٰ۔
سَجاوَٹ۔ آرائش۔ بناؤ سنگھار۔
آراستگی۔
سُجھائی دِینا۔ (محاورہ) نظر
آنا۔ معلوم دینا۔ زیر غور آنا۔
سمجھ میں آنا۔
سَحاب۔ بادل۔ گھٹا۔ ابر۔

سِحرِ حَلال۔ (لفظاً) جائز جادو
(مجازاً) دل کش اور عمدہ کلام،
(مجازاً) شعر و سخن۔ فصیح و بلیغ
کلام۔
سِحر سَازی۔ جادوگری۔
سِحر۔ جادو۔ منتر۔ ٹونا۔
سَحَر۔ تڑکا۔ بھور۔ طلوع آفتاب
سے کچھ پہلے کا وقت۔
سُخَندان۔ آداب کلام و اصول
سخن سے واقف۔ جوش بیان۔
(مجازاً) شاعر۔
سُخَن سَنج۔ کلام کو پرکھنے والا۔
کلام کو جاننے اور سمجھنے والا۔
سَدِّ راہ۔ راستہ روکنے والا۔
مخل۔ مزاحم۔
سَدا۔ ہمیشہ۔ مدام۔ دائم۔
سِدرَۃُ المُنتَہیٰ۔ اسلامی
روایات کے مطابق ساتویں آسمان
پر بیری کے درخت کا نام جو
حضرت جبرئیل علیہ السلام کا مقام
اور ان کی پرواز کی انتہائی حد
ہے۔ حضرت محمّد مصطفیٰ صلی
اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی اس
مقام سے اوپر نہیں گیا۔ (مجازاً)
ترقی کی آخری حد۔ معراج کمال۔
سِدھارو۔ چلے جاؤ۔ رخصت
ہو جاؤ۔
سِدھ ہونا۔ ۱۔ ثابت ہونا۔
۲۔ پورا ہونا۔ حاصل ہونا۔

سَرافراز ۔ سربلند ۔ عالی مرتبہ۔ معزز ۔

سَراَندیپ ۔ بحرِ ہند کا ایک مشہور جزیرہ (جزائر لنکا یا سیلون)۔

سَربازی ۔ جان پر کھیلنا۔ بہادری۔ شجاعت ۔

سَربجَیب ۔ سوچ میں گم ۔ گہری سوچ یا فکر میں سر جھکائے ہوئے۔ سربگریباں ۔

سَربَر ۔ غلبہ حاصل کرنا ۔ دشواری سے عہدہ برآ ہونا۔

سَربَر ہونا ۔ (محاورہ) ۱۔ مد مقابل ہونا ۔ غالب آنا ۔جیتنا۔ ۲۔ عہدہ برآ ہونا ۔ نبٹنا۔

سَربُرِندَہ ۔ سر کاٹنے والا امراد۔ جلاد ۔

سَر پَر کُودوں دَلنا۔

(محاورہ) کسی کے سامنے کوئی ناگوار حرکت کرنا ۔ دوسرے کو جلانے کے لیے کوئی کام کرنا۔

سَرپیچ ۔ بادشاہوں ، نوابوں اور امرا کی پگڑی کے اوپر باندھنے کا موتی یا جواہرات کی لڑی کی شکل کا زیور ۔ جیغہ نیز پگڑی ۔

سَر پَر پاؤں رَکھ کَر بھاگنا۔

بہت تیزی کے ساتھ فرار ہوجانا۔ ڈر کر یا سراسیمہ ہو کر تیزی کے ساتھ بھاگنا ۔

سَرپَٹ ۔ گھوڑے کی بہت تیز چال ۔

سَرپُوش ۔ ڈھکن خصوصاً رکابی اور پیالے وغیرہ کا ۔ ڈھکنا ۔ چینی ۔ خوان پر ڈالنے کا کپڑا۔

سَرتَراشی ۔ حجامت ۔ بال مونڈنا۔

سَراب ۔ وہ ریت یا ناریکول جس پر دھوپ میں دور سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے ۔

سَراپا ۔ قدو قامت ۔ سر سے لے کر پاؤں تک ۔ بالکل۔ مجسم۔

سَرّاٹا ۔ خون کے تیزی سے بہنے کی آواز ۔

سَراپَردَہ ۔ گھر کا پردہ ۔ وہ پردہ جو خیمے یا محل کے دروازے کے آگے بطور دیوار لگا دیتے ہیں ۔

سَراُنچہ ۔ موٹا اور مضبوط ریشے دار بانس جو عموماً خیموں میں لگایا جاتا ہے ۔ سراچہ۔

سَراسیمَہ ۔ پریشان ۔ حیران۔

شوریدہ سر۔ مضطرب۔ دیوانہ۔
سُراکھائے (سراگائے)۔
گائے کی ایک قسم۔ پہاڑی علاقے کی خوبصورت ملائم بالوں کی گائے جس کی دم کی چوریاں اور مورچھل بناتے ہیں۔ یہ بیشتر تبت، تاتار اور کوہ ہمالیہ کے پہاڑی علاقوں میں ہوتی ہے۔
سَرحد دار۔ مُلک کی سرحد کے محافظوں کا افسر۔
سُرخاب۔ ایک آبی پرند کا نام۔
سُرخرُو (سُرخ رو)۔ فتح مند۔ کامیاب۔کامران۔
سَرخوش۔ شراب کے نشے میں خوشحال جو بدمست نہ ہو۔مگن۔ مسرور۔
سَردَرگریباں۔ گردن جھکائے ہوئے۔ فکرمند۔
سَرِشام۔ شام ہوتے ہی۔ دن کا خاتمہ اور رات کی ابتدا۔سورج چھپتے وقت۔

سَرمُنڈاتے ہی اُولے پڑیں (پڑے) (مثل) کام شروع ہوتے ہی خرابی پڑی۔
سَردار۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ افسر۔
سَردی۔ خنکی۔ ٹھنڈ۔
سَرڈھکوانا۔ (محاورہ) جماع کروانا۔ زنا کروانا۔
سَرزَد۔ واقع۔ظہور۔
سَرفَراز۔ سربلند۔ ممتاز۔معزز۔ عالی رتبہ۔
سَرفِگَندَہ۔ سر جھکائے ہوئے۔ سرنگوں۔ عاجز۔
سِرِس۔ سر۔ کھوپڑی۔ایک بڑے سبز روئیں کے زردی مائل اور خوشبودار پھول دار اور لمبی نیز چپٹی پھلیوں کا درخت جیسی کیکر، نیز اس کا پھول۔
سَرجھاڑ مُنہ پھاڑ۔ وحشیانہ حالت میں۔
سَرایَت۔ ایک چیز کے دوسری شے میں گھل مل جانے، جذب ہونے، اثرانداز ہونے، سماجانے کا عمل۔ تاثیر۔ نفوذ۔
سَرسَبز۔ ۱۔ ہرا۔ بھرا۔ ترو تازہ۔
۲۔ فتح مند۔ غالب (عموماً مقابلے میں)۔
سَرسُوں۔ زرد نیز سرخ رنگ کا ایک بہت چھوٹا سا بیج جس سے کھانے کا تیل نکلتا ہے اور جس کے پودے میں زرد رنگ کے پھول لگتے ہیں۔
سَرکار۔ حضور۔ بارگاہ۔ دربار۔
سَرکَش۔ باغی۔ نافرمان۔ مغرور۔

سَرکَشی ۔ نافرمانی ۔ بغاوت ۔
سَرکُوب ۔ سرکچلنے والا ۔ تادیب کرنے والا ۔ سزا دینے والا ۔
سَرکُوبی ۔ سرکچلنا ۔ سزا دینا ۔ گوشمالی ۔ تادیب ۔
سِرکَہ (سرکا) ۔ گڑ، گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اٹھاتے ہیں ۔
سُرکی (سڑکی) ۔ ناک سے کسی چیز کو سڑکنا ۔
سُرگ ۔ دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ ۔ جنت ۔ بیکنٹھ ۔
سَرگرم ۔ مستعد ۔ فعال ۔ پُرجوش ۔
سَرگَم ۔ (موسیقی) ساز کے پردوں کی سات مختلف آوازیں جن کے الٹ پھیر اور ترتیب سے راگنی پیدا ہوتی ہے ۔ سارے گاما پا دھانی کا مخفف ۔
سَرمُکھ ۔ آمنے سامنے ۔ روبرو ۔ مقابل ۔
سُرمَہ آگیں ۔ سرمہ لگی ہوئی آنکھ ۔
سُرمے کی تحریر ۔ سرمے کی لکیر جو آنکھوں کے اندر کھینچتے ہیں ۔ سرمے کا دنبالہ ۔
سَرِ مُو ۔ بال برابر ۔ ذرا سا ۔ تھوڑا سا ۔ رتی بھر ۔
سَر مُونڈنا ۔ (محاورہ) کھوپڑی کے بال استرے سے صاف کرنا ۔ سر کے بال اتارنا ۔
۲ ۔ لوٹ لینا ۔ ٹھگنا ۔
سَرَن ۔ بچاؤ کی جگہ ۔ ملجا و ماویٰ ۔ بھروسا ۔ تکیہ ۔ ہوا کا جھونکا ۔
سُرَنگ ۔ زیر زمین یا پہاڑ کے اندر کھود کر بنایا ہوا راستہ (مجازاً) سوراخ جو کسی شے کے اندر بنایا جائے ۔ نقب ۔
سَرو ۔ ایک سیدھا لمبا خوشنما سوئی کی نکیلی پتیوں والا مخروطی شکل کا درخت جس کی ہر شاخ کے سرے پر باریک چھوٹی چھوٹی سی پتیوں کا ایک مخروطی جھرمٹ ہوتا ہے، یہ سب شاخیں آپس میں ملی ہوئی نیچے سے اوپر تک ایک ایسے مینار یا ستون کی شکل بناتی ہیں جو کہیں نیچے اور کہیں درمیان میں پھیلا ہوا اور اوپر کی طرف مخروطی شکل میں نوک دار سا ہوتا ہے ۔ شعرا اس سے قامتِ محبوب کو تشبیہ دیتے ہیں ۔
سَروِ رَواں (رواں) ۔ لچکدار سرو ۔ متحرک سرو (استعارۃً) قامت معشوق ۔ معشوق کا قد و قامت ۔
سَروِ سَہی ۔ وہ سرو جو سیدھا کھڑا ہوتا ہے ۔ وہ سرو جس کی شاخیں سیدھی اور اوپر کو چلی گئی ہوں ۔

(کنایتہً) معشوق ۔
سَروِ قامَت ۔ پورے قامت کے ساتھ استادہ (عموماً تعظیم کے لیے کھڑے ہونے کے موقع پر مستعمل) ۔ خوش قامت ۔ بلند قامت ۔ سرو قد ۔
سَرْوا ہے ۔ ۱۔ سرو سامان ۔ وارث ۔
۲۔ (عو) سر ۔ عورتیں غصے میں سر کی جگہ سروا ہا کہہ دیتی ہیں ۔
سَروتا ۔ پوتے کا پوتا ۔ پروتے کا بیٹا ۔ پرپوتے کا بیٹا ۔
سُرُودی ۔ سرود بجانے والا ۔ مغنی ۔ مطرب ۔
سَرْوِ ناز ۔ (استعارۃً) خوش قامت محبوب ۔
سَروکار ۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ غرض ۔
سَر ہَتھیلی پَر رکھنا ۔ (محاورہ) جان دینے پر آمادہ ہونا ۔ مرنے کے لیے تیار ہونا ۔ قتل ہونے پر آمادہ ہونا ۔
سَرہَنگ ۔ ۱۔ فوج کا سردار ، سپاہی ۔
۲۔ دل چلا ۔ من چلا ۔ پہلوان ۔
سَروہی ۔ دودھاری تلوار ۔ اصیل تلوار ۔ تیغ ہندی (جو بھارت میں مارواڑ کے قصبے سروہی کی بنی ہوئی اور نہایت عمدہ ہوتی ہے) ۔

سَرِیر ۔ تخت شاہی ۔ سنگھاسن (مجازاً) بادشاہ یا حکومت ۔
سَرِیرِ جَہانبانی ۔ تاج و تخت ، مسند حکومت ۔
سَرِیعُ السَّیر ۔ بہت تیزی سے آگے بڑھنے والا ۔ تیز رفتار ۔ تیز پرواز ۔
سُرِین ۔ پٹھا ۔ چوتڑ ۔ عجز ۔
سَڑَک ۔ شارع ۔ گزرگاہ ۔ روڈ ۔
سِڑی ۔ پاگل ۔ دیوانہ ۔ مجنوں ۔ (مجازاً) بے وقوف ۔
سَزا دینا ۔ مارنا پیٹنا ۔ گوشمالی کرنا ۔ قید یا جرمانہ کرنا ۔
سَزاوار ۔ مستحق ۔ اہل ۔ قابل ۔ لائق ۔
سَزَد ۔ سزاوار ۔ مناسب ۔ لائق ۔
سُسْتِ اِعْتِقادی ۔ عقیدے کی کم زوری ۔ مسلک میں کمزوری ہونا ۔
سُسْرا ۔ شوہر یا بیوی کا باپ ۔
سِسْکی ۔ وہ آواز جو تکلیف میں منھ بھیچ کر نکالی جائے ، سانس کو روک روک کر رونے کی آواز ۔
سَطحِ غَبرا ۔ فرش زمین ۔ جھانڈا ۔ فرش خاکی ۔
سَطْر ۔ ایک سیدھ میں لکھی ہوئی عبارت ۔ حرفوں یا لفظوں کی قطار ۔ لکیر ۔

سَطوَت ۔ غلبہ ۔ برتری ۔ تسلط ۔
سَعادَت ۔ نیک فالی ۔ خوش قسمتی ۔ اقبال مندی ۔
سَعی ۔ کوشش ۔ جد و جہد ۔ دوڑ دھوپ ۔
سَعِید ۔ نیک بخت ۔ خوش قسمت ۔
سِفارِش ۔ ۱۔ کسی کی بھلائی یا مطلب برآری کے لیے دوسرے سے کلمات خیر کہنا ۔ شفاعت ۔ کوشش ۔
۲۔ درد ۔ سہارا ۔
سَفّاکَہ ۔ (سفاک کی تانیث) قاتل ۔ بے رحم ۔ ظالم ۔
سَفَر ۔ باہر جانا ۔ سیاحت ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرنا ۔
سَفَردائی ۔ ناچنے والی کے ساتھ جو طبلہ وغیرہ بجاتے ہیں ۔ سازندے ۔ ڈوم ۔ سپردائی ۔
سُفُوف ۔ پسی، کٹی ہوئی چیز ۔ برادہ ۔ پھنکی ۔ چورن ۔ چٹکی ۔
سَفِیدا ۔ (نباتیات) ایک درخت جو جنڈ، چیل اور دیودار وغیرہ کی طرح سیدھا، تنا موٹا، چھال سفید، اندر کی لکڑی بھی سفید، پتے چنار سے مشابہ، اوپر سے سبز اور نیچے سفید ہوتے ہیں ۔ صوبہ سرحد اور افغانستان میں عام ہے، لکڑی چھتوں کے کام آتی ہے ۔

سَقّائی ۔ سقے کا کام ۔ پانی بھر کر لانا اور پلانا ۔
سَقَر ۔ جھلسا دینے والی سورج کی گرمی ۔ آگ کی لپیٹ ۔ دوزخ ۔ جہنم ۔
سَقِط ۔ ناملائم ۔ نازیبا ۔ بے ہودہ ۔
سَقف ۔ چھت ۔ پٹاؤ یا اس کی اندرونی سطح ۔
سَقنی (جمع سقنیاں) ۔ پانی بھرنے والی عورت ۔ پنہاری ۔
سَقّہ ۔ بھشتی ۔ ماشکی ۔ پنہارا ۔ پانی بھر کر لانے کا کام کرنے والا ۔
سَقِیم ۔ ۱۔ بیمار ۔ مریض ۔
۲۔ خراب ۔ برا ۔
سَکتَہ ۔ (طب) ایک دماغی بیماری جس میں بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے اور مردے کی طرح حس و حرکت نہیں رہتی ۔
سَکَرات ۔ موت کی سختی ۔ جانکنی کی تکلیف ۔ عالم نزع ۔
سَکسَلانا ۔ ہونٹوں کو خاموشی سے جنبش دینا ۔ ہونٹوں کو حرکت دینا ۔ (ق) ۔
سَگلہُوم ۔ ہون کی ایک قسم ۔
سِکَندَری ۔ (اصطلاحاً) گھوڑے کا ٹھوکر کھا کر گر پڑنا ۔
سِکَندَری کھانا ۔ (محاورہ) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ۔ غچہ کھانا ۔

نقصان اٹھانا۔

سَکُوری ۔ مٹی کا چھوٹا پیالہ۔ چھوٹا برتن ۔

سُکُونَت ۔ بود و باش ۔ پڑاؤ ۔ قیام ۔ اقامت ۔

سِکّۂ رَائجُ الوَقت ۔ وہ سکہ جو کسی خاص زمانے میں کسی مُلک میں چلتا ہو۔

سُکھ ۔ چین ۔ آرام ۔ سکون ۔

سَکھارنا (سَکارنا) (مہاجنی) ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔ رقم ادا کرنے کے لیے ہنڈی قبول کرنا۔

سُکھپال ۔ آرام دہ گدے دار کھلی پالکی جس میں پاؤں پھیلا کر لیٹ سکتے تھے۔

سَگِ نَجَس ۔ ناپاک کتا (ق)۔

سَگپَتّھا ۔ ایک قسم کا مشروب (ق)۔

سَگرو (سگرا) ۔ سب ۔ سارا۔

سُگھَڑ ۔ (سگر) ۔ سلیقہ شعار۔ ہنر مند۔

سُگھَڑائی ۔ ایک راگ جو رات کے دوسرے پہر میں گایا جاتا ہے۔

سَگی ۔ حقیقی ۔ جو سوتیلی نہ ہو۔

سِل ۔ پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگاتے ہیں ۔

سِلاح ۔ ہتھیار ۔ آلات جنگ۔

سَلاسِل ۔ سلسلے ۔ زنجیریں۔

سَلام کَرنا ۔ (محاورہ) بندگی عرض کرنا ۔ آداب کرنا ۔ کورنش بجالانا ۔

سَلامتی گانا ۔ کسی صحتیابی پر خوش ہونا اور گانا بجانا ۔

سِلَح خَانَہ ۔ سلاح خانہ ۔ ہتھیار رکھنے کی جگہ ۔ فوجی مال خانہ۔

سِلَح شُوری ۔ ۱۔ ہتھیار چلانا۔ شمشیر زنی ۔
۲۔ بہادری ۔ دلیری ۔ مشاقی ۔

سَلسَبیل ۔ بہشت کی ایک نہر۔

سَلسَلاہَٹ ۔ ۱۔ خارش ۔ کھجلی ۔
۲۔ گدگدی ۔ سرسراہٹ ۔
۳۔ شک وشبہ ۔ کھٹک ۔

سِلَح سَنجوگ ۔ فوج کا ساز و سامان اور اتحاد و یگانگت ۔

سَلطَنَت ۔ حکومت ۔ بادشاہت۔ عملداری۔

سُلفا کَرنا ۔ (محاورہ) جلا کر راکھ کر دینا ۔ خاک سیاہ کر دینا۔

سِلفچی ۔ ہاتھ منہ دھونے کا برتن جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں ۔

سِلک ۔ ۱۔ ڈوری ۔ دھاگا۔
۲۔ ایک چیز کو دوسری کے ساتھ پرونا۔

سِلکِ گُوہَر ۔ ۱۔ موتیوں کی لڑی ۔
۲۔ محبوب کے دانت ۔

سُلگانا ۔ آگ روشن کرنا۔ آگ جلانا۔
سَلاح ۔ آلاتِ جنگ ۔ ہتھیار۔
سَلام ۔ تسلیم ۔ بندگی ۔ آداب ۔
سَلامِ شوق ۔ محبت بھرا سلام۔ والہانہ سلام ۔ محبت بھری نیاز مندی ۔
سَلوتری ۔ سالوتری ۔ گھوڑوں کا علاج کرنے والا۔ جانوروں کا ڈاکٹر یا معالج ۔
سِلوَٹ ۔ شکن ۔ چنٹ ۔ کپڑے وغیرہ کی سطح کی ہمواری کے بگاڑ کے نشان ۔
سَلونا ۔ نمکین ۔ مزے دار ۔ دلکش ۔
سَلیم ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ صحیح ۔
سَما ۔ ۱۔ وقت ۔ زمانہ ۔ دَور ۔ نظارہ ۔ منظر ۔ تماشا ۔
سَماع ۔ کان لگانا ۔ سننا ۔ شنید۔
سَماعت ۔ ۱۔ سننا ۔ شنوائی ۔
۲۔ قوت سامعہ ۔ قوت سماعت۔
۳۔ مقدمہ زیرِ سماعت ہونا۔
سَماق ۔ ایک قسم کا سفید سرخی مائل پتھر۔
سَماوِی ۔ ۱۔ آسمانی ۔ فلکی ۔
۲۔ ملکوتی ۔ روحانی ۔
سُم ۔ گدھے اور خچر کا پاؤں جو سخت ہوتا ہے اور بیچ میں سے چرا یا پھٹا ہوا نہیں ہوتا (جو بیچ میں سے چرا ہوتا ہے اسے کھر کہتے ہیں جیسے گائے ، بھینس، بھیڑ ، بکری وغیرہ کا) ۔ ایک قسم کا پھول ۔
سِمْ ۔ تلی ۔ تہ خانہ ۔
سَمْت ۔ جانب ۔ طرف ۔
سَمْدَھن ۔ دولھا اور دلھن کی مائیں (جو ایک دوسرے کی سمدھن ہوتی ہیں) ۔
سَمدِھی ۔ دولھا یا دلھن یا میاں اور بیوی کے باپ (جو ایک دوسرے کے سمدھی کہلاتے ہیں اور ان کا گھر سمدھیانہ) ۔
سُمَرَن ۔ ۱۔ یاد ۔ دھیان ۔ جپنا۔ وظیفہ ۔
۲۔ موتی ، بلور یا کانچ وغیرہ کی مالا جسے ہندو بطور تسبیح استعمال کرتے ہیں) ۔
سُمَرنی ۔ چھوٹی تسبیح ۔ چھوٹی مالا۔ جسے بعض لوگ ہاتھ میں رکھتے ہیں اور بعض کلائی میں پہنتے ہیں) ۔
سَمَک ۔ ۱۔ مچھلی ۔ ماہی ۔
۲۔ زمین کا سب سے نچلا طبقہ ۔ تحت الثریٰ ۔ پاتال ۔
سَمَن ۔ چنبیلی ۔ یاسمین ۔
سَمَنْد ۔ وہ گھوڑا جس کے جسم کا رنگ بادامی اور ایال اور دُم و زانو سیاہ ہوں یا زانو اور اگلے پچھلے پاؤں کے بال سیاہ ہوں ۔

(یہ مبارک خیال کیا جاتا ہے)۔
سَمَنْدَر ۔ ایک کیڑا جو آگ میں پیدا ہوتا ہے اور آگ ہی اس کی غذا ہے، اگر آگ سے باہر نکلے تو فوراً مرجاتا ہے۔
سَمَن بَر ۔ (کنایتہً) معشوق کی تعریف۔
سَمُّور ۔ نہایت نرم اور باریک پشم والا ایک جانور جس کی کھال سیاہی مائل ہوتی ہے، سمور کی بال دار کھال جو نہایت قیمتی ہوتی ہے اور جس کی پوستین بناتے ہیں۔
سَمُوم ۔ گرم ہوا۔ لُو۔
سَمِیع ۔ بہت سُننے والا۔ فریاد سُننے والا۔ اللہ تعالےٰ کا ایک صفاتی نام۔
سِن ۔ عمر۔ سال۔ مقدار عمر۔
سُن ۔ ۱۔ بے حِس و حرکت۔ ساکن۔ ۲۔ خاموش۔ چپ چاپ۔
سَن سَن ۔ جلدی سے۔ زناٹے سے۔
سُن گُن پانا ۔ (محاورہ) اُڑتی خبر پہنچنا۔ راز کی باتوں کا علم ہونا۔
سَمْپُورَن ۔ (موسیقی) سرگم جس میں سارے سُر آجائیں، سات سُروں کا راگ۔ پورا۔ مکمل۔
سَمْپُورَن ہونا ۔ پورا ہونا۔ کامیاب ہونا۔ مکمل ہونا۔
سَنّاٹا ۔ حیرت۔ سکتے کا عالم۔
سِنان ۔ تیز نوک۔ انی۔ (تیر، برچھی یا نیزے کی)۔
سُنا ہوا حال دیکھے کے برابر نہیں ۔ سُننے اور دیکھنے میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ جو بات دیکھنے میں ہے وہ سُننے میں کہاں۔
سُنْبُل ۔ ایک خوشبودار سیاہی مائل بے پھول پھل گھاس جو گندھی چوٹی کی طرح ہوتی ہے دواؤں میں مستعمل ہے۔ بالچھڑ۔
سُنْبُلہ ۔ (فلکیات) آسمان کا چھٹا برج جس میں چھبیس ستارے داخل ہیں اور اس کی شکل عورت کی ہے جو خوشۂ گندم ہاتھ میں لیے ہوئے ہے۔ کنیا راس۔
سَنْبُوسہ (سموسا) ۔تکونی شکل کا پکوان جس میں ترکاری یا قیمہ بھر کر تلتے ہیں۔
سَنْپُولیا ۔ سانپ کا بچہ (مجازاً) دشمن۔
سَنْتَری ۔ پہرہ دینے والا۔ سپاہی۔ چوکیدار۔ پاسبان۔
سَنْجاب ۔ ترکستان کا ایک جانور جو چوہے سے بڑا ہوتا ہے اس کی پشم دار کھال سے پوستین بناتے ہیں۔ بھوری گلہری تا قسم۔ سائبریائی گلہری۔

سَنجافی ۔ وہ کپڑا جس کے گرد چوڑی گوٹ لگی ہو ۔ کنارہ دار ۔ حاشیہ دار۔ گوٹ دار ۔

سَنجَر ۔ ۱۔ شہزادہ ۔ ایک قدیم مشہور بادشاہ ۔ ایک قدیم شہر۔
۲۔ ایک شکاری پرند ۔ بدمست ۔

سَنجَق سَنجَق ۔ فوج کا جھنڈا ۔ فوج کا جھنڈ ۔ نشان نشان ۔

سَنجوگ ۔ میل جول ۔ گہری دوستی۔ تعلقات قریبی ۔ بندھن ۔ ملاپ ۔

سَندان ۔ مربع شکل کا لوہا جس پر لوہار رکھ کر ہتھوڑے سے کوٹتے ہیں ۔ یہ چھوٹی قسم کا نکیلی شکل کا ہوتا ہے جس کو کاری گر نہانی کہتے ہیں۔

سُندَر ۔ خوب صورت ۔ حسین ۔ خوشنما۔

سُندرُوس ۔ ایک قسم کا زرد رنگ کا نباتی گوند جسے پکا کر وارنش بناتے ہیں، اس میں اور کہربا میں اتنا فرق ہے کہ کہربا کو جلانے سے بوئے مصطگی پیدا ہوتی ہے اور اس سے ناگوار بو نکلتی ہے ۔

سُندُس ۔ ایک قسم کی نہایت ملائم اور باریک دیبا ، ریشم ۔ اطلس جو بہشتیوں کا لباس ہوگا۔

سَندلی ۔ (معماری) مخروطی شکل کی چوبی سیڑھی (زینہ) جس کے سرے پر کام کرنے والے کے بیٹھنے کو ایک مربع تختہ جڑا ہوتا ہے ، بلا سہارے ہر جگہ کھڑا کر کے کام کیا جا سکتا ہے ۔

سُنڈا ۔ ۱۔ موٹا تازہ ۔ فربہ۔
۲۔ قوی ہیکل ۔ زور آور۔

سَنڈاس ۔ وہ پاخانہ جو کوٹھے پر یا سطح زمین سے خاصی بلندی پر ہو اور اس کا بول و براز نیچے آ کر ایک ڈھلے میں جمع ہو، اس کو مہتر باہر کی طرف سے صاف کر لیتا ہے ۔

سَنسار ۔ دنیا ۔ عالم ۔ جہان ۔ جگت ۔ کائنات ۔

سُنسان ۔ غیر آباد جگہ ۔ ویران ۔ اجاڑ ۔

سَنسنانا ۔ کبھی عصبی یا دماغی نقصان یا خوف یا تھکاوٹ کے باعث ، ہاتھ پاؤں یا سارے بدن میں اندرونی طور پر ایک قسم کے ارتعاش، جھنجھناہٹ اور سنسناہٹ کی سی کیفیت پیدا ہونا ۔ جھنجھنانا ۔

سَنسی ۔ دھات کی گرم چیزوں کو پکڑنے کا قینچی کی وضع کا دستپنا یا چمٹا جس کے دستے لمبے منھ چھوٹا اور ضرورت کے لحاظ سے مختلف شکل بنایا جاتا ہے ۔ سَنڈاسی۔

سَنکٹ ۔ (ہندو) دکھ ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ بدقسمتی ۔ کوفت ۔

سُنکَرنی ۔ سنکر کی جورو ۔ میوہ فروش کی بیوی۔
سَنگلدیپ ۔ (سنگل دیپ) ۔ سراندیپ ۔ لنکا۔
سَنکھ ۔ بڑے گھونگے سے بنایا جانے والا پونگی کی شکل کا خول یا باجا جو قدیم زمانے سے مندروں میں پوجاپاٹ کے وقت یا اس کے اعلان کے لیے بجایا جاتا ہے ۔ ناقوس ۔ نرسنگا۔
سَنکِھیا ۔ زہر کی ایک قسم ۔ سم الفار۔
سَنگ باری ۔ پتھراؤ ۔ پتھروں کا برسنا۔
سَنگ پُشت ۔ ایک دریائی جانور جس کی پیٹھ کی ہڈی سے ڈھالیں اور کھلونے بناتے ہیں۔ کچھوا۔
سَنگ چَٹانا ۔ پتھر پر رگڑ کر دھار تیز کرنا ۔ سان پر چڑھانا۔
سَنگِ خارا (خارہ) ۔ ایک قسم کا غیر معمولی سخت پتھر ۔ چقماق ۔
سَنگِ مَرمَر ۔ ٹھوس قسم کا سخت اور سفید چمک دار پتھر جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے ۔
سَنگِ مُوسیٰ ۔ ایک قسم کا سیاہ چمکتا پتھر جو آسانی سے دستیاب ہے اور تعمیرات میں کارآمد ہے ۔
سِنگار ۔ ۱۔ زیب و زینت ۔
۲۔ زیور لباس وغیرہ پہننا ۔ کنگھی چوٹی آرائش کا سامان ۔ آرائش و زیبائش۔
سَنگلاخ ۔ سخت پتھریلی زمین ۔
سَنگَت ۔ (موسیقی) رنڈی یا گویے کے ساتھ باجا بجانے والے سازندے ۔ گویے کے ساتھ آواز ملانے والے ۔
سَنگَوٹی ۔ سونے یا چاندی کے منقش خول جو گائے بیلوں وغیرہ کے سینگوں کی نوکوں اور ہاتھی کے دانتوں پر خوب صورتی کے لیے چڑھائے جاتے ہیں ۔
سِنگھاڑا ۔ ایک تکونا پھل جس کے کونے کانٹے کی شکل کے ہوتے ہیں اس کا پودا تالاب میں پیدا ہوتا ہے ، اس کا چھلکا سخت ہوتا ، خام ہونے کی صورت میں سبز ہوتا ہے اور پک جانے کے بعد پوست سیاہ ہو جاتا ہے اس کے اندر سفید مغز ہوتا ہے ۔
سِنگھاسن ۔ ایک طرح کی شیروں کی شکل کے پایوں والی تخت نما سواری جس میں چار چوبیں نصب ہوتی تھیں جنھیں کہار اپنے کاندھوں پر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے تھے (مجازاً) شاہی

تخت ۔ راج گدی۔
سَنگھی ۔ دوست ۔ ساتھی ۔ ہم نشین ۔ سنگی ۔
سُنہلی رُوپہلی ۔ (کنایتہً) چمک دار خوب صورت ۔ زریں اور نقرئی (مجازاً) زرد اور سفید ۔
سَنیچَر اُوپَر چَڑھانا ۔ نحوست مول لینا ۔ مصیبت میں پھنسانا ۔ مشکل میں ڈالنا عذاب میں پڑنا ۔ (ق)
سَنیچَر سَوار ہونا ۔ (محاورہ) گردش میں آنا ۔ مارے مارے پھرنا ۔
سَنیہ ۔ محبت ۔ عاشقی ۔
سُولَہ بَگھی بَنانا ۔ (محاورہ) سخت سزا دینا ۔ گرم سیخوں یا نیزوں سے پیٹھ پر داغ لگانا یا زخم ڈالنا ۔
سَونلا (سَنولانا) ۔ دھوپ سے چہرے کا رنگ سیاہی مائل ہو جانا ۔ سانولا ہو جانا ۔
سُنگھانا ۔ ناک سے خوشبو یا بدبو محسوس کرانا ۔ سونگھنے کے لیے دینا ۔
سُولہی ۔ ایک کھیل کا نام جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے ۔ جوئے میں ایک داؤں کا نام ۔
سُوا ۔ موٹی اور لمبی سوئی ۔
سِوا ۔ زیادہ ۔ بڑھ کر ۔ دُونا ۔
سِوائی ۔ (کاشت کاری) مٹی اور ریت ملی ہوئی زمین جو چاول کے سوا تمام غلوں کے لیے قابلِ کاشت ہو ۔
سَوادِ شَہر ۔ شہر کے گرد و نواح ۔ اطراف ۔ شہر کے قریب کا علاقہ ۔
سَوار و پیادے ۔ ہر طرح کے ۔ راکب اور پیدل (چلنے والا) (ق) ۔
سَوا نیزے پَر ۔ سوا نیزے کے فاصلے پر (مجازاً) بہت قریب ۔ سر پر ۔
سَواری ۔ سوار ہونا ۔ سواری کرنے کا ہنر ۔
سَوال ۔ ۱ ۔ استفسار ۔
۲ ۔ طلب ۔ التجا ۔
سَوال دِیگَر جواب دِیگر ۔ (کہاوت) جب کوئی شخص سوال کے جواب میں ایسی بات کہے جو سوال سے تعلق نہ رکھتی ہو تو کہتے ہیں ۔
سَوائی ۔ ۱ ۔ کمرپٹہ ۔ گوٹ ۔
۲ ۔ وہ غلہ جو کاشت کار کو بیج کے واسطے اس شرط پر دیا جائے

کہ غلہ کٹنے پر ایک کا سوا یا دینا ہوگا۔

سُوٹی (سوٹا، سونٹا کی تانیث)۔ ڈنڈا۔ وہ لکڑی جو قلندر اوباش اپنے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔

سُوپ ۔ اناج پھٹکنے اور صاف کرنے کا ظرف جو عام طور سے سرکی یا بانس کی تیلیوں سے بنایا جاتا ہے جس میں پیچھے کی طرف ایک سار اور دائیں بائیں ڈھلوان کگر ہوتی ہے، آگے کا حصہ پھٹکی ہوئی چیز کا کوڑا نکالنے کے لیے کھلا رہتا ہے۔ چھاج۔ غلہ افشاں۔ چاولی۔

سُوپ کے اُتارے سے ناؤ ہلکی نہیں ہوتی ۔ (مثل) بہت سے انبار میں سے تھوڑا سا کم ہو جانے سے انبار نہیں گھٹتا۔

سَوت ۔ خاوند کی دوسری بیوی۔ سوتن۔ سوکن۔

سُوتا ۔ پانی کا چشمہ۔ ذخیرۂ آب یا سوت سے بہنے والا پانی۔

سُوج ۔ ورم۔ سوجن۔

سُوختہ ۔ وہ ایندھن جو کوئلہ بننے سے پہلے بجھ گیا ہو۔

سُوختی ۔ ۱۔ جلن۔ جلاپا۔
۲۔ خفت۔ سبکی۔ کوفت۔

سَودا ۔ ۱۔ جنون۔ دیوانگی۔ خبط۔
۲۔ سامان تجارت۔ خریداری۔ خرید و فروخت کا معاملہ۔ لین دین۔

سَودائی ۔ مراقی۔ خبطی۔ سڑی۔ پاگل۔ دیوانہ۔

سَو دُوست سَو دُشمَن ۔ (کہاوت) انسان کو ہر وقت احتیاط لازم ہے، کیوں کہ دوستوں کے علاوہ دشمن بھی ہوتے ہیں۔

سَو دِن چُور کی تُو ایک رُوز ساہ کی (سَو دِن چُور کے ایک دِن ساہ کا) ۔ (مثل) جھوٹے کا جھوٹ، مکار کی مکاری اور چور کی چوری ایک نہ ایک دن پکڑی جاتی ہے۔

سَو دَفعَہ سُنار کی تو ایک دَفعَہ لوہار کی (سَو دِن سُنار کی تو ایک دِن لوہار کی) (مثل) کم زور کی سو ضربوں پر زبردست کی ایک ضرب بھاری رہتی ہے۔ کار برآری کے لیے زور سے زیادہ ہنر یا تدبیر درکار ہوتی ہے۔

سُور ۔ ۱۔ بہادر۔ شجاع، پہلوان۔ سورما۔

۲۔ بھیڑیا دنبے کے برابر ایک جنگلی نیز پالتو جانور جس کی تھوتھنی کتے سے مشابہ، دانت بہت تیز اور کھر چرے ہوئے ہوتے ہیں۔ عموماً میلا کھاتا ہے۔ بدجانور یا جناور۔ خوک۔ خنزیر۔

سُورَج مُکھی ۔ سورج سے مشابہ ایک زرد رنگ کا پھول نیز اس کا پودا، اس کے بیج سے تیل نکالا جاتا ہے۔ گل آفتاب۔

سُورما ۔ بہادر۔ جری۔ دلیر۔

سُوراخ ۔ چھید۔ موکھا۔ جھری۔ درز۔ روزن۔

سُورَۂ نور ۔ قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔

سُوز پَڑھنا ۔ سوز خوانی کرنا۔ مرثیہ سے پہلے کوئی رباعی یا قطعہ یا کسی مرثیے کا پہلا اور بہ ضرورت دوسرا بند پڑھنا۔

سُوزَن ۔ سوئی۔

سُوس ۔ خوک آبی۔ سنگ ماہی۔ بڑی ذات کی سبزی مائل سیاہ رنگ کی مچھلی جس کے پہلوؤں میں پروں کی جگہ چھوٹے چھوٹے پنجے ہوتے ہیں، مگرمچھ کی مادہ کے مانند اور جسم کو بج مچھلی سا ہوتا ہے۔

سُوسمار ۔ ایک صحرائی جانور جس کے چار پاؤں، لمبی دم اور چھوٹے دانت ہوتے ہیں، کیڑے مکوڑوں کو کھاتا ہے، بلوں میں رہتا ہے اور جاڑے کے موسم میں نکلتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں جیسے چھپکلی اور گرگٹ وغیرہ۔

سَوسَن ۔ ایک پھول جو بیشتر نیلا اور گاہے آسمانی، زرد یا سفید ہوتا ہے، اس کی شاخ بلند، پتے پتلے اور پھول میں پانچ سے دس تک پنکھڑیاں زبان سے مشابہ ہوتی ہیں۔

سُوسی ۔ کھڈی کا بنا ہوا ایک قسم کا رنگین سادہ یا دھاری دار چک کی وضع کا کپڑا۔

سَوغات ۔ تحفہ۔ ہدیہ۔

سُوفار ۔ تیر کے نچلے سرے پر وہ گہرا نشان یا شگاف جسے کمان کے تار پر رکھ کر چلاتے ہیں۔ دہان تیر۔ چٹکی۔

سُوق ۔ بازار۔ پینٹھ۔

سُوکھا ۔ دبلا پتلا۔ لاغر۔

سَوگَند ۔ قسم۔ حلف۔ عہد۔

سُولی ۔ (مجازاً) وہ بلّی جس میں رسّی کا پھندا پڑا ہو اور مجرموں کو اس پر لٹکایا جائے۔ پھانسی۔

سَونے کی چِڑیا ۔ (کنایتہً) مالدار۔ دولت مند۔ امیر۔ موٹی اسامی۔

سَونے میں پیلی ہونا ۔ (محاورہ) کثرت سے زرد

جواہر پہننا۔
سَونٹا - ڈنڈا۔ وہ لکڑی جو قلندر، اوباش اپنے ہاتھ میں رکھتے ہیں۔
سَوندَن - وہ بڑی ناند جس میں دھوبی ریہہ ڈال کر کپڑے بھگوتے اور میل کاٹتے ہیں۔
سَونس - دریائی سور۔ خوک آبی۔ ایک دریائی جانور کا نام جو پانی پر اکثر مشک کی طرح تیرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔
سَوہَن - ریتی۔ دھات کی چیزوں کی سطح گھس کر صاف کرنے کا آہنی اوزار۔
سَوہنی - پیاری خوبصورت۔ سجیلی۔ حسین۔ دلفریب۔
سُوئی - کپڑے سینے کا آلہ - سوزن۔

سُویا مُوا بَرابَر ہوتا ہے۔ (کہاوت)۔ نیند اور موت میں کوئی فرق نہیں دونوں حالتوں میں انسان بے خبر رہتا ہے۔
سُوَیدا - سیاہ کالا دانہ۔ سیاہ دھبا۔
سَویرا - صبح۔ تڑکا۔ سحر۔
سَہ کَرّر - تیسری مرتبہ۔ تہارا۔
سُہَا - شادی کا منڈوا یا شادیاں ٹھہرانا۔
سُہاگہ (سہاگا)۔ سفید رنگ کے ایک کھار کا نام جسے پہاڑوں سے لاکر پکاتے ہیں اور جو دھاتوں کے گلانے یا میل دور کرنے کے کام آتا ہے۔
سُہاگَن - وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔ شوہر والی عورت۔
سِہَام - تیر۔
سَہت - ساتھ۔ ہمراہ۔ سمیت۔ باہم۔ ملا ہوا۔
سِہرا - موتیوں یا پھولوں کی لڑیاں، مقیش یا چاندی سونے کے تاروں کے ساتھ جو بیاہ کے وقت دولھا دلھن کے سر پہ باندھ کر منہ کی طرف چھوڑ دیتے ہیں جن سے چہرہ ڈھک جاتا ہے۔
سَہم - خوف۔ ترس۔ ڈر۔
سَہوًا - غفلت سے۔ بلا ارادہ۔ بھولے سے۔ بے خیالی میں۔
سَہُولیّت (سہولت)۔ آسانی۔ اطمینان۔
سَیّاح - بہت زیادہ سیاحت کرنے والا۔ جا بجا پھرنے والا آدمی۔
سَیّاحی - سیاحت۔ مسافرت۔ سفر۔ سیر۔ گشت۔
سَیّار - جا بجا پھرنے یا گھومنے والا۔ مسافر۔
سَیّارگان - (سیارہ کی جمع) ہر وہ سیارہ جو کسی ستارے کے

گرد گردش کرتا ہے ۔ حرکت کرنے والا تارہ۔

سِیاسَت ۔ ۱۔ کسی ملک کا نظام حکومت ۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ طریقۂ حکمرانی ۔
۲۔ چالاکی ۔ سیاسی جوڑ توڑ ۔ ریشہ دوانی ۔ دانش مندی ۔ تدبیر۔

سَیّاں بھئے کُوتوال اَب ڈَر کاہے کا ۔ (مثل) قریبی تعلق والے کے ذی اختیار ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

سِیاہہَ ۔ ۱۔ احکام شاہی کا روز نامچہ۔
۲۔ فہرست ۔ گوشوارہ ۔ بہی کھاتا ۔

سِیب ۔ گیند کی طرح گول ایک مشہور اور خوش نما خوشبودار اور لذیذ پھل، یہ مختلف رنگوں اور ذائقوں کا ہوتا ہے۔

سِیپی ۔ ایک دریائی کیڑے کا گھر جو سیپ کے جوڑے کے اندر رہتا ہے بعض کے اندر سے موتی بھی نکلتے ہیں، اس کا بالائی خول کھردرا، اندرونی چکنا ہوتا ہے جس سے مختلف نفیس چیزیں بنتی ہیں۔

سِیتَل پاٹی ۔ ایک وضع کی چکنی چٹائی ۔ آسام کی چٹائی۔

سِیج ۔ ۱۔ پلنگ ، مسہری ۔ چھپرکھٹ۔ چارپائی ۔ سونے کا تخت ۔ خوابگاہ ۔
۲۔ پھولوں کا بچھونا جو بستر پر بچھاتے ہیں، پھولوں کی چادر۔
۳۔ پھولوں کا بکھیرا پلنگ یا بستر۔

سِیج بَنْد ۔ وہ ڈوری جس سے پلنگ کی چادر کو چاروں پایوں پر کس کر باندھتے ہیں، پلنگ کی ڈوریاں ۔

سِیخ کَباب ۔ کباب جو سیخ پر سینکے جائیں، یہ عموماً گول اور لمبے ہوتے ہیں ۔

سِیدھی اُنگلیوں سے گھی نہیں نِکلتا ۔ (کہاوت) نرمی سے کام نہیں چلتا ۔ سختی کیے بغیر بات نہیں بنتی ۔

سِیدھے مُنھ بات نہ کَرنا ۔ (محاورہ) متوجہ نہ ہونا ۔ ہم کلام نہ ہونا ۔ خلوص یا دلچسپی سے نہ ملنا ۔ بے توجہی کرنا۔

سَیر ۔ ۱۔ چلنا پھرنا ۔ گردش ۔
۲۔ تفریح ۔ ہوا خوری ۔ چہل قدمی ۔

سَیر کُناں ۔ سیر کرتے ہوئے ۔

سِیس پھُول ۔ سر کا ایک زیور۔ چوٹی کی جڑ کے اوپر لگانے کا کٹوری نما یا کسی پھول کی شکل کا زیور۔
سَیسَر ۔ کمان کا چلہ ۔ وہ رسی وغیرہ جس میں تیر رکھ کر چلاتے ہیں۔
سِیسَہ ۔ ایک دھات کا نام جو رانگ کی قسم سے ہے۔
سَیف ۔ تلوار ۔ تیغ ۔ لمبی تلوار۔
سَیفی ۔ سیفی ایک دعا ہے، اگر اس کا چلہ کھینچا جائے یعنی چالیس دن تک بلا ناغہ کسی خاص ترکیب سے پڑھی جائے تو بہت زود اثر ہوتی ہے، اس کا ورد دشمنوں کی ہلاکت کا سبب بن جاتا ہے لیکن چلے میں کسر رہ جائے تو سیفی اُلٹ جاتی ہے یعنی خود عمل کرنے والے پر برے اثرات مرتب ہونے لگتے ہیں۔
سِیل ۔ مہر ۔ خاتم ۔ نیز ۔ لاکھ وغیرہ لگا کر سر بند کرنے کے لیے مقررہ نشان۔
سِیلا (سِیلَہ) ۔ سنہرے کناروں کا باریک ریشمی کپڑا جو مقررہ ناپ کا تیار کیا جاتا ہے عموماً دوپٹوں، پگڑیوں اور پٹکوں میں استعمال کرتے ہیں۔ دکن کا سیلا مشہور ہے۔ (کنایتہً) چادر ۔ پگڑی ۔ عمامہ ۔ پٹکا۔
سَیلی (سیلیاں) ۔ ریشم یا دھاگے کی سیاہ ڈوری جو اکثر جوگی اپنے گلے میں ڈالتے ہیں، پیٹ پر سینے سے ناف تک بالوں کی سیدھی لکیر جو طول میں ہوتی ہے۔
سَیلی تاگے سے دُرُست ۔ (فقرہ) ٹھیک ٹھاک ۔ چاق وچوبند ۔ تیار ۔ مستعد۔
سِیمبَر (سِیم بَر) ۔ گورا ۔ چٹا ۔ خوب صورت (کنایتہً) معشوق ۔ محبوب۔
سِیمُرغ ۔ ایک خیالی پرندہ جو قدو قامت میں بہت بڑا سمجھا جاتا ہے۔ نیز بعض کا یہ خیال ہے کہ اس میں تیس چڑیوں کے رنگ ملتے ہیں اور اس کا جثہ تیس پرندوں کے برابر ہوتا ہے۔
سِیمُرغ قاف ۔ کوہ قاف کا سیمرغ کوہستانی سیمرغ ۔ (ق)
سِیمیا ۔ وہ علم جس کے ذریعے سے اشیائے موہوم دکھائی جا سکتی ہیں اور روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کیا جا سکتا ہے ۔ شعبدہ بازی ۔ (مجازاً) دھوکا ۔ فریب ۔ وہم ۔ خیال ۔
سِیمیں ۔ روپہلا ۔ چاندی کا ۔ (مجازاً) سفید ۔ براق ۔ حسین ۔ خوبصورت ۔
سِیمیں سَاق ۔ گوری پنڈلیوں والا (کنایتہً) حسین ۔ خوبصورت۔

محبوب۔

سَیندُور ۔ کیمیاوی طریقے سے تیار کیا ہوا سرخ رنگ کا سفوف جسے عام طور پر ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں۔ ہندو ماتھے پر اس کا ٹیکا لگاتے ہیں، اس کے کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے۔

سِینک ۔ تیلی۔ لمبا تنکا جیسے جھاڑو کی تیلی۔

سِینگڑا ۔ سینگ کا بنا ہوا باجا جسے منھ سے بگل کی طرح بجاتے ہیں۔

سِیوا ۔ خدمت۔ ٹہل۔

سِیوتی ۔ ایک پھول اور اس کے پودے کا نام گل داؤدی، پھول سفید، زعفرانی اور صندلی مائل رنگ کے خوشبودار ہوتے ہیں۔ پھول گیندے اور گلاب کی طرح ہوتے ہیں، پنکھڑیاں خاصی لمبی ہوتی ہیں۔ گل نسرین و نسترن۔

سِیوک ۔ خادم۔ نوکر چاکر۔ غلام۔ خدمت گار۔

سِیون ۔ سلائی۔ ڈوب۔ ٹانکا۔

سِیَہ پُوش ۔ سیاہ پوش۔ کالے کپڑوں میں ملبوس۔ ماتمی۔ سوگوار۔ غمگین۔ کالے کپڑے پہن کر غم کا اظہار کرنے والا۔

سِیَہ گُوش ۔ سیاہ گوش۔ ایک قسم کا چیتا۔ تیندوا۔

ش

شاباش ۔ مرحبا، واہ واہ، سبحان اللہ۔ شابش۔

شاخ ۔ سینگ یا سینگ نما شے۔

شَاداب ۔ سرسبز۔ ہرا بھرا۔ تروتازہ۔

شَادابی ۔ سرسبزی۔ ترد تازگی۔

شَادَاں و فَرحاں ۔ خوش خوش۔ بہت زیادہ خوش۔

شَادمَان ۔ خوش و خرم، مسرور۔

شَادمَانی ۔ خوشی، خرمی۔

شَادی ۔ خوشی۔ انبساط۔ مسرت۔

شَادی مَرگ ۔ وہ موت جو کسی غیر متوقع اور غیر معمولی خوشی کے سبب واقع ہو جائے ۔
شَارک ۔ سگِ ماہی کی قسم کی لمبے جسم اور چپٹے پھیپھڑے والی بڑی سنہری مچھلی ۔
شَاطِر ۔ شطرنج باز ۔ کھلاڑی ۔ استاد ۔
شَاغِل ۔ کسی کام میں مصروف ۔ متوجہ ، کسی کام میں لگا ہوا ، شوق اور لگن میں مبتلا ۔
شَاق ۔ دشوار ۔ مشکل ۔ سخت ۔ دوبھر ۔
شَاکی ۔ شک کرنے والا ، کسی ناروا سلوک یا بات کے خلاف بیزاری یا افسوس ظاہر کرنے والا ، شکوہ ظاہر کرنے والا ۔ گلہ مند ۔ فریادی ۔ شکایت کرنے والا ۔
شَاگرد ۔ علم و ہنر سیکھنے والا ۔ چیلا ۔ طالب علم ۔
شَاگرد پیشہ ۔ ۱۔ نوکر چاکر ۔ خدمت گار اور اوپر کا کام کاج کرنے والا ۔ طائفہ ملازمین ۔
۲۔ عملہ ۔ ماتحتین ۔
شَالی رُومال ۔ کندھے پر ڈالنے والا اونی رومال ۔
شَامِ اَوَدھ ۔ اودھ کی شام کی چہل پہل (اودھ میں غروب آفتاب کے بعد گلیوں ، بازاروں اور چوک کا خوشگوار منظر مشہور ہے) ۔
شَام و پَگاہ ۔ صبح و شام ۔ شام کو بھی اور صبح کو بھی ۔
شَاما ۔ ایک سیاہ رنگ کا خوش آواز پرند ۔ ایک صحرائی پرندہ جو ہر وقت دم ہلاتا رہتا ہے جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے ۔
شَامَت ۔ پریشانی ۔ مصیبت ۔ وبال ۔ الجھن ۔ بدبختی ۔ بدنصیبی ۔ عذاب یا مصیبت میں مبتلا ہونے کی کیفیت ۔
شَامَتی ۔ شامت زدہ ۔ بدنصیب ۔ کم بخت ۔ شامت کا مارا ۔
شَامَتیں آنا ۔ (محاورہ) بدبختی اور خرابی کے آثار ظاہر ہونا ۔ برے دن آنا ۔ مصیبت کا دور دورہ ہونا ۔
شَانَہ ۔ بال سلجھانے کا دندانے دار آلہ ۔ کنگھا ۔ کنگھی ۔ کندھا ۔ مونڈھا ۔ کھوا ۔
شَاہِد ۔ خوب صورت معشوق ۔ محبوب ۔
شَاہِدِ دِل رُبا ۔ دل لوٹ لینے والا محبوب ۔ (ق)
شَاہزَادَہ ۔ ۱۔ بادشاہ کا بیٹا ۔
۲۔ شاہی خاندان کا ایک فرد ۔

۲۔ عورتیں پیارے بیٹے کو کہتی ہیں۔

شَاہِین ۔ باز کی طرح کا ایک سفید رنگ شکاری پرندہ جس کی آنکھیں سیاہ ہوتی ہیں ۔ یہ بڑا بہادر اور تیز پرواز پرندہ مشہور ہے ، یہ اکثر بڑے بڑے پرندوں کو خود مار لیتا ہے۔ اسے شکار کے لیے سدھایا جاتا ہے۔

شَائِسْتَہ ۔ ۱۔ مستحق ۔ لائق ۔ سزاوار ۔

۲۔ معقول با اخلاق ۔ مہذب۔

شَبْ ۔ غروب آفتاب سے صبح تک کا وقت ۔ رات ۔

شَبْ چِرَاغ ۔ رات کو چراغ کی طرح چمکنے والا ایک قیمتی لعل یا موتی ۔

شَبْخُون ۔ رات کا حملہ ۔ چھاپہ۔ رات کے وقت بے خبری میں دشمن پر حملہ ۔

شَبْدِیز ۔ کالے رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا۔

شَبْ کور ۔ وہ جسے رات میں دکھائی نہ دے ۔ رتوندھیا۔

شَبِسْتَان ۔ آرام گاہ ۔ عشرت گاہ ۔

۲۔ سونے کا کمرہ ۔ شب خوابی کا کمرا۔

۳۔ حرم سرا، خلوت گاہ ۔

شَبْکَہ ۔ لوہے یا جست وغیرہ کے تاروں کا جال ۔ شکاری کا جال ۔ سوراخ دار جالی ۔

شَبْگُوں (شب گوں) ۔ رات کے مانند مراد سیاہ ۔ کالا۔

شَبَاب ۔ سن بلوغ سے تیس یا چالیس برس کی عمر تک کا زمانہ ، جوانی ۔ جوبن ۔

شَبَانَہ رُوز ۔ ایک دن اور رات ۔ چوبیس گھنٹے کا وقت ۔

شَبْنَم ۔ رات کی نمی ۔ وہ رطوبت جو پانی یا پانی کی چھوٹی چھوٹی بوندوں کی شکل میں رات کو ہوا میں سے زمین پر نمودار ہوتی ہے ۔ اوس ۔

شَبُّو ۔ ایک سفید پھول ، جو رات کو خوشبو دیتا ہے ، نیز اس کا درخت۔

شِبہ ۔ مثل ۔ نظر۔

شُبہ ۔ شک ۔ گمان ۔ احتمال ۔ اشتباہ ۔

شَبِینَہ ۔ شب کی طرف منسوب ۔ رات کا (مجازاً) باسی ۔

شَبِیہ ۔ مثل ۔ نظیر ۔ ہم شکل ۔ (شخص یا شے)۔

شَپَاشَپ ۔ تیر اور تلوار وغیرہ چلنے کی متواتر آواز ۔

شَپَرَک ۔ چمگادڑ ۔ خفاش ۔ شپرہ ۔

شَپا ۔ (شپے) ۔ تیر انداز کا نشانہ یا ہدف ۔
شَتاح ۔ چانٹا ۔ تھپڑ ۔ لپڑ ۔ دھول ۔
۲ ۔ چال باز ۔ آوارہ ۔ گستاخ ۔ بے حیا ۔ حرافہ ۔
شِتالَنگ ۔ پیر اور ہڈی کے جوڑ کی ابھری ہوئی ہڈی ۔ ٹخنہ ۔
شُتَر ۔ اونٹ ۔
شُتَر بے مَہار ۔ بے نکیل کا اونٹ جو آزاد اور بے قابو ہوتا ہے ۔ ہر قسم کی پابندی سے آزاد ۔ مطلق العنان ۔ بے لگام ۔ بے قابو ۔ خود سر ۔
شُتَر نال ۔ توپ جو کبھی اونٹ کی پشت پر رکھ کر چلائی جاتی تھی ۔
شَتَمَلَہ ۔ شتم ۔ دشنام ۔ گالی ۔ بدکلامی ۔ تحقیر ۔
شُجاع ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ جری ۔ سورما ۔
شُجاعَت ۔ دلیری ۔ بہادری ۔ مردانگی ۔
شَجَر ۔ پیڑ ۔ درخت ۔ روکھ ۔
شَجَرَہ ۔ نقشہ یا تحریر جس میں کسی خاندان کے سب سے بزرگ شخص اور اس کی اولاد کا ترتیب وار نام اور بعض اوقات مختصر حالات بھی درج ہوں ۔ نسب نامہ جو عموماً درخت کی شکل میں بھی بنایا جاتا ہے ۔
شَحنَہ ۔ شہر کا محافظ ۔ کوتوال ۔
شَد و مَد ۔ ۱ ۔ حروف کی دوہری آواز ادا کرنا یا کھینچ کر پڑھنا ۔
۲ ۔ زور و شور ۔ شدت ۔
شَدید ۔ بہت زیادہ ۔ زور کا ۔ محکم ۔ مضبوط ۔
شَر ۔ بدی ۔ شرارت ۔ فساد ۔ فتنہ ۔ خرابی ۔
شَراب ۔ (اصلاً) پینے کی چیز ۔ وہ خمیر کیا ہوا مشروب جس کے پینے سے انسان میں سرور اور نشہ پیدا ہوتا ہے ۔ نشہ آور عرق جو بیشتر انگور، کھجور یا جَو وغیرہ سے کشید کیا جاتا ہے ۔ بادہ ۔ صبا ۔ خمر ۔ دارو ۔
شَراب پُرتگالی ۔ ملک پرتگال کی شراب جو اپنی تیزی اور عمدگی کی وجہ سے بہت مشہور ہے ۔ پورٹ وائن ۔
شَرابور ۔ سرتاپا تربتر ۔ سر سے پاؤں تک بھیگا یا ڈوبا ہوا ۔ لت پت ۔
شَرارَہ ۔ آگ کا پتنگا ۔ چنگاری ۔
شِراکت ۔ حصہ داری ۔

ساجھا۔ اشتراک۔

شَربَت ۔ بعض دوسرے اجزا کے ساتھ مصری یا قند میں قوام کی ہوئی دوا کے طور پر پینے کی چیز۔ شکر یا قند گھلا ہوا پانی۔ میٹھی رقیق چیز۔

شَرربیز ۔ آگ برسانے والا۔

شَرط ۔ ۱۔ وہ چیز یا بات جس پر کسی امر کا انحصار ہو۔
۲۔ جو بات موقع و محل کے لحاظ سے ضروری، لازمی یا مناسب ہو۔
۳۔ قول و قرار۔ عہد۔ پیمان۔

شَرم ۔ وہ ندامت جو خلاف مروت بات یا اپنی کسی کوتاہی یا جرم وغیرہ پر محسوس ہو۔ خجالت۔ غیرت۔ انفعال۔

شَرم گاہ ۔ جسم کا وہ حصہ جس کا چھپانا اور پردے میں رکھنا واجب ہے۔

شَرِیر ۔ چھیڑ چھاڑ کرنے والا۔ فسادی۔ شوخ۔ بے لگام۔ بے باک۔

شَرِیعَت ۔ وہ قانون جو خدا نے بندوں کے واسطے مقرر فرمایا۔ قانونِ الٰہی۔

شَرِیف ۔ بڑے رتبے کا۔ بلند مرتبہ۔ معزز۔ گرامی قدر۔

شَرِیک ۔ حاکمیت و اختیار یا فائدے اور نقصان کے ساتھ کسی چیز میں حصہ دار۔ ساجھی۔

شِسْت ۔ نشانہ۔ سیدھ۔ ہدف۔
۲۔ مچھلی پکڑنے کا ایک لمبا کانٹا۔

شُسْت و شُو ۔ دھلائی اور صفائی۔ نہانا دھونا۔ دھو کر صاف کرنا۔

شُسْتہ و رَفتہ ۔ صاف۔ ستھرا۔ عمدہ۔ (مجازاً) سلیس۔ رواں۔ پاکیزہ۔

شَش جِہَت ۔ چھ اطراف یعنی مشرق۔ مغرب، شمال، جنوب، اوپر، نیچے (مجازاً) ہر طرف۔

شَش و پَنج ۔ حیرانی۔ ادھیڑ بن۔ تردد۔ اندیشہ۔ دبدھا۔

شَشدَر ۔ عاجز۔ حیران۔ متحیر۔ پریشان۔

شَطرَنجی ۔ چو خانے والی موٹی دری یا فرش جس میں کئی رنگ ہوں مگر روئیں دار نہ ہو۔ شطرنج باز۔ شطرنج کے چو خانے والا گتہ یا بساط جس پر شطرنج کھیلی جاتی ہے۔

شِحاب ۔ دو پہاڑوں کے

درمیان سے گزرنے والے راستے۔
درّے۔
شُعاع ۔ روشنی ۔ کرن ۔ تجلّی ۔
شُعبَدہ باز ۔ کرتب دکھانے والا۔ نظربندی کرنے والا ۔ بازی گر۔ مکار ۔ عیار ۔ فسوں گر۔
شُعشَعہ ۔ آفتاب کی روشنی ۔ شعاع ۔ کرن ۔
شُعلۂ آتش ۔ آگ کی لپٹ۔
شُعلَہ بار ۔ شعلہ برسانے والا، جس سے بہت شعلے نکل رہے ہوں ۔ جلا دینے والا ، (مجازاً) تند و تیز۔
شُعلَہ ۔ آگ کی لپٹ ۔ آنچ ۔ لوکا ۔ لپٹ۔
شُعلَہ جَوّالَہ ۔ چکر کھانے والا۔ شعلہ ۔ آگ کی گیند کی طرح پھرنے والا شعلہ۔
شِغَال ۔ گیدڑ ۔ سیال ۔ سیار۔ شگال ۔
شُغل ۔ پیشہ ۔ کام دھندا ۔ کام کاج ۔ مصروفیت ۔ ملازمت ۔
شَفّاف ۔ جس میں روشنی کی شعاعیں گزر جائیں ۔ صاف ۔ اس قدر صاف کہ اس میں چمک پیدا ہو جائے ۔ وہ چیز جس کے آر پار نظر آئے۔
شَفّافی ۔ صفائی ۔ چمکیلا پن ۔ عکس ۔ ریزی ۔
شَفتَل ۔ بدکار ۔ پلید اور آوارہ عورت ۔
شَفتَل شِہکارا ۔ آوارہ ۔ بدکار۔ چالاک عورت ۔
شَفتالوی ۔ شفتالو کے رنگ کا جو سُرخ مائل بہ سیاہی ہوتا ہے ۔ سرخ رنگ جو مائل بہ سیاہی ہو اور شفتالو کے رنگ سے مشابہ ہو۔
شَفَتَین ۔ دونوں ہونٹ ۔ اوپر نیچے کے دونوں لب۔
شَفَق ۔ سرخی جو طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت افق پر نمودار ہوتی ہے ۔
شَفقَت ۔ مہربانی ۔ کرم ۔ نوازش۔ غم خواری ۔ رحم ۔ کسی پر مہربانی کرنا۔
شَق ۔ شگاف دار ۔ پھٹا ہوا۔ شگاف پڑا ہوا۔
شَقاوَت ۔ بدبختی ۔ نحوست ۔
شَقائِق ۔ لالۂ صحرائی ۔ گل لالہ۔ سُرخ رنگ کا خوب صورت پھول۔
شُقَّہ ۔ چٹھی ۔ خط ۔ رقعہ ۔ پرزہ۔ پرچہ ۔ ٹکڑا۔
شَقی ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔
شِکار ۔ جانوروں ، مچھلیوں اور پرندوں کو ان کا گوشت

کھانے کے لیے یا کسی اور غرض سے مارنے یا پکڑنے کا عمل۔

شکار کے وقت کُتیا ہَگاسی ۔ (مثل) اہم کام کے وقت حیلہ بہانہ کرنے والے یا عین موقع پر ٹل جانے والے کی بابت یہ مثل کہتے ہیں۔

شکار گاہ ۔ شکار کھیلنے کا مقام۔ رمنا۔

شکایت ۔ گلہ ۔ شکوہ۔

شَکَر ۔ شیرینی ۔ مٹھاس ۔ میٹھا ہونا۔

شکر پارہ ۔ لمبوتری شکل کی تلی ہوئی مٹھائی جس پر شکر چڑھائی جاتی ہے ۔ لوازمات یا برفی کا ٹکڑا۔

شکر رنجی ۔ بدگمانی ۔ رنجش ۔ دوستوں میں عارضی رنجش۔

شکرہ ۔ (شکرا) ایک شکاری پرند جو باشے کی طرح ہوتا ہے اکثر شہپر اس کے کوتاہ ہوتے ہیں مگر محنت و مشقت اٹھانے میں بڑا قوی ہوتا ہے۔

شکست ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔ پھٹاؤ۔ شکستگی۔

شکست خوردہ ۔ مارا ہوا۔ پسپا۔ مایوس۔

شکم ۔ پیٹ ۔ بطن۔

شکن ۔ چُنٹ ۔ سلوٹ ۔ جھری۔ چین۔

شکوہ ۔ شان و شوکت ۔ دبدبہ۔ وقار۔

شکیب ۔ برداشت ۔ تحمل۔ صبر۔

شکیبائی ۔ صبر و ضبط ۔ برداشت کرنا ۔ تحمل سے کام لینا۔

شکیل ۔ اچھی شکل والا ۔ خوب صورت ۔ خوش وضع ۔ حسین۔

شگاف ۔ درز ۔ دراڑ ۔ دراز ۔ جھری ۔ دو چیزوں کا درمیانی تنگ فاصلہ۔

شگافتہ ۔ پھٹا ہوا ۔ چرا ہوا۔ شگاف دار۔

شگفتہ ۔ کھلا ہوا۔ پھلا ہوا۔

شگن (شگون) ۔ سعد یا نحس حالات کا شگون۔

شگوفہ ۔ ان کھلا پھول ۔ کلی ۔ غنچہ۔

شل ۔ پورا جسم یا جسم کا کوئی عضو جو کسی عارضے کی وجہ سے سوکھ گیا ہو یا بے حس یا بے حس و حرکت ہو گیا ہو ۔ مفلوج ۔ لنجا۔ اپاہج ۔ مفلوج آدمی۔

شلنگیں بھرنا (شلنگ بھرنا) (محاورہ) ۔ جست

لگانا - چھلانگ مارنا نیز اچھلنا کودنا۔
شَمس - سورج - آفتاب - مہر - خورشید - نیر اعظم۔
شَمسَہ - ۱- بیضوی شکل کا کسی قدر لمبائی لیے ہوئے نگینہ جو کنٹھے کے لیے قیمتی پتھر اور جواہرات سے تیار کیا جاتا ہے سنہرا قرص جو قبے یا کلس میں لگاتے ہیں نیز چمکدار کلس (معماری) روشن دان - تاب دان۔
شَمامَہ - سونگھنے کی چیز۔ دستنبو۔
شَمائل - عادات و خصائل، اخلاق - خصلتیں۔ عادتیں۔
شَمشاد - ایک خوش قد درخت جس کے پتے آنس اور انار کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں، شاخیں پریشان پھول سفید اور خوشبو دار ہوتا ہے، لکڑی سخت اور مضبوط ہوتی ہے جس کی کنگھیاں بھی بناتے ہیں۔
شَمشاد قَد - لمبے قد کا - محبوب خوش نما و زیبا قد۔
شَمَّہ - ۱- جزو قلیل - تھوڑی سی باس - تھوڑی مقدار - قلیل چیز۔
۲- کسی چیز کو ایک بار سونگھنا۔
شَمشِیر - شیر کے ناخن کی شکل کا ایک آہنی ہتھیار - خمیدہ تلوار۔ تلوار جو بیچ سے خمدار ہو - کٹار۔
شَمشِیر برہنہ - برہنہ تلوار۔ ننگی تلوار - ننگی تلوار - لڑنے مرنے پر تیار - بے دھڑک بات کہنے والا - تیز زبان - چرب زبان۔
شَمشِیر دُو دَم - دو دھاری تلوار۔
شَمع - موم، کافور یا چربی کی بنی ہوئی بتی جسے روشنی کے لیے جلاتے ہیں - موم بتی۔
شَملَہ - ۱- سر سے باندھنے کی شال - عمامہ - پگڑی۔
۲- طرہ - عمامے کا سرا جو پیچھے کی طرف لٹکا رہتا ہے۔
شَمِیم - خوشبو دار ہوا۔
شَناخت - پہچان - آگہی - واقفیت۔
شَناوَر - پیرنے والا - پیراک۔
شَناوَری - پیراکی - پیرنے کا عمل۔
شَنجَرف - ایک معدنی شے جو گندھک اور پارہ کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے - رنگ گہرا سرخ ہوتا ہے۔ مصوری اور نقاشی وغیرہ میں کام آتی ہے۔ شنگرف۔

شُنکا - ۱- ڈر - خوف - شک - فکر - گمان -
۲- امید - غلطی -

شَنگ - شوخ - ظریف - شریر - دل لگی کرنے والا -

شَنگول - ایسا حسین جس میں شوخی و شرارت ہو - شوخ - خوب پیارا - زیبا -

شُنوائی - توجہ - التفات - سنائی - مبذولی - رخ دینا -

شِوالا - مندر (جس میں خصوصاً شیوجی کی پوجا ہوتی ہے) - ہنود کا معبد -

شوخ دِیدَہ - بے حیا - بے غیرت - ڈھیٹ - گستاخ -

شوخ مِزاج - جس کی طبیعت میں چلبلاہٹ - تیزی اور طراری ہو - شریر - تیز طبع -

شوخی - بے باکی - گستاخی - بے حجابی -

شُور و شَین - غل - چیخ و پکار - داویلا - آہ و بکا -

شورِ نشُور - قیامت کا شور - (کنایتہً) بہت شور -

شورِیدَہ - پریشان - پراگندہ - خستہ و خراب - پریشان حالی -

شورِیدَہ سَر - سودائی - دیوانہ - مجنوں - بے عقل -

شَوق - ۱- خواہش - آرزو - تمنا - لگن -
۲- عشق - چاہت - الفت -

شَوکَت - حشمت و ثروت - شان - دبدبہ - ہیبت - رعب - عزت و شان -

شُوم - بد - منحوس - بدبخت - بدفال - ممسک -

شُومی - بدبختی - نحوست -

شوہَر - خاوند - زوج - میاں - مالک - سرتاج -

شَہ نشِین - امیر یا بادشاہ کے بیٹھنے کی اونچی جگہ جو صدر دالان یا دربار میں پیچھے کی دیوار کی طرف بنی ہوتی ہے -

شَہاب - وہ چمکتا ستارہ جو آسمان سے گرتا یا آتش بازی کی طرح چھوٹتا ہوا دکھائی دیتا ہے -

شَہابِ ثاقِب - (ہیئت) وہ چھوٹے چھوٹے اجرام یا شہاب جن کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے زمین کی حرکت سے مخالف سمت میں حرکت کرتے ہوئے زمین کے کرۂ ہوائی سے متصادم ہوتے ہیں تو ان کی رفتار اتنی تیز ہو جاتی ہے کہ ہوا کی مزاحمت سے جو حرارت پیدا ہوتی ہے وہ ان کو جلا کر خاک کر دیتی ہے -

شَہَامَت ۔ بزرگی ۔ بلندی ۔ بڑائی ۔ عظمت ۔
شَہَباز ۔ سفید اور بڑا باز (شکاری پرندہ)۔ شاہین ۔
شَہَتِیر ۔ جو پہلو لمبی لکڑی جو موٹائی اور چوڑائی میں قریب قریب مساوی اور کم سے کم فٹ سوا فٹ اور لمبائی کم سے کم بارہ پندرہ فٹ ہوتی ہے تعمیرات میں کام آتی ہے ۔ بڑی کڑی ۔ شاہ ٹیک ۔ دھنّی ۔
شُہدَا ۔ بدکار ۔ بدمعاش ۔ لچا ۔ بازاری آدمی ۔ آوارہ ۔ غنڈا ۔
شُہدَن ۔ بازاری عورت ۔ بدمعاش عورت ۔
شَہرِیار ۔ فرماں روائے شہر ۔ بادشاہ ۔ شاہ زادہ ۔ ملکِ سلطان ۔ حاکم شہر ۔
شَہرِیارِی ۔ حاکمیت ۔ امارت ۔ بادشاہت ۔ ملوکیت ۔
شَہکَارا ۔ بے حیا اور بے باک عورت ۔ فاحشہ ۔
شَہنَا ۔ شہنائی ۔ قسم باجا ۔ سرنائی ۔ الغوزہ ۔ سرنا ۔
شَہنَا نَواز ۔ نفیری بجانے والا ۔ شہنائی بجانے والا ۔ الغوزہ یا سرنا بجانے والا ۔
شَہنَائی ۔ پھونک سے بجنے والا ایک ساز جو نوبت یا بارات کے ساتھ بجایا جاتا ہے ۔ سرنائی ۔
شَہنشَاہ ۔ شاہانِ شاہ ۔ بادشاہوں کا بادشاہ ۔ بڑا بادشاہ ۔ سمراٹھ ۔
شَہِید ۔ دین اسلام کی خاطر جان دینے والا ۔ خدا کی راہ میں قربان ہونے والا ۔ امرِ حق پر جان دینے والا ۔ شہادت کا رتبہ پانے والا ۔
شَیخ سَدّو ۔ عورتوں کا ایک فرضی پیر ۔
شَیخ سَدّو کی کڑاہی ۔ شیخ سدو کے چڑھاوے کی وہ کڑاہی جس میں تلن کیا جاتا ہے ۔
شَیخ و شاب ۔ بوڑھے اور جوان ۔ سب کے سب ۔
شَیخَانی ۔ قوم شیخ کی عورت ۔ شیخ کی جورو ۔
شَیخی بگھارنا ۔ (محاورہ) ڈینگ مارنا ۔ خودستائی کرنا ۔ اترانا ۔
شَیخی کِرکِری ہونا (محاورہ)۔ گھمنڈ جاتا رہنا ۔ سبکی ہونا ۔
شَیدَا ۔ عاشق ۔ فریفتہ ۔ فدائی ۔ دل باختہ ۔

شِیر بَرِنج ۔ دودھ اور چاول کی کھیر۔ فیرنی۔

شِیر خِشت ۔ جما ہوا اور سوکھا ہوا دودھ ۔ شیریں رطوبت جو خاص قسم کے درختوں کی شاخوں اور تنوں سے رِس کر گوند کی طرح منجمد ہو جاتی ہے اور مسہل کے لیے بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔ لبن الجامد۔

شِیر مال ۔ میدے اور گھی میں ملا کر دودھ سے گوندھ کر تنور میں پکائی ہوئی خستہ روغنی روٹی جس میں چاشنی پیدا کرنے اور خمیر اٹھانے کے لیے حسبِ ضرورت نمک اور دہی ملایا جاتا ہے۔

شِیر و شَکَر ۔ ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا۔

شیر ۔ ایک قوی الجثہ ہلکے پیلے رنگ کا درندہ جس کے جسم پر سیاہی مائل آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں اس کے دانت اور پنجوں کے ناخن لانبے ہوتے ہیں ۔ بیشتر ایشیا کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے اور اسے جنگل کا بادشاہ کہتے ہیں شکاری ہاتھی یا اونچے درخت پر بیٹھ کر اس کا شکار کرتے ہیں ۔ باگھ ۔ اسد۔ ضیغم۔

شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں ۔ (کہاوت)۔ نہایت انصاف ہے ۔ بڑے چھوٹے کے ساتھ برابر کا برتاؤ ہے۔

شیر بیشۂ جلادت ۔ بہادری کے جنگل کا شیر۔ بہادر۔ جری۔

شیر دَہاں ۔ ایک وضع کی بندوق۔

شیر ژِیاں ۔ غضب ناک شیر۔

شیرنی ۔ شیر کی مادہ۔

شِیرِیں ۔ ۱۔ میٹھا ۔ مزیدار۔ مٹھاس والا۔

۲۔ پیارا ۔ عزیز۔ پرکشش ۔ ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کی بیوی کا نام جس پر فرہاد شیفتہ تھا۔

شِیش مَحَل ۔ وہ مکان یا عمارت جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں نیز ایوان شاہی کی مخصوص عمارت۔

شِیشَہ ۔ بوتل ۔ مینا ۔ کانچ کی صراحی ۔ قرابہ۔

شیشے میں اُتارنا - (محاورہ) قابو میں لانا - مسخر کرنا - رام کرنا - اپنی باتوں سے قابو میں کرنا - باتوں سے کسی کو ماننے پر مجبور کر دینا -

شیشے کھولنا - شیشوں کی ڈاٹ کھولنا تاکہ خوشبو نکلے -

شَیطان - ایک جن کا نام جو فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا اس نے بوجہ غرور و سرکشی کے خدائے تعالیٰ کا حکم بابت سجدۂ آدم نہیں مانا اس لیے درگاہ الٰہی سے راندہ ہو گیا اس کے بعد اس نے خلق خدا کو بہکانا شروع کر دیا - ابلیس - سرکش - باغی - شریر - بد ذات - فسادی -

شَیطان پناہ مانگتا ہے - بڑا منہ ہے - فتنہ پرداز ہے -

شَیطان کی خالہ - فتنہ پرداز عورت - لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت - چالاک عورت -

شَیطان کی نانی - نہایت عیار و مکار عورت - ڈائن - فتنہ پرداز عورت -

شَیطَنَت - شرارت - خباثت - شوخی - فتنہ فساد - شیطان پن - گمراہ کرنے والا -

شیفتَہ - عاشق - فریفتہ - دلدادہ -

شیَم - عادتیں - خصلتیں - اطوار -

شُیُون - صورتیں - حالتیں -

شیوَہ - طور طریق - ڈھنگ - انداز - دستور - عادت - روش - ناز کرشمہ -

شیہے - ہنہناہٹ - ہنہنانا - گھوڑے کے بولنے کی آواز -

ص

صَاد ۔ شعرار آنکھ سے تشبیہہ دیتے ہیں ۔ حلقہ چشم (جو صاد سے مشابہ ہے) ۔

صَاد کہنا ۔ تصدیق کرنا ۔ تائید کرنا ۔ صحیح تصور کرنا ۔ ٹھیک مان لینا ۔

صَادِر ۔ جاری ۔ نافذ (قانون وغیرہ) ۔

صَاحبزادے ۔ ناتجربے کار لڑکا یا نوجوان ۔ ناسمجھ بچہ ۔

صَاحبقُراں ۔ ۱۔ وہ شخص جس کی پیدائش کے وقت زہرہ اور مشتری کا ملاپ، یعنی دونوں ستارے ایک برج میں ہوں ایسا شخص بہت نصیب ور سمجھا جاتا ہے ۔ اقبال مند ۔ خوش قسمت ۔
۲۔ کامیاب اور نصیب ور بادشاہ بڑا بادشاہ ۔ شہزادہ ۔

صَادِق ۔ جو سچ کہے ۔ سچا ۔ راست گو ۔ پاک باطن ۔

صَاعِقہ ۔ گرنے والی بجلی جو زمین پر گرے ۔ آسمانی بجلی ۔ کڑک ۔

صَافِی ۔ وہ کپڑا جس سے برتن وغیرہ صاف کرتے یا جھاڑتے ہیں ۔ دست مال ۔ جھاڑن ۔

صَانِع ۔ بنانے والا ۔ پیدا کرنے والا ۔ خالق ۔ موجد ۔ خالق کائنات ۔ اللہ تعالیٰ ۔

صَبَا ۔ پورب سے چلنے والی ہوا ۔ وہ پروا ہوا جو پچھلی رات کو چلتی ہے ۔ نسیم سحری نیز نہایت لطیف خوشگوار ہوا ۔

صَبا دَم ۔ تیز رفتار (گھوڑا) ۔

صَبّاغ ۔ رنگنے والا ۔ رنگریز ۔

صُبحِ بَنارَس ۔ حسینان بنارس علی الصباح گنگا گھاٹ پر جاتے ہیں، یہ منظر بہت حسین ہوتا ہے اس وجہ سے صبح بنارس مشہور ہے ۔

صُبحِ صادِق ۔ صبح کی وہ روشنی جو آفتاب نکلنے سے بہت پہلے مشرق کی طرف افق کے کناروں پر نمودار ہوتی ہے ۔ صبح کی مستقل روشنی جو عارضی روشنی کے بعد نمودار ہوتی ہے ۔

صُبح کا بھولا شام کو آئے اُس کو بھولا نہیں کہتے۔ (مثل) اگر آدمی غلطی کے بعد اسے محسوس کرے اور راہِ راست پر آجائے تو قابلِ معافی ہے۔

صُبحِ کاذِب - وہ روشنی جو رات کے پچھلے پہر آسمان پر ذرا دیر کے لیے آتی ہے اور پھر غائب ہو جاتی ہے۔ (اس کے بعد اندھیرا ہو جاتا ہے اور تھوڑی دیر بعد صبح صادق ہو جاتی ہے)۔

صَبر - مصائب یا مشکلات میں ضبط و تحمل سے کام لینا۔ برداشت، تحمل، شکیبائی۔

صُبُوح - صبح کا وقت۔ صبح۔

صَبُوحی - صبح (کے وقت پینے) کی شراب۔ وہ شراب جو دفع خمار کے لیے صبح کے وقت پی جائے۔

صَبیح - سفید رنگت والا۔ سفید رنگ (ملیح کی ضد)۔

صُحبَت - ۱۔ جلسہ۔ مجلس۔ محفل۔ نشست۔ بزم۔
۲۔ ہم بستری۔ جماع۔

صِحت پانا - تندرست ہونا۔ بیماری سے نجات پانا۔

صَحَر - طباقی۔ پکانا۔

صَحرا - ریگستان۔ بیابان۔ ویرانہ۔ اجاڑ۔ جنگل۔

صَحرا نوَرد - جنگلوں میں پھرنے والا۔ مسافر۔ خانہ بدوش۔

صَحرائے لق و دَق - چٹیل میدان جس میں گھاس تک نہ ہو۔

صَحن - چوطرفہ عمارت کے بیچ میں کھلی ہوئی کشادہ زمین۔ انگنائی۔

صَحنچی - چھوٹا صحن۔ چبوترے کے وسط میں چوطرف سے کھلی ہوئی یا بڑے دالان کی بغلوں میں بنی ہوئی آدری۔

صَحنک - ۱۔ چھوٹی رکابی یا طباق۔ رکابی طشتری۔
۲۔ جناب فاطمہؑ زہرا کی نیاز نیز اس نیاز کا کھانا۔ (جس میں عموماً پاک عورتیں۔ پاک دامن اور سیدانیاں شریک کی جاتی ہیں)۔

صَحیح و سَالِم - تندرست، جس میں کوئی جسمانی عیب نہ ہو۔ بھلا چنگا۔

صَد برگ - سینکڑوں پنکھڑیوں والا گیندا۔

صَدَا - آواز بازگشت۔ گونج۔ آواز۔

صَدائے مُہیب - ڈراونی آواز۔ خوفناک آواز۔ دل ہلا دینے والی آواز۔

صَدر - ۱۔ سینہ۔ چھاتی۔

۲۔ مکان کا صحن۔
۳۔ مسند یا تخت (میر مجلس یا سربراہ وغیرہ کا)۔
صَدرنشِین ۔ میر مجلس ۔ سردار۔ سربراہ ۔
صَدَف ۔ ایک قسم کا چھوٹا سمندری جانور جس کے جسم پر ایک سخت خول ہوتا ہے جس کے اندر کی تہ کا مادہ جم کر موتی بن جاتا ہے۔
صِدق ۔ سچائی ۔ راستی ۔ سچ ۔ (کذب کا نقیض)۔
صَدقَہ ۔ طفیل ۔ بدولت ۔ بزرگانہ عطیہ یا برکت۔
صَراحَت ۔ تصریح ۔ وضاحت ۔ تشریح ۔ آشکار ہونا۔
صُراحی ۔ پانی ۔ شراب یا رقیق شے رکھنے کا برتن جو لمبی گردن اور چھوٹے منھ کا اوسط درجے یا چھوٹے قد کا ہوتا ہے ۔ (عموماً مٹی اور گاہے دھات یا شیشے کا ہوتا ہے)۔
صُراحی دَار گَردَن ۔ لمبی اور خوشنما گردن (عموماً معشوقاؤں کی)۔
صَرّاف ۔ سونا چاندی روپیہ پیسہ پرکھنے والا ۔ سکّوں کا بیوپاری ۔ نقدی کا تبادلہ اور لین دین کرنے والا شخص۔
صَرّافَہ ۔ صرافوں کا بازار ۔ وہ جگہ جہاں سونے چاندی اور زیورات کا کاروبار ہوتا ہے۔
صَرّافی ۔ صراف کا پیشہ ۔ روپا پیسے کا یا سود بٹے کا کاروبار نیز چاندی سونے کا کاروبار۔
صَرصَر ۔ تیز ہوا ۔ آندھی ۔ جھکڑ۔ طوفانی ہوا۔
صَرصَر تَگ ۔ نہایت تیز ۔ ہوا کی طرح دوڑنے والا۔ (عموماً گھوڑے کی تعریف میں مستعمل)۔
صَرِیر ۔ (سیٹھے کے قلم یا کلک) آواز (جو لکھنے میں کاغذ یا تختی وغیرہ کی رگڑ سے نکلتی ہے)۔ قلم کی آواز۔
صَعْب ۔ سخت ۔ دشوار گزار ۔ تکلیف دہ ۔ ناگوار۔
صَعُوبَت ۔ مصیبت ۔ دشواری۔ دقت ۔ آفت ۔
صَغِیر و کَبِیر ۔ کم سن اور بزرگ۔ ادنیٰ و اعلیٰ ۔ عام لوگ ۔ چھوٹے اور بڑے۔
صَف آرائی ۔ (میدان جنگ میں) پرا جمانا ۔ جنگ کے لیے آمادگی ۔ فوج کشی ۔
صَف شِکَن ۔ صف توڑنے والا۔ صفوں کو تباہ کر دینے والا۔ ابتری ڈالنے والا ۔ بہادر ۔ سورما۔
صَفا ۔ ستھرائی ۔ پاکیزگی ۔ آب و تاب ۔ چمک دمک ۔
صَفائی ۔ پھرتی ۔ تیزی ۔ چالاکی۔

کرامت ۔ کمال ۔

صَفائیاں ۔ صفائی ۔ ایک قسم کی جوتی ۔ (ق)

صُفُوف ۔ (صف کی جمع) صفیں۔

صِفَت ۔ مدح ۔ تعریف ۔ اوصاف۔

صَفحِہ ۔ ا۔ ورق کا ایک رخ ۔
۲۔ سطح ۔ بالائی حصہ ۔

صَفْدَر ۔ (دشمن کے) لشکر کی صفوں کو چیر کر ان میں گھس جانے والا ۔ نہایت بہادر ۔ سورما ۔ حضرت علی کا لقب ۔

صَفرہ (صفرا) ۔ زرد ۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام جس کا رنگ زرد ہے ۔ پت ۔ زرد مادہ ۔ بادی کا پانی ۔

صَفِیلیں ۔ (صفیل) ۔ فصیل۔ شہرپناہ ۔

صُلْب ۔ (مجازاً) نطفہ ۔ نسل ۔ نیز حسب شرف آبائی ۔

صَلاح ۔ بھلائی ۔ بہتری ۔ فلاح ۔ بہبود ۔ نیکی ۔

صُلح ۔ میل ملاپ ۔ مصالحت ۔ آشتی۔ سمجھوتہ ۔ جنگ کی ضد ۔

صَلوٰۃ ۔ درود ۔ دعا ۔ رحمت۔ نماز ۔

صَلوٰاتیں سُنانا ۔ (محاورہ) برا بھلا کہنا ۔ گالیاں دینا ۔ طعن و تشنیع کرنا ۔

صُمٌّ بُکمٌ ۔ گونگے بہرے ۔ وہ لوگ جو کسی بات کا جواب نہ دیں ۔ حواس باختہ ۔

صَمَد ۔ بے نیاز ۔ جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو ۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔

صَمْصَام ۔ تیز تلوار ۔ شمشیر براں۔ تلوار ۔

صَنادِید ۔ بڑے یا ذی اثر لوگ۔ سردار ۔ عمائدین ۔ مشاہیر ۔ رجال قوم ۔ بہادر ۔ شرفا جواں مرد ۔

صَنّاع ۔ بڑا صنعت گر ۔ عظیم صانع ۔ بہت بڑا کاری گر ۔ نہایت ہنر مند ۔ ماہر فن ۔

صَنْدَل ۔ زرد رنگ کی ایک خوشبودار بے ریشہ نیز سرخ رنگ کی بے خوشبو لکڑی جو گھسنے سے نہایت صاف نکلتی ہے ۔ صحیح کے لیے گھس کر ماتھے پر لگاتے ہیں۔ عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں اور اسے سہاگ کا شگون خیال کرتی ہیں ۔ ہندو پنڈت ماتھے پر لگاتے رہتے ہیں ۔ چندن ۔

صَنْدَلی ۔ صندل ۔ چندن ۔

صَنْدُوقچہ ۔ چھوٹا بکس ۔ اوسط سائز کا بکس ۔

صَنْعتی ۔ صنعتی ۔ صنعت سے تعلق رکھنے والا ۔ بنایا ہوا ۔ مصنوعی ۔

صَنَم ۔ (مجازاً) حسین ۔ محبوب ۔ (مرد اور عورت دونوں کے لیے مستعمل) ۔

صَنَوبَر ۔ ۱۔ چیڑ کی قسم کا ایک درخت جس میں چلغوزے لگتے ہیں اور نہایت سیدھا ہوتا ہے ۔
۲۔ ایک قسم کا سرا جو مخروطی ہوتا ہے اور جس سے معشوق کے قد کو تشبیہ دیتے ہیں ۔

صَواب ۔ ٹھیک ۔ راست ۔ درست ۔

صُوَر ۔ چہرے ۔ تصویریں ۔ شکلیں ۔

صُور ۔ وہ سینگ جسے بگل کی طرح پھونک سے بجاتے ہیں ۔ نرسنگھا ۔ ترہی ۔ قرنا ۔ بگل ۔

صُورَت ۔ شکل ۔ چہرہ ۔ منہ ۔

صَولَت ۔ ۱۔ رعب ۔ ہیبت ۔ دبدبہ ۔
۲۔ سطوت ۔ غلبہ ۔ حملہ ۔

صَومَعَہ ۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ ۔ گرجا گھر ۔ نیز راہبوں کی خانقاہ ۔

صَیّاد ۔ شکار کرنے والا ۔ شکاری ۔ چڑی مار ۔

صِیت ۔ شہرت ۔ آوازہ ۔ چرچا ۔

صَید ۔ (مجازاً) ۔ قیدی ۔ گرفتار ۔ مبتلا ۔ پھنسا ہوا (کسی بھی امر میں) ۔

صَید اَفگَن ۔ شکار کرنے والا ۔ شکاری ۔

صِیرافی ۔ صرّاف ۔ کھوٹے کھرے کو پرکھنے والا ۔ (عموماً سکہ ، زیورات ، ہیرے ، جواہرات) ۔

صَیقَل ۔ قلعی ۔ جلا ۔ صفائی ۔ آب و تاب ۔ چمک ۔

صَیقَل و مُصَیقَل ۔ چمکانے والا ۔ صیقل کرنے والا ۔

ض

ضَالَت ۔ ضائع ۔ گم شدہ ۔
ضَبط ۔ ۱۔ (سرکاری طور پر) قبضہ کرنا ۔ چھین لینا ۔ قرق کرنا (جائداد وغیرہ) ۔
۲۔ تحمل ۔ برداشت ۔ صبر ۔ نظم و نسق ۔ بند وبست ۔
ضِدَّن ۔ ہٹ کرنے والی ۔ ہٹیلی ۔ اڑیل (عورت) ۔
ضَرَبَت ۔ (تلوار وغیرہ کی) ضرب ۔ چوٹ ۔ وار ۔ زد ۔ رگڑا ۔
ضَرَر ۔ ۱۔ نقصان ۔ مضرت ۔ زیان ۔ گزند ۔
۲۔ ایذا ۔ تکلیف ۔ آزار ۔ صدمہ ۔
ضِرغَام ۔ شیر درندہ ۔ شیر ببر ۔ (مجازاً) بہادر ۔ قوی ۔
ضُرغَہ ۔ کثرت ۔ جھنڈ ۔

ضَرُورَت ۔ حاجت ۔ احتیاج ۔
ضَرُوریات ۔ وہ چیزیں یا افعال جو کسی کام کے لیے لازم ہوں ۔ ضروری چیزیں ۔ لوازم ۔
ضَعِیفَہ ۔ (ضَعِیف کی تانیث) بوڑھی ۔ بڑھیا ۔ کمزور عورت ۔
ضِفدَع ۔ ۱۔ مینڈک ۔
۲۔ (نجوم) برج حوت کے ایک ستارے کا نام ۔
ضَلال ۔ ۱۔ گمراہ ۔ روگردان ۔
۲۔ گمراہی ۔ حق سے روگردانی ۔
ضَلالَت ۔ گمراہی ۔ غلط راستے پر پڑنا ۔ سیدھی راہ سے بھٹکنا ۔
ضِماد ۔ لیپ ۔ دوا کو پانی یا کسی اور مائع میں ملا کر بدن پر لگانا ۔ پٹی ۔
ضَمِیر ۔ دل ۔ قلب ۔ باطن ۔ نیک و بد کا احساس ۔ نیکی کا جذبہ ۔ صحیح اور غلط میں تمیز کرنے کی اخلاقی حس ۔
ضَو ۔ روشنی ۔ چمک ۔ آفتاب کی روشنی ۔
ضِیا ۔ روشنی ۔ نور ۔ چمک ۔
ضِیافَت ۔ (کسی کو مہمان کے طور پر) کھانا کھلانا ۔ دعوت ۔ مہمانی ۔
ضَیغَم ۔ شیر ببر (مجازاً) بہادر ۔ بہادری ۔
ضَیمُران ۔ ناز بو ۔ گل ریحان ۔

ط

طَارُم ۔ ۱۔ لکڑی یا بانس کا ٹھاٹھر یا گھر۔ لکڑی کا مکان ۔ باغ میں بنایا جانے والا لکڑی کا گول چھت کا مکان ۔ گنبد ۔ چھت ۔
۲۔ بالاخانہ ۔ کوٹھا ۔ (کنایتہً) آسمان ۔

طَاس ۔ ۱۔ پانی یا شراب پینے کا پیالہ ۔ کوزہ ۔ کٹورا ۔
۲۔ طشت ۔ لگن ۔ تسلا ۔

طَباق ۔ کونڈی ۔ کوئی پھیلی ہوئی چیز ۔

طَاعَت ۔ ۱۔ (خدا تعالٰی کی) عبادت ۔ پرستش ۔ خدا کی بندگی ۔
۲۔ اطاعت ۔ تابع دار ۔

طَافِح ۔ بدمست ۔ شراب سے چھکا ہوا ۔

طَاق ۔ ۱۔ ایوان ۔ محل ۔
۲۔ دیوار کے آثار میں خانہ داری کی معمولی چیزیں رکھنے کو محراب دار یا چوکور جگہ ۔
۳۔ یکتا ۔ بے مثل ۔ لاثانی ۔

طَاقت ۔ ۱۔ قوت ۔ توانائی ۔
۲۔ مجال ۔ تاب ۔ جرأت ۔

طَاقے ۔ تھان ۔ طاقہ ۔ اونی یا ریشمی کپڑے کا تھان ۔

طَالِب ۔ آرزومند ۔ خواستگار ۔ مشتاق ۔

طَالِع ۔ قسمت ۔ بخت ۔ نصیبہ ۔ مقدر ۔ تقدیر ۔

طَاہِر ۔ پاک ۔ نجاست سے بری ۔ آلائش اور عیب سے منزہ ۔

طَائِر ۔ اڑنے والا جانور ۔ پرندہ ۔ چڑیا ۔

طَائِفہ ۔ ناچنے گانے والوں کی ٹولی (جو عموماً خوشی کے موقع پر بلائی جاتی ہے) ۔

طَاؤس ۔ بڑے مرغ کے برابر ایک پرندہ جو عموماً باغ اور جنگل وغیرہ میں رہتا ہے اس کے پر ہرے ۔ نیلے ، پیلے اور سنہرے رنگ برنگے اور دُم پر سبز اور سنہری چاند ہوتے ہیں ۔ برسات میں دم کے پر پھیلا کر بڑی ترنگ سے ناچتا اور کوکتا ہے ۔ مور ۔

طَاؤس زریں بال ۔ سنہرے پروں والا پرندہ (ق) ۔

طَبّاخ ۔ باورچی ۔ کھانا پکانے والا۔ نان بائی ۔

طَباشیر ۔ ایک سفید نیلاہٹ لی ہوئی چیز کا نام جو بانس کے اندر سے نکلتی اور ادویات میں پڑتی ہے ۔ بنس لوچن۔

طَبل ۔ بڑا ڈھول ۔ چھوٹا دھونسا۔ دمامہ ۔ نقارہ ۔

طَبلَہ ۔ (موسیقی) ساز کے ساتھ بجانے کا مشہور باجا جو گملے کی شکل یا پیالہ نما، منھ کھال سے منڈھا ہوا جوڑی دار ہوتا ہے اور اصطلاحاً دایاں طبلہ بایاں طبلہ کہلاتا ہے، جن میں بائیں کا منھ دائیں سے نسبتاً چوڑا ہوتا ہے ۔ یہ باجا انگلیوں کی ضرب اور ہتھیلی کی تھاپ سے بجایا جاتا ہے ۔

طَبلَۂ عَطّار ۔ عطر فروش کی صندوقچی جس میں وہ عطر رکھتا ہے ۔

طُبَّہ ۔ مہارت ۔ چابک دستی ۔

طَبعِ نازُک ۔ طبیعت کی نازکی۔ تُنک مزاجی۔

طَبیعَت بھر آنا ۔ رونا آنا ۔ بیقرار ہونا ۔

طَبلِیے ۔ (طَبَلِیا) ۔ طبلہ بجانے کا استاد ۔ طبلچی ۔ طبلہ نواز ۔

طَپّاں ۔ تڑپنے والا ۔ بے قرار ۔ مضطرب ۔ بے چین۔

طَرّار ۔ بہت زیادہ زبان چلانے والا ۔ عیار ۔ شوخ ۔ زبان دراز ۔

طَرارے بھرنا ۔ (محاورہ) چوکڑی بھرنا۔ قلانچیں مارنا۔ سرپٹ دوڑنا ۔ تیز دوڑ جانا۔

طَرَب ۔ خوشی ۔ نشاط ۔ شادمانی۔ انبساط۔

طُربیں ۔ سارنگی کی کھونٹیاں۔

طَراوَٹ ۔ (نباتات کی) ترو تازگی ۔ شادابی ۔ سرسبزی۔

طَرح دار ۔ حسین ۔ چھبیلا ۔ آن انداز والا ۔ خوبصورت ۔

طَرح دینا ۔ (محاورہ) نظر انداز کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔

طُرفہ ۔ نادر ۔ انوکھا ۔ عجیب ۔

طُرفَۃُ العَین ۔ پلک جھپکنا (مجازاً) ذرا سی دیر ۔ پلک مارنے کا وقت ۔ چشم زدن۔

طَرَق ۔ قطار در قطار ۔ کئی دستے۔ قطاریں (اونٹوں کی)۔

طَرَق کے طَرَق ۔ کئی قطاریں (اونٹوں کی)۔ (ق)

طَرّقوا ۔ ایک طرف ہو جاؤ ۔ راستہ دو راستہ چھوڑو۔

طُرّہ ۔ کوڑا ۔ تازیانہ ۔

طُرَّم ۔ ایک قسم کا باجا ۔ (ق)

طُرّے ۔ ایک قسم کا گیت ۔ (ق)
طَشت ۔ بڑی طشتری ۔ کونڈا ۔ تھال ۔ لگن ۔ پرات ۔ تسلا ۔
طَشْت اَزْ بام ۔ ظاہر ۔ کھلا ہوا ۔ مشہور ۔ افشائے راز ۔
طَعام ۔ کھانا ۔ غذا ۔ خوراک ۔
طُعْمَہ ۔ ۱۔ غذا ۔ خورش ۔ خوراک ۔ ۲۔ لقمہ ۔ نوالہ ۔
طَعْن ۔ نیزے کا وار ۔ نیزہ بازی ۔
طَعْنَہ زَن ۔ طعنہ دینے والا ۔ آوازہ کسنے والا ۔ طعنہ مارنے والا ۔
طُغْیان ۔ حد سے بڑھ جانا ۔ زیادتی کرنا ۔ ظلم ۔ سیلاب ۔ طوفان ۔
طُغْیانی ۔ سیلاب ۔ دریا کا چڑھاؤ ۔
طِفْل ۔ بچہ (عموماً) انسان کا بچہ خواہ شیر خوار ہو یا کسی قدر بڑا ۔
طَلام ۔ استادہ ۔ خیمہ لگانا ۔
طِلائی ۔ سونے (کے رنگ) کا ۔ سنہری ۔
طَلایَہ ۔ سپاہیوں کا دستہ جو رات شہر یا لشکر وغیرہ کی حفاظت کرے ۔ رات کی محافظ فوج ۔ پہرہ دار ۔
طَلایَہ دار ۔ گشتی سپاہی ۔ مخبر ۔ سراغ لگانے والا ۔ نیز طلایہ کا افسر ۔
طَلَب ۔ ۱۔ مقصد ۔ آرزو ۔ ۲۔ مانگ ۔ مطالبہ ۔ فرمائش ۔ ضرورت ۔
طِلِسْم ۔ جادو ۔ ٹونا ۔ افسوں ۔ سحر ۔
طِلِسْمات ۔ (طلسم کی جمع) جادو ۔ عجیب و غریب تماشے ۔ حیرت انگیز منظر یا چیزیں ۔
طَلْعَت ۔ رویت ۔ دیدار ۔ رخ ۔
طَلِیعَہ ۔ ہراول ۔ فوج کا وہ دستہ جو دشمن کے حالات معلوم کرنے کے لیے آگے بھیجا جاتا ہے ۔ طلایہ ۔
طَمّاع ۔ بہت زیادہ لالچی ۔ بڑا حریص ۔
طَمانچَہ ۔ وہ ضرب جو ہاتھ پھیلا کر کسی کے گال پر ماری جائے ۔ تھپڑ ۔ لپڑ ۔
طُمْطُراق ۔ تزک و احتشام ۔ کرو فر ۔ شان و شوکت ۔ دھوم دھام ۔ رعب داب ۔
طَمَع ۔ لالچ ۔ حرص ۔ بہت زیادہ خواہش ۔ ہوس ۔
طَناب ۔ رسی ۔ رسا ۔ خیمے کی رسی ۔
طَنّاز ۔ اٹھلا کر چلنے والا ۔

عشوہ گر ۔ شوخ ۔ (کنایتہً)
معشوق ۔
طُنْبَک ۔ ڈھولکی ۔ قرنا۔ نفیری۔
ترئی ۔
طَنْبُورا ۔ (طنبورہ) ۔
ایک ساز ۔ طنبور ۔ تنبور۔
طُوالَت ۔ درازی ۔ طول ۔
لمبائی (وقت یا فاصلے دونوں
کے لیے) لمبا ہونا ۔ دراز
ہونا۔
طَوائف ۔ وہ عورت جو ناچنے
گانے کا پیشہ کرتی ہے (چونکہ ناچنے
گانے کا پیشہ کرنے والی عورتیں
اکثر کسبی کا پیشہ کرتی ہیں اس لیے یہ
لفظ رنڈی ،کسبی اور بیسوا کے
معنوں میں بھی آتا ہے)۔
طُوبیٰ ۔ خوشی ۔ بشارت ۔ خوش خبری۔
جنت کے ایک درخت کا نام
جس کے خوش ذائقہ پھل اور
خوشبو اہلِ جنت کو حاصل ہوگی ۔
(شعرا قد محبوب کو اس سے تشبیہ
دیتے ہیں)۔
طُور ۔ جزیرہ نمائے سینا میں
ایک پہاڑ جس کو طور سینا اور
طور سینین کہتے ہیں ، اس پہاڑ
پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے
دیدارِ الٰہی کی درخواست کی تھی
جس کے جواب میں ایک تجلی
ہوئی تھی (بجلی چمکی تھی) اور حضرت
موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو گئے
تھے اور یہیں ان کو اللہ تعالیٰ سے
ہم کلامی کا شرف بھی حاصل ہوا
اور یہودیوں کی ہدایت کے لیے
دس احکام شرعی ملے ۔ کوہِ طور۔
کوہ سینا۔
طُوطے (طوطا) ۔ ۱۔ ایک
پرند جس کے پر عموماً سبز، چونچ
سُرخ اور بعض کے گلے میں رنگین
طوق ہوتا ہے۔
۲۔ توڑے دار بندوق کا ایک
آہنی آلہ جس میں فتیلہ رکھ کر باروت
کو آگ دیتے ہیں ۔ بندوق کا
گھوڑا۔
طُوطا چَشْم ۔ ضرورت پڑنے پر
آنکھیں پھیر لینے والا ۔ بے مروت۔
بے وفا۔
طُوطِیائے چَشْم (طوتیائے
چَشْم) ۔ آنکھ کا سُرمہ ۔
کحل البصر۔
طُوطی ۔ ایک خوش آواز ایرانی
پرندہ جو توت کے موسم میں اکثر
دکھائی دیتا ہے اور شکر و شہتوت
بہت رغبت سے کھاتا ہے۔
طُوطی بولنا ۔ (محاورہ)
شہرت ہونا ۔ نام ہونا ۔ دھاک
بیٹھنا۔
طُوطیِ شارک ۔ (ہزار

داستان، طوطی کی ایک خاص قسم۔

طُوفان بَرپا کَرنا۔ (محاورہ) فتنہ و فساد کھڑا کرنا۔ غل مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔

طُوق۔ ۱۔ (عموماً) لوہے کا بھاری حلقہ جو مجرموں یا دیوانوں کے گلے میں ڈالتے ہیں تاکہ گردن نہ اٹھا سکیں۔

۲۔ ہنسلی جو عورتوں کے گلے کا زیور ہے۔ کنٹھا۔

طُولُعُمرُہ (طول عُمرُہ)۔ اس کی لمبی عمر ہو۔ خدا اس کی عمر دراز کرے۔

طَوِیل۔ لمبا۔ دراز (مختصر کی ضد)۔

طَوِیلہ۔ چوپایوں خصوصاً گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ۔ اصطبل۔ تھان۔ گھیر۔

طِینَت۔ خلقت۔ سرشت۔ فطرت۔ جبلت۔

طُیُور۔ پرندے۔

ظ

ظَالِم کی رَسّی دَرَاز ہے۔ (مثل) ظالم کی عمر بڑی ہوتی ہے تاکہ بہت گناہ کر کے اپنے آپ کو جہنم کا ایندھن بنائے۔

ظَاہِر۔ صاف۔ واضح۔ کھلا ہوا۔ عیاں (باطن کی ضد)۔

ظَرف۔ ۱۔ برتن۔

۲۔ گنجائش۔

۳۔ حوصلہ۔

ظَرِیف۔ عقلمند۔ خوش طبع۔

ظَفَر۔ کامیابی۔ فتح۔ دشمنوں پر غلبہ۔

ظَفَر پَیکَر۔ فتح پانے والا۔

ظِلّ اللّٰہ۔ خدا کا سایہ۔ نائب خدا کا (مجازاً) بادشاہ۔ بادشاہوں کا لقب۔

ظَلام ۔ رات کے اول وقت کی تاریکی ۔ ظلمت ۔ اندھیرا۔
ظُلْم ۔ کسی بات میں کمی یا بیشی جو حق و انصاف کے خلاف ہو۔ ناانصافی ۔ زیادتی ۔
ظُلُمات ۔ اندھیرا ۔ تاریکیاں۔ اندھیرے (اردو میں بطور واحد مستعمل)۔
ظُلْمَت ۔ تاریکی ۔ اندھیرا۔ (نور کی ضد) ۔ سیاہی ۔ کالک ۔
ظُلُمی ۔ ناانصاف ۔ ظالم ۔ بہت زیادہ ظلم کرنے والا ۔
ظُہُور ۔ ۱۔ اظہار ۔ ظاہر ہونا ۔ نمایاں ہونا۔ ۲۔ تجلی ۔ جلوہ ۔

ع

عَاج ۔ ہاتھی دانت ۔ ہاتھی کے دانت سے بنی ہوئی کوئی چیز۔
عَاجِز ۔ بے بس ۔ قاصِر، جو کوئی کام کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو۔
عَاجِز نَوَاز ۔ غریبوں کو نوازنے والا۔
عَاجِزَہ ۔ (عاجز کی تانیث) ناچار۔ بے بس عورت ۔
عَادِی ۔ فطری ۔ جبلی ۔
عَار ۔ ننگ ۔ شرم ۔ جھجھک ۔
عَارِض ۔ رخسار ۔ گال ۔
عَازِم ۔ عزم رکھنے یا کرنے والا۔ کسی کام پر آمادہ اور تیار۔
عَاشِق ۔ عشق کرنے والا ۔

فریفتہ ۔ شیدا۔
عَاشِقی ۔ ا۔ محبت ۔ فریفتگی ۔ دلدادگی۔ شیفتگی ۔
۲۔ حسن پرستی ۔ عاشق مزاجی ۔ عاشق کی کیفیت یا حالت ۔
عَاطِر ۔ پاکیزہ ۔ لطیف ۔ باذوق ۔
عَاطِفَت ۔ مہربانی ۔ شفقت نیز مہربانی کرنا۔ دوستی کرنا۔
عَاقِبَت کے بورے اُٹھانا۔ (محاورہ) بوڑھا ہوکر مرنا ۔ لمبی عمر پانا۔
عَالَم تاب ۔ دنیا کو جگمگانے والا (عموماً آفتاب اور ماہتاب کے لیے مستعمل)۔
عَالی تَبار ۔ اونچے گھرانے کا ۔ امیر نیز بلند مرتبہ شخص۔
عَالی جاہ ۔ بلند مرتبہ ۔ اونچا۔ شاہی۔
عَالی نَسَب ۔ عالی نژاد ۔ اونچے گھرانے کا۔
عَالی وَقار ۔ بڑے تحمل والا ۔ بلند مرتبہ۔
عَبا ۔ لبادہ ۔ چُغا ۔ چوغہ ۔
عَباسی ۔ سیاہ عبا۔ ایک وضع کا قدیم ہتھیار جو خنجر سے مشابہ ہوتا ہے۔
عَبد ۔ بندہ ۔ غلام ۔ تابعدار ۔ خدمت گزار ۔ خدا کا بندہ۔
عِبرَت ۔ نصیحت ۔ تنبیہہ ۔ خوف۔ سبق حاصل کرنا ۔ عبور کرنا ۔ اندیشہ کرنا۔
عُبُودِیَت ۔ بندگی ۔ اطاعت ۔ عبد ہونا ۔ خادم ہونا۔
عَبِیر ۔ مشک ۔ گلاب اور صندل وغیرہ سے تیار ہوا سفوف جو کپڑوں پر چھڑکتے ہیں ۔ ایک خوشبودار مرکب۔
عَبِیری ۔ عبیر سے متعلق اور منسوب۔ سفوف۔
عِتاب ۔ سخت سُست کہنا ۔ ڈانٹنا ڈپٹنا ۔ خفگی ۔ ناراضی۔ غصّہ ۔ ملامت کرنا۔
عِتاب آمیز ۔ غصے سے بھرپور۔ غصے سے بھرا ہوا۔
عَتَبَہ بوس ۔ چوکھٹ چُومنے والا ۔ مقدس مقام کی عزت کرنے والا (ق)۔
عِترَت ۔ آل ۔ اولاد ۔ قریبی رشتہ دار۔ قریبی عزیز۔
عَجائبات ۔ عجیب وغریب چیزیں۔ نوادر۔
عُجُب ۔ غرور ۔ تکبّر ۔ گھمنڈ۔ خودبینی۔
عَجز ۔ ا۔ ناتوانی ۔ ناچاری ۔ درماندگی ۔
۲۔ منت و سماجت ۔ گڑگڑانا۔

معافی طلبی۔
عَجُوزَہ ۔ بوڑھی عورت۔ بڑھیا۔ پیرزال۔
عَدَالَت ۔ انصاف ۔ دادرسی۔ عدل۔ عادل ہونا۔
عَدَالَت گُسْتَر ۔ انصاف کرنے والا۔ منصف۔ انصاف ور۔
عَدْل ۔ انصاف ۔ دادگستری ۔
عَدَاوَت ۔ دشمنی ۔ بغض ۔ عناد۔ خصومت۔
عَدَم ۔ نیستی ۔ معدوم ہونے کی حالت، نہ ہونا۔ نابودگی ۔
عَدُو ۔ دشمن۔ مخالف۔
عَدُوکُشی ۔ دشمن کو مار ڈالنا۔ قتل کرنا (مجازاً) بہادری۔ جرأت۔
عَدِیل ۔ نظیر۔ مانند۔ ہم رتبہ۔ برابر کا۔ ہم وزن۔
عَدِیمُ الْفُرصَت ۔ جسے بالکل فرصت نہ ہو۔ نہایت مصروف۔ مشغول شخص۔
عَدِیمُ المِثَال ۔ بے مثل ۔ لاجواب ۔ بے نظیر۔ بے مثال۔
عَذَابِ اَلِیم ۔ المناک عذاب ۔ دردناک عذاب۔ تکلیف دینے والا عذاب۔
عِذَار ۔ عارض۔ رخسار۔ گال۔ نیز چہرہ۔

عُذْر ۔ بہانہ ۔ حیلہ ۔ ٹال مٹول۔
عَذْرا ۔ ۱۔ (وامق) کی محبوبہ۔
۲۔ دوشیزہ ۔ کنواری لڑکی۔
عَرَابَہ ۔ گاڑی ۔ چھکڑا۔ لمبی بیل گاڑی۔ ارابہ۔
عَرَق ۔ پسینہ ۔ وہ رطوبت جو بدن کے مسامات سے خارج ہو۔
عَرَق چِیں ۔ گول ٹوپی جو سر کے پسینے سے محفوظ رہنے کے لیے دستار کے نیچے پہنی جاتی ہے اس میں چندوا نہیں ہوتا لیکن اب جو ٹوپیاں اس نام سے مشہور ہیں وہ چندوے دار آڑی کتری کا مدار ہوتی ہیں اور دستار کے بغیر بھی پہنتے ہیں۔ پسینہ پونچھنے کا رومال۔
عَرَقْنَاک (عرق ناک) ۔ عرق آلود ۔ پسینے میں تر۔
عِرَاق ۔ ایک راگ جو چاشت کے وقت گایا جاتا ہے۔
عَرَادَہ ۔ عرابہ ۔ ارابہ۔ لمبی بیل گاڑی کا نام ۔ چھکڑا گاڑی ۔
عَرَائِس ۔ دلہنیں ۔ عروسیں ۔ نئی نویلیاں ۔
عَرْبَدَہ ۔ جھگڑا ۔ جنگ جوئی ۔ آشوب ۔ تلخ کلامی ۔
عَرْعَر ۔ چیڑ کا پیڑ۔

عُرس ۔ ۱۔ شادی کی دعوت ۔ طعام عروسی و نکاح ۔ بیاہ کی ضیافت ۔
۲۔ کسی صوفی بزرگ کا سالانہ فاتحہ اور فاتحہ کا جلسہ جو تاریخ وفات پر ہوتا ہے اور جس میں وابستگان و معتقدین جمع ہوتے ہیں ۔
عَرصہ ۔ مدت ۔ زمانہ ۔ دور ۔
عَرصہ گاہ ۔ میدان ۔ وسعت ۔ کافی ۔
عَرض ۔ درخواست ۔ گزارش ۔ التجا ۔
عَرضِ بیگی ۔ ایک عہدہ دار جو بادشاہ کے حضور میں لوگوں کی حاجتیں اور درخواستیں پڑھ کر سنائے یا پیش کرے ۔ پیش کار ۔
عَرض رسا ۔ عرض کرنے والا ۔ درخواست گزار ۔
عَرضی ۔ تحریری درخواست ۔ عرضداشت ۔ التماس یا گزارش جو تحریری طور پر کی جائے ۔
عَروس ۔ دلہن ۔
عِزّ و تمکین ۔ عزت و مرتبہ ۔ عزت و شان و شوکت (ق)
عَزَّوَجَلَّ ۔ غالب اور بزرگ اللہ تعالٰے کی صفت کے طور پر مستعمل) ۔
عِزّت ۔ عظمت ۔ شان ۔ شرف ۔ توقیر ۔ بڑائی ۔
عِزّت افزائی ۔ آبرو زیادہ کرنا ۔ قدر یا وقعت بڑھانا ۔ توقیر بلند کرنا ۔ مرتبہ زیادہ کرنا ۔
عِزرائیل ۔ چار مقرب فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام ۔ ملک الموت ۔ روح قبض کرنے والا فرشتہ ۔
عَزل و نَصب ۔ برطرفی و بحالی ۔ ترقی و تنزل ۔
عَزم ۔ ارادہ ۔ قصد ۔
عَزیمت ۔ قصد ۔ ارادہ ۔ عزم ۔
عَسَس ۔ رات کا پہرہ دار ۔ شہر میں گشت کرنے والا عہدہ دار ۔ کوتوال ۔
عَسکر ۔ فوج ۔ لشکر ۔
عَسَل ۔ شہد ۔ انگبین ۔
عُشّاق ۔ (عاشق کی جمع) چاہنے والے ۔ عشق کرنے والے ۔
عُشرِ عشیر ۔ دسویں حصے کا دسواں حصہ ۔ سواں حصہ (مجازاً) تھوڑا سا حصہ ۔ بہت ہی کم ۔
عِشرت ۔ عیش ۔ نشاط ۔ فرحت ۔ آرام ۔
عِشق ۔ شدید جذبہ ۔ محبت ۔

گہری چاہت - پریم - پیار -
عِشقِ پیچاں - ایک بیل کا نام جو درخت کے تنے اور شاخوں سے لپٹ جاتی ہے اور جس کا پھول سُرخ - پتیاں باریک باریک ہوتی ہیں -
عِشوَہ - ناز و انداز - غمزہ - کرشمہ -
عِشوَہ گَری - ناز و انداز کرنا - محبوبانہ ادائیں دکھانا (مجازاً) دل رُبائی -
عَصَا - ہاتھ کی لکڑی - چوب دستی - لاٹھی -
عُصَارِی - نچوڑنے کا - عرق نکالنے کا -
عُصفُور - چڑیا - کنجشک -
عِصمَت - اپنے آپ کو گناہ سے بچانا - پرہیزگاری - پارسائی - پاک دامنی -
عُضو - بدن کا کوئی حصہ یا جزو -
عَطّار - عطر فروش - تیل پھلیل اور دوسری خوشبو یات بیچنے والا -
عُطارُدرَقَم - بہت خوش خط لکھنے والا - بہت اچھا منشی - ماہر خوشنویس -
عَطائی - کسی قسم کی سند رکھنے اور کسی کی شاگردی کے بغیر کوئی مشغلہ اختیار کرنا - نیم حکیم - بے استاد - وہ شخص جس نے کسی استاد کے بغیر اپنے طور پر کوئی علم یا فن سیکھا ہو - بے سند - اتائی -
عِطر - ۱- خوشبو - بوئے خوش - سُگند -
۲- خوشبودار چیزیں یا کشید کیا ہوا جوہر -
عِطرِ آگیں - معطر - خوشبودار - عطر میں ڈوبا ہوا - خوشبو میں بسا ہوا -
عِطر دان - عطر رکھنے کا ظرف - عطر کی شیشی -
عِطرِ سُہاگ - کئی عطر ملا کر بنایا ہوا عطر جس کی خوشبو بہت تیز ہوتی ہے یہ دلہنوں کے استعمال کے لیے تیار کیا جاتا ہے -
عِطرِ فِتنَہ - وہ عطر جو کئی عطروں کا مجموعہ ہو -
عِطرِ مَجمُوعَہ - وہ عطر جو کئی قسم کے عطر باہم مخلوط کر کے تیار کیا جاتا ہے -
عَطَش - پیاس - تشنگی -
عِظَام - بزرگ - بڑے -
عِظَم - بزرگی - بڑائی -
عَظمَت - بڑائی - بزرگی - شان و شوکت -
عَظِیم - بڑا - بزرگ - شان دار - جاہ و جلال والا -
عَظِیمُ الجُثَّہ - وہ جس کا قد و

قامت بڑا ہو - بڑے ڈیل ڈول والا - بڑی جسامت رکھنے والا - دیو قامت -

عِفّت - پرہیزگاری - پارسائی - پاک دامنی -

عِفرِیت - دیو - خبیث جن - بھوت - شیطان -

عَفُوّ - بہت بڑا معاف کرنے والا - اللہ تعالیٰ کے اسمارِ حسنیٰ میں سے ایک اسم -

عِقَاب - سزا - عذاب - تکلیف -

عُقَاب - چیل سے مشابہ ایک طاقتور بلند پرواز شکاری پرند -

عَقَب - پچھواڑی - پس پشت - پیچھے -

عُقبیٰ - آخرت - دوسرا جہاں - عاقبت -

عَقد - ۱- گرہ - گانٹھ - بندھن - ۲- نکاح - بیاہ -

عِقدِ پَروِین - سات ستاروں کا مجموعہ جو ہار کی طرح نظر آتا ہے - عقد ثریا - سات سہیلیوں کا جھمکا -

عِقدِ ثُریّا - سات سہیلیوں کا جھمکا -

عَقرَب - بچھو - کژدم -

عَقل - وہ قوت جس کے وسیلے سے انسان برے بھلے کی تمیز اور دقائق اشیاء کو حل کرے - خرد - فہم - دانش -

عَقل پَر پَتّھَر پَڑنا - (محاورہ) عقل کا ستیاناس ہو جانا - عقل جاتی رہنا - کچھ سمجھ میں نہ آنا -

عَقل کے ناخُن لینا - (محاورہ) ہوش سے کام لینا - سمجھ کی بات کرنا -

عَقِیل - عقلمند - زیرک - دانا - ہوشیار -

عَقِیلہ - (عقیل کی تانیث) - عقلمند عورت -

عَکس - الٹ - الٹا کرنا - منقلب کرنا - تقلیب -

عَکس فِگَن - پرتو ڈالنے والا - وہ جس کا عکس دکھائی دے -

عِلاقَہ بَند - روپوش - چھپا ہوا - حراست میں لیا ہوا (ملزم وغیرہ) -

عَلّام - بہت جاننے والا - بہت علم رکھنے والا - بڑا دانا -

عَلّامَہ - بہت جاننے والا - بڑا عالم - بہت دانا -

عَلَی الرَّغم - برخلاف - برعکس - بالمقابل -

عَلیٰ ہٰذَا القِیاس - اسی قیاس

پر۔ اسی قاعدہ کے مطابق ۔ اسی طرح ۔
عَلِیل ۔ بیمار ۔ ناساز ۔ نحیف و زار ۔
عَلَم ۔ کسی جماعت، حکومت یا فوج کا جھنڈا ۔ پرچم ۔ پھریرا۔
عِلمِ سماوی ۔ علم آسمانی ۔ علم روحانی ۔ (ق)
عِلمِ موسیقی ۔ راگوں اور سُروں کا علم ۔ گانے بجانے کے قاعدوں کا علم ۔ آواز کے اتار چڑھاؤ سے واقف رہنے کا علم ۔
عَلِیم ۔ دانا ۔ جاننے والا ۔ اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ۔
عَمّ ۔ چچا ۔ باپ کا چھوٹا بھائی ۔
عَمَداً ۔ جان بُوجھ کر ۔ دانستہ۔ قصداً ۔ بالارادہ ۔
عُمدَہ ۔ اچھا ۔ خوب ۔ قابلِ تعریف ۔ نفیس ۔
عَمّاری ۔ ہاتھی یا اونٹ پر سواریوں کے بیٹھنے کا چھتری دار کٹہرا ۔ اونٹ کا محمل ۔ ہودج ۔
عُمّان ۔ ایک دریا کا نام۔
عِمارات ۔ (عمارت کی جمع) مکان ۔ گھر۔
عِمامہ ۔ پگڑی ۔ ایک وضع کی پگڑی جو عالموں، زاہدوں، مولویوں سے مخصوص ہے۔
عِمرانات ۔ آبادیاں۔
عَمرو ۔ صفت عیاری کی وجہ سے مشہور ہے۔
عَمَل ۔ کام ۔ فعل۔
عَمَلہ ۔ کسی محکمے یا کارخانے وغیرہ کا رکن یا ملازمین ۔ اسٹاف ۔
عَمُود ۔ ستون ۔ کھم ۔ تھم۔
عَنا ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔ مشقت۔ رنج ۔
عِناد ۔ دشمنی ۔ بیر ۔ کینہ ۔ مخالفت۔ سرکشی ۔
عَنادِل ۔ بُلبلیں ۔
عِنان ۔ لگام ۔ باگ ڈور ۔
عِنایت ۔ مہربانی ۔ توجہ ۔ التفات۔ شفقت۔
عَنبَر بیز ۔ خوشبو پھیلانے والا۔
عَنبَر سارا ۔ مراد خالص عنبر۔ بہترین عنبر۔ سارا کے مقام سے مقام سے حاصل کیا ہوا عنبر جو اپنی خوشبو کے لیے مشہور ہے۔
عَنبَر سوز ۔ وہ برتن جس میں عنبر دھونی کے لیے جلاتے ہیں ۔ بخور دان ۔
عَنبَرِیں ۔ عنبر کی سی خوشبو دینے والا ۔ خوشبودار۔
عَنبَرِیں مُو ۔ خاکستری اور خوشبو دار بالوں والا۔
عَندَلِیب ۔ ایک خوش رنگ و خوش نوا پرندہ جس کا سر سیاہ ۔

پیٹھ خاکستری اور دم کے نیچے سرخی ہوتی ہے۔
عَنقا ۔ نایاب ۔ نادر ۔ ناپید۔معدوم۔ غائب ۔
عَنکَبُوت ۔ مکڑی ۔ ایک ہشت پایہ جانور (حشرہ) جو باریک جالا بُن کر اپنا شکار پھانستا ہے۔
عِنِّین ۔ جو عورت کے کام کا نہ ہو۔ نامرد ۔ ہیجڑا۔
عَوارِضات ۔ عارضے ۔ بیماریاں۔
عَوْد ۔ معاودت ۔ لوٹنا ۔ واپسی۔ بازگشت ۔
عُوْد ۔ ایک خوشبودار لکڑی جسے بطور بخور جلایا جاتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں ۔
عُوْدِ بَرمَکی ۔ ایک اچھی قسم کا عود ۔ ایک خوشبودار مسالہ جسے زعفران عنبر وغیرہ سے ملاکر بناتے ہیں ۔
عُوْدسُوز ۔ عود دان ۔ ایک خاص ساخت کا برتن جس میں دھونی کے لیے عود سلگایا جاتا ہے نیز وہ ظرف جس میں بنے ہوئے سوراخوں میں اگربتیاں لگائی جاتی ہیں ۔
عَوْرَت ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ اہلیہ ۔ گھروالی۔
عِوَض ۔ بدلہ ۔ معاوضہ ۔ اجر ۔ جرمانہ ۔ جزا ۔ پاداش ۔
عِوَضی ۔ قائم مقام ۔ کسی شخص کے بدلے کام کرنے والا۔
عَون ۔ مدد ۔ معاونت۔
عَہد ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ دور۔
عُہدَہ ۔ ۱۔ منصب ۔ حکومت وغیرہ کے اہم کام انجام دینے کی خدمت ۔
۲۔ دستاویز۔ کاغذات۔
عِیاذاً بِاللہ ۔ خدا کی پناہ۔ معاذاللہ۔
عَیّار ۔ ۱۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ تیز و طرار۔
۲۔ بعض داستانوں کا اہم کردار۔ فریبی ۔ مکار ۔ دھوکے باز ۔ سراغ رساں۔
عَیّاش ۔ بدکار ۔ نفس پرست۔ اوباش ۔
عِیَال ۔ اہلِ خانہ ۔ بیوی بچے ۔کنبہ۔ جس کا کوئی شخص کفیل ہو۔
عِید ۔ (لفظاً) بار بار لوٹ کر آنے والا دن ۔ خوشی کا وہ دن جو بار بار آئے ۔ اہل اسلام کے نزدیک سب سے بڑا تہوار ۔ عید الفطر اور شوال کا پہلا دن جس میں مسلمان خوشیاں مناتے ہیں ۔
عِیدِ غَدِیر ۔ ۱۸ ذی الحجہ کا جشن۔ اس تاریخ کو "غدیر خم" (مابین مکہ و مدینہ) حضرت علی کو بلند کر کے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کی شان میں

"مَن کُنْتُ مَولاہُ فَھٰذا عَلیُّ مَولا" فرمایا۔ شیعوں میں اس دن خوشی منائی جاتی ہے۔

عِیسٰی دَم ۔ مردوں کو زندہ کرنے والا یا بیماروں کو شفا بخشنے والا۔

عَیش ۔ آرام ۔ آسائش ۔ خوشی ۔ غم کا متضاد ۔

عَیش محَل ۔ عشرت گاہ ۔ خواب گاہ ۔ محل کا وہ کمرہ جہاں عیش و نشاط کی محفل ہوتی ہو۔

عَیش و عِشرَت ۔ عیش ونشاط۔ زندگی کے مزے یا لطف۔ عیاشی۔ نفسانی خوشی ۔

عَیش و طَرَب ۔ نفسانی خوشیاں۔ عیش و عشرت ۔ زندگی کا لطف۔

عَینُ الکَمال ۔ نظر بد ۔ زخم چشم۔

عَینَک ۔ آنکھوں پر لگایا جانے والا چشمہ۔

عُیُون ۔ آنکھیں ۔ پانی ۔ چشمے ۔

غ

غَار ۔ گڑھا ۔ زمین کا کھوکھلا حصّہ ۔ کھوکھلی جگہ ۔

غَارِ مُغاک ۔ گڑھوں والی زمین ۔

غَارَت ۔ تاخت وتاراج ۔ لوٹ مار (استعارۃً) تباہی ۔ بربادی۔

غَارَتی ۔ غارت گر۔

غَاشِیَہ ۔ ۱۔ چادر ۔ پردہ۔
۲۔ قیمتی اور پُر تکلف فرش۔ رنگین چادر یا جاجم جس پر گل کاری کی گئی ہو۔ سوزنی ۔
۳۔ زین پوش ۔

غَافِل ۔ غفلت کرنے والا ۔ بے پروا ۔ بے فکر ۔ غیر متوجہ ۔

غَالِیَہ بیز ۔ خوشبو پھیلانے والا۔ عطر افشاں ۔ خوشبودار ۔

غَائِب ۔ غیر موجود ۔ غیر حاضر ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔ چھپا ہوا ۔
غُبَار ۔ ہوا میں اُڑنے والی خاک ۔ دھول ۔ گرد ۔
غَبغَب ۔ ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت جو خوب صورتی کی علامت سمجھا جاتا ہے ۔ ٹھوڑی ۔
غَبرا ۔ زمین ۔
غَٹ پَٹ ۔ گتھم گتھا ۔
غَدّار ۔ باغی ۔ نمک حرام ۔ خیانت کرنے والا ۔ بے وفا ۔ بدعہد ۔ مفسد ۔
غَدَر ۔ ہنگامہ ۔ بلوہ ۔ بدامنی ۔ بغاوت ۔ سرکشی ۔ بدعہدی ۔
غَدِیر ۔ تالاب ۔ جوہڑ ۔
غَرّاٹا ۔ پانی کے زور سے بہنے کی آواز ۔ موجوں کے ٹکرانے کی صدا ۔
غَرَائِبات (غرائب کی جمع الجمع) ۔ عجائبات ۔
غُرّ ۔ غرانے کی آواز ۔ غراہٹ ۔
غِربال ۔ وہ سوراخ دار برتن جس میں کوئی شے چھانی جائے ۔ چھلنی ۔
غُربَت ۔ وطن سے دوری ۔ سفر ۔ پردیس ۔ مسافرت ۔
غُرِش ۔ غرانا ۔ غراہٹ ۔
غَرَض ۔ حاصل کلام ۔ قصّہ مختصر ۔ المختصر ۔

غُرَاب ۔ کوا ۔ زاغ ۔
غُرفہ ۔ جھروکا ۔ کھڑکی ۔ دریچہ ۔
غَرق ۔ ۱ ۔ ڈوبا ہوا ۔ غریق ۔ مستغرق ۔ مدہوش ۔ محو ۔
غَرقی ۔ لنگوٹی ۔ انگوچھا ۔
غَرّہ ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ ناز ۔
غُرّہ ۔ ۱ ۔ چاند رات ۔ قمری مہینے کی پہلی تاریخ ۔
۲ ۔ فاقہ ۔ ناغہ ۔
غَرِیبُ الدِّیار ۔ وطن سے دور ۔ پردیسی ۔ مسافر ۔
غَرِیو ۔ شور ۔ چیخ پکار ۔ غوغا ۔ فریاد ۔
غَزَال ۔ ہرن کا بچّہ ۔ ہرن ۔ آہو ۔ (آنکھوں کی خوبصورتی کے لیے مشہور) ۔
غَزَل ۔ لغوی معنی عورتوں سے ساتھ بات چیت اور عشق بازی ۔ (شاعری) وہ صنف سخن جس میں عموماً حسن و عشق ۔ وصال و فراق ۔ شراب و شباب ۔ یاس و حرماں اور تصوف و معرفت وغیرہ کی باتیں کہی جائیں لیکن غزل اس حدبندی کی پابند نہیں رہی ، اب اس میں ہر قسم کے موضوعات و مسائل نظم کیے جاتے ہیں اور ہر بحر میں کہی جاتی ہے ۔
غَزالاں (غزال کی جمع) ۔

ہرن۔ آہو۔

غُسْل ۔ تمام بدن کا دھونا (خواہ کسی طریقے سے) ۔ نہانا۔ اشنان ۔

غَشْ ۔ بے ہوشی ۔غشی ۔ ہوش و حواس کا جاتا رہنا۔

غُصَّہ ناک پَر دَھَرا ہُونا۔ (محاورہ) جلد غصّہ آنا۔ ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا۔

بات بات پر غصّہ آنا ۔

بہت جلد خفا ہو جانا۔

غُصَّہ ۔ خفگی ۔ ناراضگی ۔ برہمی۔

غَضَب ۔ ظلم ۔ زیادتی ۔اندھیر۔ زبردستی ۔سختی ۔

غَضَنْفَر ۔ شیر۔ اسد۔ ضیغم۔

غِطْرِش ۔ تکبر۔ غرور۔ گھمنڈ ۔

غَفِص ۔ موٹا۔ دبیز۔ قوی۔

غَفْلَت ۔ ۱۔ لاپروائی ۔ عدم توجہی۔ بھول چوک ۔

۲۔ غشی ۔ غنودگی ۔ بے خبری۔ مدہوشی ۔

۳۔ اونگھ ۔ نیند۔

غَلْطَان ۔ لڑھکتا ہوا ۔ گھومتا ہوا۔ لوٹتا ہوا۔

غُلام ۔ ۱۔ زرخرید نوکر جو کسی عمر کا ہو۔

۲۔ مطیع ۔ تابع ۔ اطاعت گزار ۔

غُلام کا تِلام ۔ غلام کا غلام۔ ادنیٰ درجے کا خادم (کنایۃً) نہایت حقیر آدمی ۔

غَلَئی ۔ (کاشت کاری) وہ لگان جو غلے کی صورت میں ادا کیا جائے ۔

غُل ۔ ۱۔ پیاس ۔تشنگی ۔ پیاس کی شدت ۔ سوزش قلب ۔

۲۔ طوق ۔

غِل ۔ ۱۔ کینہ ۔ کدورت۔

۲۔ خیانت ۔

غَلْطَک ۔ قلا بازی۔ لوٹ پوٹ ۔ ہونے کی حالت ۔

غُلْغُلَہ ۔ شور ۔ غوغا۔ ہنگامہ۔

غِلْمان ۔ نوعمر خوب صورت لڑکوں کی مانند جنت میں خدمت کرنے والی ایک مخلوق ۔ بہشت کے خوبصورت باشندے۔

غُلُولَہ ۔ گولہ ۔ غلہ ۔ گولی ۔ پیڑا۔ پینڈا۔

غَلَّہ ۔ آمدنی جو مال / دکان کے سامان کی فروخت سے دن بھر میں ہو۔

غُلّہ ۔ مٹی کی گولی جو غلیل میں چلاتے ہیں ۔

غَلَیان ۔ جوش ۔ غلبہ ۔ ابال ۔

غُلیل ۔ لکڑی یا دھات کا دوشاخہ جس کے دونوں سروں پر ربڑ کی دو پٹیاں اور ان پٹیوں کے دوسرے دونوں سروں کو دو انگل چمڑے یا موٹے کپڑے میں باندھ دیتے ہیں جس میں غلہ رکھ کر چلاتے ہیں۔ کمانی ۔ قوس ۔

غَم ۔ رنج ۔ دکھ ۔ افسوس ۔ ملال۔ اندوہ۔

غَمزَہ ۔ ۱۔ آنکھ اور بھوں کا اشارہ۔ ابرو کا اشارہ ۔
۲۔ ناز نخرہ ۔ معشوقانہ انداز۔

غِنا ۔ گانا ۔ راگ ۔ نغمہ ۔ گیت ۔ راگ ۔ موسیقی ۔

غَنائم ۔ جنگ میں ہاتھ آنے والا مال و اشیاء۔

غُنج و دَلال ۔ ناز ۔ نخرہ ۔ دلربایانہ ادا۔

غُنچہ ۔ کلی ۔ بن کھلا پھول ۔ گل ناشگفتہ ۔ بند کلی ۔

غُنچہ دَہاں ۔ جس کا منھ غنچہ کی طرح ہو ۔ چھوٹے دہان والا (کنایتہً) معشوق ۔ محبوب ۔

غَنی ۔ دولتمند ۔ مالدار ۔ امیر۔

غَنیمَت ۔ مناسب ۔ بہت کچھ ۔ کافی ۔ بہتر ۔ قدر کے قابل ۔

غَوّاص ۔ غوطہ خور ۔ غوطہ لگانے والا۔

غَوربَند ۔ اونٹ کے گلے کی خوب صورتی کے لیے مقیشی ڈوری۔

غَوغا ۔ شور ۔ ہنگامہ ۔ غل غپاڑہ۔ ہلڑ۔

غُوک ۔ مینڈک ۔

غُول ۔ چھلاوا ۔ بھوت ۔ دیو ۔ پریت ۔ ایک قسم کی خیالی مخلوق جو آدمیوں کو کھا جاتی ہے ۔

غَیب ۔ جس کا ادراک مادی ذرائع سے ممکن نہ ہو ۔ پوشیدگی۔ نامعلوم مقام یا شے ۔ اخفا ۔ غیر موجودگی ۔

غَیبانی ۔ بدچلن ۔ بد معاش عورت۔ حرام زادی ۔ فساد کرنے والی عورت ۔ قطامہ ۔ قحبہ ۔

غَیبَت ۔ نظروں سے اوجھل پوشیدہ ہو جانا ۔ عدم موجودگی ۔ غائب ہو جانا ۔ غیر حاضری ۔

غَیرَت ۔ شرم ۔ حیا ۔ لاج ۔ حمیت ۔

غَیرَت دِہ ۔ شرمندہ کرنے والا۔ باعث رشک ۔

غَیظ ۔ طیش ۔ تاؤ ۔ شدید غصہ ۔

غِیں غِیں کرنا ۔ (محاورہ) منت سماجت کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ گڑگڑانا۔

ف

فَاحِشَہ ۔ بدکار عورت ۔
فَاخْتَہ ۔ سرخی مائل خاکستری رنگ کا کبوتر سے قدرے چھوٹا پرندہ جس کی گردن میں کالی ڈوری ہوتی ہے جسے طوق کہا جاتا ہے ۔ عموماً سرد کی عاشق مشہور ہے ۔ کو کو کی آواز نکالتی ہے ۔ اس کی دوسری قسم قمری کہلاتی ہے ۔
فَاخِرَہ ۔ عمدہ ۔ نادر ۔ قیمتی ۔ بیش قیمت ۔
فَارِغُ الْبَالی ۔ آسودہ حالی ۔ بے فکر ۔ آزاد ۔ مطمئن ۔
فَارِغْخطی ۔ (فارغ خطی) لاتعلق اختیار کرنے کی تحریر ۔ کسی خاص تعلق سے آزادی ۔ طلاق نامہ ۔
فَاش ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔ کھلم کھلا ۔ علانیہ ۔
فَاعْتَبِرُوا ۔ سمجھ والو ۔
فَاقَہ ۔ کھانا نہ ملنا یا نہ کھانا ۔ بھوکا رہنا ۔
فَالْسَہ ۔ جھڑ بیری کے برابر ایک پھل جو اُودے رنگ کا ہوتا ہے ۔ اس سے شربت بھی تیار کیا جاتا ہے ۔
فَامًا (فامنا) ۔ سمجھنا ۔ (قدیم) ۔
فَانُوس ۔ بلور یا شیشے کا بنا ہوا شمع پوش جس میں پرانے زمانے میں شمعیں اور موجودہ دور میں بلب وغیرہ لگائے جاتے ہیں ۔
فَتّاح ۔ کھولنے والا ۔ سر کرنے والا ۔ فتح کرنے والا ۔
فَتْح ۔ جیت ۔ نُصرت ۔ پیروزی ۔ کامیابی ۔
فَتْحَہ ۔ زبر ۔ زبر کی حرکت یا علامت ۔
فِتْراک ۔ چمڑے کے تسمے جو زین کے عقب میں دائیں بائیں جانب شکار یا سامان باندھنے کے واسطے لگے ہوتے ہیں ۔ شکار بند ۔
فَتْق ۔ کشادہ کرنا ۔ کھولنا ۔ حل کرنا (مشکلات وغیرہ) ۔ ہرنیا ۔ بادخایہ ۔
فِتْنَہ ۔ آشوب ۔ بلا ۔ شر ۔ سختی ۔ جھگڑا ۔ ہڑبونگ ۔ فساد ۔

ہنگامہ۔
فُتُوّت ۔ ایثار۔ سخاوت۔ مروت۔ مردانگی۔ جواں مردی۔
فَتوٰی ۔ فقیہوں کا شرعی حکم جو کسی امر کے جواز یا عدم جواز کے بارے میں دیا جائے۔
فُتُور ۔ ضعف۔ خرابی۔ خلل۔ نقص۔ کھوٹ۔ عیب۔
فِٹ ۔ درست۔ ٹھیک۔ بارہ انچ کا پیمانہ۔ گز کا تیسرا حصہ۔
فَجر ۔ پو پھٹنے کا وقت۔ تڑکا۔ صبح۔ سحر۔
فُحش ۔ بدکاری۔ بیہودگی۔ بے شرمی کی باتیں۔ گالی۔ بدکلامی۔
فَحوا ۔ مطلب۔ ڈھنگ۔ انداز۔ طور طریق۔
فَخر ۔ ناز۔ تعلی۔ افتخار۔
فَخِیم ۔ بزرگ۔ بڑا۔ (جسامت یا رتبے کے اعتبار سے) بلند قدر۔ صاحب مرتبہ۔
فَرفَر ۔ جلد جلد۔ روانی سے۔ بلا توقف۔ مسلسل۔ تیزی سے۔ تیز تیز۔ رواں۔
فَرا ۔ نزدیک۔ اوپر۔ آگے۔ بلند۔ طرف۔ درمیان۔
فَرار ۔ بھاگ نکلنا۔ بھاگ جانا۔ غائب ہونا۔
فَراری ۔ بھاگنے والا۔ بھگوڑا۔ بھاگا ہوا۔ مفرور۔

فَرّاس ۔ وہ شخص جو گھوڑے کی دیکھ بھال اور خدمت کے لیے مقرر ہوتا ہے۔ سائیس۔
فِراست ۔ ہوشیاری۔ زیرکی۔ تیز فہمی۔ ذہانت۔
فِراش ۔ بچھانا۔ پھیلنا۔ وہ چیز جو بچھائی جائے۔ فرش۔ بساط۔
فَراشی مُجرا ۔ سلام جو بہت جھک کر کیا جائے کہ سر فرش کے ساتھ جا لگے۔
فَراغ ۔ نجات۔ فراغت۔ چھٹی۔ آرام۔ فرصت۔
فَراغت ۔ ۱۔ خلاصی۔ چھٹکارا۔ نجات۔
۲۔ عیش و عشرت۔ آسودگی۔
۳۔ راحت۔ آرام۔ سکون۔ چین۔
فِراق ۔ جدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔ فرصت۔
فَراموش ۔ بھولا ہوا۔ ذہن سے اُترا ہوا۔ لڑکیوں کا ایک کھیل، جب وہ کسی کو جڑواں پھل دیتی ہیں اور وہ پھل ہاتھ میں لیتے ہیں "یاد" نہیں کہہ دیتا تو اس کو وہ پھل دو سو کی تعداد میں دینے پڑتے ہیں۔ عام طور سے مذاق کے رشتے والوں کو جڑواں پھل بھجوائے جاتے تھے جس کو بھجائے جاتے تھے وہ

اگر نہ بوجھ پایا تو بجھوانے والا کہتا تھا فراموش دو سو آم یا دو سو کے لیے، نہ بوجھنے والے دو سو دیتا تھا پھر وہ لوگوں میں تقسیم بھی کیے جاتے تھے یہ بتلا کر کہ فلاں کو بجھوایا اور وہ بُوجھ نہ پایا۔

فَرحاں ۔ خوش ۔ شاداں ۔ مسرور۔ آسودہ۔

فَرحَت ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔ مسرت۔

فَرحَت بَخش ۔ راحت رساں۔ خوشی دینے والا۔

فَرحنَاک (فرح ناک) ۔ خوشی سے بھرا ہوا۔ خوشی دینے والا۔

فَرخار ۔ ترکی کا ایک مشہور شہر جو اپنے باشندوں کی خوبصورتی کے لیے مشہور تھا۔

فَرخُندَہ ۔ مبارک ۔ خوش آیند ۔ برکت والا ۔ سعادت مند ۔ نیک ۔

فَرد ۔ فہرست (اسمار اشیار وغیرہ کی)۔

فِردَوس ۔ بہشت ۔ جنت ۔ خُلد ۔

فِردَوسِ بَرِیں ۔ بہشت کا اعلیٰ طبقہ ۔ جنت کا سب سے بلند درجہ۔ سب سے بلند درجے کی جنت ۔

فِردوسی ۔ ۱۔ جنت کا ۔ جنت سے منسوب یا متعلق ۔
۲۔ فارسی کا مشہور شاعر جس کا شاہنامہ عالمی شہرت رکھتا ہے ۔

فَرزانَہ ۔ دانا ۔ عقلمند ۔ زیرک۔ سیانہ۔

فَرزَند ۔ بیٹا۔ پسر۔

فَرزِیں ۔ شطرنج کا ایک مہرہ جو وزیر کہلاتا ہے ۔ یہ شطرنج کا سب سے بڑا مہرہ ہوتا ہے اس کی چال بساط پر ہر گھر اور ہر رخ ہوتی ہے۔ ایسی ہی اس کی زد اور مار ہے ۔

فَرَس ۔ گھوڑا۔ اسپ ۔

فَرِستادَہ ۔ بھیجا ہوا۔ قاصد ۔ ایلچی ۔ سفیر۔

فَرسَخ ۔ تقریباً ڈیڑھ کوس کا فاصلہ ۔ اٹھارہ ہزار فٹ کا فاصلہ۔

فَرسَنگ ۔ فرسخ ۔ میل ۔

فَرش ۔ ۱۔ بچھانے کی چیز۔ بچھونا۔ چادر ۔ دری اور جاجم وغیرہ۔
۲۔ استر۔
۳۔ سطح زمین۔ زمین ۔

فَرشِ مُکَلَّف ۔ نہایت اچھا فرش۔

فَرِشتے خان ۔ تیس مار خان۔ زبردست آدمی ۔ نہایت ہیکڑ

اور زبردست آدمی (کنایۃً)
ملک الموت۔ موت کا فرشتہ۔
فُرصَت ۔ مہلت ۔ موقع محل ۔
وقت ۔
فَرط ۔ زیادتی ۔کثرت ۔ بہتات ۔
فراوانی ۔غلبہ۔
فَرغُول ۔ (فَرغَل) لمبا روئی دار
لبادہ ۔ روئی بھرا ہوا چُغہ۔ جاڑوں
کا ایک لباس ۔
فُرغَہ ۔ بلند اور فراخ جگہ۔
فَرق ۔ جسم کا اوپری حصّہ۔ سر۔
فِرقَہ ۔ قوم ۔ گروہ ۔ جماعت ۔
جتھا ۔ پنتھ ۔ منڈل ۔ جرگہ ۔
فریق ۔ٹولی ۔
فِرد ۔ کم رُتبہ ۔ ادنیٰ ۔ معمولی۔
حقیر۔
فَروخت ۔ بیچنے کا عمل ۔ بیع ۔
بیچنا۔
فَرنگَن ۔ یورپ کی عورت ۔انگریز
عورت۔
فِرودکَش ۔ اترنے والا۔ٹھہرنے
والا۔
فُرودگاہ ۔ اترنے کی جگہ۔ جائے
قیام ۔ منزل۔
فَریفتہ ۔ عاشق ۔ دلدادہ ۔
گرویدہ ۔ شیدا۔
فَساد ۔ ۱۔ بگاڑ ۔ خلل ۔ خرابی۔
تباہی۔

۲۔ بلوہ ۔جھگڑا۔
فَسَادِی ۔ جھگڑا کرنے والا ۔
فتنہ انگیز۔
فَسان ۔ دھار تیز کرنے کا پتھر۔
آسیانہ ۔
فِسق ۔ (خدا کی) نافرمانی ۔
حکم عدولی ۔ گمراہی ۔ بدکاری۔
بداعمالی ۔
فُسُوں ۔ افسوں ۔ جادو ۔
سحر۔
فُسُوں سَاز ۔ افسوں ساز۔
جادو کرنے والا۔
فَشَا فَاش ۔ لڑائی میں تیروں
کے چلنے یا چھڑیوں وغیرہ کے
مارنے کی پے در پے آواز ۔
تیروں کی بارش کا شور۔
فِشَن (فیشن) ۔۱۔ وضع ۔طرز۔
طور طریقہ ۔
۲۔سج دھج ۔ آن بان ۔ خوش
وضعی ۔
فَصَاحَت ۔ خوش بیانی ۔
خوش کلامی ۔ پرکشش انداز بیان۔
سلاست و لطافت کلام ۔
فَصد ۔ جسم کی کسی رگ سے
خون نکلنے کا عمل ، جو نشتر کی نوک
سے رگ میں شگاف لگا کر کیا جاتا
ہے۔
فَصْل ۔ ۱۔ چیزوں کا درمیانی

فاصلہ - جدائی - علیحدگی - دوری۔
بعد۔
۲۔ پیداوار۔ کھیتی۔
فَصِیح - فصاحت سے کلام کرنے والا - خوش بیان - شیریں کلام۔
فَصِیل - شہرپناہ - چاردیواری۔ دیوار۔
فَضَا - زمین اور آسمان کے درمیان کی وسعت - خلائے بسیط - وسعت۔ کشادگی۔
فَضْل - مہربانی - عنایت - کرم۔
۲۔ فضیلت - بڑائی - بزرگی۔
فِطْرَت - ۱۔ آفرینش - قدرت - نیچر۔
۲۔ خمیر - سرشت۔
۳۔ دانائی - عقلمندی۔
فِعْل - کام - عمل۔
فَعَلَہ - کام کرنے والے - کارکن - مزدور - گماشتے۔
فِعْلِیا - مکار - فریبی - دھاندل باز - ضدی - ہٹیلا۔
فَغْفُور - چین کے قدیم بادشاہوں کا لقب۔
فِقْرَہ دینا - (محاورہ) جھانسا دینا - فریب میں مبتلا کرنا - دھوکا دینا۔
فِقْرے پَر نَہ آنا - (محاورہ) میں نہ آنا - فریب میں نہ آنا۔ دھوکا نہ کھانا۔
فِقْرے میں آنا - (محاورہ) جال میں پھنسنا - دھوکا کھاجانا۔
فَقِیر - ۱۔ گدا - بھکاری - بھک منگا۔
۲۔ مفلس - محتاج - غریب۔
فِکْر - اندیشہ - تَرَدُّد - دغدغہ۔ الجھن۔
فِگار - واماندہ - عاجز - گھائل۔ مجروح۔
فَلاخَن - پتھر پھینکنے کا آلہ - گوپھن۔ گوپھیا۔
فَلاکَت - مفلسی - ناداری - غریبی۔ تنگ دستی۔
فُلانی - کوئی عورت - فلاں عورت - کوئی چیز - فلانی چیز۔
فَلْس - مچھلی سانپ وغیرہ کی جلد پر کا گول چھلکا - سفنا۔
فِلْفِل - مرچ جو کئی قسم کی ہوتی ہے۔ عموماً کالی مرچ جو گول دانے کی شکل کی ہوتی ہے - سیاہ مرچ نیز مرچ۔
فَلَک - آسمان - سما۔
فَلَک فَرسا - آسمان پر پہنچنے والا۔ آسمان کو چھونے والا - بہت بلند۔
فَن - دست کاری - صنعت - کاریگری۔
۲۔ ہنر - لیاقت - صلاحیت۔

۳۔ مشغلہ۔ کاروبار۔ پیشہ۔
۴۔ مکر۔ حیلہ۔ فریب۔
فُندُق ۔ ۱۔ مہندی لگی ہوئی انگلیوں کی پور۔
۲۔ ہاتھ کی انگلیوں میں پہننے کا ایک گول اور سُرخ رنگ کا زیور۔
فِنَس ۔ پینس۔ ڈولا۔
فَوت ۔ فوت ہونا۔ مرجانا ۔ وفات پانا۔
فَوج ۔ جنگی سپاہیوں کا گروہ۔ لشکر۔ بادشاہی لشکر۔
فَوج کا گھُونگھَٹ کھَانا ۔ (محاورہ) لشکر کا شکست کھا جانا۔
فَور ۔ وقت ۔ ساعت ۔ گھڑی۔ جلد ۔ سرعت۔ جھٹ پٹ ۔
فَوز ۔ کامیابی ۔ نجات۔ فلاح ۔ کامرانی ۔ مقصد برآری۔ مطلب پانا۔ فتحیاب ہونا۔
فَوزِ عَظِیم ۔ بڑی کامیابی ۔ بڑا فائدہ۔
فَولَاد ۔ پکا لوہا۔ اعلیٰ درجے کا لوہا۔
فَولَادِی ۔ فولاد کا بنا ہوا۔ فولاد والا۔ (مجازاً) بہت سخت۔ بہت مضبوط۔

فَوّارہ ۔ ۱۔ ابال ۔ سرجوش ۔
۲۔ پانی کو اوپر پھینکنے والا۔
۳۔ نہایت جوش مارنے والا۔
فَواکِہات ۔ (فاکہہ کی جمع) میوے۔ ہرے پھل۔ پھل ۔
فَہمَائِش ۔ ۱۔ سمجھانے یا آگاہ کرنے کا عمل ۔ دھونس ۔ دباؤ سے سمجھانا۔ دباؤ۔
۲۔ ہدایت ۔ نصیحت ۔ تاکید۔
۳۔ تنبیہہ ۔
فَہِیم ۔ عقلمند ۔ دانا۔ سمجھدار۔ بڑا سمجھدار۔
فِی الجُملَہ ۔ حاصل کلام ۔ القصّہ ۔ الغرض ۔ قصّہ مختصر۔ عمومی طور پر کسی قدر۔
فِی الحَال ۔ اس وقت ۔ ابھی ۔ سردست ۔ فوراً۔
فِی الفَور ۔ فوراً۔ جلد ۔ ترت۔ شتاب ۔ جلدی سے ۔ اسی وقت ۔
فِی النَّار ۔ جہنم میں ۔ دوزخ میں۔ بھاڑ میں ۔
فَیر ۔ بندوق اور توپ وغیرہ کا داغنا۔ گولی چلانا یا چلنا ۔
فِیروزَہ ۔ ایک مشہور جواہر جس کا رنگ سبز۔ نیلگوں یا آسمانی ہوتا ہے۔
فِیروزِی ۔ فتح مندی ۔ کامیابی۔
فَیض ۔ ۱۔ فائدہ ۔ نفع ۔
۲۔ کرم ۔ بخشش ۔ عنایت ۔ مہربانی ۔

فِیل ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا۔
فِیل ۔ ہاتھی ۔ پیل ۔
فِیل چِہرَہ ۔ موٹے نقش کا ۔ موٹا چہرہ ۔ (مراداً) بھدا ۔ بے ڈول ۔
فِیلی ۔ ایک قسم کا ساز جو لڑائی سے پیشتر بجایا جاتا تھا۔
فَیلسوف ۔ حکیم ۔ دانا ۔ دانش مند نیز فلسفی ۔ (مجازاً) فریبی ۔ دغاباز ۔ مکار ۔
فَیلسوفی ۔ مکاری ۔ عیاری ۔ چالاکی ۔
فِیلیا ۔ مکار ۔ دغاباز ۔ فیلی ۔
فِیلہائی ۔ فیل ہائی ۔ مکار ۔ فریبی ۔
فِیمابَین ۔ بیچ میں ۔ درمیان میں ۔

ق

قَاب ۔ بڑی رکابی نما طباق ۔ صحنک ۔ تھال ۔
قَاتِل ۔ قتل کرنے والا ۔ ہلاک کرنے والا ۔ خونی ۔
قَادِر ۔ قدرت رکھنے والا ۔ اختیار والا ۔ قابو رکھنے والا ۔
قَادِر اَنداز ۔ ٹھیک نشانہ لگانے والا ۔ نشانہ انداز ۔ وہ تیر انداز جس کا تیر خطا نہ جائے ۔
قَادِرِ بےچُوں ۔ (قدرت اور طاقت میں) بے مثل ۔ لاثانی ۔ (کنایتہً) اللہ تعالیٰ ۔
قَادِرِ مُطلَق ۔ قادر علی الاطلاق ۔ ہر کام پر قدرت رکھنے والا ۔ مراد اللہ تعالیٰ ۔

قَارُورَہ ۔ بارود کی وہ کپی جس میں آگ لگا کر دشمن کی طرف پھینکتے ہیں ۔

قَارُورے میں بھالے نظر آنا ۔ (محاورہ) معمولی بات کو اہمیت دینا۔

قَاز ۔ ایک آبی پرندہ ۔ بڑی بط۔ کونج ۔

قَاشِ زِین ۔ گھوڑے کی کاٹھی کے آگے اور پیچھے کے تکیے جو قاش سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

قَاصِر ۔ کوتاہی کرنے والا۔ مجبور۔ ناچار ۔

قَاضِیُ الحَاجَات ۔ حاجت روا کرنے والا ۔ مراد بر لانے والا۔ اللہ تعالیٰ ۔

قَاطِر ۔ خچر۔ ایک مال بردار جانور ۔

قَاقُم ۔ ۱۔ ایک قسم کا نیولا جس کی کھال نہایت سفید اور ملائم ہوتی ہے ۔
۲۔ نیولے کی کھال جس سے پوستین بناتے ہیں۔

قَاف ۔ ۱۔ قصے کہانیوں میں ایک پہاڑ کا نام جو دنیا پر محیط اور دیوؤں، جنوں اور پریوں کا مسکن خیال کیا جاتا تھا۔ اسے کوہ قاف بھی کہتے ہیں ۔
۲۔ ایک پہاڑ کا نام جو ایشیائے کوچک کے شمال میں بحیرۂ کیسپین اور بحرِ اسود کے مابین واقع ہے ۔ انگریزی میں کاکیس کہتے ہیں ۔

قَانُون ۔ سرود کی وضع کا تیئس فولادی تاروں کا ساز جس کے کل تار تہ تالے میں بٹے ہوتے ہیں اور چوبی مضراب سے جس کو اصطلاحاً جوا اور سُر گھوٹا بھی کہتے ہیں، بجایا جاتا ہے یہ ابونصر فارابی کی ایجاد ہے نیز پیانو باجا۔

قَاہِرَہ ۔ (قاہر کی تانیث) ۔ غالب ۔ زبردست ۔

قَبَاحَت ۔ خرابی ۔ برائی ۔ نقص۔ عیب ۔

قِبَاد ۔ بڑا بادشاہ ۔ بہت امیر۔

قَبضَہ ۔ دخل ۔ تصرف ۔ ملکیت۔ مٹھ ۔ دستہ ۔ (تلوار، خنجر، کمان وغیرہ کا)۔

قَبَالے ۔ بیع نامہ ۔ دستاویز ملکیت ۔ فروخت کی تحریر۔
۲۔ نکاح نامہ ۔

قَبائے فرمان روائی ۔ لباس فرماں روائی مراد ۔ حکومت ۔

قَبر ۔ گور ۔

قُبُول ۔ قبولیت ۔ اجابت ۔

(دعا وغیرہ کی)۔
قُبّہ ۔ گنبد ۔ کلس ۔ برج ۔ کالر۔ محراب۔
قَتّال ۔ بہت قتل کرنے والا۔ بہت بڑا قاتل ۔ قتل کا مشاق ۔
قَتل ۔ (کسی بھاری ہتھیار سے)۔ انسان کو ہلاک کرنا ۔ جان سے مار دینا ۔
قَتِیل ۔ مقتول ۔ شہید ۔ ہلاک کیا ہوا ۔
قَحبہ ۔ بدکار عورت ۔ فاحشہ ۔ رنڈی۔ چھنال ۔ کنچنی ۔
قَدّ ۔ قامت ۔ ڈیل ۔ جسم کی لمبائی۔
قَدرشناس ۔ قدر جاننے والا ۔ قدر دانی کرنے والا ۔
قُدرَت ۔ ۱۔ طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔
۲۔ مقدور ۔ دسترس ۔ عبور ۔
قُدّس سِرّہ ۔ خدا اس کی قبر کو پاک کرے (مقدس متوفی بزرگوں کے نام کے بعد لکھا جاتا ہے)۔
قُدسی ۔ پاک ۔ متبرک ۔ پاک طینت انسان ۔
قَدغن ۔ روک ٹوک ۔ ممانعت ۔ مناہی ۔ پابندی ۔ بندش ۔
قَدَم ۔ ۱۔ پاؤں ۔ پا ۔
۲۔ نقش پا ۔
قَدَم رَنجہ ۔ (احتراماً) کسی کے یہاں جانے کی زحمت اٹھانے کا عمل ۔ تشریف آوری ۔
قَدَم زَن ہونا ۔ (محاورہ)
قدم رکھنا ۔ قدم آگے بڑھانا ۔ چلنا ۔ جانا ۔ روانہ ہونا ۔
قُدُوم مَسَرّت لُزُوم ۔
ایسا آنا جو خوشی کا باعث ہو ۔ تشریف آوری ۔
قُدُوم مَیمَنَت لُزُوم ۔
بابرکت قدم کا آنا ۔ تشریف آوری (بالعموم بڑے لوگوں کی آمد پر مستعمل) بابرکت آمد ۔
قِدوَہ ۔ نمونۂ عمل ، جس کی پیروی کی جائے ۔ پیشوا ۔ سرگروہ ۔ سرخیل ۔
قَدِیر ۔ قدرت یا طاقت کا مالک ۔ توانا ۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔
قَدِیمی ۔ پرانا ۔ عرصے کا ۔ پرانے زمانے سے ۔
قَرابہ ۔ عرق وغیرہ رکھنے کا بڑا شیشہ ۔ شیشہ ۔ شراب ۔ صراحی (مجازاً) بڑا پیالہ ۔
قَراوِل ۔ شکاری ۔
قِران ۔ دو سیاروں کا ایک جا ہونا ۔

قِرَانُ السَّعدَین ۔ دو مبارک ستاروں کا ایک برج میں یک جا ہونا، نیک ساعت (مجازاً) دو نیک یا اچھے آدمیوں کا اجتماع ۔

قِرانُ النحسَین ۔ دو نامبارک یا منحوس ستاروں کا ایک برج میں اجتماع ۔

قَراوُل ۔ بندوق سے شکار کرنے والا سپاہی ۔ بندوقچی ۔

قُربان ۔ وہ فدیہ جو قرب الہٰی کی غرض سے دیا جائے خواہ جانور ہو یا کوئی اور شے ۔ صدقہ ۔ بھینٹ ۔

قُربانَت شَوَیم ۔ (فقرہ) ۔ قربانت شوم ۔ تم پر قربان ہوں ۔ واری جاؤں ۔

قَرَبُوس ۔ گھوڑے کے زین کے اگلے اور پچھلے اٹھے ہوئے حصّے ۔ زین کا اگلا اور پچھلا حصّہ جو بلند ہوتا ہے ۔

قُرَّۃُ العَین ۔ (قرۃ العین) روشنیِ چشم ۔ آنکھوں کی ٹھنڈک ۔ راحت جانی ۔ مراد : بیٹا یا بیٹی ۔

قُرص ۔ ٹکیا ۔ گولی ۔ حَبّ ۔

قِرطاس ۔ کاغذ ۔

قُرعَہ ۔ پانسہ ۔ تانبے ۔ پیتل یا ہاتھی دانت وغیرہ کا پانسہ جسے ڈال کر رمال غیب کی باتیں بتاتے ہیں ۔

قُرق ۔ ضبطی ۔ جرمانے ۔ قرضے کی وصول یابی کے سلسلے میں کسی کے مال یا جائداد کو نیلام کرنے کی غرض سے سرکاری تحویل میں لینا ۔

قَرقَرے ۔ (قرقرہ) ۔ ایک آبی پرندہ جو بگلے سے مشابہ اور اس سے بڑا ہوتا ہے اس کے پاؤں بڑے بڑے اور آنکھیں سرخ اور ان کے آس پاس سیاہی ہوتی ہے بدن کا رنگ دخانی ہوتا ہے ۔

قُرَمساق ۔ بھڑوا ۔ دیوث ۔ (مجازاً) پاجی ۔ کمینہ ۔ بدمعاش ۔ ذلیل ۔

قَرنا ۔ سینگ کا بگل ۔ نرسنگا ۔ ترہی ۔ سنکھ نیز نفیری ۔

قَرنا پھُنکنا ۔ بگل بجنا ۔

قَروَل ۔ شکاری آدمی ۔ ہراول ۔ محافظ دستہ ۔

قَرولی ۔ شکاری چاقو ۔ ایک قسم کی چھری جو کمر میں باندھی جاتی ہے ۔

قَریات (قریہ کی جمع) ۔ بہت سے گاؤں ۔

قَریاتی ۔ گاؤں کا رہنے والا ۔

قَرینہ ۱۔ ایک چیز کی دوسری چیز سے پیوستگی یا مناسبت یا قربت ۔ باہمی تعلق ۔
۲۔ موزونیت ۔ سلیقہ ۔ ترتیب ۔

۲۔ حقے کے نیچے کی چھوٹی لکڑی جس کے ذریعہ سے دھواں حقے میں جاکر نیچے سے باہر نکلتا ہے۔
قزّاق ۔ راہزن ۔ لٹیرا ۔ ڈاکو ۔
قشر ۔ چھیلنا ۔ کاٹنا ۔
قشقہ ۔ پیشانی پر صندل یا زعفران کے دو نشانات ۔ ٹیکا ۔ تلک جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں ۔
قشُون قشُون ۔ لشکر در لشکر ۔ قطار اندر قطار ۔ روبہ رو ۔ لگاتار ۔ جوق در جوق ۔
قصّاب ۔ قصائی ۔ بوچڑ ۔ گوشت بیچنے والا ۔
قصابہ ۔ وہ رومال جو عموماً عورتیں سر پر باندھتی ہیں ۔
قِصاص ۔ ۱۔ (شرعی قانون) جان کے بدلے جان اور خون کے عوض خون لینا یعنی جتنی تکلیف کسی کو پہنچائی جائے اس کے بدلے میں اتنی ہی تکلیف ظالم کو پہنچائی جائے ۔
۲۔ بدلہ ۔ عوض ۔ مکافات ۔
قِصائی ۔ قصاب ۔ بوچڑ ۔
قصبہ ۔ چھوٹا شہر ۔ بڑا گاؤں ۔
قصد ۔ ارادہ ۔ نیت ۔ عزم ۔
قصر ۔ ایوان ۔ محل ۔ بارگاہ ۔
قِصَص ۔ قصّے ۔ کہانیاں ۔ حکایتیں ۔
قِصّہ ۔ کہانی ۔ حکایت ۔ داستان ۔ افسانہ ۔
قصُور ۔ ۱۔ خطا ۔ غلطی ۔ بھول چوک ۔
۲۔ خامی ۔ نقص ۔ کمی ۔ کوتاہی ۔
قضا بر قفا ۔ تقدیر الٹنا ۔ قضا الٹنا ۔
قضائے مُبرم ۔ نہ ٹلنے والی تقدیر ۔ وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے ۔
قَضِیَہ زَمِین بَرسرِ زَمِین ۔ (کہاوت) جس مقام کا جھگڑا ہو اسی موقع پر طے ہونا چاہیئے ۔
قطار ۔ صف ۔ سلسلہ ۔ پرا ۔
قُطّاعُ الطَّرِیق ۔ رہزنوں کا گروہ ۔ لٹیرے ۔ ڈاکو ۔ بٹ مار ۔
قطّامہ ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ طوائف ۔
قُطب ۔ ۱۔ وہ ستارہ جو قطب شمالی کی طرف زمین کے محور کے سرے پر ہے اس لیے یہ حرکت کرتا ہوا معلوم نہیں ہوتا ۔ قطب تارا ۔
۲۔ خدا رسیدہ بزرگ ۔ اولیا اللہ کا ایک مرتبہ ۔ بہت بلند پایہ ولی ۔

قَطرَہ ۔ رقیق شے کی بوند ۔ پانی کی بوند ۔ بوند ۔

قَطرَہ زَن ۔ (کنایۃً) دوڑنے والا ۔ تیز رو ۔ دوڑتا ہوا ۔ تیز چلنے والا تیز بھاگنے والا ۔

قَطرے کا چُوکا گھڑے ڈُھلکائے تو کیا ہوتا ہے ۔ (کہاوت) ۔ کام کا وقت نکل جانے کے بعد لاکھ تدبیر کیجیے مگر کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔

قَطعِ مَنازِل ۔ سفر تمام ہونا ۔ منزل مقصود تک پہنچنا ۔

قَعر ۔ کنویں یا دریا وغیرہ کی گہرائی ۔ عمق ۔ تھاہ ۔ گہرائی ۔

قَفا ۔ گدی ۔ سر یا گردن کا پچھلا حصّہ ۔

قُفلِ رُومی ۔ ایک خاص قسم کا تالا ۔ (ق)

قُفلی ۔ وہ ظرف یا سانچا جس میں تیز برف سے دودھ وغیرہ جماتے ہیں ۔ (مجازاً) وہ دودھ وغیرہ جو اس ظرف یا سانچے میں جمایا جائے ۔

قُل ہونا ۔ (محاورہ) عرس ہونا ۔ فاتحہ سوم ہونا ۔ تیجا ۔

قِلعَہ ۔ وہ سنگین اور مضبوط و محفوظ عمارت جس میں بادشاہ اپنے خدم وحشم کے ساتھ رہتا ہے یا جس میں فوج رہتی ہے ۔ کوٹلہ ۔ حصار ۔

قُلّاب ۔ ۱۔ مچھلی پکڑنے کا خمدار آہنی کانٹا ۔
۲۔ آنکڑا ۔ حلقہ ۔ کنڈا ۔

قَلا بازی ۔ نٹ کی طرح دونوں ہاتھ زمین پر رکھ کر یا رکھے بغیر سر کے بل الٹ جانا ۔ ڈھیکلی لگانا ۔ لڑھکنی کھانا ۔

قَلبیا تَمام ہونا ۔ (محاورہ) کام تمام ہونا ۔ خاتمہ ہونا ۔ جان سے جانا ۔

قَلب ۔ ۱۔ دل ۔ من ۔
۲۔ ہر چیز کا وسط ۔ درمیان ۔ مرکزی حصہ ۔
۳۔ فوج کا درمیانی حصہ ۔ میانہ ۔ لشکر ۔

قَلب و جَناح ۔ فوج کے درمیان اور بازو کے حصّے ۔

قُلزُم ۔ وہ سمندر جو عرب اور مصر یعنی افریقہ کے درمیان واقع ہے ۔ بحیرۂ احمر ۔ نہایت گہرا دریا ۔ سمندر ۔

قَلَق ۔ ۱۔ بیقراری ۔ بے آرامی ۔ بیکلی ۔ بیتابی ۔
۲۔ رنج ۔ الم ۔ اندوہ ۔ فکر ۔

قِلقاری ۔ شیر خوار بچوں

کی ہنسی جو آواز کے ساتھ ہو۔

قُلْقُلِ مِینا ۔ بوتل یا صراحی میں سے شراب کے نکلنے کی آواز۔

قَلَمِ ہَفْت رَنگ ۔ اس میں وصف یہ ہے کہ بروقت تحریر سات رنگ پیدا کرتا ہے۔

قِلْمَاق ۔ ترکوں کی ایک خانہ بدوش قوم۔

قِلْماقنی ۔ قلماق قوم کی عورت، وہ عورت جو ہتھیاروں سے مسلح شاہی محلوں اور حرم سراؤں میں سپاہی کی طرح پہرا چوکی دیتی ہے۔ اراد بیگنی۔

قَلْمیں ۔ ایک وضع کی آتش بازی۔ پھلجھڑی۔ مہتابی۔ چھچھوندر وغیرہ۔

قَلَمْدان ۔ وہ لمبی سی صندوقچی جس میں قلم دوات چاقو وغیرہ رکھتے ہیں۔

قَلَم کار ۔ لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا۔ منشی۔ متصدی۔ محرر۔ کلرک۔ لکھنے والا۔ ادیب۔ انشا پرداز۔ مصور۔ نقاش۔

قَلیہ (قَلیا) ۔ سادہ گوشت کا گھی میں بھنا شوربے دار سالن۔ بھون ڈالنا۔ جلا دینا۔

قَلیل ۔ مقدار یا تعداد کے اعتبار سے کم۔ تھوڑا۔

قَلَنْدریاں (قلندری) ۔ ایک وضع کی پھولداری جس میں قلندرہ (آنکڑہ) لگاتے ہیں۔

قِماش ۔ ۱۔ گنجفے کی ایک بازی کا نام جس کے پتوں کا رنگ پیلا (زرد) اور ان پر رتھ مع سواری کا چھاپا ہوتا ہے۔
۲۔ ریشمی کپڑا۔ جامہ۔ ابریشمی۔

قَمَر طَلْعَت ۔ حسین۔ خوبصورت، چاند سا چہرہ رکھنے والا۔

قُمْری ۔ کبوتر یا فاختہ کی قسم کا ایک طوق دار پرند جس کی آواز بہت گونج دار ہوتی ہے۔ یہ عام طور سے سفیدی مائل یعنی خاکستری رنگ کا ہوتا ہے۔ شعرا اسے سرو کا عاشق قرار دیتے ہیں۔ مشہور پرند جس کی بولی کو کُوکُو کہا جاتا ہے اور حق سرہُ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

قُمْقَام ۔ تلوار۔ بڑا چھرا۔

قُمقُمے ۔ شیشے کی چھوٹی قندیل جس میں بتی روشن کر کے لٹکا دیتے ہیں۔ ایک وضع کا گول فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔ بجلی کا بلب یا کُپّی۔ شیشے کا گولا جس کو آرائش کے لیے چھتوں میں لٹکاتے ہیں۔

قَمَع ۔ توڑنا ۔ پھوڑنا ۔ مارنا ۔ زخمی کرنا ۔ نیست و نابود کرنا ۔ بیخ کنی ۔

قَنات ۔ کپڑے کی دیوار یا اوٹ جسے زمین پر کھڑا کرنے کے لیے تھوڑے تھوڑے فاصلے پر بانس سلے ہوتے ہیں ۔ کپڑے کی بنی ہوئی اوٹ نیز خیمہ ۔ دیوار کا قائم مقام پردہ ۔

قَنادِیل ۔ قندیلیں ۔

قَنْد ۔ سفید دانے دار شکر ۔ سفید شکر ۔

قَنْدِ مُکَرَّر ۔ دو مرتبہ صاف کیا ہوا قند جو بہت عمدہ اور شفاف ہوتا ہے ۔ دوبارہ صاف کیا ہوا قند ۔ (مجازاً) وہ عمدہ بات جو دوبارہ کہی یا سنی جائے کلام کا اعادہ ۔

قَنْدِیل ۔ شیشے کا بنا ہوا ایک ظرف جس میں بتی روشن کر کے زنجیر سے لٹکا دیتے ہیں ۔ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں ۔

قَنطُور ۔ یونانی دیومالا کا ایک جانور جس کا جسم گھوڑے کا اور سر آدمی کا ہوتا ہے ۔

قَنطُورَہ ۔ لباس کی ایک قسم جس کا دامن چھوٹا اور بند اس میں بہت ہوتے ہیں ۔ ایک قسم کا رنگین کپڑا ۔

قِوام ۔ ۱ ۔ خمیر ۔ مادّہ ۔
۲ ۔ شیرہ ۔ چاشنی ۔
۳ ۔ کسی چیز کی ساخت ۔ پائیداری ۔ قد و قامت ۔ استواری ۔
۴ ۔ مزاج ۔ ڈھانچہ ۔ ستون ۔ بنیاد ۔

قُوتِ لَایَمُوت ۔ اس قدر خوراک کہ جس سے زندگی قائم رہے ۔ اتنی کم خوراک جو بس جینے کے لیے کافی ہو ۔

قُورخانہ ۔ وہ جگہ جہاں ہتھیار رکھے جاتے ہیں ۔ اسلحہ خانہ ۔

قُورچی ۔ ہتھیار بند سپاہی ۔ مسلح سپاہی ۔

قَوس ۔ کمان جس میں تیر جوڑ کے نشانے پر لگاتے ہیں ۔

قَوسِ (و) قُزَح ۔ دھنک یا رنگین کمان کی شکل جو آسمان پر بارش ہو چکنے کے بعد کبھی کبھی سورج نکلنے پر نظر آتی ہے ۔

قُور ۔ قطار (ہاتھیوں وغیرہ کی) ۔

قول کُرسی نشین ہونا ۔ صحیح ثابت ہونا ۔

قَوم ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ جماعت ۔

قُوِیل ۔ وہ لفظ جو نامانوس اور غریب ہو ۔ غیر معیاری گفتگو ۔

متبذل ۔ گھٹیا ۔
قَہَاقَہ (قہقہہ) ۔ زور کی ہنسی ۔ قہ قہ کی آواز نکالنا ۔ کھلکھلا کر ہنسنا ۔
قَہر ۔ غضب ۔ غصّہ ۔ خشم ۔ طیش ۔
قَہری ۔ ظالم ۔ فتنہ پرداز ۔
قَہقَہہ ۔ ٹھٹا ۔ زور کی ہنسی ۔
قِیافَہ ۔ اٹکل ۔ قیاس ۔ اندازہ ۔
قِیام پَذِیر ۔ مقیم ۔ فروکش ۔
قِیامَت زا ۔ قیامت ڈھانے والا ۔ آفت برپا کرنے والا ۔
قِیامَتِ کُبریٰ ۔ بہت بڑی قیامت ۔ سب سے بڑی مصیبت ۔ وہ دن جب تمام مخلوقات کو زندہ کرکے ان کے اعمال کی جزا یا سزا دی جائے گی ۔ (مجازاً) سخت مصیبت ۔
قِیامَتیں ۔ مصیبتیں ۔ آفتیں ۔
قَیتُون ۔ زری اور ریشم کے تاروں کی بٹی ہوئی ڈوری جو لباس کی کور پر ٹانکنے کے لیے تیار کی جاتی ہے اور اس کی وضع چوٹی کے بلوں کی سی ہوتی ہے ۔ نیز پیمک ۔
قَید ۔ بیڑی ۔
قَیدِی ۔ اسیر ۔ محبوس ۔ مقید ۔
قَیدِیَہ ۔ (قیدی کی تانیث) ۔ پکڑی ہوئی ۔ گرفتار ۔ سزا یافتہ ۔ مجرمہ ۔

قَیصَر و خَاقَان ۔ روم کے بادشاہ کا خطاب ۔ خاقان چین کے فرماں روا کا خطاب ۔ مراد شاہانِ اولوالعزم ۔ شاہانِ باوقار ۔
قِیطُول ۔ قلعہ ۔ حصار ۔ نیز چھاؤنی ۔ اسلحہ اور فوج کے رکھنے کی جگہ ۔
قِیطُولات ۔ قلعے ۔ چھاؤنیاں ۔
قِیف ۔ ایک ظرف جس کا منہ اوپر سے کھلا ہوا ہوتا ہے اور نیچے ایک نلکی لگی ہوتی ہے اس کے ذریعے رقیق چیز بوتلوں اور ٹنکیوں میں آسانی سے بھر دی جاتی ہے ۔
قِیمَہ ۔ کٹا ہوا گوشت ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت ، جس سے کباب کوفتے اور بعض دوسرے سالن اور کھانے تیار کیے جاتے ہیں ۔
قِیں قِیں ۔ طرح طرح کی آوازیں ۔
قَینچی ۔ کپڑا یا کاغذ وغیرہ کترنے کا آلہ ۔ مقراض ۔

ک

کَابُلی مَٹَر - ایک قسم کا مٹر جو بڑا اور سفید رنگ کا ہوتا ہے۔
کَاتِب - لکھنے والا شخص - منشی۔ محرر۔
کَالے کا مَنْتَر نَہیں - (فقرہ) کسی کی ایذا رسانی کا دفعیہ یا مداوا نہ ہو سکنے پر یا بڑے عیار کی زد سے محفوظ نہ ہونے کے موقع پر مستعمل
کَاٹھ کا اُلّو - نہایت بے وقوف۔ احمق۔
کَاٹھِرا - گھوڑے کی پشت پر چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔
کَاٹھی - لکڑی کی بنائی ہوئی نشست جو زین سے مشابہ لیکن اس سے قدرے بڑی ہوتی ہے اور سوار وغیرہ کے لیے اونٹ وغیرہ کی کمر پر کس دی جاتی ہے۔
کَاج - (کرتے، قمیص، کوٹ، شلوکہ وغیرہ میں) بنایا ہوا سوراخ جس میں بٹن پھنساتے ہیں۔
کَاجَل - نباتاتی تیل کے چراغ کا دھواں جو چراغ کے اوپر لٹکتے ہوئے ٹھیکرے یا کسی اور چیز پر لے کر (پار کر) یوں ہی یا چکنا کر کے سلائی سے آنکھ میں لگایا جاتا ہے۔ (مجازاً) سرمہ۔
کَاجَل کی کوٹھڑی - جہاں ہر شخص کے منہ پر کالک لگے - بدنامی کا گھر۔ عیب لگنے کا مقام - بُری صحبت۔
کَاخ - بلند عمارت (عموماً) محل۔ ایوان - قصر۔
کَاذِب - جھوٹا۔ دروغ گو۔ مفتری (صادق کی ضد)۔
کَار بَر آرِی - حاجت روائی۔ مطلب پورا کرنا - حصول - مطلب نکلنا یا نکالنا - ضرورت پوری کرنا یا ہونا۔
کَار پَرداز - کام کرنے والا۔ مہتمم - منتظم - کارکن - کارندہ۔

گماشتہ ۔ کام سنوارنے والا۔

کارچوبی ۔ کاڑھا ہوا ۔ چکن کے کام والا ۔ زردوزی کیا ہوا۔ کامدار ۔

کارزار ۔ جنگ ۔ معرکہ ۔ لڑائی ۔ مقابلہ۔

کارساز ۔ کام پورے کرنے والا۔ حاجتیں برلانے والا (خدا یا دیوتا کے لیے) کام بنانے والا ۔ کام بنانے والا ۔ کام سنوارنے والا۔

کارسازی ۔ کارکشائی ۔ کار برآری ۔ حاجت روائی ۔ کام بنانا یا بننا ۔ مراد پوری ہونا۔

کاردِسحر ۔ ایک وضع کی چھری۔ جادو اثر چھری ۔

کارن ۔ وجہ سے ۔ واسطے ۔ لیے ۔ غرض سے ۔ خاطر سے ۔

کاروبار ۔ کام کاج ۔ مشغلہ ۔ دھندا ۔ محنت مشقت ۔

کارِہ ۔ کراہت کرنے والا ۔ ناپسند کرنے والا۔ ناخوش۔

کاسۂ سر ۔ کھوپڑی ۔ سرکاخول ۔

کاسے (کاسہ) ۔ کاسا (پیالہ) ۔

کاشانہ ۔ گھر ۔ مکان ۔ آشیاں۔ جانوروں اور پرندوں کا گھر۔ گھونسلا ۔

کاشی ۔ بنارسی ۔ کاسی ۔

ودوانشی ۔

کاغذ ۔ ۱۔ مختلف اشیا سے کوٹ پیس کر تیار کردہ پتر یا ورق ۔ تاؤ جس پر لکھتے ہیں ۔
۲۔ تحریر، نوشتہ، پرچہ (لکھا ہوا)۔

کاغذ بادی ۔ پتنگ ۔ کنکوا۔ گڈی ۔ کنکیا ۔

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوب جائے گی ۔
(کہاوت) کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی ۔ بے اصل اور ناپائیدار شے کے وجود کا کچھ اعتبار نہیں۔

کافی المہمات ۔ مشکلات کا حل کرنے والا ۔ مراد ۔ اللہ تعالیٰ ۔

کاکل ۔ سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بال (مجازاً) زلف ۔

کاگ ۔ ۱۔ ایک قسم کی لکڑی کا درخت جو ہلکی ہوتی ہے اور جس کی پوست سے ڈاٹیں بناتے ہیں ۔ نیز اس کی لکڑی کی بنی ہوئی ڈاٹ۔
۲۔ زاغ ۔ کوا۔

کالبد ۔ جسم ۔ تن بدن ۔ ڈھانچا ۔ قلب ۔ انسان یا حیوان کا ۔

کالا ۔ سیاہ رنگ کا سانپ ۔

کوبرا۔ سانپ۔

کالک ۔ سیاہی۔ کلونس۔

کالے سر کا ایک نہ چھوڑا۔ (کہاوت) ہر جوان مرد پر نیت خراب کی۔

کالے کے سامنے چراغ جلانا ۔ (کہاوت) (لفظاً) کہا جاتا ہے کہ سانپ کے سامنے چراغ بجھ جاتا ہے (مجازاً) اعلیٰ کے سامنے ادنیٰ کی نہیں چلتی۔ کامل کے آگے ناقص فروغ نہیں پاتا۔

کالیا ۔ وہ شخص جس کا رنگ سیاہ ہو۔ کالے رنگ کا آدمی۔

کام ۔ زبان کے اوپر کی چھت۔ تالو (مجازاً) جبڑا۔ حلق۔

کام تمام کرنا ۔ (محاورہ) ختم کر دینا۔ مار دینا۔

کامدانی ۔ بادلے کے تاروں سے کپڑے پر بیل بوٹے۔ بوٹی اور ترنج کی کڑھائی۔

کامرانی ۔ کامران ہونا۔ مقصدوری۔

کامگار ۔ کامیاب۔ کامران۔ اقبال مند۔

کامود ۔ (موسیقی) مالکوس راگ کے پتر دیپک راگ کی دوسری راگنی کا نام جو رات کے وقت گائی جاتی ہے۔

کان ۔ جو گوشیا چیز کے ایک گوشے کا عیب۔ چار کونوں والی چیز۔ چارپائی وغیرہ کی ٹیڑھ۔ بل۔ ٹیڑھ۔ کجی۔ ناہمواری۔

کان بھرنا ۔ (محاورہ) بدگمان کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ کسی کے دل میں کسی کی طرف سے برائی ڈالنا۔ غیبت کرنا۔

کان پڑی آواز سنائی نہ دینا ۔ (محاورہ) بہت شور و غل مچنا۔ ہنگامہ بپا ہونا۔ ہلڑ بازی میں نہ سن سکنا۔

کان پکڑنا ۔ (محاورہ) کسی کے کمال کا اعتراف کرنا۔ اپنی عاجزی کا اظہار کرنا۔ ہار ماننا۔ (کسی کو کسی فن میں اپنے سے افضل سمجھ کر) کسی کی برتری کا اعتراف کرنا۔ اطاعت کرلینا۔

کان کاٹنا ۔ (محاورہ) سبقت لے جانا۔ مات کرنا۔ فوقیت رکھنا۔ نیچا دکھانا۔

کان کھڑے ہونا ۔ (محاورہ)

۱۔ چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔

۲۔ خبردار ہوجانا۔ متوحش ہونا۔ گھبرا جانا نیز آہٹ پا جانا۔

کان ہونا۔ (محاورہ) تجربے کے بعد متنبہ ہونا۔ آیندہ کے لیے سبق ملنا۔ نصیحت حاصل ہونا۔ آیندہ کے لیے محتاط ہو جانا۔

کانا ٹٹو۔ عیب دار ٹٹو۔ ناقص ٹٹو۔ نکما ٹٹو۔ (ق)

کانا کھدرا۔ وہ شخص جو کانا ہو اور اس کے منھ پر سیتلا کے داغ بھی ہوں۔ ناقص اور عیب دار چیز۔

کانٹا۔ عورتوں کا ایک قسم کا زیور۔ (ق)

کانوں پر ہاتھ دھرنا۔ (محاورہ) انکار کرنا۔ حکم ماننے سے دور بھاگنا۔ گریز کرنا۔

کاؤں کاؤں۔ کوے کی لگاتار آواز۔ آدمیوں کا شور و غل۔ کائیں کائیں۔

کانس۔ چھجہ۔ طاقچہ۔ کارنس۔

کاندھی دینا۔ (محاورہ) پہلو تہی کرنا۔ فریب دینا۔ نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا۔

کانور۔ چھینکے سے مشابہ دو ٹوکریاں جس کے سرے ڈنڈے میں پھنسا کر ان میں بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ (خصوصاً) ہندو زائرین کی وہ بہنگی جس میں وہ گنگا کا پانی اپنے مقدس مقامات میں لے جاتے ہیں۔

کانون۔ آگ کی بھٹی۔ انگیٹھی۔ چولھا۔ دیگ دان۔ آتش دان۔ کوزۂ آہن گراں۔

کاٹھڑا۔ دیپک کی ایک راگنی کا نام۔

کاوا۔ گھوڑے کی ایسی گردش جس میں اس کے قدموں سے زمین پر دائرہ بن جائے۔

کاواک۔ بے ڈول۔ ٹیڑھا میڑھا۔

کاہ وکہربا ہوگئی۔ اس کی طرف کھنچ گئی۔ عاشق ہوگئی۔

کاہ کش۔ گھاس کھودنے والا۔ گھسیارہ۔ گھاس بیچنے والا۔

کاہن۔ فال نکالنے والا۔ شگونی۔ قیافہ شناس۔ نجومی۔

کاہنہ۔ (کاہن کی تانیث)۔ پیش گوئی کرنے والی عورت۔

کاہکشاں (کہکشاں)۔ بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار جو اندھیری رات میں آسمان پر سڑک کی مانند نظر آتی ہے (چونکہ وہ اس طرح معلوم ہوتی ہے کہ گویا کوئی اس راہ سے گھاس گھسیٹتا ہوا چلا گیا ہے اور نشان پڑ گئے ہیں اس واسطے یہ نام

ہوا۔

کائیں کائیں ۔ کوے کی لگاتار آواز ۔ آدمیوں کا شور و غل۔

کایا ۔ ۱۔ تن ۔ بدن ۔ جسم ۔ ۲۔ بشرہ ۔ چہرہ مہرہ ۔ شکل صورت۔

کایا پلٹ ۔ صورت ۔ شکل ۔ ہیئت ۔ یا طبیعت وغیرہ کا بالکل بدل جانا ۔ انقلاب ۔ تغیر ۔ (ہندو) آواگون ۔ تبدیلی ۔

کباب ۔ گوشت پارچے یا قیمے کے گولے ۔ ٹکیاں مرچ مسالے کے ساتھ سیخ پر لگا کر یا توے میں رکھ کر سینک لیتے ہیں یا تل لیتے ہیں ۔ سیخ کباب ۔ گولا کباب ۔ کوفتہ اور شامی کباب مشہور ہیں ۔

کبابہ چینی ۔ سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول بیج ۔ حب العروس ۔ سینتل چینی ۔

کبابی ۔ کباب بنانے اور بیچنے والا شخص ۔

کبت ۔ ہندی شاعری میں چھندیا نظم کی ایک قسم جس کی ایک مخصوص بحر ہوتی ہے ۔ شعر ۔ نظم ۔

کبادہ ۔ نرم کمان ۔ لیزم ۔ لچک دار کمان جس میں تانت کی جگہ لوہے کی زنجیر ہوتی ہے اور متعدد کٹوریاں پڑی ہوتی ہیں ۔

کبر سنی ۔ بڑھاپا ۔ عمر رسیدگی ۔ پیری ۔

کبریا ۔ خدا تعالیٰ کا صفاتی نام ۔

کبڑن ۔ ترکاری بیچنے والی عورت ۔ سبزی فروش عورت ۔ کاچھن ۔

کبڑیے (کبڑیا) ۔ ترکاری بیچنے والا ۔ سبزی فروش ۔ کاچھی ۔

کبک ۔ چکور کی قسم کا ایک پرندہ جس کی چونچ اور پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے (شعرا اس کی رفتار سے معشوق کی چال کو تشبیہ دیتے ہیں) ۔

کبک ۔ وہ جس کی چال چکور جیسی ہو ۔ خوش خرام ۔

کبک دری ۔ خاکستری رنگ اور سفید دھاریوں کا پہاڑی چکور سے بڑا ہوتا ہے ۔ چکور کی ایک نوع جو اٹھلاتا ہوا چلتا ہے ۔

کبود ۔ نیلا ۔ نیلگوں ۔

کبودگی ۔ رنج ۔ ملال ۔

کبیبہ ۔ لوند کا مہینہ ۔

کبیشر ۔ شاعروں کا بادشاہ ۔ ملک الشعرا ۔

کبھی کے دن بڑے اور کبھی کی رات ۔ (کہاوت) دنیا ایک حال پر قائم نہیں ۔

کبھی ترقی ہے کبھی تنزل۔

کُپّے (کپا) ۔ چمڑے یا چھل کا پھولا ہوا چھوٹے منھ کا ظرف جس میں گھی یا تیل رکھتے ہیں (عموماً چرمی ظرف)۔

کپاسی ۔ ایک رنگ کا نام جو مثل کپاس کے پھول کے ہلکی زردی لیے ہوتا ہے۔

کپتان ۔ ایک فوجی افسر جو لفٹنٹ سے اوپر اور میجر سے نچلے درجے کا ہوتا ہے۔

کپتانی ۔ سرداری ۔ سربراہی ۔ رہنمائی ۔

کپوت ۔ ناخلف بیٹا ۔ نافرمان فرزند ۔ نالائق بیٹا ۔

کپو جانا ۔ بہت زیادہ بھیگنے یا دیر تک نہانے سے ہاتھ پاؤں میں سفیدی مائل جھریاں پڑ جانا ۔ جھریاں پڑ جانا ۔ جلد کا سفید پڑ جانا ۔

کتارا ۔ املی کا پھل یا پتلا گنا ۔

کتان ۔ ایک باریک ریشمی کپڑا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ چاندنی میں چاک چاک ہو جاتا ہے ۔ بہت باریک کپڑا جس سے روشنی چھن کر نکل جائے ۔

کتر بیونت ۔ کپڑے کی تراش ۔ کاٹ ۔ کپڑا کاٹنا (سلنے کے لیے)۔

کتمان ۔ پوشیدگی ۔ اخفا ۔ پردہ ۔ حجاب ۔ چھپانا نیز کتمان ۔

کتمان ۔ چھپانا ۔ مخفی رکھنا ۔ پردہ ڈالنا ۔

کُتّے خسی ۔ مفت کی خواری ۔ پریشانی ۔ اُلجھن کا کام نیز بے عزتی یا مصیبت کی نوکری ۔

کُتّے کی چال جاؤ اور بلّی کی چال آؤ ۔ تیز قدم جاؤ اور جلدی واپس آؤ یعنی جلد سے جلد لوٹو ۔

کَٹ ۔ (چھیپی و رنگائی) سیاہ رنگ بنانے کے لیے لوہا ۔ انار کا چھلکا اور پرانے گڑ کو پانی میں بھگو کر تیار کیا ہوا عرق ۔

کِٹ ۔ (رقص) چند ایسے الفاظ جو اصول اوزان تال، لے اور رقص وغیرہ کے لیے مخصوص ہیں ۔ ان کو اوگھٹ کہا جاتا ہے اور کِٹ بھی ان الفاظ میں شامل ہے، اوگھٹ الفاظ کا اکیسواں لفظ کِٹ ہے ۔

کٹاری ۔ چھوٹا کٹار ۔ کٹار کا متبادل ۔

کٹار ۔ تیز دھار کا چھوٹا اور دو دھارا تکونا خنجر (جسے کمر

میں باندھتے ہیں) ۔

کَٹ پھوڑا ۔ ایک پرند کا نام جو اکثر درختوں میں اپنی چونچ سے چھید کر کے گھر بناتا ہے ۔ ہد ہد ۔ مرغ سلیمان ۔

کَٹھپھوڑی ۔ (کٹھ پھوڑا کی تانیث) ۔ ہد ہد ۔ مرغ سلیمان ۔

کُٹُم ۔ کنبہ ۔ خاندان ۔ گھرانا ۔ برادری ۔ قبیلہ ۔

کُٹنا ۔ قرمساق ۔ قلتبان ۔ (مجازاً) پاجی ۔ پست فطرت رکھنے والا ۔

کُٹناپا ۔ دلالی ۔ دلالہ کا کام یا پیشہ ۔

کُٹنی ۔ کسی عورت کو مرد سے یا مرد کو عورت سے ملوانے کے لیے یا ورغلانے کے لیے یا دور کرنے والی عورت ۔ لگائی بجھائی کرنے والی ۔ دلالہ ۔ نائکہ ۔ عورتوں کو بھگا لے جانے والی عورت ۔ لُتری ۔

کَٹُوڑا ۔ ماند پڑنا ۔ رنگ پھیکا ہونا ۔ (ق)

کَٹُورا ۔ (کسی دھات ۔ خصوصاً المونیم ۔ تانبے ۔ پیتل ۔ چاندی یا سونے کا) چوڑے مُنھ اور پھیلے ہوئے پیندے والا پیالہ ۔

کَٹُورا بجنا ۔ (محاورہ) بہت رونق ہونا ۔ چہل پہل ہونا ۔

کَٹھپُوڑا ۔ ایک پرند جسے بڑھئی بھی کہتے ہیں ۔

کَٹِیلے ۔ (کٹیلا) ۔ ایک خار دار پودا جس کے پتوں اور شاخوں میں تیز کانٹے ہوتے ہیں ۔ اس کا پھل آنولے کے برابر بڑا ہوتا ہے اور پتے ہرے ہوتے ہیں ۔ صورت اس کی بینگن کے پتوں کی سی ہوتی ہے ۔

کَثافت ۔ میلا پن ۔ نجاست ۔ گندگی ۔ غلاظت ۔

کَثِیف ۔ میلا ۔ گندا ۔ گدلا ۔

کَج ۔ کُب ۔ ٹیڑھا ۔ خمیدہ ۔

کَج مَدار ۔ ٹیڑھی گردش والا ۔ وہ جو ٹیڑھی چال چلے ۔ بیشتر فلک کے لیے مستعمل ۔

کُجا ۔ کہاں ۔ کس جگہ (اردو میں عموماً دو برابر چیزوں کے مقابلے کے موقع پر بولتے ہیں) ۔

کَجلی ۔ کالک کا دھبا ۔ سیاہ دھبا ۔ کلونس ۔ کالی ۔

کَجلی بَن ۔ اندھیر یا جنگل یعنی ایسا گھنا جنگل جس میں درخت شاخ در شاخ ایک دوسرے سے مل گئے ہوں ۔ ایسا جنگل جس میں ہاتھیوں کی کثرت ہو ۔ بنگال کے ایک جنگل کا نام ۔

کُجّی ۔ چھوٹا کوزہ (کنایتہً) شراب کا چھوٹا پیالہ ۔

کُچ ۔ عورتوں کے پستان ۔ چھاتی ۔ چھاتی بھٹنی ۔

کَچ لِپَٹ ۔ (کنایتہً) بدکار ۔ شہوت پرست ۔ ازاربند کی ڈھیلی ۔ وہ عورت جو ہر وقت عصمت فروشی پر آمادہ رہے ۔

کچّا کرنا ۔ ۱ ۔ (محاورہ) شرمندہ کرنا ۔ نادم کرنا ۔
۲ ۔ ہمت پست کرنا ۔ دل توڑنا ۔

کَچالُو ۔ اروی کی ایک قسم جو بطور ترکاری استعمال کی جاتی ہے ۔

کُچلی ۔ وہ نوک دار دانت جو سامنے کے دانتوں اور ڈاڑھوں کے درمیان ہوتے ہیں ۔

کَچُومبَر (کچُومَر) ۔ کیری، ٹماٹر، پیاز، گاجر، مولی، ہری مرچ، ہرا دھنیا وغیرہ باریک باریک کاٹ کر یا کوٹ کر اس میں لیموں یا کھٹائی اور نمک ڈال کر بنائی جانے والی کچی چٹنی ۔ سلاد ۔

کَچنال ۔ ایک قد آور درخت جس میں کاسنی اور سرخ پھول کھلتے ہیں اور اس کی کلیاں بطور سبزی ترکاری پکا کر کھائی جاتی ہیں ۔

کَچَوری ۔ ماش کی پسی ہوئی دال کی مسالے دار پوری جو پھولی ہوئی اور خستہ ہوتی ہے ۔

کَچُومَر نِکالنا ۔ ۱ ۔ (محاورہ) توڑ پھوڑ کر حلیہ بگاڑ دینا ۔
۲ ۔ خوب مارنا پیٹنا ۔ بھرکس نکالنا ۔

کَچھار ۔ دریا کے قریب کی نشیبی زمین ۔ ترائی جس میں اکثر شیر رہتا ہے ۔

کَچہری ۔ وہ جگہ یا عمارت جہاں حاکم بیٹھ کر انصاف کرتا ہے ۔

کَچھوا ۔ ایک چار پاؤں کا آبی جانور جس کا جسم ایک سخت خول میں چھپا رہتا ہے ۔

کَچّھی ۔ علاقہ کچھ کا گھوڑا جس کی کمر معمول سے زیادہ جھکی ہوئی ہو ۔ زین پشت (شتر کوہان کی ضد) ۔

کچّی رَوٹی ۔ ناسمجھی کی بات جو قابلِ اعتبار نہ ہو ۔

کُحل ۔ سرمہ جو آنکھوں میں لگایا جاتا ہے ۔

کُحلُ الجَواہَر ۔ وہ سرمہ جس میں تقویت کے واسطے مروارید ناسفتہ اور دیگر جواہر ڈالتے ہیں ۔ جواہرات کا سرمہ ۔

کَدْ کرنا ۔ ضد کرنا ۔ اصرار کرنا ۔ کسی بات کی پخ کرنا ۔ سعی کرنا ۔

کِدارا۔ (موسیقی) دیپک راگ کی ایک راگنی۔ (وقت نصف شب)۔
کَدَر۔ گندگی۔ میلاپن۔ گدلاپن۔ دل کا غبار۔ عداوت۔
کَدَم۔ ایک قسم کا درخت۔ اس کا پھول خوش رنگ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ ایک سایہ دار درخت جس پر کرشن جی نہاتی ہوئی گوپیوں کے کپڑے لے کر چڑھ گئے تھے۔
کُدُورَت۔ گدلاپن۔ میل۔ گندگی۔
کَدیوَر۔ مالی۔ باغبان۔ مالک مکان۔
کَرْ۔ جو سُن نہ سکے۔ بہرا۔ گراں گوش۔
کُر۔ بچوں کو ہنسانے کے لیے کانا باتی کے ساتھ شامل ایک آواز۔ پانی کا ایک پیمانہ۔ اناج کا ایک پیمانہ۔
کَرکَر۔ سخت چیز کو دانتوں سے چبانے کی آواز۔
کُرْبَت۔ دُکھ۔ بیکلی۔ رنج۔
کِرْپا۔ (ہندو) مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔
کَرْپاس۔ سُوتی کپڑا۔ گاڑھا۔ کھدر۔

کَرْتا اَرْمان نہ کرتا پشیمان۔ (مثل) تجربے کے بعد ہی انسان کسی کام کی اونچ نیچ سمجھ سکتا ہے۔ اس فعل کی نسبت کہتے ہیں جس کا عمل کرنے والا پچھتائے اور نہ کرنے والا ارمان کرے۔
کُرْتا۔ ایک قسم کا لباس۔ قمیص۔
کَرْتَب۔ ۱۔ فعل۔ عمل۔ کھیل۔
۲۔ داؤ پیچ۔
۳۔ شعبدہ بازی۔
کَرارا۔ ۱۔ سخت۔ کڑا۔ مضبوط۔
۲۔ خستہ۔
کَرام۔ (کریم کی جمع) سخی۔ فیاض (عموماً) بزرگ کے احترام کے لیے۔
کَرامَت۔ عظمت۔ بزرگی۔ انوکھی بات۔ کرشمہ۔ تعجب انگیز بات۔
کِرَاماً کاتِبِین۔ وہ فرشتے جو مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ہر آدمی کے ساتھ دائیں بائیں تعینات ہیں اور اس کی نیکیاں اور برائیاں لکھتے رہتے ہیں۔
کَراں تا کَراں۔ ایک کنارے

سے دوسرے کنارے تک۔ یہاں سے وہاں تک۔ ہر جگہ۔ چاروں طرف۔

کَراہ ۔ ایک پھیلے ہوئے آہنی ظرف کا نام جس میں پکوان وغیرہ پکتے ہیں۔ بڑی کڑاہی۔

کُرسی ۔ لکڑی، لوہے یا کسی اور پائدار چیز کی ایسی نشست گاہ جس پر ایک آدمی پیر لٹکا کر آرام سے بیٹھ سکے عموماً اس کے چار پائے دو بازو (بعض کے نہیں ہوتے) اور پشت ہوتی ہے۔ بیٹھنے کی جگہ لکڑی یا لوہے کا تختہ لگا دیتے ہیں یا بید وغیرہ سے بُن دیتے ہیں اچھی قسم کی کرسیوں میں گدے بھی لگے ہوتے ہیں۔

کُرکُری ۔ گھوڑے کی ایک بیماری جس میں پیشاب بند ہوجاتا ہے۔ جانوروں کا درد شکم۔

کِرکِری کرنا ۔ (محاورہ) ذلیل کر دینا۔ بے عزت کر دینا۔ شرمندہ کر دینا۔

کُرتی ۔ بے آستینوں کا اونچا کُرتا جسے عورتیں انگیا کے طور پر پہنتی ہیں۔ سینہ بند۔

کَرتُوت ۔ فعل۔ کام۔ برے کام۔ بُری حرکتیں۔

کِرچ ۔ دو دھاری سیدھی تلوار جو فوجی افسروں کے پاس ہوتی ہے۔

کَرچھا ۔ لوہے کا ایک ڈنڈی دار پیالے کی شکل کا ظرف جس میں گھی وغیرہ گرم کرتے ہیں۔

کَرچھال ۔ چوکڑی۔ چھلانگ۔ زقند۔

کَرَخت ۔ سخت۔ کڑا۔

کِردگار ۔ کارساز۔ کام بنانے والا مراد خدا تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔ کرتار۔

کَردھنی ۔ ایک قسم کی زنجیر جسے کمر میں باندھتے ہیں۔ کمربند۔ ازار بند۔ ایک وضع کی زنجیر یا ڈوری جسے کمر میں باندھتے ہیں۔ کمر میں باندھنے کا ایک زیور جو زنجیر کی شکل کا ہوتا ہے۔

کُرسیِٔ ہُدہُد ۔ کلغی

کَرشمہ سنجی ۔ شعبدہ گری۔ معجزہ دکھانا۔ انوکھا کام کرنا۔

کَرکھ ۔ برج سرطان۔ کرک۔

کرکا چھوڑ تماشے جائے۔ ناحق کی چوٹ جولاہا کھائے

(مثل) اپنے کام چھوڑ کر اوروں کی ریس کرنے میں نقصان ہوتا ہے۔

کَرگدن ۔ ہاتھی سے قدرے چھوٹا ایک نہایت تنومند اور

طاقت ور جانور جس کی ناک کے قریب سینگ ہوتا ہے اور جس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔

کَرْگَس ۔ گدھ ۔

کَرَم ۔ مہربانی ۔ سخاوت ۔ بخشش ۔

کُرْمَہ ۔ ۱۔ بدن ۔

۲۔ زنبور ۔

کِرَن ۔ سنہری ۔ روپہلی تاروں کی بنی ہوئی لیس جو بھاری دوپٹوں کے آنچلوں یا کامدار ٹوپی پر لگاتے ہیں ۔ قبضۂ شمشیر کے کنارے اور جوتی کے حاشیے پر بھی لگائی جاتی ہے ۔

کَرَنا ۔ نفیری ۔ ترئی ۔ بگل ۔

کَرْنال ۔ بگل ۔ قرنا ۔ ایک وضع کی توپ ۔

کَرْنِی ۔ (معماری) چنائی کے کام میں ردوں پر گارا یا چونا پھیلانے اور دیوار وغیرہ پر استرکاری کرنے کا اوزار ۔

کَرّوبی ۔ مقرب فرشتہ ۔ اعلیٰ درجے کا فرشتہ ۔

کَرْوَٹ ۔ پہلو ۔ لیٹے ہوئے انسان کا دایاں بایاں پہلو ۔

کَرّ و فَر ۔ شان و شوکت ۔ تزک و احتشام ۔ ٹھاٹ باٹ ۔

کُرّۂ زَمْہَرِیر ۔ کرۂ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے ۔

کُرّۂ نار ۔ آگ کا کرہ جس کے متعلق قدما کا خیال تھا کہ یہ سب سے اونچا آسمان ہے ۔

کِرْیا کَرْم ۔ مردے کو کفنانے اور جلانے وغیرہ کے مذہبی رسوم ۔ میت کی آخری رسوم ۔

کُٹیا ۔ (ہندو) کٹیا ۔ جھونپڑی ۔

کُرْبال ۔ ۱۔ پرندوں کا خوشی کی حالت میں بے کھٹکے بیٹھ کر اپنے بازوؤں کو کھجانا اور سہلانا ۔

۲۔ پرندوں کا خوش ہو کر پَر پھڑپھڑانا ۔

کِرْیل ۔ ایک خاردار بے برگ جھاڑی جس کا کانٹا بہت زہریلا ہوتا ہے ۔ اس جھاڑی کا پھول سرخ ہوتا ہے ۔

کُرْیَل ۔ (لوہاری) چھوٹی قسم کا نازک چیز پکڑنے کا قلم کی شکل کا گیرا ۔ پرند کا چونچ سے پروں کے اندر کھجانا اور پرانے پر نکالنا ۔

کَرِیلا ۔ ۱۔ ایک قسم کی کڑوی ترکاری جو بیل میں لگتی اور بد صورت میں کھردری ہوتی ہے پکانے کے بعد مزیدار ہو جاتی ہے اور طرح طرح سے پکائی جاتی ہے ۔

۲۔ (پہلوانی) ایک قسم کا مگدر ۔ مگدر گھمانے کی کسرت ۔

۳- ایک قسم کا پرندہ۔
کَرِیم - کرم کرنے والا۔ بخشنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ بزرگ و برتر۔
کَرِیوَہ - ٹیلا۔
کَرِیہہ - وہ جس سے کراہت آئے۔ مکروہ - گھناؤنا - بھونڈا۔
کَرِیہُہ الصَّوت - مکروہ آواز والا - ناگوار آواز والا۔ بُری اور بھدی آواز والا۔
کَڑا - سونے چاندی وغیرہ کا حلقے کی شکل کا زیور جو عورتیں کلائی یا پنڈلی میں پہنتی ہیں۔ سخت (نرم کا نقیض)۔
کَڑاک - کوڑے پڑنے کی آواز۔
کَڑاہ - کڑھاؤ جو فصیح ہے۔ بڑی کڑاہی - کڑھاؤ - بڑا کڑھاؤ۔
کَڑِیَل - طاقت ور - قد آور۔
کَڑَاہی - ایک پھیلا ہوا آہنی برتن جس میں حلوہ وغیرہ پکاتے اور پوریاں اور مٹھائیاں تلتے ہیں۔
کَڑ بَڑی - سیاہ و سفید - کبری - کھچڑی - تل چاولی۔
کَڑَبْ - جو یا باجرے کا ڈنٹھل جسے کتر کر مویشیوں کو کھلاتے ہیں۔
کَڑکا - رجز خوان - میدان جنگ میں اپنے بادشاہ اور امرا کی مدح سرائی کرنا - جے کار لگانا۔ جے بولنا - حمایت میں نعرہ لگانا۔
کَڑکَیَت - وہ شخص جو بادشاہ کی سواری کے آگے یا میدان جنگ میں سپاہیوں کو جوش دلانے کے لیے آواز لگاتا ہے - نقیب - کڑکا لگانے والا۔

کَڑھاؤ چَڑھنا - (محاورہ)
۱- کڑھائی چولھے پر رکھنا (پکوان کے لیے)۔
۲- پکوان پکانا۔
۳- شادی پر ضیافتوں کا انتظام کرنا۔
کَژدُم - بچھو - عقرب۔
کِس کھیت کی مُولی ہو - (فقرہ) محض بے حقیقت ہے۔ بے قدر و قیمت ہے - ناقابل توجہ ہے - (کسی کو بے حقیقت ظاہر کرنے کے لیے مستعمل)۔
کَسا - کَس جانا - کھنچ جانا - تا نا جانا - سختی سے بندھ جانا - کسا جانا - سختی سے باندھا جانا۔
کَسا - تنا ہوا - تراکیب میں مستعمل جیسے کسا جانا - کسا ہوا۔
کَسا جَانا - (محاورہ) تنا ہونا۔ کسی چیز کا چُست باندھا جانا۔

دبا ہوا ہونا۔
کِسان ۔ (زمین میں ہل چلا کر) غلہ اگانے والا۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔
کِسانی ۔ کھیتی باڑی۔ کاشتکاری۔ زراعتی کام کاج۔
کَساوَٹ ۔ تناؤ۔ کھنچاؤ۔
کَسبِی ۔ زن بازاری۔ رنڈی۔ طوائف۔ پیشہ کمانے والی۔ کوٹھے پر بیٹھنے والی۔
کَشتِی ۔ شراب۔ ناؤ۔ کشتی نما ظرف۔ کشتی کی طرح کا برتن۔ شراب پینے کا کشتی نما پیالہ۔ جام شراب۔
کَسرَت ۔ ورزش۔ ریاضت۔
کَسَل ۔ سستی۔ کاہلی۔
کَسلمَنْد ۔ ناساز۔ بدمزہ۔ نا درست۔ بگاڑ۔ خرابی (طبیعت یا مزاج کے لیے مستعمل)۔
کَسما ۔ ترشی (تراشی) ہوئی لٹ جو رخساروں پر بل کھا رہی ہو۔ وہ بال جن کو کتر کر اور خم دے کر رخساروں پر خوب صورتی کے واسطے رکھتے ہیں۔
کِسوَت ۔ نائی پیٹی۔ چمڑے کا خانہ جس میں نائی اپنے اوزار رکھتے ہیں۔ کسبت۔
کُسُوف ۔ سورج گرہن۔
کِسیرو ۔ ایک خوردنی جڑ جس کا پودا جو تالابوں اور دریاؤں کے کنارے پیدا ہوتا ہے اور اس کی جڑ جائفل کے برابر اور سیاہ رنگ کی ہوتی ہے اور اس پر بالوں کی مانند ریشے لگے ہوتے ہیں۔ اس کے اندر سے سفید اور شیریں مغز نکلتا ہے۔

کِسی طَرَف کا نہ ہونا یا نہ رَہنا ۔ بالکل مجبور و ناچار ہوجانا۔
کَشاکَش ۔ کھینچا تانی۔ چھینا جھپٹی۔
کُشتوں کے پُشتے ۔ (محاورہ) لاشوں کا ڈھیر ہوجانا۔ بہت سے آدمیوں کا مارا جانا۔ مقتولوں کا انبار لگ جانا۔
کُشتہ ۔ (کنایتہً) مٹایا ہوا۔ ستایا ہوا۔
کُشتۂ سِحر ۔ جادو کیا ہوا۔ مسحور۔
کَشکُول ۔ کاسہ۔ بھیک مانگنے کا پیالہ۔ کاسۂ گدائی۔
کَشمِیر ۔ ایک اعلیٰ درجے کی نشہ آور شے (ق)۔
کَشمِیر و کاشغَر ۔ ایک مشہور سرسبز و شاداب پہاڑی علاقے اور ملک کا نام جو پنجاب کے شمال و مشرق میں واقع ہے

اور بعض غیر معمولی مصنوعات کے لیے مشہور رہے ۔

کُشَندَہ ۔ مار ڈالنے والا ۔ قاتل ۔

کِشوَر ۔ ملک ۔ ولایت ۔ اقلیم ۔

کِشوَرگیر ۔ فاتح ۔ ملک فتح کرنے والا ۔ ہتھیانے والا ۔

کَشِیشان (کَشیش) ۔ قسیس ۔ پادری ۔ دین نصاریٰ کا حاکم ۔

کَعبَہ ۔ سر کی چوکور ہڈی ۔ پانسا ۔

کَف ۔ ۱ ۔ جھاگ ۔ پھین ۔
۲ ۔ لعاب ۔ تھوک ۔

کَفِ پا ۔ تلوا ۔ پاؤں کا تلوا ۔

کَفِ دَست ۔ ہاتھ کی ہتھیلی ۔

کَفاف ۔ اتنی معاش جو بسر اوقات کے لیے کافی ہو ۔ روزمرہ کا خرچ ۔ وظیفہ ۔ نان و نفقہ ۔ روٹی کپڑا وغیرہ ۔

کَفچَہ ۔ چھوٹا کف گیر ۔ بڑی ڈنڈی کا چمچہ نما ظرف جس سے ہنڈیا میں سے سالن وغیرہ نکالتے ہیں ۔

کَفگِیر ۔ (کف گیر) ۔ دیگ یا ہانڈی کے اندر سے کوئی چیز نکالنے کا آلہ ۔ ان میں سوراخ بھی ہوتے ہیں ۔ ڈوئی ۔

کُفر ۔ اللہ کے وجود سے انکار ۔ اللہ کو نہ ماننا ۔ بے دینی ۔ گمراہی ۔ اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری ۔

کَفش خانَہ ۔ اپنے مکان کو انکسار سے کہتے ہیں گویا کہ مخاطب کی جوتیاں رکھنے کی جگہ ۔ غریب خانہ ۔

کَفَل ۔ چوتڑ ۔ سرین ۔ پٹھا (عموماً جانور جیسے گھوڑے ہرن وغیرہ کا) ۔

کَفَن ۔ میت کو پہنانے کے بغیر سلے کپڑے جو ہر مذہب میں اس کے رواج اور قاعدے کے مطابق ہوتے ہیں ۔ مسلمانوں میں مرد کے لیے تین اور عورتوں کے لیے پانچ کپڑے ہوتے ہیں ۔ مردہ کو لپیٹنے کی چادر ۔ مردے کا کپڑا ۔

کَفِیل ۔ ضامن ۔ ذمہ دار ۔ مددگار نیز (عموماً) خاندان بھر کی کفالت کرنے والا شخص ۔

کَل جِبّھا ۔ جس کی زبان سے نامناسب الفاظ نکلیں ۔ کالی زبان والا ۔ بدشگونی کرنے والا ۔ جس کے کوسنے میں اثر ہو ۔

کَل چِڑی ۔ (مجازاً) سیاہ فام عورت ۔ چڑیل ۔

کَل مُنہے ۔ کالے منہ کا ۔ سیاہ فام (مجازاً) کم بخت ۔ بدنصیب ۔

کَلّا ۔ جبڑا ۔ گال ۔ گال کے اندر کا حصّہ ۔

کُلْوَارَن ۔ (کلارن) ۔ کلار ذات کی عورت ۔ کلار کی بیوی۔ شراب بیچنے والی عورت ۔

کُلوَاڑنی ۔ کلارنی ۔ کلارن ۔

کُلْبۂ اَحْزان ۔ حزن یا رنج و الم کا گھر۔ غم کدہ ۔ غم کا گھر۔

کُلْپنا ۔ کوفت میں بسر کرنا ۔ غم کرنا۔ تڑپنا ۔ دکھ پانا۔

کُلْچَہ سے گال ۔ پھولے ہوئے گال ۔

کَلغا ۔ ایک پودا جس میں سُرخ یا زرد رنگ کے بڑے بڑے مخملی پھول آتے ہیں ۔ یہ برسات میں ہوتا ہے ۔ تاج خروس ۔ بستان افروز ۔ مُرغ کیس ۔

کَلَس ۔ گنبد کے اوپر کی کلغی ۔ قبہ تو ہے یا پیتل کا یا تانبے کا سنہری ملمع کیا ہوا ۔ سرطوق گنبد ۔ میل سر گنبد۔

کَلْغی ۔ ۱۔ طرہ جو بطور آرائش پگڑی۔ ٹوپی یا تاج میں لگاتے ہیں ۔ اتا قہ ۔

۲ ۔ تاج کی طرح پروں کا گچھا جو بعض پرندوں کی چوٹی پر ہوتا ہے ۔

کَلَف ۔ ۱ مار جو کپڑوں کو لگاتے ہیں ۔

کُلْفَت ۔ رنج ۔ تکلیف ۔ مشقت ۔

کِلْک ۔ قلم ۔ خاصہ ۔ قلم کا نیزہ ۔

کَلِمَہ ۔ لفظ ۔ قول ۔ بات ۔ فقرہ۔ ابھی سے ہی جھگڑا ۔ (قواعد) وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منھ سے نکلے ۔

۲۔(شرع) وہ جملہ جو بالعموم ایمان کے اقرار کے لیے ادا کیا جائے ۔ شریف لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

کَلِمات ۔ اچھے الفاظ ۔ باتیں ۔ شیریں اقوال ۔

کُلَنگ ۔ سارس سے مشابہ ایک مٹیالے رنگ کا آبی پرند جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور جو لق لق سے بڑا ہوتا ہے ۔

کُلْوا ۔ (کلو کی تصغیر یا تحقیر)۔ کالا کلوٹا۔

کُلْوابیر ۔ ایک فرضی سیاہ فام موکل جسے جادو ٹونا کرنے والے مدد کے لیے پکارتے ہیں ۔

کُلْوا بھیرُوں ۔ ایک فرضی ہیبت ناک بہت سیاہ فام موکل جسے جادو ٹونا کرنے والے مدد کے لیے پکارتے ہیں۔

کُلْوا مَمدا ۔ ایک فرضی سیاہ

فام موکل جسے جادو ٹونا کرنے والے مدد کے لیے پکارتے ہیں۔ (ق)

کُلْوار ۔ شراب کشید کرنے اور بیچنے والا۔ بادہ فروش۔ کلال۔

کِلْوَل ۔ ۱۔ اچھل کود۔ کھیل کود۔ ۲۔ دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ۔ خوش طبعی۔

کَلّہ زَنی ۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ شیخی۔ ڈینگ۔

کُلّۂ عَمُود ۔ گرز کے سرے کا بھاری حصہ جس سے مارتے ہیں۔

کَلّا گَرْم ہونا ۔ (محاورہ) ذرا سا کھایا جانا۔

کُلْھیا ۔ ہنڈی کا چھوٹا گول برتن۔

کَلی ۔ ایک وضع کا حقہ۔ جو ابتدا میں صراحی نما یعنی کلی کا شکل کا بنایا جاتا تھا مگر اب اس کے علاوہ اور وضع کی بھی کلیاں نکلی ہیں۔

کَلی دار ۔ کرتا یا پاجامہ وغیرہ جس میں کلیاں پڑی ہوتی ہیں۔

کَلیجہ مُنھ کو آنا ۔ (محاورہ) انتہائی قلق اور اضطراب ہونا۔ کلیجا الٹنا۔

کَلیجی ۔ کلیجہ۔ جگر۔

کَلیچہ ۔ نان۔ روغنی نان۔ کلچہ۔

خمیری روٹی۔

کَلِید ۔ کنجی۔ چابی۔ تالی۔

کُلَیل ۔ حیوانوں اور پرندوں کی اچھل کود۔ جست خیز۔ چوکڑی۔

کُلال ۔ مٹی کے برتن بنانے والا۔ کمھار۔ کاسہ گر۔

کَلام ۔ بات۔ بات چیت۔

کَلاوَنْت ۔ خاندانی گویا۔ پیشہ ور گویا۔ مغنی۔ ایک قسم کے ڈوم۔

کَلاوہ ۔ سرخ اور زرد گنڈے دار رنگا ہوا کچا سوت جو شادی بیاہ اور تعویذ گنڈوں اور دوسری تقریبات میں کام آتا ہے۔ وہ رسی جو ہاتھی کی گردن میں ڈال کر فیل بان اس میں اپنے پیر جماتا ہے۔

کُلاہ ۔ ٹوپی۔ پگڑی۔

کُلاہِ مِہی ۔ تاج شاہی۔ (ق)

کَلاَنْچ ۔ زہریلے سانپ سنگچور کی ایک قسم۔

کَلائی ۔ ہاتھ کی کہنی سے لے کر پہنچے سے اوپر تک کا حصہ نیز وہ حصہ جو ہاتھ کے جوڑ کے قریب ہے اور جس جگہ عورتیں چوڑیاں پہنتی ہیں۔ پہنچا۔ ساعد۔

کَلْب ۔ کتا۔ سگ۔

کَمْبَخْت ۔ بدنصیب۔ بے نصیب۔ تقدیر کا ہیٹا۔

کَمْتَرِینَہ (کم ترین کی تانیث)۔

حقیر۔ ناچیز۔
کَما حَقّہٗ ۔ جیسا کہ اس کا حق ہے۔ ٹھیک ٹھیک ۔ بخوبی ۔ جیسا کہ چاہیے۔
کَما ہِیَ ۔ جیسا کہ وہ ہے ۔ (مجازاً) پورا ۔ کامل ۔ واقعی ۔
کَمال ۔ ہنر ۔ خاص خوبی یا وصف۔ جوہر ۔ لیاقت ۔
کَمان ۔ تیر چلانے کا قوسی شکل کا ایک آلہ ۔ قوس ۔
کَمانِ کیانی ۔ کیانی خاندان سے منسوب کمان ۔ نہایت عمدہ کمان ۔
کَمانچہ ۔ ایک وضع کی سارنگی ۔ ایک آلہ ۔ موسیقی کے ساز بجانے کی کمان ۔
کَماندار ۔ تیر چلانے والا ۔ تیر انداز ۔ سپاہی ۔
کَمپا ۔ لمبی چھڑ جس میں لاسہ لگا کر پرندوں کو پکڑتے ہیں ۔
کَمٹھے ۔ کمان (خصوصاً بانس کی بنی ہوئی) ۔
کَمخواب ۔ ایک قیمتی ریشمی کپڑا ۔ یہ مختلف وضع کا ہوتا ہے ۔ بعض میں بادلے کے تار تانے بانے میں ہوتے ہیں ۔ بعض میں زربفت کے تار ہوتے ہیں ۔
کَمَر ۔ ۱۔ جسم میں پیٹھ کا نچلا اور کولھے کے اوپر کا حصہ ۔
۲۔ کسی چیز کا درمیانی حصہ ۔ وسط ۔
کَمَربَندی ۔ کمربستہ ہونا ۔ مستعدی ۔ تیاری ۔
۲۔ فوج کا مسلح اور لیس ہونا ۔ فوج کا حملے اور کوچ کے لیے تیار ہونا ۔ تیاری ۔ مستعدی ۔
کَمَرپٹی ۔ انگرکھے کی زینت کے لیے کمر میں دوسرے رنگ کی پٹیاں لگانا ۔
کَمَرتوئی ۔ انگرکھے کی زینت کے لیے کمر پر جو کپڑا ٹانکا جاتا ہے ۔
کَمَرکھ ۔ ایک درخت یا اس کا پھل جو شش پہلو ہوتا ہے ۔ پکنے پر زرد رنگ اور مزے میں ترش و شیریں ۔
کَمَری ۔ ایک وضع کی جیکٹ ۔ مرزئی ۔ نیمہ ۔ واسکٹ ۔ صدری ۔
کَمسِن ۔ کم عمر ۔ نو عمر ۔ چھوٹا ۔
کَمَّل ۔ بھیڑ کے بالوں سے بنا ہوا اوڑھنے کا کپڑا جو بارش اور سردی سے محفوظ رہنے کے واسطے جسم کو ڈھانپنے کے کام آتا ہے ۔
کُملانا ۔ (چہرے وغیرہ کا) افسردہ ہو جانا ۔ نڈھال ہو جانا ۔ غمگین ہونا ۔ مرجھانا ۔ پژمردہ ہونا ۔
کَمَلی ۔ چھوٹا کمل ۔ کمبل ۔
کَمَلی کَتھری ۔ بستر اور کپڑے لتے

مال و اسباب ۔ ساز و سامان ۔
جمع پونجی ۔
کُمھار (کمار) ۔ مٹی کے برتن بنانے والا ۔
کُمک ۔ ۱۔ مدد ۔ سہارا ۔
۲۔ وہ مزید فوج یا جنگی ساز و سامان جو میدان جنگ میں سپاہیوں کی مدد کے لیے بھیجی جائے ۔ فوجی امداد ۔
کَمَند ۔ ایک پھندے والی لمبی اور مضبوط رسی ۔ جسے کسی کو گرفتار کرنے یا پکڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔
کَمَند آصفی ۔ اس کی صفت یہ ہے کہ جتنا کہو گے گھٹ جائے گی اور بڑھنے کو کہو گے بڑھ جائے گی اور کسی چیز سے وہ نہ کٹے گی ۔
کَمی ۔ کم ہونے کی حالت ۔ قلّت ۔
کُمیت ۔ وہ گھوڑا جس کا رنگ عناب یا تازی کھجور کے مانند سیاہی مائل سرخ ہو ۔ (گھوڑے کا یہ رنگ تمام رنگوں میں افضل سمجھا جاتا ہے اس رنگ کا گھوڑا گرمی سردی اور سفر کی تکالیف کا بہت متحمل ہوتا ہے اور بہت لمبی منزلیں طے کرتا ہے) ۔
کِمیدان ۔ کپتان کا ماتحت فوجی عہدے دار ۔
کِمیدانی ۔ کمیدان کا عہدہ یا کام ۔
کَمیرے (کمیرا) ۔ (عموماً کاشت کاری یا صنعت وغیرہ میں) اجرت پر محنت مزدوری کرنے والا ۔ مزدور ۔ خدمت گار ۔
کمین گاہ ۔ گھات لگانے کی جگہ ۔
کمینہ اپنی اصالت پر جاتا ہے ۔ کمینہ اپنی کمینگی سے باز نہیں رہتا ۔ کمینہ اپنی سرشت نہیں بدل سکتا ۔
کَن دینا ۔ (محاورہ) فن یا کرتب کا ہاتھ دکھانا ۔ کشتی میں داؤں یا پینترا چلنا ۔ ہلکا سا جھٹکا دینا ۔
کُن ۔ ہو جانا ۔ پیدا ہو جانا ۔ وجود میں آجانا ۔
کِنار ۔ آغوش ۔ پہلو ۔ بغل ۔ گود ۔
کِنارہ کرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ الگ کرنا ۔
کُتّاس ۔ ۱۔ جاروب کش ۔ بھنگی ۔
۲۔ شرارتی ۔ شیطان ۔
کَنپٹی لپکنا ۔ (محاورہ) ۔ کن پٹی کی رگوں کا اُچھلنا اور اُبھرنا ۔
کَنتھا ۔ محبوب ۔ پیارا ۔ مالک ۔ آقا (مجازاً) شوہر ۔ خاوند ۔
کَنٹر ۔ مینا ۔ شراب انڈیلنے کا

صراحی نما ظرف۔
کَنٹَک ۔ کانٹا۔ خار۔ کوئی نوک دار چیز۔
کَنٹُوپ ۔ بڑی ٹوپی یا ٹوپا جو پہننے پر کانوں تک آئے۔
کَنٹھا ۔ گردن میں پہننے کا چاندی یا سونے کا لڑی کی طرح کا زیور بعض میں موتی اور جواہرات بھی ٹکے ہوتے ہیں۔
کُنج ۔ ۱۔ کونا۔ گوشہ۔
۲۔ قاز۔ کونج۔
۳۔ درختوں کا جھنڈ۔
کُنجڑا ۔ ہندوؤں میں ایک قوم جو سبزی اور پھل بیچتی ہے نیز اس قوم کا فرد۔ ترکاری اور پھل بیچنے والا۔
کُنجڑن ۔ سبزی فروش عورت۔
کَنجشک ۔ ایک چھوٹا پرند۔ چڑیا جو ویرانے کے بجائے گھروں میں گھونسلے بناتی اور رہتی ہے۔ گرگریا۔
کُجَل ۔ ایک قسم کا بڑا ہاتھی۔ بڑا اور قوی الجثہ ہاتھی۔
کُنجی ۔ چابی۔ کلید۔
کَنچن ۔ سونا۔ زر۔ طلا۔
کُندَن ۔ اعلیٰ قسم کا صاف کیا ہوا سونا۔
کُندَنی ۔ سونے کا سا۔ سنہری۔
کَندلا ۔ غار۔ کھڑی چٹان۔ پہاڑ کی کھو۔
کُندلا ۔ ایک قسم کا چھوٹا خیمہ۔ راوٹی کے طرز کا چھوٹا خیمہ۔
کَندَہ ۔ نقش کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔
کُندَۂ جَہنّم ۔ جہنم کا ایندھن۔
کُندَۂ ناتَراش ۔ بے تمیز۔ ان پڑھ۔ جاہل۔ اجڈ۔
کُندے تولنا ۔ (محاورہ)۔ بلندی کی جانب پرواز کرنے کی تیاری کرنا۔ پرواز کے لیے تیار ہونا۔
کَندھیا ۔ (مجازاً) حسین۔ خوبصورت۔ محبوب۔
کُندی کرنا ۔ (محاورہ) ۱۔ موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا۔
۲۔ گت بنانا۔ مار مار کر ادھ موا کرنا۔ خوب مارنا۔ پیٹنا۔
کَنڈا ۔ اُپلا۔ سوکھا ہوا گوبر۔
کُنڈا ۔ بڑی کنڈی۔ چھوٹا یا بڑا حلقہ یا وہ قوس نما کانٹا یا کڑا جس میں زنجیر ڈالتے ہیں یا کوئی اور چیز پھنساتے ہیں۔
کُنڈَل ۔ حلقہ۔ دائرہ یا چکر۔ بلاؤں سے بچنے کے لیے کوئی منتر

یا دعا پڑھ کر اپنے گرد ایک حصار بنا لینا۔

کُنڈلی کھینچنا ۔ (محاورہ) حلقہ یا دائرہ بنانا یا کھینچنا۔

کُنکَر ۔ ۱۔ ایک قسم کا پتھر جسے بھٹی میں پکا کر سفیدی بنائی جاتی ہے اور اصلی حالت میں سڑکیں بنانے کے کام آتا ہے۔
۲۔ پتھر کا چھوٹا ٹکڑا ۔ سنگ ریزہ ۔

کُنکَروں (کُنگرا) ۔ ہٹا کٹا ۔ موٹا تازہ ۔ فربہ شخص ۔ شیر جیسا طاقتور ۔

کُنگرَہ ۔ دندانہ نما محراب جو دیوار کے اوپر بنا دیتے ہیں ۔ فصیل یا دیوار کے اوپر محرابی شکل کی ایک آرائشی تعمیر ۔ وہ طاقچے جو خوب صورتی کے واسطے شہر کی فصیل یا قلعے کی دیوار وغیرہ کی منڈیر میں بنائے جاتے ہیں ۔

کُنگڑا ۔ موٹا تازہ ۔ ہٹا کٹا ۔ مضبوط آدمی ۔

کَنگَن ۔ کلائیوں میں پہننے کا جڑاؤ یا کنگورے دار زیور ۔

کَنگنا ۔ (ہندو) کلاوے کا ڈورا جو شادی میں بھیروں کے وقت دولھا کی داہنی کلائی اور دلہن کی بائیں کلائی میں شگون کے طور پر باندھتے ہیں ۔ اس میں لوہے کا چھلا ۔ ڈوئی کوڑی ، سپاری کی ڈلی اور کالا دانہ وغیرہ بھی بندھا ہوتا ہے۔

کَنگھی ۔ چھوٹا کنگھا جس کے دونوں رخ پر دندانے ہوتے ہیں ۔ مختلف وضع اور سائز کا ہوتا ہے ۔ سینگ ، ہاتھی دانت اور بعض دھاتوں کا بھی بنا ہوتا ہے ۔

کُنوارپَن ۔ کنوارپن ۔ دوشیزگی ۔ بکارت ۔ اچھوتاپن ۔

کُنوارِ پِنڈا ۔ اچھوتا بدن ۔ مراد بن بیاہا ۔ بن بیاہے جسم والا ۔ کنوارا ۔ کنواری ۔

کُنواری کَنّیا ۔ کنواری ۔ کمسن لڑکی ۔ (ق) ۔

کُنواں ۔ زمین میں گول گڑھا کھود کر اس کے گرد اندر کی طرف لکڑی کا گول چکر رکھ کر اس کے اوپر پختہ اینٹوں سے عمارت چن دیتے ہیں ۔ اس کو کنواں کہتے ہیں ۔

کُنویں جھانکنا ۔ (محاورہ) ۔ حیران و پریشان ہونا ۔ آوارہ پھرنا ۔ مصیبتیں جھیلنا ۔

کُنویں جھکوانا ۔ (محاورہ) بہت تلاش کرنا ۔ تھکا مارنا ۔

کِنواڑے (کِنواڑا)۔ دروازہ۔ کھڑکی یا روشن دان وغیرہ کو بند کرنے یا کھولنے کا پٹ۔
کَنَوتی ۔ کان (خصوصاً) چوپائے مثلاً گھوڑے اور ہرن وغیرہ کا کان نیز دوڑنے والے جانوروں کا کان جو دوڑ میں اوپر اٹھے رہتے ہیں۔
کَنَوتیاں بَدَلنَا ۔ (محاورہ) غصہ یا خوف وغیرہ کی حالت میں گھوڑے کا کبھی دونوں کانوں کو ملانا اور کبھی الگ کرنا۔ کانوں کو غیر معمولی حرکت دینا۔
کُنوَر (کَنَدھیّا) ۔ بیٹا۔ خصوصاً راجا کا بیٹا۔ شہزادہ۔ راج کمار۔
کَنوَل ۔ فانوس کی ایک قسم۔ کنول یا کھلے ہوئے پھول سے مشابہ ایک فانوس جس میں موم بتی یا بلب لگاکر روشن کرتے ہیں۔
کَنوَل ۔ دریائی پودے کا پھول جو سطح آب پر کھلتا ہے۔ (شعرا کنول کے غنچے کو دل سے تشبیہ دیتے ہیں)۔
کَنَھیّا ۔ ہندوؤں کے ایک اوتار سری کرشن جی کا لقب (کنایتہً) خوبصورت۔ ملیح۔حسین۔
کَنَیّا ۔ کنواری۔ کمسن لڑکی۔
کَنیز ۔ خدمت گار عورت۔ باندی۔ بندی۔ لونڈی۔
کَنیزی ۔ باندی پن۔ خدمت گاری۔ کنیز ہونا۔
کوَت ۔ مطلب۔ واسطہ۔ تعلق۔ رستہ۔
کُوتاہی ۔ ۱۔ کمی۔ خامی۔ چھوٹا ہونا۔ (کنایتہً) اختصار۔
۲۔ توجہ میں کمی۔ غفلت۔ عدم توجہ۔ بے پروائی۔
کوّا کُہار ۔ کوؤں کی طرح ایک ساتھ کائیں کائیں کرنا اور حملہ آور ہونا (مجازاً) دشمن کا نرغہ۔ مخالفوں کا جمگھٹ۔
کَواکِب ۔ (ہئیت) نجوم ۔ ستارے۔ سیارے۔ تارے۔
کُوتَل ۔ وہ گھوڑا جو ساز اور دیگر سامان زیب و زینت سے آراستہ ہو لیکن صرف نمود و نمائش کے لیے۔ بادشاہوں یا امیروں کے جلوس کے آگے آگے ساتھ ساتھ چلتا ہو اور اس پر کوئی سوار نہ ہو۔ خاص قسم کا شاہی گھوڑا۔
کُوتوال ۔ ۱۔ محافظ۔ محافظ قلعہ۔ قلعہ دار۔
۲۔ محافظ شہر۔ پولیس کا افسر جس کے تحت شہر کا بڑا تھانہ ہو۔

کُوتھی ۔ وہ حلقہ نما تسمہ جو تلوار یا پیش قبض وغیرہ کی میان میں بطور شام لگا ہوا ہوتا ہے ۔ میان کا چھلا۔

کُوٹ ۔ قلعہ ۔ گڑھ ۔ شہر پناہ ۔ حصار ۔

کُوٹ باندھنا ۔ (محاورہ) حصار کھینچنا ۔ روک قائم کرنا۔ چار دیواری اٹھانا ۔ فصیل بنانا ۔

کُوٹھا ۔ ۱۔ جانوروں کے باندھے جانے کا کمرہ ۔ بخت باڑھ ۔

۲ ۔ گودام ۔ ہتھیار وغیرہ کو قرینے سے رکھنے کی جگہ ۔

کَوثر ۔ بہشت کی ایک نہر کا نام جو اس کے اندر جاری ہے ۔ چشمہ اور حوض کا نام ۔

کُوچ ۔ روانگی ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کا عمل ۔ سفر۔ کوچ کرنا (محاورہ) روانہ ہونا ۔ سفر اختیار کرنا ۔ چل دینا ۔

کُور ۔ اندھا ۔ نابینا ۔ بصارت سے محروم ۔

کُوراپنڈا ۔ کنوارا یا کنواری ۔ غیر شادی شدہ ، جسے کسی نے ہاتھ نہ لگایا ہو ۔

کُورنِش ۔ جھک کر سلام کرنا ۔ شاہی سلام جو بہت جھک کر کیا جاتا ہے ۔

کُوری پیٹھ، پچھنے لگنا ۔ (محاورہ) ناحق بدنام ہونا ۔ کسی جرم کی تہمت لگنا ۔ بہتان لگنا ۔

کُوڑا ۔ آلۂ سرزنش ۔ چابک ۔ تازیانہ ۔ سونٹا یا ڈنڈا جس میں لچک دار تسمے یا ڈوریاں لگی ہوں ۔

کُوڑا کرنا ۔ (محاورہ) چابک مارنا ۔ ہانکنا ۔

کُوڑیا غلام ۔ غلامی کی نشانی کے طور پر کوڑیاں پہننے والا غلام ۔ بے عزت خادم ۔ مفت کا نوکر ۔ (کنایۃً) نہایت مطیع و فرماں بردار شخص ۔

کَوڑیالا ۔ چتکبرا سانپ ۔ ایک سفید چتیوں والا کالا سانپ جو نہایت زہریلا ہوتا ہے ۔

کَوڑی ۔ سمندر کے کیڑوں کے چھوٹے چھوٹے خول ۔

کُوزہ پُشت ۔ کبڑا ۔ خمیدہ پشت ۔

کُوس ۔ نقارہ ۔ دھونسا ۔ طبل ۔ میل ۔

کُوسِ رَحِیل ۔ کوچ کا نقارہ ۔ روانگی کی گھنٹی ۔ اعلان روانگی ۔

کُوک ۔ دل خراش آواز ۔ غم بھری آواز ۔ چیخ ۔ جھلاہٹ ۔
کَوکَب ۔ ستارا ۔ تارا ۔
کُوکا ۔ دودھ شریک بھائی ۔ دودھ پلانے والی دایا ۔
کُوکا بیلی ۔ گل نیلوفر ۔
کُوکھ اُجڑنا ۔ (محاورہ) اولاد کا مرجانا ۔ نسل ختم ہو جانا نیز تباہ برباد ہو جانا ۔
کُوکھ جَلی ۔ وہ عورت جسے اولاد کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو ۔ کوکھ اجڑی ۔
کُوکِلا ۔ ایک سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ ۔ فاختہ کی طرح کا خوش آواز پرندہ جس کے گلے میں کنٹھ ہوتا ہے ۔ ایک پہاڑی چڑیا ۔ نہایت خوش رنگ و خوش آواز ۔ خوب چہچہانے والی ۔ قد میں کبوتر کے برابر ۔
کُوکنا ۔ ۱ ۔ چیخنا ۔ چلانا ۔
۲ ۔ چابی بھرنا ۔
کُوکنار ۔ خشخاش کا ڈوڈا ۔ پوست خشخاش جو بطور دوا مختلف طریقے سے ہلکے نشے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ پوست کا ڈوڈا ۔ پودا ۔
کُوکُو ۔ قمری اور کویل وغیرہ کی آواز ۔
کُول ۔ غار ۔ کھوہ ۔ گڑھا ۔

کُولا اُترنا ۔ (محاورہ) کولھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک جانا ۔
کُولھو ۔ تیل نکالنے یا گنے بیلنے کا آلہ ۔ کولُو ۔
کَولے ۔ ۱ ۔ دونوں باہوں کا حلقہ ۔ کولی ۔ بغل ۔ گود ۔ آغوش ۔
۲ ۔ چھوٹا سنگترا ۔ نارنگی کی ایک قسم ۔
کُوئلیں ۔ کونپل ۔ شگوفہ ۔ کویل ۔ کلی ۔ پتی جو تازہ پھوٹی ہو ۔
کَوندا ۔ بجلی کی چمک بالخصوص جس میں آواز نہ ہو ۔ روشنی کا لپکا ۔ جو اکثر برسات میں ہوتی ہے ۔ (کنایۃً) ہر وہ روشنی جو اچانک چمکے اور غائب ہو جائے ۔ روشنی کی چمک ۔ کوندھا ۔
کُونڈا ۔ تسلا کی طرح کا مٹی یا دھات وغیرہ کا گول چھچھلا برتن ۔
کُونڈے ماننا ۔ (محاورہ) کونڈے میں رکھ کر نیاز دلانے کا عہد کرنا ، مراد بر آنے پر نیاز دلانے کا وعدہ کرنا ۔ یہ منت ماننا کہ کونڈا بھریں گے ۔
کَونَین ۔ دونوں جہان ۔ دنیا و آخرت ۔ دنیا اور عاقبت ۔
کُونڈیے ۔ کمہار ۔
کُوہ ۔ پہاڑ ۔ جبل
کُوہِ شیریں ۔ پہاڑ جیسے پٹھوں

والا (گھوڑے کی تعریف)۔
کوہ کفل۔ (ن)
کوہان ۔ اونٹ یا بیل وغیرہ کی پشت کا ابھرا ہوا حصّہ۔
کوّا ہکنی ۔کوے اڑانے یا بھگانے والی (مجازاً) بے وقعت ۔ حقیر۔
کوہی ۔ پہاڑی ۔ پہاڑ پر رہنے والا۔
کوئل ۔ سیاہ رنگ کا خوش آواز پرندہ جو کوے سے بہت چھوٹا ہوتا ہے، مگر اس کی دم کوے کی طرح لمبی، اکثر آموں کے موسم میں نظر آتا ہے اور کوکو کی آواز نکالتا ہے۔
کوئلا ۔ جلی ہوئی لکڑی کا بجھا ہوا ٹکڑا جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے اور جو دوبارہ جلانے کے کام میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔
کوئی دم میں مُرلیا باجے گی۔ (مثل)۔ تھوڑی ہی دیر میں حقیقت معلوم ہو جائے گی۔ ابھی تھوڑی دیر کے بعد سزا ملے گی۔
کہاری ۔ کہار کی مزدوری ۔ ڈولی اٹھانے کی اجرت۔
کہانت ۔ فال گوئی ۔ غیب کی بات بتانا ۔ پیش گوئی کرنا ۔ وہ علم جس کے ذریعے پیش گوئی کرتے یا غیب کی باتیں بتاتے ہیں مثلاً علم نجوم وغیرہ۔
کہاوت ۔ (ادب) کسی واقعے یا قصّے وغیرہ کا نتیجہ جو لگے بندھے الفاظ میں بطور مثال بیان کیا جائے۔ کوئی فقرہ، مصرع یا مقولہ جو بطور نظر زبان زد اور مشہور ہو۔ مثل ۔ ضرب المثل۔
کُہرام ۔ بہت سے آدمیوں کی ایک ساتھ گریہ و زاری ۔ رونا پیٹنا۔
کُہرام پڑنا ۔ (محاورہ) واویلا مچنا ۔ ماتم ہونا ۔ رونے پیٹنے کا شور بلند ہونا۔
کُہربا ۔ ایک درخت کا منجمد گوند جو پتھر کی طرح سخت ہوتا ہے، اس کا رنگ عموماً زرد ہوتا ہے اسے کپڑے یا چمڑے وغیرہ سے رگڑنے سے اس میں مقناطیسی یا برقی قوت پیدا ہو جاتی ہے اور یہ گھاس کے تنکوں کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔
کُہربائے شمعی ۔ مونگیا رنگ کا کہربا جو اکثر بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
کہکشاں ۔ وہ لمبی سفیدی جو اندھیری رات میں سڑک کی مانند آسمان پر دور تک گئی ہوئی

نظر آتی ہے وہ اصل میں بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار ہے۔ کہکشاں اس وجہ سے نام رکھا گیا کہ اس کی شکل ایسی ہے کہ گویا کوئی گھاس گھسیٹتا ہوا چلا گیا ہے اور نشان پڑ گئے ہیں۔ آکاس گنگا۔

کُہنی ۔ کلائی اور بازو کا درمیانی جوڑ جس کے ذریعہ ہاتھ مڑتا اور حرکت کرتا ہے۔ مرفق۔ آرنج۔

کہیں لاٹھی مارنے سے پانی جُدا ہوتا ہے ۔ کسی کی دراندازی سے آپس کے میل جول میں فرق نہیں آتا۔

کہو کہو ۔ کویل کی صدا۔ کویل کی آواز۔ (ق)

کھاٹ کٹنا ۔ (محاورہ) مجبوری لاحق ہونا۔ مجبور لاچار ہونا۔

کھارُوا ۔ موٹا گاڑھا۔ موٹا سوتی کپڑا۔

کھانڈ ۔ تلوار کی ایک قسم جو سیدھی اور دورخی ہوتی ہے۔ اس کی نوک مثلث نما ہوتی ہے۔ قصائی کا بغدا۔ مچھلی کا قتلا۔ کھنڈلا۔

کھائیں ۔ کھائی۔ گہرا گڑھا۔ کھڈ۔

کھُبا ۔ پسند آنا۔ اچھا لگنا۔ بھانا۔

کھَپاٹ ۔ بوڑھا۔ بوڑھی۔ عمر رسیدہ۔

کھَپاچ ۔ ۱۔ بانس کا ٹکڑا۔ پھانس۔

۲۔ نہایت دبلا پتلا۔ ہڈیوں کا ڈھانچا۔

کھَپّر ۔ ٹھیکرا۔ بخور دان۔

کھَتّا ۔ گڑھا۔ کھائی۔

کھَڑاگ ۔ ۱۔ چھ راگ یعنی بھیروں، مالکوس، سری، میگھ، ہنڈول، دیپک۔ (مجازاً) بکھیڑا، جنجال، جھنجھٹ، جھمیلا۔

۲۔ لغو بات۔ بے ہودہ بات۔

کھَٹکا ۔ ڈر۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ خوف۔

کھَٹکار ۔ شست کو جنبش دینے سے پیدا ہونے والی آواز۔ کسی جھٹکے یا ڈور کے ٹوٹنے کی آواز۔

کھَٹمَل ۔ ایک سیاہی مائل سُرخ رنگ کا کیڑا جو چارپائیوں وغیرہ میں پیدا ہوتا ہے اور آدمی کا خون چُوستا ہے۔ کھٹ کیڑا۔

کھَٹولی ۔ بُنی ہوئی چھوٹی چارپائی۔ چھوٹا کھٹولا۔

کھَٹیا ۔ چھوٹا پلنگ۔ چھوٹی چارپائی۔ پلنگڑی۔ چھوٹی کھاٹ۔

کھجلہ - (کھجلا) کھاجا - گھیور - میدے کی بنی ہوئی ایک قسم کی پرت دار خستہ اسفنجی مٹھائی -

کھجوری چوٹی - خاص وضع کی مہر یا گندھی ہوئی چوٹی جس کی گندھاوٹ کھجور کے پتوں کی سی بنی ہوئی بٹی کی بناوٹ سے مشابہ ہو - مینڈھی -

کھچاکا - تلوار یا کسی اور ہتھیار یا کسی آلے کے جسم میں کھبنے یا گھسنے کی آواز -

کھچڑی - دال اور چاول ملا کر پکایا جانے والا ایک نمکین کھانا جو روٹی کے بغیر کھایا جاتا ہے -

کھچڑی پکانا - (محاورہ) - پوشیدہ صلاح مشورے کرنا - سازش کرنا -

کھرا - دم گھٹنے کی آواز - جانکنی کے وقت حلق سے نکلنے والی آواز -

کھرپی - چھوٹا کھرپا - گھاس چھیلنے کا آلہ -

کھرکھر - کریدنے یا رگڑنے سے پیدا ہونے والی آواز -

کھرل کرنا - (محاورہ) (طب) کھرل میں باریک پیسنا -

کھرنی - ایک درخت نیز اس کا پھل جو پکی ہوئی حالت میں پیلے رنگ کا ہوتا ہے - مزہ میں شیریں لیکن کبھی کبھی ترش بھی ہوتا ہے - آلو بخارے کے برابر اس کی ایک قسم بہت کمیاب ہوتی ہے - یہ پھل لیس دار اور چپچپا ہوتا ہے - اس کے درخت میں سے ایک قسم کا گوند نکلتا ہے اس کے بیجوں میں سے تیل نکالا جاتا ہے جس کو دھوکے باز لوگ گھی کی جگہ بیچ دیتے ہیں -

کھرونچے (کھرونچا) - ناخن یا کسی چیز سے لگنے والی خراش -

کھرے سے کھوٹا اسے عرش کا ٹوٹا - (کہاوت) بدنیت کے کام میں کبھی برکت نہیں ہوتی، جو شخص نیک سے بدی کرے وہ نقصان اٹھاتا ہے -

کھریہ - کھریا کا ایک املا - کپڑے میں چنٹیں ڈالنے کا ڈبیا کے ڈھکنے کی وضع کا اوزار جو عام طور پر چوبی ہوتا ہے -

کھریا کرنا - (محاورہ) کھریا سے کپڑے میں چنٹیں ڈالنا -

کھڑا دونا - تیار دونا - بازار منگوائی ہوئی شیرینی مراد: ہاتھ کے ہاتھ - فوراً کے فوراً نیاز دلوانا -

کھڑاؤں ۔ لکڑی کی وہ چپل جس پر پانو اٹکانے کے لیے فقط ایک کھونٹی یا پٹا لگا ہوتا ہے اسے عموماً وضو کرتے یا نہاتے وقت پہنتے ہیں ۔ لکڑی کی چپل نما جوتی ۔ چوبی نعلین ۔ قبقاب ۔

کھڑ کھڑیا ۔ ایک وضع کی پہیے دار گاڑی جسے گھوڑا کھینچتا ہے ۔

کھڑے پانی نہ پینا ۔ دم بھر نہ ٹھہرنا ۔

کھسر پھسر ۔ آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا تاکہ کوئی اور نہ سنے ۔ کانا پھوسی ۔ کانا باتی ۔ سرگوشی ۔

کھسیانی (کھسیانا کا مؤنث) ۔ روہانسا ۔ رو دینے والا ۔ رنجیدہ ۔ رنجھا ۔ ناراض ۔

کھکھل (کھکل) کھوکھلا ۔ اندر سے خالی ۔ فرسودہ ۔ از کار رفتہ ۔

کھلاڑن ۔ ۱۔ کھیلنے والی ۔
۲۔ وہ عورت جو تماش بینی کے کھیلوں سے واقف ہو ۔ بدکار ۔ چھنال ۔

کھلائی ۔ ۱۔ بچوں کو پالنے پوسنے اور انہیں کھلانے والی ملازمہ ۔ دایہ ۔ انا ۔ آیا ۔
۲۔ وہ لڑکی جو کسی کی پرورش کی ہوئی ہو ۔ گود کی کھلائی ۔

کھل بلی ۔ افراتفری ۔ بھگدڑ ۔ شور و غل ۔ کھل بل ۔

کھل کھیلنا ۔ (محاورہ) کھلم کھلا کوئی معیوب کام کرنا ۔ آزاد ہو جانا ۔ شرم و لحاظ اٹھا کر کوئی کام کرنا ۔

کھل کھل ۔ ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز ۔ مراد : طنز یا تمسخر ۔

کھلی ۔ بنولہ ، تلہن یا سرسوں کا پھوک یا کھوچڑ جو تیل نکالنے کے بعد بچ جاتا ہے ۔

کھلی بھوسی ۔ کھل ، بنولہ اور بھوسا وغیرہ ۔ گائے بھینسوں کے کھانے کا چارا ۔ (مجازاً) روکھا سوکھا کھانا ۔

کھنڈل ۔ زیر و زبر ۔ پائمال ۔ کچلا ہوا ۔

کھندلنا ۔ پاؤں کے نیچے روندنا ۔ پائمال کرنا ۔ زیر و زبر کرنا ۔ کچلنا ۔

کھنڈ ۔ ۱۔ پدماوت کے گیت ۔
۲۔ دھوبیوں وغیرہ کے بنائے ہوئے گیت ۔ راگ ۔

کھنڈت ۔ ۱۔ بگاڑ ۔ شکست و ریخت ۔ خلل ۔ انتشار ۔
۲۔ خلل اندازی ۔ رکاوٹ ۔ مزاحمت ۔

کھَنڈَت ڈالْنا - (محاورہ) خلل ڈالنا - رکاوٹ ڈالنا - مزاحمت کرنا۔

کھَنَک - دھات کے برتن وغیرہ کے ٹکرانے کی آواز - روپے کی باج یا پرکھنے کی آواز - (مجازاً) رسیلاپن - خوش آہنگی -

کھَنکھارا - ۱- کھانسا۔
۲- دانستہ کھانسا - گلا صاف کیا۔

کھَنکھائے - کھَنکھانا - جھنکار پیدا کرنا - بجانا۔

کھنکھجورا - ایک زہریلا کیڑا جو ۶ یا ۸ انچ لمبا ہوتا ہے جس کے بہت سے پاؤں یا پنجے ہوتے ہیں اور جب وہ چمٹتا ہے تو پنجے گاڑ دیتا ہے اور ہٹانے پر گوشت نوچ کر نکلتا ہے - صد پایہ - ہزار پایہ۔

کھَنُور چَندَن - چندن کے نشان - صندل کے نشان - (ق)

کھُوپڑیوں - (کھوپڑی) سر کے اوپر کا حصّہ - کاسۂ سر - سر کی ہڈی - جمجمہ۔

کھُوٹا بَیٹا کھُوٹا پَیسا وَقت پر کام آتا ہے - (کہاوت) ضرورت کے وقت ناکارہ اور نکمی چیز بھی کام آجاتی ہے -

کھَور - تلک کا نشان جو ہندو صندل زعفران وغیرہ سے پیشانی پر لگاتے ہیں - صندل کا آڑا ٹیکا۔

کھُوسَٹ - بہت بوڑھا - بوڑھا پھوس - کہن سال - بہت ضعیف -

کھَولَن - اُبال - جوش۔

کھُونٹے - (کھُونٹا) - گھوڑے مویشی وغیرہ کو باندھنے کی بڑی میخ نیز خیمے کی میخ -

کھُونٹی - سر یا ڈاڑھی کے بالوں کی جڑ - بن مو - بالوں کی جڑ - سر یا ڈاڑھی مونڈنے کے دو تین دن نکلنے والے بال -

کھُویا - گم - ضائع - برباد -

کھیت رَہنا - (محاورہ) - لڑائی میں مارا جانا - قتل ہونا -

کِھیت کَرنا - (محاورہ) رات کو چاند نکلنا - چاندنی پھیلنا - چاندنی چھٹکنا۔

کِھیر - ایک میٹھا کھانا جسے دودھ اور چاولوں سے مختلف طرح سے پکاتے ہیں شیر برنج - فیرنی۔

کھیرُو ۔ کھیل کود۔ کلیل۔
کھیرا ۔ ایک چھوٹی اور موٹی ککڑی جس کا چھلکا گہرا بھورا اور ہرا بھی ہوتا ہے ۔ اس کا کنارا کاٹ کر رگڑنے سے دودھ نکلتا ہے اور اس طرح اس کی کڑواہٹ دور ہو جاتی ہے ۔ یہ کچا کھایا جاتا ہے ۔ ایک قسم کی سبزی جس کا چھلکا گہرا بھورا یا ہرا ہوتا ہے ۔

کھیل اُڑ کر منھ میں نہ جانا۔ کوئی چیز نہ کھانا ۔ کچھ منھ میں نہ پڑنا ۔

کھیلنا کھانا ۔ (محاورہ) لطف اٹھانا ۔ بے فکری سے زندگی بسر کرنا ۔ چین کی بنسی بجانا ۔

کھیلی کھائی ۔ جہاں دیدہ ۔ بھگتی بھگتائی ۔ تجربہ کار ۔ کھائی کھیلی ۔ فاحشہ ۔ آوارہ ۔ بدمعاش ۔

کھیم کُشل ۔ آرام سے ۔ حفاظت سے ۔ خیر و عافیت ۔ صحت ۔ تندرستی ۔

کھیوَہ ۔ ناؤ یا کشتی کا چکر ۔ پھیرا ۔

کیا اَور کر نہ جانا۔ (مثل) کام انجام دیا مگر سلیقے سے نہیں کیا ۔ ہماری صلاح مانتے تو یہ نقصان نہ ہوتا ۔

کیا زعفران کا کھیت دیکھا ہے ۔ مراد : ہنسی ہے ۔

کَیتُ ۔ دمدار منحوس ستارہ ۔

کیتکی ۔ ایک خوشبودار پودے کا نام جو کیوڑے کے پودے سے مشابہ اور اس کا پھول انڈے کی مانند ہوتا ہے ۔

کیچڑ ۔ گیلی مٹی ۔ گارا ۔ دلدل ۔ غلیظ مٹی ۔ سڑی مٹی ۔ گل ۔

کینچلی ۔ ایک قسم کا سفید چینی دار پوست جو سانپ کے بدن سے اترتا ہے ۔

کَید ۔ مکر و فریب ۔ حیلہ ۔ دھوکا ۔ بد اندیشی ۔

کیسہ ۔ تھیلی ۔ خریطہ ۔ جیب ۔ پاکٹ ۔

کیش ۔ ۱۔ مذہب ۔ دین ۔ اعتقاد ۔
۲۔ تیردان ۔
۳۔ تیر پھینکنے کا آلہ ۔

کَیش ۔ نقد ۔ نقدی ۔ روپیہ پیسہ ۔

کیفیت ۔ بہار ۔ رونق ۔ جوبن ۔ سرور ۔ لطف ۔ مزہ ۔

کیل ۔ ناک نتھنے میں جڑاؤ یا سادہ زیور ۔ لونگ ۔ پھلی ۔

کیلنا ۔ کیل پر منتر پڑھ کر سانپ

کو کاٹنے سے باز رکھنا۔ منتر سے سانپ کو قابو میں کرنا۔ (تاکہ وہ کاٹ نہ سکے)۔

کِیلی کرنا ۔ (محاورہ) (کُشتی) پہلوانوں کا کشتی کے وقت وہ پیچ کرنا جسے کیلی کہتے ہیں۔ ٹانگوں میں ہاتھ ڈال کر مارنا۔

کیلا ۔ (پھل) ایک مشہور پھل اور اس کے درخت کا نام۔ اس کا تنا قدرے موٹا اور نرم ہوتا ہے اور ایک ایک پتا کر کے سرے سے پھوٹتا ہے۔ پتے بہت بڑے بڑے چوڑے اور لمبے ہوتے ہیں۔ آخر پھولوں کا گچھا اور لمبا پھل نکلتا ہے۔ پکا کیلا بطور پھل اور کچا بطور ترکاری کھایا جاتا ہے۔ موز۔

کیمخت ۔ گھوڑے یا گدھے کی پیٹ کی کھال یا گورخر کی پیٹھ کا چمڑا جسے دانہ دار بنا کر زنگاری رنگ لیتے ہیں اور برسات کے موسم میں اس کی جوتیاں پہنتے ہیں۔ یہ چمڑا بہت سخت ہوتا ہے اور مصنوعی بھی بنایا جاتا ہے۔

کیمیا گر ۔ کیمیا بنانے والا۔ سونا بنانے والا۔ رسائنی (مجازاً) مکار۔ چالاک۔

کِین ۔ کینہ۔ دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ بغض۔ کپٹ۔

کِیواڑ (کواڑ) ۔ دروازہ۔ کھڑکی یا روشن دان وغیرہ کو بند کرنے کا یا کھولنے کا پٹ۔

کِیوڑہ ۔ ایک پودا اور اس کا پھول جس کی خوشبو بہت تیز اور عمدہ ہوتی ہے۔

کَیوان ۔ زحل ستارہ جو قدیم ہیئت کے مطابق ساتویں آسمان پر ہے۔ سنیچر۔

کَے ۔ شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ ایران کے شہنشاہوں کا لقب۔

گ

گابھن - مادہ حیوان جس کے پیٹ میں بچہ ہو - حاملہ مادہ جانور -

گات - عورت کی دونوں چھاتیوں کی ہیئت - پستانوں کا ابھار - عورت کا سینہ -
۲- جسم کی خوشنمائی -

گاتی - (عور) سورج سے زیادہ جگمگانی - ڈوپٹے کی گاتی باندھ کر گلے میں ڈال - سینے پر دوپٹا باندھنے کا ایک انداز جس میں دوپٹے کو دونوں کندھوں کے اوپر اور نیچے سے گزار کر سامنے پر گانٹھ باندھ لی جاتی ہے - نیز دوپٹا - دوپٹے سے سینے کو چھپانا یا ڈھانکنا -

گاج - گاج (پارچہ بافی) باریک قسم کا خانے دار اور کھلی بناوٹ کا ریشمی یا سوتی کپڑا - خانے چھوٹے چھوٹے مختلف وضع اور شکلوں سے بناوٹ میں بنے ہوتے ہیں عموماً زنانہ لباس کے کام آتا ہے -

گاذر / گازر - کپڑے دھونے والا - کپڑے صاف کرنے والا - دھوبی -

گارد - پہرے دار - سنتری - محافظ -

گاڑھ پڑنا - (محاورہ) (پورب) - مصیبت آنا -

گاڑھی چھننا - (محاورہ) آپس میں بہت محبت ہونا - گہری دوستی ہونا -
۲- خوب نشے میں ہونا اور اول فول بکنا -

گال - گالی - دشنام - بد زبانی - فحش بات -

گالا - دھنکی ہوئی صاف روئی کی تھوڑی سی مقدار کا گولا یا پہل (کنایتہً) نہایت سفید -

گالوں میں چاول بھرنا - طعن و طنز سے باتیں کرنا - ڈینگ مارنا - بولنے سے گریز کرنا - مٹھار مٹھار کے باتیں کرنا -
۲- سکون و اطمینان ہونا -

آسائش اور فارغ البالی میسر ہونا۔

گالی دینا ۔ (محاورہ) بری بات منھ سے نکالنا۔ دشنام۔ بدزبانی کرنا۔ فحش بکنا۔ لغو باتیں کرنا۔

گام ۔ ۱۔ گھوڑے کی ایک چال۔ ہلکی رفتار۔
۲۔ لگام۔
۳۔ مراد۔ آدھ گز کا فاصلہ۔

گانا رونا سب کو آتا ہے۔ (کہاوت) ایسی باتیں سب جانتے ہیں۔

گانٹھ ۔ گرہ۔ بند۔ عقدہ (گانٹھ دے کر پہنا دیا) جیب۔ کیسہ۔ بٹوا۔ ذاتی ملکیت یا قبضہ۔

گانٹھنا ۔ (کسا) اس طرح گرفت کرنا کہ چھوٹنا مشکل ہو۔ مضبوطی سے پکڑنا۔ دبوچنا۔ جکڑنا۔

گانجہ / گانجا ۔ بھنگ کی قسم کا ایک پودا اور اس پودے کے پتے اور بیج جو نشہ آور ہوتے ہیں اور چلم میں رکھ کر پیے جاتے ہیں نیز بھنگ کے پودوں کی پھولدار شاخیں جن کے پتوں پر رال دار مادہ لگا ہوتا ہے۔

گانڈو ہاتھی اپنی فوج کو مارے۔ (کہاوت)۔ اس کی نسبت کہتے ہیں جو مقابلے میں حریفوں کو پیٹھ دکھا کر بھاگ جائے اور اپنے ہی ساتھیوں کو نقصان پہنچائے۔

گانوں ۔ گاؤں۔ دیہات۔ قریہ۔

گاواں ۔ (قدیم) بہت سے گاؤں۔ دیہات۔ قریے۔

گاہک ۔ خریدار۔ مول لینے والا۔ خریدنے والا۔ (مجازاً) طلب گار۔ خواہاں۔

گاؤ ۔ بیل۔ نرگاؤ۔

گاؤ زمین ۔ (ہندو) وہ گائے جس کے سینگ پر زمین کھڑی ہے اور جب تھک کر زمین کو ایک سینگ سے دوسرے سینگ پر بدلتی ہے تو بھونچال آتا ہے۔ گاؤ ثرئی۔

گاؤ دُم ۔ ۱۔ مخروطی۔
۲۔ ترکی۔ قرنا۔

گائن ۔ گانے والی۔ مطربہ۔ ڈومنی۔

گائیوں ۔ (گائی)۔ دو انگلیوں کا درمیانی حصہ۔ دو انگلیوں کی جائے اتصال۔ گھائی۔

گائیں ۔ گائے۔ بیل کی مادہ۔

گائک ۔ گانے والا۔ گویّا۔

گبر ۔ زرتشت کا پیرو۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ آتش پرست۔ پارسی۔ کافر۔

گبرو ۔ نوجوان۔ نوخیز۔ وہ جوان آدمی جس کی ابھی داڑھی نہ نکلی

ہو ۔ دولھا ۔ نوشہ ۔ جس کی شادی ہو رہی ہو ۔
گُپت دَان ۔ (ہندو) نقدی جو سورج گرہن کے وقت نہانے کے بعد تالاب میں ڈالی جائے ۔
گُپّھا ۔ پھندنا ۔ جو ریشم یا چاندی سونے کے تاروں کو اکٹھا کر کے ٹوپی میں لٹکاتے اور بوٹ میں بھی باندھتے ہیں ۔ مانگ کے ارد گرد ابھار کر بنائے ہوئے بال ۔ گچھے دار بال بنانا ۔
گَت ۔ دھن کے ساتھ ایک قسم کا ناچ ۔ رقص کے ساتھ چلنے والی دھن ۔
گُتھ ۔ گتھنا ۔ باہم لپٹ جانا ۔ لپٹ جانا ۔ بدن کو بدن سے مس کرنا ۔
گَتّا ۔ (باجا سازی) ۔ طبلے اور اس قسم کے دوسرے باجوں کی طنابوں کو تنگ ڈھیلا کرنے کے چوبی گٹکے جو طنابوں میں پھنسے رہتے ہیں اور حسب ضرورت اوپر نیچے کیے جاتے ہیں ۔
گَٹ کَرِی ۔ (موسیقی) وہ پیچ دار آواز جو تان لینے میں گویوں کے گلے سے لہرا کر نکلتی ہے نیز تان لینے میں ایک خاص انداز کے سر کا لہراتا جس کے لیے مہارت درکار ہوتی ہے ۔

گَٹھنت ۔ (کنایتہً) قابو ۔ بس ۔
گَٹّھے ۔ گٹھا ۔ گھوڑے کا پٹھا ۔
گَٹھری ۔ وہ شخص جس کے ہاتھ پاؤں سکڑ یا سمٹ کر گٹھری کی طرح ہو گئے ہوں ۔ جسم کا ایسا سمیٹنا کہ گٹھری معلوم ہو ۔
گَج بَال ۔ فیلبان ۔ مہاوت ۔
گَجَر ۔ گھڑیال ۔ بڑا گھنٹہ ۔
گَجْرا ۔ قریب قریب گتھا ہوا پھولوں کا ہار ۔ پھولوں کا کنگن ۔ موتی اور سونے سے بنایا جانے والا ہاتھوں یا گلے کا زیور ۔
گُجْرِی ۔ گوجر ذات کی عورت ۔
گَجَک ۔ (ع و) ایک شیرینی جو صاف تل اور گڑ یا کھانڈ کی چاشنی سے ملا کر تیار کی جاتی ہے ۔ گزک ۔ تل شکری ۔ ہاتھی چلانے کا خمدار اور نوک دار آلہ ۔ گج ہانک ۔ گج بال ۔
گَچ ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔
گَچک ۔ گجک ۔ آنکس ۔ ہاتھی چلانے کا گز ۔
گُچّھا ۔ ۱ ۔ خوشہ ۔
۲ ۔ پھندنا ۔ پھا ۔ جھالر ۔
۳ ۔ ایک فوج کی بہت سی چیزوں کا اکٹھا گندھا ہونا ۔
گَدْرا ۔ گدرایا ہوا ۔ نیم پختہ ۔ پکنے کے قریب ۔ ادھ پکا ۔

گَدْرَایا - جوانی میں بھرا ہوا - گداز (بدن کے لیے مخصوص)۔

گُدْگُدَاہَٹ - نرمی - ملائمت - گداز پن۔

گُدْگُدِی - وہ کیفیت جو بغل، تلوے یا پیٹ وغیرہ میں انگلیوں کے مس کرنے یا جھانویں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے اور عموماً ہنسی آجاتی ہے - دغدغہ - کلبلاہٹ۔

گُدْنا - سوئی سے ہاتھوں یا بازوؤں میں چھید کر کے نیل یا سرمہ بھرا جانا - کھدنا - کچوکے لگائے جانا - وہ نشان جو گودنے سے جسم پر پڑ جاتے ہیں۔

گَدِھے کو مَار مَار گھوڑا بَناتے ہیں - (مثل) تربیت سے نااہل بھی راہِ راست پر آجاتا ہے۔

گُذَر گئی گُذران کیا جھونپڑی کیا مَیدان - (مثل) جب زندگی گزر گئی تو یہ سوچنا حماقت ہے کہ اچھی گزری یا بری - جب عمر کا بڑا حصہ گزر چکا ہے تو اچھا برا برابر ہے۔

گُذَشْتَہ رَا صَلوٰات - (فقرہ) گزری باتوں کا خیال نہ کرنا - جو گزر گئی سو گزر گئی - جو ہونا تھا ہو گیا۔

گُرْبَہ - شیر کی نوع سے مگر بہت چھوٹا ایک گوشت خور گھریلو جانور جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں - بلی - بلاؤ۔

گُرْبَہ مِسْکِیں - (مجازاً) بھولا بھالا - بظاہر بھلا مانس مگر بہت شریر - مسکین صورت شریر - ایسا شخص جو دیکھنے میں سیدھا سادا مگر حقیقت میں شریر ہو۔

گَرْد بَاد - غبار آلود - خاک آلود - بگولہ - غبار کا جھکڑ۔

گَرْد بُرْد - (مجازاً) بے رونق - تباہ - برباد - شکستہ خورد۔

گِرْد - آس پاس - اطراف - ادھر ادھر - چاروں طرف۔

گِرْدا - گول حلقہ - گول چیز - گھیرا - گھیراؤ - پھیر - چکر۔

گِرْدَاب - پانی کا چکر - بھنور - ورطہ - گھمن گھیری۔

گِرْدَاوَرِی - گرداور کا کام یا عہدہ - نگرانی - پاسبانی۔

گَرْدَن تابی - سرتابی - انحراف - عدول حکمی - ناانصافی۔

گَرْدَن کَش - مغرور - متکبر - زور آور۔

گَرْدُوں ۔ آسمان ۔ فلک ۔ چرخ ۔

گِرْدُوں ۔ چھکڑا ۔ بیل گاڑی ۔ رتھ ۔ بہلی ۔

گَرْدوں وَقار ۔ بڑی منزلت اور مرتبے والا ۔ عالی وقار ۔ صاحب جاہ و جلال ۔

گَرَڑیے ۔ (گڈرِیا) ۔ راعی ۔ گوالا ۔ چوپان ۔
۲۔ بھیڑوں اور بکریوں کا ریوڑ چرانے والا ۔

گُرْز ۔ ایک آہنی وزنی ہتھیار کا نام جو اوپر سے گول موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے ۔

گُرُسنگی ۔ بھوک ۔ اشتہا ۔ جوع ۔

گُرُسِنَہ ۔ بھوکا ۔

گِرِفتار ۔ پکڑا ہوا ۔ قیدی ۔ اسیر ۔ محبوس ۔

گُرگ ۔ بھیڑیا ۔ ایک مشہور درندہ ۔

گُرگِ باراں دِیدَہ ۔ وہ بھیڑیا جس نے بارش دیکھی ہو ۔ (بھیڑیے کا بچہ بارش سے بہت ڈرتا ہے ایک دفعہ بارش میں بھیگ جائے تو اس کے دل سے ڈر نکل جاتا ہے اور وہ بہت دلیر ہو جاتا ہے) ۔ (مجازاً) تجربہ کار ۔ خرانٹ ۔ آزمودہ کار (برے معنوں میں مستعمل) ۔

گَرْمَا گَرَم ۔ ۱۔ جلتا ہوا ۔ تپتا ۔ بھاپ اٹھتا ہوا ۔
۲۔ تازہ بہ تازہ ۔ نو بہ نو ۔
۳۔ جوانی کا جوش بھرا ہوا ۔

گَرْم بازاری ۔ بہت بکری ۔ بے حد خریداری ۔ کثرت خرید و فروخت ۔

گَرْم مَسالَہ / مَصالَہ ۔ ایک سفوف جو زیرہ، سیاہ مرچ، لونگ، الائچی، دار چینی وغیرہ کے مجموعہ کو کوٹ کر بناتے ہیں اور سالن کو خوشبودار اور چٹ پٹا بنانے کے لیے ڈالتے ہیں ۔

گُرُو ۔ (طنزاً) لُچا ۔ غنڈا ۔ متفنی ۔ بد ذات ۔ فتنہ انگیز ۔ شریر ۔ کائیاں ۔ استاد ۔ معلم ۔ استاد جو پہلا منتر سکھائے ۔

گُرُو گھنٹال ۔ ۱۔ وہ گرو جو اپنے گلے میں گھنٹہ ڈالے ہوئے ہو ۔
۲۔ بہت کامل استاد ۔ پیر مرشد ۔ بد معاشوں کا سرغنہ ۔ بڑا چالاک اور خرانٹ ۔

گِرُوہ گِرُوہ ۔ جم غفیر ۔ بڑی بھیڑ ۔ بڑا ہجوم ۔

گِرَہ ۔ گانٹھ ۔ عقدہ ۔

گِرَہ گِیر ۔ بل کھائے ہوئے ۔ مڑا ہوا ۔ پیچیدہ ۔
گِریاں ۔ روتا ہوا ۔ نالاں ۔
گِرِیبان ۔ پوشاک کا وہ حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے ۔
گُرِیز ۔ ۱۔ اجتناب ۔ پرہیز ۔ علیحدگی ۔
۲۔ فرار ۔ بھاگنا ۔
گُرِیزاں ۔ ۱۔ بھاگنے والا ۔
۲۔ متنفر ۔
گُڑ ۔ گنے کا جما ہوا رس ۔ قند سیاہ ۔
گُڑ بھرا ہنسیا ہے نہ اُگلتے بنتا ہے نہ نگلتے ۔ (کہاوت) ہر طرح مشکل ہے نہ کر سکتے ہیں نہ چھوڑ سکتے ہیں ۔
گَڑگَڑانا ۔ ۱۔ گرجنا ۔ کڑکنا ۔
۲۔ توپوں کا لگاتار چھوٹنا ۔
گُڑگُڑی ۔ ایک خاص وضع کا چھوٹا سا حقہ ۔
گُڑہَل ۔ (گڑھل) ایک درخت جس میں سُرخ رنگ کے پھول ہوتے ہیں اور اس کے پھولوں کا شربت بناتے ہیں ۔
گڑھیا میں مُنہ دھو رکھو ۔ (مثل) مذاق سے کہتے ہیں جب کسی کو کسی چیز کے دینے سے انکار کرنا مقصود ہو ۔

گَڑے مُردے اُکھیڑنا / اُکھاڑنا ۔ (محاورہ) دبی ہوئی بات کو چھیڑنا ۔ پُرانا فتنہ جگانا ۔
گُزارِش ۔ ۱۔ درخواست ۔ التجا ۔
۲۔ عرضداشت ۔ بیان ۔
گَزَک ۔ وہ چیز جو شراب کے ساتھ تبدیل ذائقہ کے لیے کھاتے ہیں ۔ نقل ۔ گجک ۔ تل شکری ۔
گَزَند ۔ ایذا ۔ تکلیف ۔ دُکھ ۔
گُسَیّاں ۔ گسائیں ۔ سنت ۔ سادھو ۔ صاحب ۔ مالک ۔
گُسیّاں مورا کیا کسور رہے ۔ صاحب میرا کیا قصور ہے ۔
گُستَردہ ۔ وہ چیز جو بچھائی جائے ۔ پھیلایا ہوا ۔
گُفت وشُنید ۔ کہی سنی ۔ کہا سُنا ۔ بات چیت ۔ کہنا سُننا ۔
گُفتگُو ۔ ۱۔ بول چال ۔ بات چیت ۔
۲۔ ذکر اذکار ۔
۳۔ بیان ۔ تقریر ۔
گَگرا ۔ گاگرا ۔ تانبے ۔ پیتل یا لوہے کا گھڑا جو نیچے سے چپٹا ہوتا ہے ۔
گُلِ آفتاب ۔ سورج مکھی کا پھول ۔
گُلِ چاندنی ۔ ایک قسم کا سفید

پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔

گُلدُم ۔ بلبل کی قسم کا ایک پرندہ جس کی دُم کے نیچے سرخ پر ہوتے ہیں۔

گُلِ سَرسَبد ۔ سب سے اچھا پھول۔ وہ پھول جو ٹوکری میں سب سے اوپر رکھتے ہیں۔ (کنایتہً) عمدہ۔ منتخب۔

گُلِ طُرَّہ ۔ ایک قسم کا سرخ زرد پھول۔ کلغہ۔

گُلِ فَرَنگ ۔ ایک پھلواری۔ ایک اکہرہ پھول جو سفید اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے اور ہر موسم میں ہوتا ہے۔ سدابہار۔

گُلشَن ۔ گلستاں۔ باغ۔ چمن۔

گُل فَروش ۔ پھول بیچنے والا۔

گُلگُوں ۔ (گُل گُوں)۔ گلاب کے رنگ کا۔

گُلبانگ (گُل بانگ)۔ ۱۔ بلبل کی نغمہ سرائی۔
۲۔ شادی کی دھوم دھام۔
۳۔ نعرۂ جنگ۔

گُلبازی ۔ پھولوں کا کھیل۔

گُلبَرگ (گُل بَرگ) گلاب کی پتی۔ گلاب کی پنکھڑی (کنایتہً) نازک اندام معشوق۔

گُلبُن ۔ گلاب کا پودا۔ پھلواڑی۔

گُلبَدَن ۔ ایک مشہور کپڑا۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو قیمتی ہوتا ہے۔

گُل تَکیَہ ۔ وہ گول چھوٹا تکیہ جو گالوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

گُلچیں ۔ پھول توڑنے والا۔ مالی۔ باغبان۔

گُلچینی ۔ پھول توڑنے کا عمل۔

گُلخَن ۔ بھٹی۔ تنور۔ چولھا۔

گُلزار ۔ (گُل زار)۔ چمن۔ گلشن۔ پھلواری۔

گُلعِذار ۔ (گُل عذار)۔ وہ شخص جس کا چہرہ یا رخسار گلاب کی طرح سرخ ہوں۔ خوبصورت معشوق۔

گُلفام (گُل فام)۔ پھولوں کے رنگ کا۔ خوبصورت (کنایتہً) معشوق۔

گُلکاری (گُل کاری)۔ ۱۔ نقاشی۔
۲۔ بیل بوٹے کا کام۔
۳۔ وہ پھول بوٹے جو دیواروں وغیرہ پر بنائے جاتے ہیں۔

گلڈ انک ۔ ایک خوں خوار کتا ۔ بلڈاگ کی بگڑی ہوئی شکل ۔ ایک بہادر کتا جس کا سر بیل کی طرح کا ہوتا ہے ۔ بڑے جبڑوں والا شکاری کتا ۔

گُل کِھلانا ۔ (محاورہ) فساد کھڑا کرنا ۔ آفت لانا ۔
۲۔ کوئی عجیب و غریب کام کرنا ۔

گُلگَشت ۔ (گُل گَشت) ۔ باغ کی سیر ۔ سیر چمن ۔

گُلگیر (گُل گیر) ۔ شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی ۔

گُلابی ۔ ۱۔ شراب کا گلاس ۔ ساغر ۔
۲۔ چھوٹی رنگین بوتل جس میں شراب یا گلاب رکھتے ہیں ۔

گِلاس ۔ شیشے کا ایک لمبا ظرف جو لمبے پیالے کی شکل کا ہوتا ہے اور شمع یا کنول میں لگایا جاتا ہے ۔ شیشے کی ہانڈی جو شمع پر لٹکاتے ہیں ۔

گُلگلا ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔ پکوان ۔ میٹھا پکوڑا ۔

گُلاب ۔ گلاب کا پیڑ یا پھول ۔

گُلال ۔ ایک قسم کا سرخ سفوف جو ہندو ہولی کے دنوں میں ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں ۔

گُلابی حلوا سوہن ۔ سوہن حلوے کی ایک اعلیٰ قسم ۔

گُلنار ۔ ایک سرخ پھلواری ۔ انار ۔

گُلوگیر ۔ دامن گیر ۔ دعویدار ۔
۲۔ الزام لگانے والا ۔ گردن پکڑنے والا ۔
۳۔ لالچی ۔ طامع ۔

گِلی ۔ مٹی کا بنا ہوا ۔ کچا ۔ ناپائیدار ۔

گِلوری ۔ پان کا بیڑا ۔ بنا ہوا پان جو ایک خاص وضع سے لپیٹتے ہیں کہ اس کے تین کونے ہو جاتے ہیں ۔

گِلہریاں ۔ ایک چوہے قسم کا جانور جس کی پیٹھ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں جو اکثر درختوں پر رہتی ہے ۔

گُلہرا ۔ پان رکھنے کا ظرف ۔

گلے کا ہار ۔ موتیوں کی مالا ۔ پھولوں کا بنا ہوا ہار جو عورتیں گلے میں پہنتی ہیں ۔ گلے کا ایک زیور ۔ نہایت عزیز ۔ پیارا ۔ وہ بچہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے ۔

گلے کا ہار ہونا ۔ (محاورہ) ۱۔ درپئے ہونا ۔ آزار ہونا ۔ وبال جان ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔ اجیرن ہونا ۔

گلیم ۔ کمبل ۔ کملی ۔ لوئی ۔ دھسا ۔ اوڑھنے کا اونی کپڑا ۔

گلیمِ عیّاری ۔ ایسی ہے کہ جب تم اسے اوڑھ لوگے تم سب کو دیکھوگے اور تمہیں کوئی نہ دیکھے گا۔
گُماشتَہ ۔ ۱۔ وہ شخص جس کے سپرد کوئی کام ہو۔
۲۔ ایجنٹ کارپرداز ۔ مختار ۔ منیب ۔ وکیل ۔ قائم مقام۔
گُمک ۔ ۱۔ زور کی یا اونچی آواز۔
۲۔ گرج ۔ کڑک ۔ بادل کی آواز۔
۳۔ وہ گونج دار آواز جو گانے والے کے منہ سے بھاری نکلتی ہے۔
۴۔ تصادم ۔ صدمہ ۔ تھاپ۔
۵۔ خوشبو ۔ مہک۔
گُنہگار ۔ ۱۔ عاصی ۔ پاپی۔
۲۔ مجرم ۔ خطاوار۔
۳۔ بدکار۔
گُنبدِ گرداں ۔ (کنایتہً) آسمان۔
گَنج ۔ وہ زمین جس میں کچھ لوگوں کو آباد کیا گیا ہو۔
گَنج پڑنا ۔ اناج کی عارضی منڈی قائم ہونا مثلاً لشکر کے ساتھ یا میلے ٹھیلے میں۔
گَنجِ بادآوَرد ۔ ۱۔ چھپا ہوا خزانہ۔
۲۔ جو چیز مفت مل جائے۔
۳۔ خسرو پرویز کا جو تھا خزانہ جو اسے کشتیوں میں جاتا ہوا مل گیا تھا۔
گَنجِ شہیداں ۔ وہ گڑھا جس میں شہیدوں کو اوپر تلے دفن کرتے ہیں۔
۲۔ مردوں کا ڈھیر۔
گُنجان ۔ گھنا ۔ پاس پاس ۔ متصل۔
گَنجفَہ ۔ ایک کھیل کا نام، جو تاش کے پتے کی طرح کھیلا جاتا تھا۔ اس میں ۹۶ پتے اور آٹھ رنگ ہوتے تھے اور تین کھلاڑی کھیلتے تھے۔
گَنجُور ۔ دولت مند ۔ امیر آدمی۔
گَندلا ۔ گدلا ۔ میلا ۔ مکدر ۔ گاڑھا ۔ غلیظ۔
گَندھار ۔ ہندی موسیقی کا تیسرا سُر جس کا اختصار ”گا“ ہے۔
گُندھی ۔ ۱۔ بالوں کو باہم بننا۔
۲۔ چوٹی کرنا۔
۳۔ منسلک کرنا۔
گَندھی ۔ عطر تیل بیچنے والا ۔ عطار۔
گَنگا جَل ۔ دریائے گنگا کا پانی جسے ہندو پاک سمجھتے ہیں۔
گَنگا جَمنی ۔ دورنگا ۔ سنہرا روپہلا ۔ وہ چیز جس پر طلائی اور نقرئی دونوں کام ہوتے ہیں۔
گَنڈہ (گنڈا) ۔ چار کوڑیاں۔

چار کا عدد ۔ نیلا ڈورا جس میں کچھ پڑھ کر بچوں وغیرہ کو پہناتے ہیں ۔

گَنْڈیریاں ۔ (گنڈیری)۔ گنے کی چھوٹی سی پوری ۔ گنے کا چھوٹا گول ٹکڑا۔

گُنْگ ۔ گونگا۔ جو زبان سے بول نہ سکے ۔

گَنْگام ۔ ایک قسم کا کپڑا۔ (ق)

گُنْگُنائے ۔ (گنگنانا) ۱۔ ناک میں بولنا۔
۲۔ دھیمی آواز سے گانا۔
۳۔ منہ ہی منہ میں گانا۔

گَنْوَر دَل ۔ گنواروں کا مجمع۔

گُو ۔ غلاظت ۔ فضلہ ۔ میلا ۔ براز ۔ نجاست ۔

گُوپال ۔ گرز ۔ لڑائی کے ایک ہتھیار کا نام ۔

گُوپَن / گُوپھَن ۔ گوپیا یا فلاخن۔ رسی کا بنا ہوا ایک آلہ جس میں پتھر یا مٹی کی گولی رکھ کر مارتے ہیں ۔

گُوپیوں ۔ (گوپی) ۔ گوالن ۔ گوجری ۔ گائے چراتے والی ۔ کرشن جی کے ساتھ بچپن سے کھیلنے والی لڑکیوں میں سے ہر ایک کا لقب ۔

گوٹا ۔ کناری ۔ چاندی یا سونے کی تاروں کا بافتہ ۔ پتلی لیس ۔

گود ۔ آغوش ۔ پہلو ۔ کنار ۔

گُودَڑ ۔ پھٹا پرانا ۔ ناکارہ کپڑا۔
۲۔ پرانی روئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے ۔

گورِ جہُودان ۔ یہودیوں کی قبر ۔

گورِ غَرِیباں ۔ قبرستان کی زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں ۔ غریبوں کی ٹوٹی قبریں ۔

گورُو گوَزَن ۔ جنگلی گدھا اور بارہ سنگھا ۔ مراد : حیوانات ۔

گَورُوں ۔ (گورا) ۔ فرنگی سپاہی ۔ انگریز سپاہی ۔

گُوری ۔ ایک راگنی کا نام ۔

گُوری کی تانیں اُڑانا ۔ (محاورہ) راگ راگنی سے دل بہلانا ۔

گوسالَہ ۔ ۱۔ گائے کا ایک سالہ بچہ ۔ بچھڑا ۔
۲۔ وہ بچھڑا جو سامری نے بنا کر حضرت موسیٰ کی غیر حاضری میں یہودیوں سے پجوایا تھا ۔

گُوسَفَنْد ۔ بھیڑ ۔ دنبہ ۔ مینڈھا۔

بکری ۔ بکرا ۔
گُوش ۔ کان ۔ سمع ۔ اُذن ۔
گوش زد ۔ وہ بات جو سنی جائے ۔ مسموع ۔
گُوشمالی ۔ تنبیہہ ۔ تادیب ۔
گوشہ ۔ ا ۔ کونہ ۔ کھونٹ ۔ زاویہ ۔
۲ ۔ تنہائی ۔ خلوت ۔
گُوزن ۔ بارہ سنگھا ۔ سانبھر ۔ پہاڑی یا جنگلی گائے ۔
گوکھرو ۔ وہ آہنی کانٹا جو لڑائی میں بکھیرا کرتے تھے تاکہ دشمن یا اس کے گھوڑوں کے پاؤں زخمی ہوجائیں ۔
۲ ۔ کان کا ایک زیور ۔
۳ ۔ مقیش وغیرہ کا تکھونٹا موڑا ہوا گوٹہ جو دوپٹہ وغیرہ پر لگتا ہے ۔
گوکل ۔ ایک مقام کا نام ۔ ہندوؤں کا ایک متبرک مقام ۔
گوگرد ۔ گندھک ۔ کبریت ۔
گوگل ۔ ایک بڑا درخت اور اس کا گوند جو سرخ اور زردی مائل اور مزے میں تلخ ہوتا ہے ۔ دوا کے بطور مستعمل ہے ۔ ہندو اسے ہوا صاف کرنے کی غرض سے جلاتے ہیں ۔ ایک خوشبودار گوند جو پوجا پاٹ کے وقت سلگایا جاتا ہے ۔

گُول گپّے ۔ گول گپّا ۔ ا ۔ موٹا تازہ ۔
۲ ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔
گُولَر ۔ ایک درخت اور اس کا پھل جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے ۔
گُولَک ۔ ا ۔ گلا ۔ روزمرہ کی بکری رکھنے کا ظرف ۔
۲ ۔ حرامی بچہ ۔
گُولَہ ۔ ا ۔ گیند ۔
۲ ۔ کرہ ۔
۳ ۔ توپ کا گولہ ۔
گُولون ۔ (گولے) ۔ جلانے کی لکڑی کا کندہ جو چیرا نہ گیا ہو ۔
گُولئے ۔ گول ۔ مٹکا ۔ بڑا گھڑا ۔
گُولا لاٹھی ۔ ہاتھ پاؤں سمیٹ کر لیٹنے کی حالت ۔ سکڑے یا گٹھری بنے ہوئے ہونے کی حالت ۔
گَوُن ۔ ا ۔ مطلب ۔ غرض ۔
۲ ۔ خواہش ۔ ضرورت ۔
۳ ۔ قابل ۔
۴ ۔ پسند ۔
گَوُن مُتصون ۔ منہ پھلا کر چپ ہوجانے والا ۔
گُوناگوں ۔ رنگ برنگ کا ۔ طرح طرح کا
گُوندھنا (گوندھ) ۔ پرونا ۔ منسلک کرنا ۔

گُونگے (گونگا)۔ وہ شخص جو بول نہ سکے۔گنگ۔
۲۔چپ چاپ۔خاموش۔
گُوہ۔ فضلہ۔نجاست۔پلیدی۔
گَوہانے۔ (گوہان)۔گاؤں۔
گُوہَر۔ ۱۔موتی۔مروارید۔
۲۔جواہر۔قیمتی پتھر۔
گَوہَرآبدار۔چمک دار موتی۔ بیش قیمت جواہر۔
گَوہَرشَب چَراغ۔ایک قسم کا لعل جو رات کو روشنی دیتا ہے۔
گُوئے۔ گیند۔
گُوئیا۔ گویا۔توکہیے۔
گَویا۔ بولنے والا۔خوش گفتار۔
گُہار۔ (گوہار)۔کمک۔مدد۔
گُہار لڑنا۔ (محاورہ) ایک آدمی کا بہت سے آدمیوں سے لڑنا۔
گُہَر ریزی۔ موتی برسنا۔
گَہنا۔ (پھولوں کا) زیور۔
گھات میں ہونا۔ (محاورہ) تاک میں ہونا۔تلاش میں رہنا۔ موقع تلاش کرنا۔

گھَانس (گھاس)۔ ۱۔کاہ۔ گیاہ۔
۲۔ساگ پات۔سبزی۔
گھَام۔ دھوپ۔گرمی۔تپش۔ گھمس۔
گھَاؤ۔ ۱۔گہرا زخم۔جراحت۔
۲۔نقصان۔خسارہ۔
گھَائی۔ دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ۔
گھَائل / گھایل۔ ۱۔زخمی۔ مجروح۔
۲۔عشق کا مارا۔دل فگار۔
گھَٹ۔ دل۔من۔جی۔
گھَٹّا۔ وہ نشان جو سجدوں کی کثرت سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے۔
گھَٹّا۔ (گٹھّا)۔ بڑا بقچہ۔ پشتارہ۔
گھَٹا گھَنگھُور۔کالا گہرا بادل۔ سیاہ بادل۔ابر تیرہ و تار۔
گھُٹَنّا۔ گھٹنوں تک پاجامہ جو جانگیے سے بڑا ہوتا ہے۔
۲۔پاجامے کے نیچے پہننے کی پوشش۔
گھُٹّی میں پَڑنا۔ (محاورہ)۔ عادی ہونا۔فطرت میں داخل ہونا۔

گھر - ۱- مکان رہنے کی جگہ۔
۲- خول - غلاف -
۳- بھٹ - کھوہ -
۴- وطن - دیس -
۵ - خاندان - گھرانا -
۶- ٹھکانا -
۷- سیارے کے ٹھرنے کا مقام -

گھر آئے کتّے کو بھی نہیں نکالتے - (مثل) اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے - ہر ایک کی خاطر تواضع کی جاتی ہے -

گھر بار تمہارا کوٹھری کُٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا - (مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب جھوٹی باتوں سے دل پر چانا اور مطلوبہ شے نہ دینا -

گھر داماد - گھر میں رکھا ہوا داماد - داماد کو اپنے گھر رکھنا -

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے - (کہاوت) رازدار کی دشمنی سخت خطرناک ہوتی ہے -

گھُرسنا (گھُرس) - کسی چیز کو کسی چیز میں داخل کرنا یا بل دینا -

گھیر آنا - (محاورہ) ہجوم کر آنا - ہجوم کر لینا - چھا جانا -

گھروندہ - مٹی کا چھوٹا گھر جو لڑکیاں گڑیاں کھیلنے کے لیے بناتی ہیں - (کنایتہً) ناپائیدار - بے وقعت -

گھڑا - پانی رکھنے کا مٹی کا تنگ منہ کا برتن - سبوچہ - مٹکا -

گھڑ چڑھی - ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولھا گھوڑے پر سوار ہو کر دلھن کے گھر جاتا ہے -
تفنگ - وہ چھوٹی توپ جسے گھوڑے پر رکھ کر ہر جگہ آسانی سے لے جا سکتے ہیں -

گھُڑکا - ڈانٹا - دھمکایا - ڈرایا -

گھڑونچی - لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھے جاتے ہیں -

گھڑیال - گھنٹہ -

گھڑی میں گھڑیال - (کہاوت) دم بھر میں کچھ سے کچھ ہے - ہندوؤں میں مردے کو گھڑیال بجاتے ہوئے لے جاتے ہیں مطلب یہ ہے کہ مرتے دیر نہیں لگتی زمانے کے انقلاب سے ڈرنا اور مصیبتوں سے پناہ مانگنی چاہیے -

گھڑیال میں گھڑی ہے زمانے کو نہ کسی کا پاس ہے نہ خیال ہے - انقلاب زمانہ -

تغیر و تبدل ۔ حالات بدلتے دیر نہیں لگتی ۔ (ق)

گھڑی میں گھڑیال ہے پلک میں ڈر رہا ہے ۔ ذرا سی دیر میں کچھ سے کچھ ہو جاتا ہے۔

گھسیارا ۔ گھاس کھودنے والا ۔ گھاس بیچنے والا ۔

گھگھی ۔ ۱۔ ہچکی ۔ بے حد خوف کی حالت ۔
۲۔ یکایک ڈر جانے سے گھی گھی کی آواز نکلنا۔
۳۔ روتے ہوئے سانس رُک کر آنے کی آواز۔

گھگھی بندھ جانا ۔ (محاورہ) روتے روتے سانس بند ہو جانا۔ روتے ہوئے سانس رُک کر آنے کی آواز۔

گھماگھم ۔ ۱۔ گھنا ۔ گنجان ۔ پیوستہ۔
۲۔ بہت پھیلا ہوا ۔
۳۔ جہاں بہت بھیڑ ہو ۔
۴۔ پیوستگی ۔ کثافت ۔
۵۔ خوشبو کی تیزی ۔ پھیلاوٹ ۔
۶۔ لوگوں کی بھیڑ ۔ آدمیوں کی کثرت ۔

گھمسان ۔ لڑائی ۔ رن ۔ جنگ ۔

گھمنڈ ۔ ۱۔ تکبر ۔ غرور ۔
۲۔ خود بینی ۔ شیخی ۔

گھن ۔ بڑا ہتھوڑا ۔

گھنا ۔ گھنا ہوا ۔ کیڑا کھایا ہوا ۔ جیسے گھن لگ گیا ہو ۔

گھنٹ ۔ وہ گھنٹہ جو ہاتھی کے گلے میں ڈالا جاتا ہے ۔

گھنٹے ۔ وقت بتانے کا بڑا آلہ ۔ کلاک ۔

گھن چکر ۔ بہت چکر کھانے والا ۔ بہت گردش کرنے والا ۔

گھنگرو (گھونگھرو) ۔ ایک قسم کا بجنے والا زیور ۔ گلے کی آواز جو جان کنی کے وقت نکلتی ہے ۔ بچوں کے پاؤں کا زیور ۔

گھنگھنیاں منہ میں بھر کر بیٹھنا ۔ (محاورہ) خاموشی اختیار کرنا ۔ چُپ سادھنا ۔

گھوڑیا ۔ (گھوڑے کی تصغیر) اسپ ۔ مرکب ۔ توسن ۔

گھورم گھورا ۔ نظر بازی ۔ ایک دوسرے کو محبت کی نظر سے دیکھنا ۔

گھولا ۔ پانی میں حل کی ہوئی افیون ۔ افیون کا شربت ۔

گھونٹ ۔ ۱۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اترے ۔ جرعہ ۔ چُسکی ۔

۲۔ حقے کا دم۔ کش۔

گھُونگھَٹ ۔ برقع ۔ نقاب ۔ پردہ۔ چادر کا منھ پر پڑا ہوا پلّا۔

گھُونگھَٹ کھانا۔ (محاورہ) بھاگنے کے لیے فوج کا میدان جنگ سے منھ پھیرنا۔ شکست کھانا۔

گھُونگھیاں ۔ (گھُونگھی)۔ مٹی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا جس کو کھپریل میں رخنہ بندی کے لیے رکھتے ہیں۔ کھپریل کے دو کھپروں کے اوپر ان دونوں کی کگر کو چھپانے کی الٹی مخروطی نالی۔

گھی ۔ روغن زرد ۔ پگھلایا اور صاف کیا ہوا مکھن۔

گھی کے چراغ جلانا۔ (محاورہ) خوشی حاصل ہونا۔ مراد پوری ہونا۔

گھَٹیلا ۔ لمبی نوک کا بھدا جوتا۔

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں۔ (مثل) گزرا زمانہ دوبارہ نہیں مل سکتا۔

گُیّاں ۔ سہیلی۔ ساتھی۔

گیان دھیان۔ علم الٰہی ۔ ذکر و فکر۔

گیاہ ۔ ۱۔ ہری گھاس۔
۲۔ خشک گھاس۔ گاہ۔

گیتی ۔ دنیا۔ عالم ۔ جہاں ۔ سنسار۔ جگ۔

گیدی ۔ ۱۔ بے غیرت ۔ بے حمیت۔
۲۔ بھڑوا ۔ دیوث۔
۳۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ نادان۔

گیدڑ بھَبکی (بھَبکی)۔
۱۔ دکھاوے کا ڈر اور اوپری دھمکی۔ گھرکی۔
۲۔ خالی خولی دھمکی۔

گیر۔ فرض کرنے والا۔ پکڑنے والا۔

گیر و دار۔ ۱۔ پکڑ دھکڑ۔
۲۔ جنگ و جدل۔ لڑائی۔

گیروا۔ گیرو کے رنگ۔ جوگیا۔ وہ جسے گیرو میں رنگا ہو۔

گیسو بُریدہ ۔ بے حیا۔ بے شرم (خصوصاً عورت)۔

گیگلی ۔ (گیگلا کی تانیث)۔ بھولا۔ سادہ لوح ۔ احمق۔ پھوہڑ۔

گیند ۔ چمڑے، کپڑے یا ربڑ کا گولا، جس سے کھیلتے ہیں۔ جلانے کی گیند جسے میدان جنگ میں یا دیوالی میں روشن کرتے ہیں۔

گیند دھڑکا ۔ گیند کا کھیل۔ ایک دوسرے کی طرف گیند پھینکنا۔

گینڈوں ۔ (گینڈا)۔ ایک سیاہ رنگ کا چوپایہ جو بڑے بھینسے کے برابر ہوتا ہے اس کے ماتھے میں ایک سینگ ہوتا ہے اس کی کھال سخت اور موٹی ہوتی ہے جس سے ڈھال اور چھڑیاں بناتے ہیں۔

گیو ۔ گودرز پہلوان کے بیٹے کا نام۔

گیومرثی ۔ گیومرث سے متعلق۔ گیومرث دنیا کا پہلا بادشاہ تھا۔ کیومرث۔

ل

لالی ۔ موتی۔ گوہر۔ مروارید۔ بڑے موتی۔

لاتوں کا آدمی باتوں سے نہیں مانتا ۔ (مثل) شریر سختی کے بغیر باز نہیں آتا۔

لاتعد ۔ جس کا شمار ناممکن ہو۔

لاٹ ۔ بہت اونچا ستون۔ مینار۔ لاٹھ۔

لاٹھی مارے سے پانی جدا نہیں ہوتا ۔ (کہاوت) رشتہ داروں بھائی بندوں میں بہکانے سکھانے سے فرق نہیں پڑسکتا۔

لاثانی ۔ بے نظیر۔ بے مثل۔

لاجورد ۔ ایک نیلا پتھر۔

لاجوردی ۔ نیلے رنگ والا۔

لَادِی ۔ دھوبیوں کی گٹھڑی ۔

لَازِم ۔ ۱۔ ضرور ۔ واجب ۔ فرض ۔
۲۔ وابستہ ۔ ملحق ۔ چپٹا ہوا ۔

لَاسَا ۔ ایک لیس دار مادہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۔ لاستہ ۔ گوند جس سے چڑیاں پکڑتے ہیں ۔

لَاش کَھٹیا پَر مَچَپاتی جائے ۔ (بد دعا) مراد : جوان موت واقع ہو ۔

لَاشَہ ۔ مردہ جسم ۔ زبوں و لاغر و ضعیف حیوان و انسان خصوصاً گدھا اور مردہ آدمی اور حیوان کا ۔

لَاشِی پَاشِی ۔ مفلس ۔ نادار ۔ کم استطاعت ۔ کم زور ۔

لَاطَائِل ۔ بے فائدہ ۔

لَاف زَنی ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔

لَاف و گزاف ۔ بے ہودہ سرائی ۔ شیخی ۔ تعلی ۔

لَاگ ۔ ۱۔ تعلق ۔ علاقہ ۔ نسبت ۔
۲۔ انس ۔ محبت ۔ لگن ۔
۳۔ شوق ۔ رغبت ۔

لَاگ لَگنَا ۔ (محاورہ) ۱۔ عشق ہونا ۔ لگن ہونا ۔
۲۔ شوق ہونا ۔ امنگ ہونا ۔

لَال ۔ گونگا ۔ بہرا ۔

لَال کُرتِی ۔ ۱۔ گوروں کی پلٹن جو سرخ وردی پہنتی تھی ۔
۲۔ وہ مقام جہاں گوروں کی فوج رہتی تھی ۔

لَال ہونا ۔ (محاورہ) ۱۔ مالامال کر دینا ۔
۲۔ لوہے کو آگ میں ڈال کر سرخ کرنا ۔
۳۔ سرخ کرنا ۔

لَالٹَین ۔ شیشے کی قندیل ۔ فانوس جس میں شیشے لگے ہوں ۔

لَالَہ ۔ (پھول) ایک قسم کے سرخ پھول کا نام جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے (لکھنؤ) شمع جو مشاعرہ میں شعراء کے سامنے رکھی جاتی تھی ۔

لَالَہ رُو ۔ سرخ چہرے والا ۔ (کنایۃً) معشوق ۔ محبوب ۔

لَام بَاندھنا ۔ چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا ۔ لڑائی کا سامان کرنا ۔

لَامِع ۔ چمکنے والا ۔ روشن ۔ درخشاں ۔

لَائِح ۔ چمکنے والا ۔ روشن ۔

لَایَزَال ۔ جس کو زوال نہ ہو ذات الٰہی ۔ بے زوال ۔

لَایَعْقِل ۔ بے عقل ۔ نادان ۔ بے وقوف ۔

لَبِ شِیرِیں ۔ میٹھے ہونٹ (کنایۃً) معشوق کے ہونٹ ۔

لَب ۔ ہونٹ ۔

لَبِ عُبُودِیت ۔ (کنایۃً)

لَبَریز - بھرا ہوا - پُر - لبالب - کناروں سے اوپر تک بھرا ہوا -
لَب گرداں - حوض یا نہر کا اتنا بھرا ہونا کہ پانی چھلک جائے -
لِباسِ فاخرہ - عمدہ پوشاک - بیش قیمت لباس -
لُپ دینی - فوراً - آناً فاناً -
لَپکا - مزہ - چسکا - چاٹ -
لِپی پُتی - صاف ستھری -
لتّے (لتّا) - پارچہ - کپڑا -
لتّے لینا - (محاورہ) ۱- دھجیاں اڑانا - پرخچے اڑانا -
۲- سرزنش کرنا -
۳- خبر لینا -
۴- تنگ کرنا - عاجز کرنا -
لَٹپٹی دستار - ٹیڑھی بندھی ہوئی پگڑی - بے قرینہ بندھی ہوئی پگڑی -
لَٹکا - منتر - سحر - جادو - ٹونا -
لَٹکن - گھڑونچی -
لَٹّو - ایک کھلونا جسے ہاتھ سے یا دھاگا لپیٹ کر پھراتے ہیں تو دیر تک پھرتا رہتا ہے - (مجازاً) شیفتہ - فریفتہ -
لَٹّو ہونا - (محاورہ) عاشق ہونا - فریفتہ ہونا -

لَٹُورا - ایک شکاری پرندہ جو جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہے -
لَٹھ - سونٹا - عصا - لاٹھی (مجازاً) درشت کلام -
لَٹھے کا لَٹھا - مراد بہت لانبا - نہایت قدآور - لمبے قد کا - (ق)
لُٹیا - چھوٹا لوٹا - آفتابہ (لوٹا کی تصغیر) -
لُٹیراپن - رہزنی - ڈکیتی - چوری -
لَجالُو - شرمیلا - حیادار -
لَجام - لگام - باگ - عنان - لوہے کا بنا ہوا گھوڑے کے منہ میں دیتے کا آلہ -
لُجّہ - ۱- پانی کی گہری جگہ - منجدھار -
۲- گہرا غار جو پانی سے بھرا ہوا ہو -
لُجّہ و لُطمہ و گرداب - بھنور - تھپیڑا - حباب - ہیولہ -
لَچکے (لَچکا) - ایک قسم کا پتلا گوٹا -
لُچنیاں (لچی) - لفنگی - (لچا کی تانیث) بے حیا - بے شرم -
لَچھمی - ۱- دھن - دولت - زر - ثروت -
۲- دولت کی دیوی -
لَچھن - کرتوت - افعال - اعمال -
لَچھّا - ریشم یا دھاگوں کا بنا

ہوا حلقہ۔

لحاظ ۔ ا۔ حفظِ مراتب۔ ادب۔
۲۔ خیال۔ دھیان۔

لَحّام ۔ گوشت فروش۔ قصائی۔

لَحْد ۔ قبر۔ مزار۔ تربت۔ گور۔ قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مردے کو رکھا جاتا ہے۔

لَحْنِ دَاؤدی ۔ حضرت داؤد کی آواز جو سریلے پن کے لیے مشہور ہے۔ (کنایتہً) سُریلی آواز۔ بہت اچھی آواز۔

لَحِیم ۔ فربہ۔ موٹا۔

لَحِیم و شَحِیم ۔ موٹا تازہ۔ فربہ اندام۔ توانا۔

لخلخے (لخلخہ)۔ خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویت دماغ کے لیے مریض کو سنگھاتے ہیں۔

لَدْغ ۔ ڈنک۔

لَڈُّو ۔ بیسن یا مونگ کے آٹے کی گول مٹھائی۔

لَڈُّو مُوتی چُور ۔ باریک دانے کے لڈو۔ (ق)

لَذِیذ ۔ خوش ذائقہ۔ مزہ دار۔

لَڑکْپنا ۔ بچپن۔ طفولیت۔ کم سنی کا زمانہ۔

لڑ بھڑ کر ۔ زور آوری سے۔ قوت آزمائی سے۔

لُڑھکنی کھانا ۔ (محاورہ) قلا بازی کھانا۔ لوٹنی کھانا۔

لڑے سپاہ نام افسر کا ۔ (مثل) چھوٹوں کا کام بڑوں کا نام۔

لَسّانی ۔ خوش گفتاری۔ خوش زبانی۔ چرب زبانی۔

لَشکر بے میر۔ تکیہ بے فقیر۔ فقیر بے پیر۔ ترکش بے تیر ۔ یہ چار چیزیں بغیر چار چیزوں کے بے کار ہیں۔

لَطافت ۔ نرمی۔ پاکیزگی۔ تازگی۔ باریکی۔

لُطف ۔ خوبی۔ مہربانی۔ نرمی۔ نگہبانی۔ حمایت۔

لَطمہ ۔ تھپڑ۔ تھپیڑا۔

لَطِیف ۔ نرم۔ پاکیزہ۔ نیکوکار۔

لَطِیفہ ۔ اچھی چیز۔ اچھی بات۔

لُعبَت ۔ گڑیا۔

لَعل ۔ سرخ رنگ کا ہیرا۔ جوہر (کنایتہً) معشوق کے ہونٹ۔

لَعَنَ اللہ ۔ اللہ کی لعنت۔

لَعِین ۔ ملعون۔ مردود۔ لعنتی۔ بدبخت۔ پھٹکارا ہوا۔

لَغزِش ۔ خطا۔ سہو۔ غلطی۔

بھول چوک ۔ گمراہی ۔ ضلالت ۔
لِفافَہ ۔ وہ چیز جو کسی چیز پر پیٹی جائے ۔ دھوکا ۔ ملمع ۔ دکھاوا ۔ ظاہری سامان ۔ وہ کاغذ کا غلاف جس میں خط وغیرہ بند کیا جائے ۔
لَقّا ۔ ایک قسم کا کبوتر جو اکثر اپنی گردن دُم کے ساتھ لگائے رکھتا ہے ۔
لُقمان ۔ ایک مشہور حکیم جن کا ذکر قرآن میں آیا ہے (مجازاً) بڑا دانا ۔ عقلمند ۔ تجربہ کار آدمی ۔
لُقمہ ۔ نوالہ ۔ کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ منہ میں ڈالی جائے ۔
لَکّاتَہ ۔ بے حیا اور فاحشہ عورت ۔
لُکٹی ۔ ادھ جلی لکڑی ، جس سے آگ کریدتے ہیں ۔
لَکَد زَن ۔ لات مارنے والا ۔ لاتیں مارنے والا ۔
لَکَڑ ۔ شہتیر ۔ بڑی لکڑی ۔ لٹھا ۔
لُکنَت ۔ ہکلاپن ۔ رک رک کر بولنے کی حالت ۔
لَکھوٹا ۔ پان کی سرخی ۔
لَکّہ ۔ ٹکڑا ۔ پارچہ ۔ (عام طور پر ابر اور دھوئیں کے لیے مستعمل) ۔

لِکھے مُوسیٰ پَڑھے خُدا ۔ ایسی تحریر کی نسبت مستعمل ہے جو کسی سے پڑھی نہ جائے ۔
لِکھے نہ پَڑھے نَام مُحمّد فَاضِل ۔ (مثل) عالمانہ وضع رکھنے والا جاہل ۔ جسے لکھنا پڑھنا تو آتا نہ ہو مگر فضیلت کا دعوی دار ہو ۔
لَکِیر ۔ خط ۔ سطر ۔
لَگّا لَگّا ۔ میل جول ۔ واقفیت ۔ رسائی ۔
لَگّا کھانا ۔ (محاورہ) برابر کا ہونا ۔ ہم پلّہ ہونا ۔ نسبت رکھنا ۔ مطابقت ہونا ۔
لَگّا لگانا ۔ (محاورہ) ابتدا کرنا ۔ پہل کرنا ۔
لَگان ۔ ۱ ۔ خراج زمین ۔ باج ۔ سرکاری محصول ۔
۲ ۔ زر آمدنی جو زمین سے حاصل ہو ۔
لَگاوَٹ ۔ لگاؤ ۔ تعلق ۔ میلان ۔ میل ملاپ ۔ علاقہ ۔
لَگاؤ ۔ ۱ ۔ میل ملاپ ۔ راہ و رسم ۔ محبت ۔ پیار ۔
۲ ۔ جوڑ ۔ ہمسری ۔
۳ ۔ اشارہ ۔

لَگائی بُجھائی ۔ چغلی ۔ بدگوئی ۔ غمازی ۔ تہمت ۔ بہتان ۔ الزام ۔
لَگھڑ ۔ ایک قسم کا باز جو شکل میں چرغ سے اور جسامت میں جرے سے مشابہ ہوتا ہے ۔ ایک قسم کا باز یا شکرا جس کے بدن پر دھاریاں ہوتی ہیں ۔
لَگڑ جھگڑ ۔ لڑائی جھگڑا ۔
لَگن ۔ ۱۔ گھڑی ۔ ساعت ۔ سماں ۔ مہورت ۔
۲۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر ۔
۳۔ طشت ۔ طاس ۔ پرات ۔
لَلِت ۔ ۱۔ مرغوب ۔ پسند خاطر ۔
۲۔ خوبصورت ۔ حسین ۔
۳۔ بھیروں ٹھاٹھ کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے ۔
لَلکارْنا ۔ ۱۔ نعرہ مارنا ۔ آواز لگانا ۔
۲۔ پکارنا ۔ ہنک لگانا ۔
۳۔ دھتکارنا ۔ دھمکانا ۔
لَمْ یَزَل ۔ اٹل ۔ ہمیشہ رہنے والا ۔ غیرفانی ، جس کو زوال نہ ہو ۔
لَمبے ہو ۔ (محاورہ) چل دور ہو ۔ ہوا کھاؤ ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ ۔

لَمپ ۔ مغربی طرز کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی لگی ہو ۔
لَمحَہ ۔ پلک جھپکنے کا وقفہ ۔ بہت تھوڑا وقت ۔
لَم قدا ۔ دراز قد آدمی ۔
لُمعَہ ۔ ۱۔ چمک ۔ روشنی ۔ نور ۔
۲۔ شعاع ۔ کرن ۔
لَن تَرانی ۔ ۱۔ تو مجھے کبھی نہیں دیکھ سکے گا ۔
۲۔ خودستائی ۔ انانیت ۔ شیخی ۔
لُنجھیانا ۔ اٹک اٹک کر بات کرنا ۔
لَنْدھور ۔ لند بمعنی مرد تنومند ھور بمعنی نیر اعظم یعنی آفتاب ۔ چہرہ مثل آفتاب ۔ لندھور کا نام نامی اسی وجہ سے لندھور رکھا ہے ۔
لَنْدھور بِن سَعْدان ۔ جانشین صاحبقران ۔
لُنڈ مُنڈ ۔ وہ درخت جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں ۔
لَنڈُوری ۔ دُم کٹی ۔ بے یار و مددگار ۔ بے بس ۔
لُنگ ۔ گھٹنوں تک تہ بند ۔ دھوتی ۔ لنگوٹی ۔
لَنگر مارنا ۔ (محاورہ) بوجھ کا دباؤ ڈالنا ۔

لَنگوٹا ۔ کاچھا۔ کم عرض کپڑا، جسے پہلوان یا فقیر پہنتے ہیں ۔

لَنگوٹی میں پھاگ کھیلنا۔ (محاورہ) تنگ دستی میں مزے اڑانا ۔ مفلسی میں عیش کرنا۔

لَنگوٹیا یار ۔ پرانا دوست ۔

لُنگی ۔ ۱۔ تہ بند ۔ دھوتی۔
۲۔ سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی۔

لَو ۔ کان کی جڑ۔ کان کے نیچے کے رُخ کی نوک ۔ پچیا ۔

لِوا ۔ جھنڈا ۔ علم ۔ نشانِ فوج ۔

لَوا ۔ بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا پرندہ جو اکثر جھاڑیوں میں رہتا ہے ۔

لُوبان ۔ ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبو دیتا ہے ۔

لُوبچون ۔ لوہ چون ۔ لوہے کا چورا۔ برادۂ آہن ۔

لُوپ ۔ مخفی ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا۔

لُوٹ ۔ غارت گری ۔ ظلم ۔ اندھیر۔ تاراج ۔ چھینا جھپٹی۔

لُوٹے (لُوٹا) ۔ ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن ۔ آفتابہ ۔

لُوٹا بھی نہ اُٹھواؤں ۔ حقیر خدمت بھی سپرد نہ کروں ۔ (ق)

لُوٹا اُٹھانا ۔ (محاورہ) ادنیٰ درجے کی نوکری کرنا ۔

لَوٹھا ۔ مسٹنڈا ۔ موٹا ۔ ہٹا کٹا۔

لُوٹیا ۔ (لوٹا کی تصغیر) لٹیا ۔ (لوٹیا) آفتابہ ۔

لَوح ۔ تختی ۔

لَوریاں (لوری) ۔ ہلکی آواز کے سُریلے گیت جو عورتیں بچوں کو سلانے یا بہلانے کے لیے آہستہ آہستہ گاتی ہیں ۔

لَوز ۔ بادام ۔ ایک مثلثی وضع کی تراشی ہوئی مٹھائی ۔

لُوک ۔ آگ کی لپٹ ۔ آنچ ۔ شعلۂ نار ۔ زبانۂ آتش ۔

لُوکا لگانا ۔ (محاورہ) آگ لگانا۔ جھلسانا ۔ جلانا ۔

لَو لگانا ۔ (محاورہ) توجہ دینا۔ رجوع ہونا ۔ ہر وقت دھیان لگانا ۔ باندھنا۔
۲۔ عشق کرنا ۔ دل لگانا ۔ عاشق ہونا۔

لُوگن ۔ لوگ ۔ آدمی ۔ شخص ۔ (ق)

لُولی ۔ کوچہ گرد فقیر۔ ظریف ۔ نازک ۔ لطیف ۔ قحبہ ۔ فاحشہ ۔

لُولیِ چرخ ۔ (لولی فلک) زہرہ ۔ ایک مشہور ستارہ۔

لُؤلُؤ ۔ موتی ۔ گوہر۔ مروارید۔

لُولُو ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔

لُون ۔ نمک ۔ کھار ۔ نُون ۔

لُونا چَماری ۔ بنگالے کی مشہور جادوگرنی ۔

لَونڈا ۔ لڑکا ۔ چھوکرا ۔

لَونڈوں کھیری ۔ زن بد ۔ وہ عورت جو نوجوانوں کی تلاش میں رہے ۔

لَونڈی ۔ کنیز ۔ باندی ۔

لَونڈی گَری ۔ خدمت ۔ سیوا ۔ ٹہل ۔ (ق)

لَونڈیا ۔ (لونڈی کی تصغیر) چھوکری ۔ لڑکی ۔

لَونڈے لاڑی ۔ ناتجربہ کار بچے ۔

لَونگ ۔ ایک خوشبودار درخت کی کلی جو نہایت تیز اور خوشبودار ہوتی ہے ۔ قرنفل ۔

لَونگ چِڑے ۔ ایک طرح کے بیسن ملے کباب ۔

لُونی ۔ کھار ۔ نمکین ۔ شور ۔

لُوہا بَرسنا ۔ (محاورہ) تلوار چلنا ۔ کشت و خون ہونا ۔ جنگ ہونا ۔

لَہرا ۔ سارنگی کی وہ دھن ہے جو ہنگام رقص بجائی جاتی ہے ہر لے کو لہرا نہیں کہتے ، بانسری پر بھی لہرا بجایا جاتا ہے ۔

لَہریں ۔ لہر ۔ پانی کی موج ۔ تلاطم ۔ جوار بھاٹا ۔ امنگ ترنگ ۔

لَہگام ۔ ایک قسم کا کپڑا ۔ کپڑے کی ایک قسم ۔

لَہلَہاتا ۔ لہلہانا ۔ جھومنا ۔ ہوا سے ہلنا ۔ تر و تازہ ہونا ۔ پھولنا پھلنا ۔

لَہلوٹ ۔ جو کسی چیز کو دیکھ کر بے تاب ہو جائے اور جس طرح بھی ہو اُسے حاصل کرنا چاہیے ۔ فریفتہ ہونا ۔ جو کسی پر فریفتہ ہو جائے ؛ جو کسی پر لٹو ہو جائے ۔ ریجھ جائے ۔

لَہنگا ۔ عورتوں کا غرارہ ۔ گھگرا ۔

لَہُو ۔ خون ۔ دم

لَہو و لَعب ۔ کھیل کود ۔ وہ شغل جس سے تفریح ہو ۔ ہنسی مذاق ۔ عیش و نشاط ۔

لَہلَہا ۔ موجیں مارتا ہوا ۔ لہراتا ہوا ؛ ہلورے لیتا ہوا ۔

لَہُو لُہان ۔ خون میں لتھڑا ہوا ۔ خون آلود ۔ خون سے بھرا ہوا ۔ زخمی ۔

لَئیق ۔ لائق ۔ قابل ۔

لے پالَک ۔ وہ بچہ جسے لے کر پال لیا گیا ہو ۔ گود لیا ہوا لڑکا یا لڑکی ۔ متبنیٰ ۔

لے ڈالنا ۔ (محاورہ) عاجز کر دینا ۔ مات کر دینا ۔ برا حال کر دینا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔ خبر لے ڈالنا ۔ پُن ڈالنا ۔

لِیاقت ۔ حوصلہ ۔ظرف ۔ مقدور۔ تمیز۔
لَیت و لَعَل ۔ٹال مٹول ۔بہانہ۔ وعدہ وعید۔
لیزَم ۔ ایک قسم کی نرم اور لچکدار کمان جس میں تانت کی جگہ لوہے کی زنجیر ہوتی ہے اور کٹوریاں لگی ہوتی ہیں ۔ پہلوانوں کی ورزش کرنے کی کمان ۔
لَیس ۔ کمربستہ ۔ مستعد ۔تیار ۔ آمادہ۔ کیل کانٹے سے درست ۔
لِیا دِیا۔ نیک کاموں کا پھل ۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔کیا کرایا۔
لِے پالک گھر گھالک۔
(مثل) لے پالک گھر کی تباہی کا سبب بنتا ہے ۔
لیکھا ۔ حساب ۔ شمار ۔ لکھا ہوا۔
لَیل ۔ رات ۔ شب۔
لَیل و نَہار۔ رات اور دن (کنایتہً) حالات یا زمانہ
لَیلَتہُ القَدر ۔ رمضان المبارک کے آخری عشرے کی ایک رات جس میں عبادت کرنا ہزار مہینے سے بہتر ہے ۔ شب قدر۔
لَیلیٰ ۔ ۱۔ شب رنگ ۔ سانولی ۔
۲۔ قیس عرف مجنوں کی معشوقہ ۔
۳۔ خوبصورت ۔حسین وجمیل ۔

لَین ۔ قطار ۔ صف ۔
لَین دَین ۔ لینا دینا ۔ حساب کتاب۔ خرید و فروخت ۔ تجارت ۔ سودا گری ۔کاروبار ۔
لَینا لَینا ۔ بھاگتے ہوئے چور وغیرہ کی نسبت کہتے ہیں ۔ پکڑنا پکڑنا۔

م

مَآل ۔ لوٹنے کی جگہ ۔انجام ۔ نتیجہ ۔ خاتمہ ۔
مَابَدولَت ۔ بادشاہ خود اپنے لیے یا دوسرا ماتحت و رعایا بادشاہ کے لیے کہتے تھے ۔
مَامُقیماں ۔ فارسی کی ایک قدیم درسی کتاب ۔ (ق)
مَاتَا ۔ مدہوش ۔ مست ۔
مَاتَم ۔ ۱۔ مرنے کا غم ۔
۲۔ گریہ وزاری ۔
۳۔ سوگ ۔

۴۔ سینہ کوبی۔
مَاتھے جَانَا ۔ (محاورہ) ۱۔ ذمہ پڑنا ۔ تھپنا۔
۲۔ نقصان ہونا۔
مَاجِد ۔ بزرگ ۔ قابلِ احترام۔
مَاجَرَا ۔ سرگزشت ۔گزشتہ حال ۔ واردات ۔
مَاجُوج ۔ ایک قوم جس کے متعلق خیال ہے ' قیامت کے نزدیک خروج کرے گی۔ اس کو روکنے کے لیے ذوالقرنین نے دیوار بنائی تھی ۔
مَاچہ خَرنی ۔ (ماچہ خرکی تانیث) ۔ بے وقوف ۔احمق ۔
مَادَر بَخطَا ۔ گالی ۔جس کی ماں نے خطا / زنا کیا ہو۔ حرامی ۔ حرام کا ۔ ولدالزنا۔
مَادِیاں ۔ گھوڑی ۔
مَادِیان عَرَبی ۔ عربی گھوڑی ۔ عربی گدھا۔
مَار کے آگے بھُوت بھَاگتا ہے ۔ (مثل) مار کے آگے سب سرکشی اور شرارت دور ہو جاتی ہے ۔
مَارے جُوتیوں کے فَرش کَردِینَا۔ غصّہ ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ (ق)
مَارے کوڑوں کے کھَال گرَادینَا۔

بہت مارنا ۔ زدوکوب کرنا۔
مَاڑوار ۔ ہند میں ایک مقام کا نام ۔
مَاشَاءَ اللّٰہ ۔ جو اللہ چاہے ۔
مَاشْن ۔ جادو کرنا۔
مَاشْ کے آٹے کی طَرح اَینٹھنَا ۔ غرور کرنا ۔ یا ناراض ہونا۔
مَال و اَسْبَاب ۔ ساز و سامان۔ کاٹھ کباڑ ۔
مَال و مَنَال ۔ مال و دولت۔ دولت اور جائداد ۔
مَار ۔ سانپ ۔ ناگ ۔ افعی۔
مَارِ آستِیں اَور گُرگِ بَغَل مراد وہ شخص جو دوست بن کر دشمنی کرے ۔
مَار کُوٹ ۔ مارپیٹ ۔ زدوکوب۔ مار دھاڑ ۔
مَارکِین ۔ ایک قسم کا سوتی کپڑا۔ (ق)۔
مَاکِیاں ۔ مرغی ۔
مَال زَادِی ۔ ۱۔ زن فاحشہ ۔ قحبہ۔
۲۔ دلالہ ۔کٹنی ۔
۳۔ ایک گالی ۔
مَالا ۔ ہار ۔ سونے / موتی کا ہار ۔

مَالَا مَال ۔ مال و دولت سے بھرپور ۔ مال دار ۔
مَالَا کلام ۔ جس میں کوئی کلام نہ ہو ۔
مَالَا یُطاق ۔ جس چیز کی طاقت نہ ہو ۔
مَالَا یَنحَل ۔ حل ہونے کے ناقابل ۔
مَالِک ۔ صاحب ۔ خداوند ۔ آقا ۔
مَالکَوس ۔ (موسیقی) ایک راگ ۔ جو ماگھ یا پھاگن میں گایا جاتا ہے ۔ اس کا وقت آخرشب ہے ۔
مَالَن ۔ مالی کی بیوی ۔ پھول بیچنے والی عورت ۔
مَالُوف ۔ ۱۔ مانوس ۔ خوگر ۔ عادی ۔
۲۔ زاد بوم ۔ جنم بھومی ۔ پیارا وطن ۔
مَالیخولیا ۔ خلل دماغ ۔ خفقان ۔ سودا ۔ خیال خام ۔ جنون ۔
مَالِی ۔ ایک قوم جو باغبانی کا پیشہ کرتی ہے ۔ باغبان ۔
مَالِی پَن ۔ باغبانی کی خوبو ۔ (ق)
مَامَن ۔ امن کی جگہ ۔ پناہ گاہ ۔
مَامُور ۔ مقرر ۔ معین ۔
مَامُوں جَان ۔ ماں کا بھائی ۔

مَاں بَیٹُوں میں لَڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بَیر پَڑی ۔
(مثل) اپنوں میں لڑائی، لڑنا نہیں سمجھنا چاہیے ۔
مَاں چُھوڑ مَوسی سے ٹَھٹّھا ۔
(کہاوت) (عو) کوئی چھوٹا بدتمیزی کرے تو کہتی ہیں ۔
مَان نَہ مَان مَیں تیرا مَہمان ۔
(کہاوت) بغیر کہے کسی کی بات میں دخل دینا ۔ بلا بلائے کسی کی کارروائی میں شریک ہونا ۔ زبردستی کسی کے گھر جا بیٹھنا / جانا ۔
مَانجَھن (مانجھی کی تانیث) ملاح ۔ ناخدا ۔ کشتی بان ۔ ناؤ کھینے والا ۔
مَانجَھا ۔ ۱۔ وہ مسالہ جو پتنگ اڑانے کی ڈور پر ملتے ہیں ۔
۲۔ وہ دعوت جو دولھا کی طرف سے شادی سے پہلے دی جاتی ہے ۔
۳۔ وہ زرد پوشاک جو دلھن کو مائیوں میں پہنائی جاتی ہے ۔
مَانجھی تَن ۔ ملاح کی بیوی ۔ کشتی چلانے والی عورت ۔ (ق)
مَانَد ۔ ۱۔ بے آب و تاب ۔ بے رونق ۔

۲۔ مدھم۔ اترا ہوا رنگ۔
۳۔ غار۔ کوہ۔ بھٹ۔
مَاندا ۔ ۱۔ بیمار۔ علیل۔ روگی۔ مریض۔
۲۔ تھکا ہوا۔
مَاندی ۔ بیمار۔ مریض۔ علیل۔
مَانگ ۔ ۱۔ سر کے بالوں کی درمیانی لکیر۔
۲۔ ایک قسم کا ماتھے کا زیور جس پر موتی جڑے ہوتے ہیں۔ ٹیکا۔
مَانگ (کوکھ) سے ٹھنڈی رہے ۔ (دعا) خاوند اور اولاد زندہ رہے۔ سہاگن بنی رہے اور صاحبِ اولاد ہو۔
مَاہ و مَاہی ۔ آسمان سے پاتال تک۔ اوپر سے نیچے تک۔
مَاہی ۔ مچھلی۔
مَاہیِ بے آب ۔ ۱۔ وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکال لی جائے۔
۲۔ بہت بے تاب۔
مَاہی مَراتب ۔ ۱۔ اعزازی نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے ہیں۔
مَاوا ۔ ۱۔ اصل۔ جوہر۔
۲۔ کھویا۔
۳۔ نشاستہ۔
۴۔ انڈے کی زردی۔
مَاہ پَیکر ۔ وہ جس کا چہرہ چاند کی مانند خوبصورت ہو۔ معشوق کی تعریف۔
مَاہِ تاباں ۔ چمکنے والا چاند۔ معشوق کی تعریف میں کہتے ہیں۔
مَاہواری ۔ ماہانہ جو ہر مہینے کے بعد ملے۔ تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے کے بعد دیا جائے۔
مَاءُاللَّحْم ۔ گوشت کا عرق جو کشید کر کے نکالا جاتا ہے۔
مَاؤف ۔ وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو۔ (عضو کے لیے مستعمل) بے حس۔
مَاوا و مَلجا ۔ جائے پناہ۔
مَائِل ۔ ۱۔ راغب۔ متوجہ۔
۲۔ مشتاق۔ عاشق۔
مُبَاح ۔ جائز۔ روا۔ حلال۔ شریعت کے موافق۔ مسنون۔
مُبَادا ۔ خدا نہ کرے۔ ایسا نہ ہو۔ خدانخواستہ۔ دور پار۔ اتفاقاً۔ شاید۔
مُبَارِز ۔ لڑائی کے لیے تیار۔ مقابلے پر بڑھ کر لڑنے والا۔ جنگجو۔
مُبَارِز طَلَبی ۔ لڑائی کے لیے اپنے حریف یا مقابل کو طلب کرنا جس کا زمانۂ قدیم کی جنگوں / لڑائیوں میں عام رواج تھا۔
مُبَارَک ۔ ۱۔ باعث برکت۔
۲۔ تہنیت۔ خوش خبری۔

مُبارَکباد (مُبارَک باد)۔
۱۔ مژدہ۔
۲۔ بدھائی۔ شادیانہ۔
۳۔ دعائے خیر۔ خدا برکت دے۔ مبارک ہو۔

مُبتَلا ۔ ۱۔ گرفتار۔ ماخوذ۔
۲۔ بلا یا آفت میں پڑا ہوا۔
۳۔ عاشق۔ مفتون۔ دلدادہ۔ لٹو۔

مُبتَہِج ۔ خوش۔ دل شاد۔ مسرور۔ شاداں۔

مُبتَدِع ۔ آپ ہی آپ کسی نئی چیز کا پیدا کرنے والا۔ بے مادہ بنانے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

مُبَدَّل ۔ بدلا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ تبدیل شدہ۔

مَبذُول ۔ ۱۔ خرچ کیا گیا۔
۲۔ لگایا گیا۔ منعطف۔

مَبرَز ۔ مقعد۔ دبر۔ پاک ہونے کی جگہ۔

مُبرَم ۔ مضبوط۔ مستحکم۔ استوار۔ نہ ٹلنے والی۔

مَبرور ۔ ۱۔ پاک۔ مقدس۔ گناہوں سے بری۔
۲۔ مقبول۔

مُبَشَّر۔ جس کی خوش خبری دی گئی ہو۔

مُبَشِّر۔ بشارت دینے والا۔ خوش خبری سنانے والا۔

مَبہُوت ۔ ۱۔ حیران۔ ہکابکا۔
۲۔ دیوانہ۔ باؤلا۔
۳۔ مخمور۔ مدہوش۔

مَبہُوتی ۔ دیوانی۔ شیدا۔ عاشق۔

مُبَہِّی ۔ قوت باہ بڑھانے والا۔ شہوت زیادہ کرنے والا۔

مَتاع ۔ پونجی۔ سامان۔ اسباب تجارت۔

مَتانَت ۔ استواری۔ مضبوطی۔ سنجیدگی۔

مُتَبَسِّم ۔ مُسکرانے والا۔ شگفتہ۔ کھلا ہوا۔

مِتر ۔ ۱۔ دوست۔ آشنا۔
۲۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔

مُتَبَنّیٰ ۔ فرزندی میں لیا ہوا۔ گود لیا ہوا۔ لے پالک۔

مُتَجَسِّس ۔ تلاش کرنے والا۔ جستجو کرنے والا۔

مُتَرَدِّد ۔ ۱۔ فکرمند۔ پس وپیش کرنے والا۔ سوچ میں پڑ جانے والا۔
۲۔ پریشان۔ مضطرب۔

مُتَصَدّی ۔ محرر۔ کاتب۔ منشی۔ گماشتہ۔

مُتَّصِل ۔ پاس۔ قریب۔ لگا ہوا۔ لگاتار۔

مُتَصَوَّر ۔ تصور میں لایا ہوا۔ خیال کیا گیا۔ سوچا ہوا۔

مُتَضَمَّن ۔ داخل کیا ہوا۔ شامل کیا ہوا۔

مُتَعاقِب ۔ تعاقب کرنے والا۔

پیچھے آنے والا ۔ بعد میں ۔
مُتعَال ۔ ۱۔ عالی ۔ بلند ۔ برتر ۔
۲۔ اللہ تعالیٰ کا نام ۔
مُتعَرِّض ۔ روکنے والا ۔ آگے آنے والا ۔
مُتعَلِّق ۔ ۱۔ لگاؤ رکھنے والا ۔ تعلق رکھنے والا ۔
۲۔ رشتہ دار ۔ قرابتی ۔
۳۔ منسلک ۔ ماتحت ۔
مُتفَرِّق ۔ جدا جدا ۔ الگ الگ ۔ پراگندہ ۔
مُتفَکِّری ۔ فکرمندی ۔ اُداسی ۔ رنجیدگی ۔ (ق)
مُتغَیِّر ۔ بدلا ہوا ۔ تبدیل شدہ ۔ پلٹا ہوا ۔
مُتفَنِّی ۔ مکار ۔ فریبی ۔ دغاباز ۔
مُتلاشی ۔ (غلط العوام) تلاش کرنے والا ۔ جستجو کرنے والا ۔
مُتلَوِّن ۔ رنگ بہ رنگ ہونے والا ۔ غیر مستقل مزاج ۔
مُتمَکِّن ۔ جگہ پکڑنے والا ۔ قرار پکڑنے والا ۔ جاگزیں ۔ قائم ۔
مُتمَثِّل ۔ ہم مثل ۔ مانند ۔
مُتمَرِّیال ۔ سرکشی ۔ اینٹھ ۔
مُتنَفِّس ۔ ۱۔ سانس لینے والا ۔ جاندار ۔
۲۔ انسان ۔ آدمی ۔
مُتوَازِی ۔ (متوازی) علم اقلیدس میں جو خطوط ایک سطح میں ہوں ان کو دونوں طرف خواہ کتنا ہی بڑھائیں وہ آپس میں نہ ملیں ۔
مُتوَجِّہ ۔ ۱۔ توجہ کرنے والا ۔ راغب ۔
۲۔ مہربان ۔ نظرعنایت رکھنے والا ۔
مُتوَحِّش ۔ ۱۔ وحشت میں ڈالنے والا ۔
۲۔ غیر مانوس ۔
۳۔ نفرت کرنے والا ۔
مُتوَہِّم ۔ وہم کرنے والا ۔ وسواسی ۔
مَتھرا ۔ یوپی ہندوستان میں ہندوؤں کا ایک متبرک شہر ۔ (ق)
مِتھن ۔ بروج فلکی سے تیسرا برج یعنی جوزا ۔
مِٹھائی ۔ شیرینی ۔
مِٹی ۔ ۱۔ زمین ۔ دھرتی ۔
۲۔ خاک ۔ دھول ۔
۳۔ دنیا ۔ سنسار ۔
۴۔ راکھ ۔ خاکستر ۔
۵۔ خمیر ۔ سرشت ۔
مَٹھ ۔ وہ مکان جس میں ایک مہنت کی ماتحتی میں بہت سے سادھو رہتے رہوں ۔ خانقاہ ۔ دھرم سالہ ۔
مُٹھا ۔ ۱۔ بنڈل ۔ کاغذوں کا پشتارہ ۔ گڈا ۔
۲۔ مٹھی ۔ لپ ۔
مَٹھولوں (مٹھولا) ۔ جلق ۔

مشت زنی ۔ ہتھ رسی ۔

مُٹھیا دیو ۔ چھوٹے قد کا بدشکل آدمی ۔ پست قامت بدخواہ شخص ۔

مُٹھی ۔ ۱۔ مشت ۔ چنگل ۔

۲۔ لپ بھر ۔ ایک مشت کے برابر مقدار ۔

مُٹیا ۔ مٹی کا چھوٹا برتن جس میں دودھ وغیرہ رکھتے ہیں ۔

مُٹیا پھُوس ۔ نہایت بوڑھا اور ناتوان جس کی مٹی یعنی جسم پھوس کی طرح ہوگیا ہو ۔

مِثقال ۔ ساڑھے چار ماشہ کا وزن ۔

مُثالث ۔ سہ گوشہ ۔ تکون ۔ تین گوشوں کی شکل ۔

مِثل ۔ ۱۔ مانند ۔ ملتا ہوا ۔ ہم شکل ۔ نظیر ۔

۲۔ قسم وار کاغذات کا مجموعہ جن کا تعلق کسی مقدمہ یا خاص معاملہ سے ہو ۔

مِثل دَر مِثل ۔ متواتر ۔ تسلسل کے ساتھ ۔

مَجال ۔ قدرت ۔ طاقت ۔ بساط ۔ حوصلہ ۔ جولاں گاہ ۔

مُجادَلہ ۔ لڑنا ۔ جنگ کرنا ۔

مُجاوِر ۔ درگاہ کا خدمتی ۔ پڑوسی ۔

مُجاوَرت ۔ ہمسائگی ۔ پڑوس ۔

مجبُور ۔ بے بس ۔ لاچار ۔

مُجتَہِد ۔ اجتہاد کرنے والا ۔ کوشش کرنے والا ۔ جد و جہد کرنے والا ۔

مَجذُوب ۔ ۱۔ محبت خداوندی میں مدہوش ۔

۲۔ سڑی ۔ پاگل ۔

۳۔ فقیروں کی ایک قسم جو ننگے رہتے ہیں اور عوام انہیں ولی سمجھتے ہیں ۔

مُجرا ۔ کورنش ۔ تسلیمات ۔ سلام ۔

مُجرا گاہ ۔ بادشاہوں کے دربار میں وہ جگہ جہاں لوگ کھڑے ہوکر مجرا عرض کرتے تھے ۔

مُجرَئی ۔ (مجرائی) ۔ سلام کرنے والا ۔

مَجرُوح ۔ زخمی ۔ گھائل ۔

مَجلِس ۔ بیٹھنے کی جگہ ۔ نشست گاہ ۔

مُجَلّٰی ۔ روشن ۔ چمکدار ۔ جلا دیا ہوا ۔

مُجمَر ۔ عود سوز ۔ انگیٹھی ۔

مَجھولی ۔ ایک قسم کی چھوٹی بہلی ۔ ایک قسم کی چھوٹی بیل گاڑی ۔

مَجید ۔ نام اللہ تعالیٰ ۔ بزرگوار ۔ گرامی ۔

مَجیرا ۔ (مجیرہ) ۔ پیتل کی بنی ہوئی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لیے دونوں ہاتھوں میں لے کر

بجاتے ہیں۔

مَچان - ٹانڈ۔ درخت پر وہ جگہ جو شیر کے شکار کے لیے بناتے ہیں۔ باغ اور کھیت میں وہ اونچی جگہ جو پھلوں یا فصل کی حفاظت کے لیے بنائی جاتی ہے۔

مَچھَر - ایک چھوٹا سا پردار کیڑا جو اپنے ڈنک کے ذریعے آدمی اور جانور کا خون چوستا ہے۔

مَچھلی - ماہی۔ مچھی۔

مچھّی کے بھی پِتّا ہَوتا ہے کب تک چُپ رہے - (مثل) کم زور بھی تنگ آکر جوابی کارروائی کرتا ہے۔ ضعیف و ناتواں کو پریشان کرنے میں تامل کرنا چاہیے۔ (ق)

مَچھّی - بوسہ۔

مُحارَبَہ - جنگ۔ کارزار۔

مُحافِظ - نگہبان۔ گورنر۔

مُحافَہ - فنس۔ ڈولی۔ پینس۔ پردہ دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں۔

مُحال - ناممکن بات۔

محاورہ - بول چال۔ بات چیت۔ باہمی گفتگو۔

مَحبَس - قید خانہ۔ زنداں۔

مُحبَس - قیدی۔ اسیر۔ قید کیا ہوا۔

مَحبُوب - دوست۔ پیارا۔

مَحبُوب خُوش ادا - خوش ادا محبوب۔ وہ محبوب جس کے اطوار پسندیدہ ہوں۔

مَحبُوس - قیدی مرد۔ قید کیا گیا۔

مُحتالہ - مکر و حیلہ کرنے والی۔ دلالہ۔ کٹنی۔ فاحشہ۔

مُحتَسِب - احتساب کرنے والا۔ وہ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے۔

مُحتَشَم - ۱۔ جاہ و جلال والا۔ خدم و حشم والا۔
۲۔ امیر۔ دولت مند۔

مُحتَمَل - ۱۔ شبہ کیا گیا۔ مشتبہ۔
۲۔ روا۔ جائز۔
۳۔ برداشت کرنے والا۔ صبر کرنے والا۔

مُحتَوِی - گھیراؤ کرنے والا۔ محیط ہونے والا۔ احاطہ کرنے والا۔

مُحَجَّر - جالی دار۔

مَحجُوب - ۱۔ پنہاں۔ پوشیدہ۔
۲۔ وہ جو پیدائشی اندھا ہو۔

مِحرَاب - ۱۔ کمان کی شکل کا طاق۔
۲۔ شاہی خلوت گاہ۔ خلوت خانہ۔ حجرہ۔
۳۔ کمرے میں سب سے اونچی جگہ۔ وہ جگہ جہاں بادشاہ یا بڑے آدمی بیٹھتے ہوں۔

مَحرَم - انگیا کی کٹوری۔ انگیا۔

سینہ بند۔
مَخرُور ۔ ۱۔ گرم مزاج ۔ دبلا۔
۲۔ وہ جسے غلامی سے آزادی دی گئی ہو۔
۳۔ مست ۔ پرشہوت۔
مُحسِن ۔ ۱۔ احسان کرنے والا ۔ بھلائی کرنے والا۔
۲۔ سخی ۔ فیاض۔
۳۔ مددگار ۔ معاون ۔ مربی۔
مَحسُوب ۔ جس کا حساب کیا گیا ہو۔
مَحشَر ۔ وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں۔ (مجازاً) قیامت کا دن ۔ حشر۔ پرلو۔
مَحفُوظ ۔ حفظ یافتہ ۔ مسرور ۔ خوش۔ بہرہ مند۔ نصیب ور۔
مِحَک ۔ ۱۔ کسوٹی ۔
۲۔ پرکھ ۔ آزمائش ۔ جانچ ۔
مَحکُوک ۔ ۱۔ چھیلا گیا ۔ محو کیا گیا ۔
۲۔ نگینہ جس پر کچھ کندہ ہو ۔
مَحَل ۔ ۱۔ عمارت ۔ مکان ۔ بادشاہوں/ امیروں کا مکان ۔ قصر ۔ ایوان ۔
۲۔ رانی ۔ ملکہ ۔ بیگم ۔ بیوی ۔
مَحَل دَار ۔ شاہی زمانے کا ایک عہدہ جو شاہی محل کا انتظام اور حفاظت کرتا تھا ۔
مَحمُودی ۔ ایک قسم کی نفیس ململ ۔
مِحَن ۔ (محنت کی جمع) بلائیں ۔ تکلیفیں ۔

مِحنَت سے عَظمَت ہوتی ہے ۔ (مثل) بڑائی محنت میں ہے۔ عزت اور فضیلت مسلسل کام کرنے سے ملتی ہے ۔
مَحو ۔ ۱۔ گم ۔ معدوم ۔ مٹا ہوا۔
۲۔ فریفتہ ۔ عاشق۔
مَحوِ دِیدار ۔ دیکھنے میں مشغول خصوصاً معشوق کو۔
مُحَوِّل ۔ پھراتے والا ۔ حوالے اور سپرد کرنے والا۔
مُحِیط ۔ گھیرنے والا ۔ احاطہ کرنے والا۔
۲۔ دائرہ کا گول خط ۔
۳۔ پکڑ۔ احاطہ۔ گھیرا۔
مُخِل ۔ حیلہ گر۔ مکار ۔ فریبی ۔
مَخافت ۔ کھٹکا ۔ خوف ۔ ڈر۔
مُخالِف ۔ ۱۔ برخلاف ۔ الٹا۔
۲۔ دشمن ۔ عدو ۔ بیری ۔
مُخالَفت ۔ ۱۔ دشمنی ۔ عداوت۔ ۲۔ ضد؛ ہٹ۔
مُخبِر ۔ خبر دینے والا ۔ جاسوس ۔ خفیہ پولس۔ رپورٹر۔
مُختَار ۔ سرپرست ۔ سربراہ کار۔
مُختَلِج ۔ دھڑکنے والا ۔ اُچھلنے والا۔
مُختَلَط ۔ ملا ہوا۔ گڈمڈ۔
مُختَلِط ۔ ۱۔ اختلاف کرنے والا ۔
۲ ۔ نامعلوم ۔ گمنام ۔ غیر مشہور۔

مُختَلِفُ اللّون ۔ مختلف رنگوں کا ۔ رنگ برنگ ۔ (ق)
مُخَدَّرات ۔ پردہ نشین عورتیں ۔ نیک بخت عورتیں ۔
مَخدُوم ۔ ۱۔ قابل تعظیم ۔
۲۔ آقا ۔ مالک ۔
مُخرَج ۔ ۱۔ باہر نکلنے کی جگہ ۔ منبع ۔ مصدر ۔
۲۔ اصل ۔ جڑ ۔ مادہ ۔
مَخرُوش ۔ شور و غل نہ کر ۔ (ق)
مَخزَن ۔ ۱۔ ذخیرہ ۔ خزانہ ۔
۲۔ رسالہ ۔ میگزین ۔
مَخفِی ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔ خفیہ ۔
مُخِل ۔ ۱۔ خلل انداز ۔ خارج ۔
۲۔ مفسد ۔ فتنہ پرداز ۔
مُخلَع ۔ خلعت دیا گیا ۔ خلعت پہنایا گیا ۔ خلعت دیا ہوا ۔
مَخمَصَہ ۔ ۱۔ جھمیلا ۔ بکھیڑا ۔ جھگڑا ۔
۲۔ بھوک ۔ اضطراب ۔
مَخمَل ۔ ایک قسم کا کپڑا جس کی ایک طرف نہایت ملائم اور روئیں دار ہوتی ہے ۔
مَخمَلِ سَبز ۔ مراد ۔ گھاس ۔
مَخمُور ۔ متوالا ۔ شراب پیا ہوا ۔ مدہوش ۔ نشے میں چور ۔
مُخَنَّث ۔ ہیجڑا ۔ زنخا ۔ نامرد ۔
مُخَوَّف ۔ ڈرایا ہوا ۔ خوف زدہ ۔

مِداد ۔ روشنائی ۔ دوات کی سیاہی ۔
مَدار ۔ انحصار ۔ موقوف کیا گیا ۔ جس پر کوئی بات ٹھہری ہو ۔ ایک فقیر کا نام جس کا مزار مکھن پور میں ہے ۔
مَدارُ المَہام ۔ وہ شخص جس پر امور سلطنت کا دار و مدار ہو ۔ وزیر اعظم ۔
مُدارا ۔ (مدارات) ۔ آؤ بھگت ۔ اچھی طرح پیش آنا ۔ خاطر تواضع ۔
مَدارِیا ۔ ایک قسم کا چھوٹا حقہ ۔
مُدام ۔ ۱۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ متواتر ۔
۲۔ شراب ۔ مے ۔
مُداوا ۔ ۱۔ علاج ۔ معالجہ ۔ دوا ۔
۲۔ تدبیر ۔ چارہ ۔
مِدحَت سَرائی ۔ ۱۔ تعریف ۔ ستائش ۔
۲۔ گن گانے والا ۔ تعریف کرنے والا ۔
مُدَّعا عَلَیہ ۔ وہ شخص جس پر دعویٰ کیا جائے ۔
مُدَّعی ۔ ۱۔ سائل ۔ مستغیث ۔ نالشی دعویٰ کرنے والا ۔
۲۔ رقیب ۔ حریف ۔
مَدفَن ۔ دفن ہونے کی جگہ ۔ قبر ۔ گور ۔ مزار ۔ مقبرہ ۔

مَدقُوق ۔ دق کا مریض ۔ دق کا بیمار۔
مَدَک ۔ ایک نشہ آور چیز جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیتے ہیں۔
مَدَن بان ۔ بیلے کی قسم کا ایک پھول ۔
مُدَوَّر ۔ دائرہ نما۔گول ۔
مَدھ ۔ شراب ۔ کوئی نشہ آور چیز۔
مَدھ ماتا ۔ نشے میں مست۔
مَدّھم ۔ گویوں کی اصطلاح میں سات سروں میں سے ایک سُر کا نام جس کو "ما" بھی کہتے ہیں ۔
مَدِید ۔ طویل ۔ دراز۔
مَذاق ۔ ۱۔ ظرافت ۔ ٹھٹھول۔
۲۔ ذائقہ ۔ چکھائی ۔
مَذبُوح ۔ ۱۔ ذبح کیا گیا ۔
۲۔ مقتول ۔
مَذکُور ۔ ۱۔ ذکر کیا گیا۔
۲۔ ذکر۔ گفتگو۔ بات ۔
۳۔ چرچا۔ شہرت ۔
مَذَلَّت ۔ ذلت ۔ رسوائی ۔ بدنامی۔ خواری ۔
مَذَمَّت ۔ برائی ۔ بدی۔
مَذہب ۔ ایمان ۔ دھرم ۔ عقیدہ۔
مِرآت ۔ آئینہ ۔
مَرات ۔ عورت ۔
مُراجَعَت ۔ واپسی ۔ لوٹنا ۔ رجوع ۔
مَراحِل (مرحلہ کی جمع) قصے کہانیوں کی کتابوں میں وہ ملک جس کے فتح کرنے پر طلسم کا فتح کرنا منحصر ہوتا ہے ۔
مَراحِم ۔ (مرحمت کی جمع)۔ مہربانیاں۔ عنایات ۔ نوازشات۔
مُراد مَند ۔ خواہش مند ۔ آرزومند۔ محتاج ۔
مَرام ۔ مراد ۔ مطلب ۔ مقصد۔
مُرَبَّع ۔ ۱۔ ایک قسم کی نشست۔
۲۔ ہر چوکور چیز جس کے طول و عرض برابر ہوں ۔
مُرتاض ۔ ریاضت کرنے والا ۔ علم و ہنر میں یا تصوف میں مشقت اٹھانے والا ۔
مُرتَد ۔ اسلام سے پھرا ہوا ۔ منحرف۔ مردود ۔ ملعون۔ ملحد ۔
مُرتَسِم ۔ نشان کیا گیا ۔ مہر لگا یا گیا ۔
مُرتَعِش ۔ ۱۔ کانپنے والا۔ لرزاں۔
۲۔ رعشے والا۔
مُرتَفِع ۔ بلند ۔اونچا۔
مَر بُھکا ۔ ۱۔ وہ جو کھانے سے کبھی سیر نہ ہو ۔ پیٹو ۔
۲۔ مریض ۔ لالچی ۔
مَرجان ۔ مونگا ۔ چھوٹا موتی۔
مِرچ ۔ ایک ہندوستانی پودا جس کا پھل عام طور پر سرخ / مگر زرد سیاہ اور قدرے سفید بھی ہوتا ہے ۔ اس کا مزا بہت تیز ۔ مسالے اور سالن

میں ڈالا جاتا ہے۔ توہم پرست لوگ جن بھوت کو نکالنے کے لیے اس کی دھونی دیتے ہیں۔

مِرچیں جَلانا ۔ مرچوں کی دھونی دینا۔

مِرچیں لَگنا ۔ (محاورہ) ۱۔ کسی بات کا ناگوار گزرنا۔ برا معلوم ہونا۔ برا لگنا۔
۲۔ رشک سے جل جانا۔

مِرچیں لَگانا ۔ (محاورہ) (ع) غصہ دلانا۔

مِرچیا جن (مرجیا جن) ۔ چھوٹے قد کا جن یا دیو۔ پست قامت اور شریر (عورتوں کی زبان)۔

مَرحَبا ۔ ۱۔ شاباش۔ آفرین۔ کیا کہنا۔ واہ واہ۔
۲۔ خوش آمدید۔

مَرحَمَت ۔ مہربانی۔ عنایت۔ الطاف۔ کرم۔ نوازش۔

مُرَخَّص ۔ رخصت کیا گیا۔ روانہ کیا گیا۔ اجازت دیا گیا۔

مَردُم ۔ ۱۔ مرد۔ انسان۔ لوگ۔
۲۔ آنکھ کی پتلی۔

مَردُمِ آبی ۔ دریائی آدمی۔ وہ سمندری جانور جن کی شکل انسان کی سی ہوتی ہے۔ جل مانس۔

مَردُم دِیدَہ ۔ آنکھ کی پتلی۔

مَردُمَک ۔ آنکھ کی پتلی۔ پتلی کا تل۔

مِردَنگ ۔ ۱۔ ایک قسم کی ڈھولک جو طبلے کی طرح ایک طرف سے بجائی جاتی ہے۔
۲۔ شیشے کا فانوس جسے شمع روشن کرکے اس کے اوپر رکھ دیا جاتا ہے۔

مَردُوا ۔ (مرد کی تصغیر)۔ بیگانہ مرد۔

مُردا ۔ (بددعا) جنازہ۔ میت۔ لاش۔

مُردار ۔ کلمۂ حقارت جو ناراضگی کی وجہ سے کہا جاتا ہے۔ نالائق۔ نابکار۔

مِردَھا ۔ بادشاہوں کے دربار میں ایک ادنیٰ افسر جو پیادوں کا کام دیا کرتا تھا۔ چوب داروں کا قاصدوں کا سردار۔

مَردی ۔ ۱۔ مردانگی۔ بہادری۔
۲۔ آدمیت۔ انسانیت۔
۳۔ قوت باہ۔ رجولیت۔

مِرزَائی ۔ ایک قسم کا روئی دار شلوکہ جو موسم سرما میں پہنا جاتا ہے۔

مُرَصَّع ۔ ۱۔ سجا ہوا (جواہرات سے)۔
۲۔ آراستہ۔

مُرغا ۔ مُرغی کا نر۔ خروس۔

مُرغِ زَرِیں - ایک سنہری جنگلی مرغا- تیتر اور مور سے ملتا ہوا- مرغی کے برابر سبز رنگ کا ایک پرند جس کے پر چمکیلے اور سر پر کلغی ہوتی ہے-

مُرغابی - ایک آبی پرندہ-

مَرغُوب - پسندیدہ - من بھاتا-

مَرغُول - خم دار- گھنگھریالا-

مَرغُولہ - پیچ دار- ٹیڑھا-

مِرفا- ڈھول-

مُرَفَّہُ الحال - آسودہ - خوش حال- دولت مند-

مِرفَق - وہ کام جس سے فائدہ حاصل ہو-

مِرفَق - کہنی-

مَرقَد - ۱- آرام گاہ - خواب گاہ-
۲- تربت - قبر- گور-

مَرقُومَہ - لکھا ہوا - لکھا گیا - تحریر-

مَرکَب - وہ شے جس پر سوار ہوں - سواری (مجازاً) گھوڑا-

مَرکبِ تازی - عربی گھوڑا-

مُرکی - (مُرکیوں)- ۱- ایک قسم کی سواری (ق)
۲- (موسیقی کی اصطلاح) - ہلکی تان یا کن-

مَرگ - موت - قضا- اجل-

مِرگ چھالا - ہرن کی بالوں سمیت کھال جس پر بیٹھ کر درویش لوگ عبادت کرتے ہیں-

مَرگِ مُفاجات - ناگہانی موت - وہ موت جو اچانک آجائے-

مَرگھٹ - شمشان - ہندوؤں کے مُردے جلانے کی جگہ- مسان-

مُرلی - بانسری - نے- الغوزہ-

مُرلیا باجنا- (محاورہ) ۱- مُرلی کا بجنا-
۲- کیفیت معلوم ہونا- مزا ملنا - مزا پانا-

مُرمُرے (مُرمُرا)- بھاڑ کا بھنا ہوا وہ کرارا چاول جس کے چبانے سے مُرمُر کی آواز نکلتی ہے-

مِروَحَہ - راحت کی چیز - پنکھا-

مِروَحَہ جُنبانی - پنکھا ہلانے والا- پنکھا ہلانا-

مَرزبان - زمیندار - سردار-

مِرزائی - صدری - نیم آستین کی کمری- مرزئی-

مُرشِدی - پیری - عیاری-

چالاکی۔

مُرَصَّع ۔ جواہر نگار۔ موتی یا جواہر جڑا ہوا۔ (ق)

مَرْوارِید ۔ موتی ۔ گوہر۔ دُر۔

مَرْہَمْ پَٹّی ۔ مرہم لگانا اور پٹی باندھنا۔ زخم کا۔ دوا دارو یا علاج۔

مَرْہُونِ مِنَّت ۔ ممنون ۔ شکر گزار۔ احسان مند۔

مِرِّیخ ۔ ایک ستارے کا نام جو علم نجوم کے اعتبار سے ساتویں آسمان پر ہے ۔ اس کو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

مُڑچِڑا (مُڑچِڑا) ۔ ۱۔ ضدی۔ ہٹیلا۔

۲۔ ایک قسم کا فقیر جو اپنا سر زخمی کرکے بھیک مانگتا ہے۔

مُڑچِڑاپَن (مُڑچِڑاپن) ۔ ہٹیلاپن ۔ سرزوری ۔

مُزاحِم ۔ مزاحمت کرنے والا۔ روکنے والا۔ حائل ۔

مَزار ۔ ۱۔ زیارت کرنے کی جگہ۔

۲۔ درگاہ ۔ آستانہ۔ مقبرہ ۔ قبر۔ تربت ۔

مَزْبَلہ ۔ گندگی ڈالنے کی جگہ ۔ وہ جگہ جہاں نجاست اور کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں۔

مُزَخْرَفات ۔ چھوٹی اور واہیات باتیں ۔ بے ہودہ باتیں ۔ چکنی چپڑی باتیں ۔

مَزْدُور ۔ اجرت پر کام کرنے والا۔ بوجھ اٹھانے والا۔

مَزْدُورنی (مزدور کی تانیث)۔ مزدوری کرنے والا۔

مَزْدوری ۔ معاوضہ۔ محنت کا صلہ ۔ محنتانہ۔

مَزْرع / مَزْرَعَہ ۔ کھیتی ۔کھیت۔ کشت ۔

مَزْرعِ آخرت ۔ ۱۔ عاقبت کی کھیتی ۔ نیکی ۔ بھلائی ۔

۲۔ دنیا۔

مُزَعْفَر ۔ زعفرانی زردہ ۔ زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ۔ ایک قسم کا میٹھا پلاؤ ۔

مُزَیَّب ۔ زیبا۔ سجا ہوا۔ زیب دیا ہوا۔

مُزَیَّن ۔ آراستہ ۔ مکلف ۔ سجایا ہوا۔

مِژگاں ۔ مژہ ۔ پلک ۔

مَسا ۔ بڑا تل ۔ خال ۔

مَساحَت ۔ زمین کی پیمائش ۔

مَسافَت ۔ دوری ۔ فاصلہ ۔ سفر۔

مُسافِر ۔ سفر کرنے والا ۔ راہ گیر۔

پردیسی۔

مُسَافِروں کے پیچھے رَونا۔ عورتوں میں بدشگونی سمجھی جاتی ہے۔

مَسان ۔ مرگھٹ ۔ وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مُردے جلائے جاتے ہیں۔

مُسَبِّبُ الْاَسْباب ۔ سبب پیدا کرنے والا مراد: اللہ تعالیٰ۔

مَسْت ۔ متوالا ۔ نشے میں چور۔ مخمور۔

مَسْتانہ ۔ مست کی طرح ۔ متوالے کی طرح۔

مَسْتانی ۔ (مست کی تانیث) ۔ نشے میں چور ۔ مخمور۔

مُسْتَجاب ۔ جواب دیا گیا ۔ (مجازاً) قبول کیا گیا ۔ مانا گیا۔

مُسْتَجابُ الدَّعْوات ۔ جس کی دعا قبول ہو ۔ جس کی دعا بارگاہِ الٰہی میں شرفِ قبولیت پائے۔

مُسْتَدْعی ۔ استدعا کرنے والا ۔ چاہنے والا ۔ خواہش مند ۔ درخواست کرنے والا۔

مُسْتَسْقی ۔ وہ جو پانی طلب کرے۔ پیاسا۔

مُسْتَطاب ۔ مبارک ۔ سعید۔ نیک۔

مُسْتَعِد ۔ ۱۔ آمادہ ۔ تیار ۔ کمربستہ۔
۲۔ چست ۔ چالاک ۔ ہوشیار۔

مُسْتَغْنِی ۔ ۱۔ آزاد ۔ بے پروا۔
۲۔ دولت مند ۔ آسودہ حال۔ مطمئن۔

مُسْتَغِیث ۔ داد خواہ ۔ مدعی۔ دعویٰ دار۔

مُسْتَفْسِر ۔ پوچھنے والا ۔ تحقیق کرنے والا۔

مَسْتَک ۔ ۱۔ ہاتھی کا ماتھا۔
۲۔ ماتھا ۔ پیشانی۔

مُسْتَمِرّہ ۔ رواں ۔ مضبوط ۔ ہمیشہ۔

مُسْتَمَنْد ۔ ۱۔ غمگین۔
۲۔ حاجت مند ۔ ضرورت والا۔ رنجیدہ۔

مُسْتَمَنْدانہ ۔ حاجت مندانہ۔

مُسْٹَنڈا ۔ موٹا تازہ آدمی ۔ ہٹا کٹا۔

مُسْتَوْلی ۔ غالب ۔ زور آور۔ چھانے والا ۔ قابو پانے والا۔

مَسْخَرا (مَسْخَرہ) ۔ ٹھٹھے باز ۔ مذاقیہ ۔ ہنسوڑ۔

مَسْدُود ۔ ۱۔ بند کیا گیا ۔ روکا گیا۔
۲۔ بند ۔ رکا ہوا۔

مَسْرُور ۔ خوش ۔ شاداں۔

مَسْرُوقَہ ۔ (مسروق کی تانیث) چوری کیا گیا ۔ چرایا گیا ۔
مُسَطَّح ۔ پھیلا ہوا ۔ چوڑا ۔ کھلا ۔
مَسْطُور ۔ سطر بندی کیا گیا ۔ لکھا گیا ۔
مَسْعُود ۔ ۱ ۔ سعید ۔ نیک ۔ مبارک ۔
۲ ۔ خوش نصیب ۔ بختاور ۔
مَسَک ۔ کپڑے پر شکن پڑ جانا ۔ کپڑے کا ذرا سا پھٹ گیا ۔
مُسِکَا ۔ وہ چھینکا جو چوپایوں کے منھ پر باندھ دیتے ہیں کہ وہ کسی چیز کو منھ میں نہ ڈال سکیں ۔
مَسْکَن ۔ مکان ۔ گھر ۔ ٹھکانا ۔
مُسَکَّن ۔ آرام دیا ہوا ۔
مُسَکِّن ۔ تسکین بخش ۔
مَسْکَن گُزِیں ۔ امامت گزیں ۔ مقیم ۔ قیام پذیر ۔ (ق)
مِسْکِین ۔ ۱ ۔ غریب ۔ مفلس ۔
۲ ۔ عاجز ۔ ناتواں ۔
۳ ۔ فقہ میں وہ شخص جس کے پاس کوئی مال نہ ہو ۔
مِسْل ۔ فوج کا ایک حصہ جس میں کئی پلٹنیں ہوتی تھیں خصوصاً رنجیت سنگھ کی فوج مسلوں میں تقسیم کی گئی تھی ۔
مِسْل دَر مِسْل ۔ ہر ایک مسل علیحدہ علیحدہ ۔
مَسَلْنَا ۔ کچلنا ۔ بہت دبانا ۔
مُسَلَّح ۔ ہتھیار بند ۔ ہتھیار لگائے ہوئے ۔
مُسَلَّح و مُکَمَّل ۔ پورے طور پر ہتھیار بند ۔ مکمل طور پر ہتھیار لگائے ہوئے ۔ پورے طور پر تیار ۔ پورے طور پر لیس ۔ (ق)
مَسْلُوب ۔ لے جایا ہوا ۔ سلب کیا ہوا ۔
مَسْمُوع ۔ سنا گیا ۔ قبول کیا گیا ۔
مُسِن ۔ سن رسیدہ ۔ بوڑھا ۔ کہن سال ۔
مَسُوسْنا ۔ افسوس کرنا ۔ رنج کرنا ۔ کڑھنا ۔ جبراً صبر کو گوارا کرنا ۔
مَسْہَرِی ۔ چھپر کھٹ ۔ ایک قسم کا پردہ دار پلنگ جو مکھیوں مچھروں سے محفوظ ہو کر سونے کے لیے بنایا جاتا ہے ۔
مِسّی ۔ ۱ ۔ ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار استعمال کرتی ہیں ۔
۲ ۔ تانبے کا ۔ تانبے کا بنا ہوا ۔
مَسِیحَا ۔ حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو بطور معجزہ مردے کو زندہ کر دیتے تھے ۔
مَسِیح نَفَس (مَسِیحَا نَفَس) ۔ وہ جس کی پھونک میں اعجاز مسیحا ہو یعنی مُردوں کو زندہ کرنے والا ۔
مَسّیں بھیگنا ۔ (محاورہ) سبزہ

آغاز ہونا۔ مونچھوں کا رواں نکلنا۔
مَشَاطَہ ۔ ۱۔ وہ عورت جو عورتوں کو بناؤ سنگھار کرائے۔
۲۔ وہ عورت جو شادی کرائے۔
مَشَاطگی ۔ مشاطہ کا پیشہ۔ بناؤ سنگار کرانا۔
مُشَاکِل ۔ ہم شکل ہونے والا۔
مَشَام ۔ قوت شامہ کی جگہ۔ دماغ۔ سونگھنے کی جگہ۔
مَشَامِ جاں ۔ (کنایتہً) دماغ۔
مَشَائی ۔ وہ حکیم یا فلسفی جو حقائق اشیاء کو دلیل سے دریافت کا قائل ہو لفظاً۔ چلنے والا۔
مُشَبَّک ۔ جالی دار۔ وہ شے جس میں سوراخ ہوں۔
مُشْت ۔ مکا۔ گھونسا۔ ڈاک۔
مُشْتَاق ۔ آرزومند۔ شائق۔ خواہاں۔ طالب۔
مُشْتَاقی ۔ چاہت۔ آرزو۔ تمنا۔
مُشْت زن ۔ مکے سے لڑنے والا۔ کشتی لڑنے والا۔ پہلوان۔
مُشْتَری ۔ خریدار۔ مول لینے والا۔
مُشْتَعِل ۔ بھڑکتا ہوا۔ شعلے مارنے والا۔
مُشْتَمِل ۔ شامل ہونے والا۔ شریک۔ شامل۔
مُشْتَہَر ۔ شہرت دینے والا۔ اشتہار دینے والا۔

مُشَجَّر ۔ پھول دار کپڑا۔ بوٹے دار کپڑا۔
مَشْحُون ۔ بھرا گیا۔ بھرا ہوا۔
مَشْرُوحاً ۔ واضح طور پر۔ کھول کر۔ مفصل۔ تشریح کے ساتھ۔
مَشْرُوع ۔ ایک قسم کا کپڑا جو ریشم اور روئی کے سوت کو ملا کر بنا یا جاتا تھا۔
مَشْعَر ۔ قربانی دینے کی جگہ۔ قربان گاہ۔
مَشْعَل ۔ روشنی کی جگہ۔ چراغ دان۔
مَشْغُول ۔ کام میں لگا ہوا۔ مصروف۔
مُشْفِق ۔ مہربان۔ کرم فرما۔
مُشَقَّتی ۔ محنتی۔
مَشْک ۔ پانی بھرنے کی کھال۔ وہ سلی ہوئی کھال جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔
مُشْک ۔ وہ خوشبودار سیاہ رنگ کا مادہ جو نیپال۔ تبت۔ تاتار۔ خطا اور ختن میں ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے۔ کستوری۔
مُشْک بُو ۔ مشک میں بسا ہوا۔ معطر۔ معنبر۔ خوشبودار۔
مُشْکِ سارا ۔ خالص مشک۔ (ق)۔

مُشکفام ۔ (مُشک فام)۔ مشک کے رنگ کا سیاہ ۔ کالا۔

مَشکیزہ ۔ چھوٹی مشک ۔

مُشکیں ۔ دونوں بازو ۔ دونوں شانے ۔

مُشکیں باندھنا ۔ (محاورہ) شانوں کو پشت کی جانب مِلا کر جکڑنا۔

مُشَعبِد ۔ بازی گر ۔ شعبدہ باز۔

مِشمِش ۔ زرد آلو ۔ خوبانی ۔

مُشوّش ۔ پریشان کرنے والا ۔ حیران کرنے والا ۔

مَشہَد ۔ شہادت گاہ ۔ مقتل ۔

مُشیرَان ۔ مشورہ دینے والے۔ تدبیر بتانے والے ۔ رائے دینے والے ۔

مَشِیّت ۔ ۱۔ خواہش ۔ مرضی ۔ ارادہ ۔
۲۔ قسمت ۔ تقدیر ۔

مَشِیمَہ ۔ وقت پیدائش بچے پر لپٹی ہوئی جھلی ۔

مُصَاحِب ۔ ساتھی ۔ خاص دوست ۔ ندیم ۔

مُصَاحبت ۔ ساتھ رہنا ۔ پاس اٹھنا بیٹھنا ۔ ہم نشینی ۔

مَصَاف ۔ (مصف کی جمع) ۔ صف باندھنے کا مقام ۔ لڑائی کا میدان ۔

مَصَارِف ۔ (مصرف کی جمع)
۱۔ خرچ کرنے کی جگہ ۔ خرچ کرنے کا موقع ۔
۲۔ مطلب ۔ کام ۔ غرض ۔

مُصحَفِ رُخسار ۔ (مجازاً) معشوق ۔ (ق)

مَصدَر ۔ سرچشمہ ۔ منبع ۔

مَصرُوف ۔ خرچ کیا ہوا ۔ مشغول ۔

مِصری ۔ ایک قسم کی شکر ۔ مصر کی چیز ۔

مُصَفّا ۔ پاک ۔ صاف ۔ نتھرا ہوا ۔

مِصقَل ۔ صیقل کرنے کا آلہ ۔ چمک دار بنانے کا اوزار ۔

مِصقَلَہ ۔ صیقل کرنے کا آلہ ۔ چمک دار بنانے کا اوزار ۔

مُصَلّا (مُصَلّیٰ) ۔ ۱۔ درود پڑھا ہوا ۔ درود پڑھنے کی جگہ ۔
۲۔ عبادت گاہ ۔ مسجد ۔
۳۔ جانماز ۔ بوریا ۔ دری ۔

مُصَمّم ۔ پکا ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔

مُصَوِّر ۔ تصویر بنانے والا ۔ نقّاش ۔ آرٹسٹ ۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ۔
مُصِیبَت ۔ ۱۔ دکھ ۔ تکلیف ۔ رنج ۔
۲۔ نحوست ۔ بداقبالی ۔
مُصِیبَت زَا ۔ مصیبت زدہ ۔ مصیبت اٹھانے والا ۔
مَصْطَبَہ ۔ شراب خانہ ۔ مے خانہ ۔
مُضْحِک ۔ ہنسی کا مقام ۔ وہ چیز جس پر لوگ ہنسیں ۔
مَضْحَکَہ ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ تمسخر ۔
مَضَرَّت ۔ ضرر ۔ نقصان ۔ زیاں ۔
مَضْرُوب ۔ چوٹ لگا ہوا ۔ وہ شخص جسے چوٹ آئی ہو ۔
مُضْطَر ۔ ۱۔ تکلیف میں مبتلا ۔ (مجازاً) بے بس ۔
۲۔ بے چین ۔ پریشان ۔
مِضْمَار ۔ ۱۔ میدان جنگ ۔
۲۔ وہ جگہ جہاں گھوڑے دوڑتے ہیں ۔
۳۔ میدان ۔ ہموار اور وسیع زمین ۔
مُضْمَحِل ۔ کم زور ۔ دبلا پتلا ۔ ناتواں ۔
مَضْمُون ۔ مطلب ۔ معنی ۔ بیان ۔
مَضَیٰ مَا مَضَیٰ ۔ جو ہوا سو ہوا ۔ گزرا سو گزرا ۔

مُطَاع ۔ وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے ۔ بزرگ ۔ سردار ۔ مربی ۔
مَطْبَخ ۔ باورچی خانہ ۔ کھانا پکانے کی جگہ ۔
مُطْرِب ۔ ۱۔ خوش کرنے والا ۔
۲۔ گویا ۔ قوال ۔ گانے والا ۔
مُطَلّا ۔ سنہرا ۔ زریں ۔ طلائی ۔
مَطْلَب ۔ غرض ۔ منشا ۔ خواہش ۔ مقصد ۔
مُطْلَق ۔ بالکل ۔ قطعی جیسے آزاد مطلق ۔
مُطَّلَع ۔ خبردار ۔ آگاہ ۔
مَطْلُوب ۔ مراد ۔ محبوب
مَطْلُوبَہ ۔ محبوبہ ۔ معشوقہ ۔
مُطَوَّق ۔ طوق پڑا ہوا ۔ قید کیا گیا ۔
مُطَہَّر ۔ پاک ۔ صاف ۔ مبرا ۔ معصوم ۔
مُطِیع ۔ فرماں بردار ۔ طابع ۔ حکم بردار ۔ ماتحت ۔
مُطِیعُون ۔ اطاعت کرنے والے ۔ فرماں بردار ۔
مُظَفَّر ۔ فتح مند ۔ فتح یاب ۔ فتح دیا ہوا ۔
مُظْلِم ۔ ۱۔ تاریک ۔ سیاہ ۔
۲۔ مخفی ۔ پوشیدہ ۔
مَظْلُومَہ ۔ (مظلوم کی تانیث) ستم رسیدہ ۔ ستم زدہ ۔

مَظِنَّہ - گمان - قیاس - خیال -
مَعَاذَ اللہ - خدا کی پناہ -
مُعَاف - بخشا گیا - چھوڑا گیا - بری - آزاد -
مُعَاوَدَت - بدلہ - تاوان - عوضانہ -
مُعَاوَضَہ - ۱- بدلہ - عوض -
۲- حق محنت - اجرت -
۳- تاوان - ہرجہ -
مَعْبَد - عبادت گاہ - جائے پرستش -
مَعْبُود - جس کی عبادت کی جائے - اللہ تعالیٰ -
مُعْتَبَر - ۱- قابل اعتبار -
۲- ٹھیک - درست -
مُعْتَکِف - ۱- گوشہ نشین -
۲- ماہ رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف میں بیٹھنے والا -
مَعْتُوب - وہ جس پر عتاب کیا جائے -
مَعْدِلُ النَّہار - آسمان پر وہ فرضی دائرہ جو خط استوا کے محاذات میں ہے - آفتاب جب اس پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں -
مَعْدَلَت - عدل - انصاف -
مَعْدِن - کان - وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں کوئلہ وغیرہ نکالیں -
مَعْدِنِیَات - وہ چیزیں جو کان سے نکلیں - دھاتیں -
مِعْدَہ - پیٹ کے اندر وہ تھیلی جس میں کھانا تیار رہتا اور ہضم ہوتا ہے -
مُعَذَّب - عذاب دیا گیا - عذاب کیا گیا -
مَعْذِرَت - عذر - حیلہ - بہانہ -
مَعْذُور - مجبور - ناچار -
مِعْرَاج - بلند رتبہ - درجۂ اعلیٰ - وہ درجہ جس سے زیادہ تصوّر میں نہ آسکے -
مَعْرِض - ظاہر ہونے کی جگہ - دوران -
مَعْرِکَہ - ۱- میدان جنگ -
۲- دھوم دھام -
مُعَزَّز - باوقعت - بزرگ - بڑا شریف -
مَعْزُول - نوکری سے برطرف کیا گیا - تخت یا گدّی سے اتارا گیا - بے کار کیا ہوا -
مَعْشُوق - جس پر کوئی عاشق ہو - محبوب - پیارا - دل ربا -
مُعَطَّر - خوشبودار - خوشبو میں بسا ہوا -
مَعْقُول - مہذّب - فہمیدہ - شائستہ -

مُعَلَّق ۔ لٹکا ہوا ۔ لٹکایا ہوا ۔ آویزاں ۔
مُعَلِّمُ الْمَلَکُوت ۔ فرشتوں کا استاد ۔ شیطان جس کی نسبت مشہور ہے کہ وہ مردود ہونے سے قبل فرشتوں کو تعلیم دیتا تھا۔
مَعْمُول ۔ ۱۔ رواج ۔ دستور۔
۲۔ وہ بات جو روزمرہ کی جائے۔
مُعَنْبَر ۔ عنبر کی خوشبو سے بسایا ہوا۔ معتبر ۔ خوشبودار۔
مُعِین ۔ ۱۔ مددگار۔ صادق ۔
۲۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
مُعَیَّن ۔ مقرر کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا ۔ مقررہ ۔ معہودہ ۔
مُغ ۔ ۱۔ آتش پرست ۔ مجوس ۔
۲۔ کلال ۔ مے فروش۔
مُغْبَچہ ۔ (مُغ بچہ)۔ آتش پرست کا لڑکا ۔
۲۔ خوبصورت لڑکا۔
مَغَاک ۔ غار ۔ گڑھا ۔ پہاڑ کی کھوہ ۔
مُغْرَق ۔ ۱۔ ڈوبا ہوا۔
۲۔ مبالغہ کیا ہوا۔
مَغْرُور ۔ متکبر ۔ خود پرست ۔ گھمنڈی ۔
مَغْضُوب ۔ زیر عتاب ۔ جس پر غصہ ہو۔
مُغْلَق ۔ ۱۔ دقیق ۔ مشکل ۔ دور از فہم ۔
۲۔ مقفل ۔ بند کیا ہوا۔
مَغْمُوم ۔ غمگین ۔ آزردہ ۔ اداس ۔ فکرمند۔
مُغَنِّی ۔ گانے والا۔ گویا ۔ ڈوم ۔ میراثی ۔
مُغَیَّرے (مُغَیِّرہ)۔ سوار جو دشمن کے ملک پر حملہ آور ہو۔
مُغِیلاں ۔ کیکر۔ ببول۔
مُفَارَقَت ۔ جدائی ۔ فرقت ۔ علیحدگی ۔
مُفْتَرِی ۔ ۱۔ الزام رکھنے والا۔
۲۔ شریر ۔ مفسد ۔ دغاباز ۔ فریبی ۔
مَفَر ۔ بھاگنے کی جگہ ۔ جائے فرار۔
مُفْسِد ۔ فساد کرنے والا۔
۲۔ باغی۔
۳۔ لوگوں کو آپس میں لڑانے والا۔
مُفْسِدَہ ۔ تباہی ۔ فساد ۔ جھگڑا۔ بلوا ۔ ہنگامہ ۔
مَفْقُود ۔ کھویا ہوا ۔ غائب ۔ ناپید۔ ندارد ۔
مَفْقُودُ الْخَبَر ۔ وہ شخص جس کی کچھ خبر نہ ہو ۔ بے پتہ ۔
مُفْلِس ۔ غریب ۔ کنگال ۔ محتاج۔ نادار۔
مَفْلُوک ۔ مفلس ۔ تباہ حال ۔

خستہ حال۔
مَقَابَہ ۔ ۱۔ سنگاردان۔
۲۔ آرائش کا صندوقچہ۔
۳۔ پان دان۔
مُقَابَلَہ ۔ ۱۔ آمنا سامنا۔ مٹھ بھیڑ۔
۲۔ برابری۔ ہم سری۔
۳۔ جنگ۔ جدل۔ لڑائی۔
۴۔ پڑتال۔ جانچ۔
مَقَام ۔ ۱۔ مسکن۔ ٹھکانا۔ گھر۔
۲۔ منزل۔ پڑاؤ۔
مَقَامَا ۔ ۱۔ افسانہ۔
۲۔ کھڑے ہونے کی جگہ۔
مُقْبِل ۔ ۱۔ حق کا قبول کرنے والا۔
۲۔ اقبال مند۔ دولت مند۔
۳۔ روبرو ہونے والا۔
مُقْتَفِی ۔ خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔
مَقْتَل ۔ قتل کرنے کی جگہ۔
مَقْتُول ۔ قتل کیا گیا۔ مارا گیا (مجازاً) عاشق۔ فریفتہ۔
مُقَدَّر ۔ تقدیر۔ قسمت۔ نصیب۔ سرنوشت۔
مُقَدَّمَۃُ الْجَیْش ۔ ۱۔ وہ لشکر جو آگے بھیج دیا جائے۔ ہراول فوج۔
۲۔ فوج کا افسر اعلیٰ۔ سپہ سالار۔
مُقَدَّمَہ ۔ ۱۔ نالش۔ دعویٰ۔
۲۔ وقوعہ۔ واردات۔ واقعہ۔
۳۔ بات۔ مسئلہ۔
مَقْدُور ۔ قدرت۔ طاقت۔ قوت۔
زور۔ بل۔
مِقْرَاض ۔ قینچی۔ کترنی۔
مُقِر ۔ اقرار کرنے والا۔ تسلیم کرنے والا۔
مُقَرّ ۔ قیام گاہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
مُقَرَّب ۔ وہ شخص جسے قربت حاصل ہو۔ خاص دوست۔ منھ چڑھا۔
مُقَرَّر ۔ یقیناً۔ ضرور۔
مُقَرْنَس ۔ ۱۔ بلند۔
۲۔ گول۔
۳۔ ایک قسم کی پگڑی۔
مَقْرُون ۔ نزدیک کیا گیا۔ پاس۔ قریب۔
مَقْسُوم ۔ تقدیر۔ بخت۔ مقدر۔
مُقَشَّر ۔ چھلکا اتارا ہوا۔ پوست دور کیا ہوا۔
مَقْصُود ۔ (مجازاً) مطلب۔ مراد۔ غرض۔ مدعا۔
مَقْطَع ۔ کاٹنے کی جگہ۔ کسی چیز کے ختم ہونے کی جگہ۔
مُقَلِّبُ الْقُلُوب ۔ دلوں کو پھیرنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔
مِقْنَعْ (مقنعہ)۔ ۱۔ نقاب۔
۲۔ سر سے پیر تک اوڑھنے کی باریک چادر۔
مُقَوَّس ۔ کمان کی طرح خم

کھائے ہوئے

مَقْطُوعُ اللِّسَان ۔ وہ شخص جس کی زبان کاٹ لی گئی ہو۔ (ق)

مُقَوّے (مُقَوّیٰ) ۔ ۱۔ پٹھا۔ دفتی۔
۲۔ دفتی کا بنا ہوا بکس جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔

مُقَیَّد ۔ قیدی۔ اسیر۔ پابند۔

مُقَیَّش ۔ سونے چاندی کے تار۔ سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا جیسے زری۔ بادلہ۔ اطلس۔ تمامی۔

مُقَیَّشی ۔ مقیش سے منسوب۔ سونے چاندی کے تار۔

مُقِیم ۔ قیام کرنے والا۔ فروکش ہونے والا۔ ٹھہرنے والا۔

مَکّار ۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیار۔

مَکّاری ۔ عیاری۔ دغابازی۔ دھوکا۔

مَکان ۔ گھر۔ رہنے کی جگہ۔ مسکن۔

مَکْتُوب ۔ خط۔ چٹھی۔ نامہ۔

مَکُٹ (مُکُٹ) ۔ تاج۔ افسر۔ کلغی۔ چوٹی۔ سہرہ۔

مَکْحَل ۔ سرمہ دانی۔

مُکَدَّر ۔ رنجیدہ۔ غمگین۔ ناراض۔

مَکَرچانْدنی ۔ پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہے۔

مَکْر و کَید ۔ حیلہ بہانہ۔ مکر و فریب۔

مُکَرَّر ۔ دوبارہ۔ پھر۔ دوسری دفعہ۔

مَکْرُمَت ۔ بزرگی۔ نوازش۔ مہربانی۔

مُکَرْنا ۔ اپنے قول سے پھرنا۔ اقرار سے انکار کرنا۔

مَکْرُوہات ۔ نفرت انگیز چیزیں۔ واہیات۔ دنیوی جھگڑے قضے۔ بے ہودہ کام۔

مُکَلَّف ۔ پرتکلف۔ مزین۔ سجا ہوا۔

مُکَلَّل ۔ ۱۔ تاجدار۔
۲۔ مرصع۔ جڑاؤ۔
۳۔ جگمگاتا۔ چمکدار۔

مَکْنادِیو (مَکھنا دیو) ۔
بے سینگوں کا بڑا دیو۔

مَکْنَت ۔ قدرت۔ طاقت۔ توانائی۔

مُکھڑا ۔ پیارا چہرہ۔ پیارا منھ۔

مُگْدَر ۔ وہ بھاری لکڑی جو ورزش کے لیے ہاتھ سے اٹھاتے ہیں جس کے عین درمیان میں موٹھ لگی ہوتی ہے۔

مَگَر ۔ کان کے ایک زیور کا نام جو

مگر کی شکل کا ہوتا ہے۔
مَگَرمَچھ ۔ گھڑیال ۔ نہنگ ۔ ناکا۔
مَگَس ۔ مکھی ۔ شہد کی مکھی۔
مَگَس راں ۔ مکھیاں جھلنے والا ۔ مورچھل ہلانے والا۔ خادم۔
مَگَس رَانی ۔ مورچھل ہلانا۔ مکھیاں اُڑانا۔ خدمت۔
مَگھم مَگھم ۔ ۱۔ باتوں باتوں میں۔ گول مول باتوں میں۔
۲۔ اشارے کنائے میں ۔ (ق)
مُل ۔ شراب ۔
مَلاحَت ۔ سانولا رنگ ۔ نمکین ہونا ۔
مَلار ۔ وہ گیت جو برسات میں گائے جاتے ہیں ۔ برسات کے گیت ۔
مُلازِم ۔ نوکر ۔ خادم۔
مَلاعِنان ۔ دو لعنت کرنے والے ۔
مُلاقات ۔ ۱۔ میل ملاپ۔
۲۔ صاحب سلامت ۔ جان پہچان ۔
۳۔ بات چیت ۔
۴۔ مباشرت ۔ ہم بستری۔
مَلاگیری ۔ صندلی رنگ سے مشابہ ایک رنگ ۔
ملالت ۔ رنج ۔ افسوس ۔ اداسی۔

مَلائِک (مَلک کی جمع) ۔ فرشتے ۔
مُلَبَّب ۔ لبریز ۔ بھرا ہوا۔
مُلَبَّس ۔ پوشیدہ ۔ عیب چھپایا ہوا ۔
مَلجَا ۔ جائے پناہ ۔ وہ مقام جہاں آدمی جا کر اپنی جان بچالے ۔
مَلِیچھ ۔ ۱۔ پلید ۔ میلا ۔ ناپاک ۔ اگھوری ۔
۲۔ جنگلی آدمی ۔ وحشی آدمی۔
۳۔ کافر ۔ بے دین ۔
مُلحَق ۔ جڑنے والا ۔ ملنے والا۔
مَلعُون ۔ مردود ۔ لعین ۔ لعنت کیا گیا ۔ نکالا ہوا۔
مَلعُونَہ ۔ (ملعون کی تانیث)۔ نفرین کیا گیا۔
مَلَکُ المَوت ۔ موت کا فرشتہ۔ عزرائیل ۔ جان نکالنے والا۔
مَلِکَہ ۔ (مَلِک کی تانیث) ۔ ۱۔ قیصرہ ۔ سلطانہ ۔ حکمران خاتون۔
۲۔ شہزادی ۔ بادشاہ زادی۔
مَلکَہ ٹَلکَہ ۔ ملکہ کی تحقیر مراد ہے۔ حقارت سے ۔ (ق)
مَلگُجی ۔ (مَلگجا کی تانیث) مٹی کے رنگ کا ۔ غبار آلود ۔ کچھ میلا

کچھ اجلا۔
مُلوَّث ۔ ۱۔ لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔ بھرا ہوا۔
۲۔ ناپاک ۔ نجس ۔ پلید ۔
مُلوکانہ ۔ شاہانہ ۔ خسروانہ۔ قیصرانہ ۔
مَلُول ۔ اداس ۔ غمگین ۔ رنجیدہ۔
مَلُولا ۔ غم ۔ ملال ۔ افسوس ۔ ارمان ۔
مَملُو ۔ بھرا ہوا۔ لبریز۔
مَلیدا (مَلِیدَہ) ۔ چورما۔ روٹی کو چورہ کرکے اس میں گھی اور شکر ملا لیتے ہیں۔
مُمانی ۔ (ماموں کی تانیث)۔ ماموں کی بیوی۔
مَمنُوع ۔ ناجائز ۔ ناروا۔ خلاف شرع ۔ خلاف قانون ۔
مَمُولا ۔ ایک چھوٹا پرند جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں ۔
مَنْ ۔ سانپ کا مُہرا ۔
مَن و سَلویٰ ۔ میٹھی رطوبت اور شیرینی۔ وہ کھانا جو حضرت موسیٰؑ کے لشکر میں اسرائیل پر جب کہ وہ بھوک سے مر رہے تھے شام کے ایک پر خار میدان میں اترا، میٹھی رطوبت درختوں پر جم جاتی اور چھوٹے چھوٹے پرندے جنگل میں آجاتے جو وہ مار لیتے اور بھون کر کھاتے تھے ۔ خوانِ نعمت ۔
مِن وِ عَن ۔ حرف بحرف ۔ مفصل۔ مشرح۔
مَناج ۔ سرگوشی۔
مُنادِی ۔ اعلان کرنے والا۔ پکارنے والا ۔ ڈھنڈورچی۔
مَنار ۔ ۱۔ نور کی جگہ۔
۲۔ اونچا ستون ۔ کھم۔
مَنازِل ۔ (منزل کی جمع) مکانات۔ مکانات۔ اترنے کی جگہ ۔
مُناسب ۔ موزوں۔ زیبا۔ لائق۔
مَناقِب ۔ (منقبت کی جمع)۔
۱۔ تعریفیں ۔ خوبیاں ۔ اچھائیاں۔
۲۔ اہل بیت اور اصحاب کبار کی مدح۔
مَناہی ۔ (منہی کی جمع) منع کی ہوئی چیزیں ۔ ناجائز باتیں ۔ خلاف شرع کام ۔
مُنبَّت کارِی ۔ بیل بوٹے کا کام جو لکڑی وغیرہ پر کیا جائے۔
مُنبَسِط ۔ پھیلنے والا (مجازاً) خوش۔ مسرور۔
مَنبع ۔ پانی نکلنے کی جگہ ۔ چشمہ ۔ سُوتا۔
مِنَّت ۔ ۱۔ عاجزی ۔ خوشامد۔
۲۔ احسان ۔ بھلائی ۔

۳۔ شکریہ۔ شکر گزاری۔
مَنّت ماننا۔ (محاورہ) نذر ماننا
مَنّتا۔ نیت۔ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ۔
مُنتخب۔ ۱۔ پسندیدہ۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔
۲۔ نایاب۔ یکتا۔
مَنتَر۔ جادو۔ ٹونا۔ سحر۔ فسون۔
مَنتَر جَنتَر موہنی چوہنی۔ وہ الفاظ جو جادو کرتے ہوئے پڑھتے ہیں۔
مَنتَر دِوالی مَیں جگایا ایشر باچا چھو چھو۔ منتر کے الفاظ جو جادو کرتے وقت پڑھے جاتے تھے۔
مُنتَشَر۔ پراگندہ۔ متفرق۔ تتر بتر۔
مَنتَری۔ جادوگر۔ ساحر۔ فسوں ساز۔
مُنتَظَر۔ جس کا انتظار کیا جائے۔ وہ چیز جس کا انتظار ہو۔
مُنتَظِم۔ انتظام کرنے والا۔ ناظم۔
مِنجُملہ۔ (من جملہ)۔ سب میں سے۔ تمام میں سے۔ کل میں سے۔
مُنَجِّمی۔ نجومی۔ جوتشی کا پیشہ۔ نجومی کا کام۔
مَن چلا۔ ۱۔ بہادر۔ دلیر۔
۲۔ نڈر۔ بے خوف۔
مُنحَرِف۔ باغی۔ سرکش۔ غدار۔
مُندرا۔ ۱۔ جوگیوں کے کان کا کنڈل۔
۲۔ کان کا ایک زیور۔
مَندلا۔ درخت کا وہ حصہ جو جڑ سے لے کر شاخ تک ہوتا ہے۔
مِندِیل۔ ۱۔ طلائی پگڑی۔ لنگی۔ سنہری دستار۔
۲۔ کمر کا پٹکا / پٹی۔
مَنجدھار۔ ۱۔ سمندر یا دریا کے بیچ کی دھار۔
۲۔ مصیبت۔ عین مصیبت کی جگہ۔
مِنجَنِیق۔ ۱۔ پتھر پھینکنے کا آلہ۔ گوپیا۔
۲۔ توپ۔
مُنچَرے۔ ایک قسم کا پرندہ۔
مَنحُوس۔ ۱۔ بدبخت۔ بدنصیب۔
۲۔ مکروہ۔ گھناؤنا۔
مِنخَر۔ نتھنا۔ ناک کا سوراخ۔
مُندَرَج۔ لکھا ہوا۔ درج ہونے والا۔
مُندَرِس۔ ۱۔ چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔
۲۔ خارج کیا ہوا۔
مَنڈَل۔ ساحروں کا دائرہ۔
مَنڈِھی۔ جھونپڑی۔ مڑھی۔ کٹیا۔
مَنڈی۔ تجارت گاہ۔ بازار۔ تھوک فروش کی جگہ۔
مُنڈیر۔ ۱۔ دیوار کا اوپر کا حصّہ

جو ڈھلوان ہوتا ہے۔
۲۔ پشتہ۔ مینڈھ۔
مَنزِل ۲ ا۔ سرائے۔ ٹھکانہ۔ مسافرخانہ۔
۲۔ ایک دن کا سفر۔ مرحلہ۔
۳۔ گھر۔ مکان۔ مسکن۔
مُنَزَّہ ۔ (منزا)۔ عیبوں سے بری۔ پاک۔ مبرا۔
مَنسُوبات ۔ نسبت کی ہوئی اشیا۔
مَنُش ۔ ا۔ آدمی۔ مرد۔
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ پتی۔
مُنشِی ۔ پیش کار۔ محرر۔ متصدی۔
مَنصَب ۔ رتبہ۔ عہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ۔
مُنْصَرِم ۔ منتظم۔ سربراہ۔ مہتمم۔
مَنْصُوبَہ ۔ ا۔ تجویز۔ تدبیر۔
۲۔ ارادہ۔ مقصد۔ عندیہ۔
مَنْصُوبات ۔ حیلے بہانے۔
مَنْصُور ۔ نصرت دیا گیا۔ مظفر۔ فتح مند۔
مَنْصَۂ شُہُود ۔ وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے۔
مُنْطَفِی ۔ بجھنے والا۔ بجھا ہوا۔
مَنْظُور ۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ مانا گیا۔
مَنْع ۔ باز رکھنا۔ روکنا۔
مُنْعَدِم ۔ فنا ہونے والا۔ ناپید ہونے والا۔
مُنْعَطِف ۔ پلٹنے والا۔ پھرنے والا۔ مڑنے والا۔

مُنْعَقِد ۔ بندھنے والا۔ (کنایۃً) مقرر ہونے والا۔ ٹھہرنے والا۔
مُنْعِم ۔ نعمت دینے والا۔
۲۔ تونگر۔ غنی۔ دولت مند۔
مُنَغَّص (منغض)۔ مکدر۔ افسردہ۔ ناراض۔
مُنْفَعِل ۔ نادم۔ شرمندہ۔
مُنْفَک ۔ الگ۔ جدا کیا ہوا۔
مُنْقاد ۔ تابع۔ مطیع۔ زیر حکم۔ فرماں بردار۔
مِنْقار ۔ چونچ۔
مَنْقَبَت ۔ ا۔ کوئی چیز جس پر انسان فخر کرے یا جو اسے ممتاز بنائے۔
۲۔ تعریف۔ توصیف۔ صفت۔ ثنا (خصوصاً اہل بیت اور صحابہ کی)۔
مُنَقَّش ۔ نقش و نگار کیا گیا۔ بیل بوٹے دار۔
مُنْقَضِی ۔ گزرا ہوا۔ گزشتہ۔
مُنْقَطِع ۔ ا۔ کاٹا گیا۔ قطع ہونے والا۔
۲۔ اختتام کو پہنچا ہوا۔
۳۔ فیصل شدہ۔ تصفیہ شدہ۔
مَنْقَل ۔ انگیٹھی۔
مُنْقَلِب ۔ ا۔ الٹنے والا۔ گردش کھانے والا۔ لوٹنے والا۔
۲۔ اوندھا۔
مَنْقُوش ۔ ا۔ نقش و نگار کیا گیا۔
۲۔ کندہ کیا گیا۔ کھدا ہوا۔

مَنکا (من کا) ۔ ۱۔ تسبیح یا مالا کا دانہ ۔
۲۔ وہ مہرے جن کو فقرا گلے میں ڈالے رہتے ہیں۔
۳۔ مالا ۔ تسبیح ۔ سمرن ۔
۴۔ گردن کی ہڈی یا مہرہ ۔

مَنکا ڈھلنا ۔ (محاورہ) ۔ مرنے کے وقت گردن کا خم کھا جانا ۔ مرنے کے قریب ہونا۔

مَنکوب ۔ خراب ۔ بدحال ۔ مفلس ۔

مَنگتا ۔ بھکاری ۔ گدا ۔ فقیر۔

مَنگلا چار ۔ خوشی ۔ تہنیت ۔ مبارک باد ۔

مَنگنی ۔ شادی سے پہلے کی ایک رسم جس میں مرد کو عورت اور عورت کو مرد سے منسوب کرتے ہیں ۔ نسبت ۔

مَنگیتر ۔ وہ لڑکا یا لڑکی جس کی منگنی ہو گئی ہو / ہو چکی ہو ۔

مِن مِنا کر بات کرنا ۔ (محاورہ) ناک میں بولنا۔

مُنھ بنوانا ۔ (محاورہ) لیاقت پیدا کرنا ۔ کسی کام کے لائق اور سزاوار ہونا۔

مُنھ پر ہوائی اُڑنا (منھ پر ہوائیاں چھوٹنا) ۔ (محاورہ) گھبرا جانا ۔ حواس باختہ ہونا ۔

مُنھ پھلانا ۔ (محاورہ) ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ۔

مُنھ تکنا ۔ (محاورہ) حسرت و یاس کی نگاہوں سے دیکھنا ۔ لاجواب ہونا ۔ تعجب سے دیکھنا ۔ کسی چیز کا انتظار کرنا ۔ امید رکھنا ۔

مُنھ چھُٹ ۔ زبان دراز ۔ بد زبان ۔ منھ زور ۔ موقع بے موقع بولنے والا ۔

مُنھ سے بولو سر سے کھیلو ۔ (مثل) اسے کہتے ہیں جو چپ چاپ بیٹھا رہے اور باتیں نہ کرے ۔

مُنھ سے دُودھ کی بُو آتی ہے ۔ (مثل) نادان اور ناتجربے کار ہے ۔

مُنھ دکھائی ۔ وہ نقدی یا زیور وغیرہ جو کسی نئی دلہن کا مُنھ دیکھ کر اسے بطور نذرانہ دیتے ہیں جو سسرال والوں کی طرف سے دی جاتی ہے ۔

مُنھ کالا کَرنا (محاورہ)۔ ۱۔ منھ کو سیاہی لگانا۔
۲۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
۳۔ زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا۔
۴۔ تشہیر کرنا۔

مُنھ کے مُوتی ٹوٹ جائیں گے۔ مراد: دانت گر جائیں گے۔ (ق)

مُنھ کی کھانا۔ (محاورہ) منھ پر چوٹ کھانا۔ منھ کے بل گرنا۔ شرمندہ ہونا۔ نقصان اٹھانا۔ اپنے منھ سے آپ قائل ہونا۔ شکست کھانا۔

مُنھ لٹکانا۔ (محاورہ) منھ کو شرمندگی سے جھکانا۔ مُنھ سجانا۔

مُنھ لَگانا۔ (محاورہ) سر چڑھانا۔ گستاخ بنانا۔ حمایت کرنا۔ خاطر میں لانا۔

مُنھ میں پانی بَھر آنا۔ (محاورہ) کسی عمدہ چیز کی خواہش یا ترشی کے خیال سے منھ میں لعاب پیدا ہو جانا۔ جی للچانا۔ نہایت خواہش ہونا۔

مُنھ مَیں چاول بھرے ہُونا۔ (محاورہ)۔ چبا چبا کر باتیں کرنا۔

مُنھ مَیں دَانت نَہ پیٹ مَیں آنت۔ (مثل) بہت بوڑھے کی نسبت کہتے ہیں۔

مُنھ نَہ لَگنا / لَگانا۔ (محاورہ) تکرار نہ کرنا۔ ہم کلام نہ ہونا۔ ہم سخن نہ ہونا۔ چاٹ نہ لگنا۔

مُنھ نَوچنا (مُنھ نَوچ لینا)۔ (محاورہ) چہرہ ناخنوں سے کھرچ ڈالنا (کنایۃً) کسی بے ہودہ بات کہنے پر لڑ پڑنا۔

مُنَوَّر ۔ روشن ۔تاباں۔ چمکیلا۔

مِہندی ۔ ۱۔ ایک پودا جس کی پتیاں پیس کر لگانے سے سرخی آجاتی ہے۔
۲۔ شادی سے پہلے ایک رسم جس میں دولھا کے گھر سے دلھن کے گھر مہندی کے ساتھ سنگار کی اور چیزیں بھیجی جاتی ہیں۔

مُنْہَزِم ۔ شکست کھانے والا۔ پیٹھ دکھانے والا۔ لڑائی سے بھاگنے والا۔

مُنِیب ۔ میر منشی۔ منیم۔

مُنِیر ۔ روشن ۔چمکدار۔روشنی دینے والا۔ مراد: آفتاب۔

مُوا ۔ نگوڑا۔ نامراد۔ خانہ خراب۔

مُوَاج ۔ موجیں مارنے والا۔ طوفان خیز۔ تند و تیز۔
مُوَاصَلَت ۔ ملاقات ۔ وصل۔ پیوستگی ۔
مَوَاکِیل ۔ (موکّل کی جمع) ۔ کام سونپنے والا۔ وکیل کرنے والا۔
مَوَالِیدِ ثَلاَثَہ ۔ حیوانات۔نباتات۔ جمادات تینوں چیزیں یکجائی ۔
مُوبَاف ۔ بالوں میں پیٹنے کا کپڑا۔
مُوبِد ۔ ۱۔ آتش پرستوں کا پیشوا۔
۲۔ پیر مے فروش۔
۳۔ فلسفی۔ دانش مند۔
مُوتِیا۔ بیلے کی ایک عمدہ قسم۔
مُوٹا ۔ فربہ ۔ تنومند۔ توانا ۔
مَوج ۔ ترنگ ۔لہر۔
مَوجَہ ۔ ۱۔ لہر۔ ترنگ۔ تلاطم ۔
۲۔ جوش۔ ولولہ ۔
مَوجزَن ۔ (موج زن) ۔ لہرانے والا ۔ ٹھاٹھیں مارنے والا۔
مَوجُود ۔ حاضر۔ سامنے ۔ روبرو۔
مُوچنا ۔ بال اکھاڑنے والا آلہ۔ بال چننے کا اوزار۔

مُوچھوں کو تَاؤ دینا ۔ (محاورہ) (مُوچھوں پَر تَاؤ دینا) ۔ غصّے سے موچھوں کو مروڑنا۔ غرور سے موچھوں کو بل دینا۔
مُؤَدَّب ۔ مہذب ۔ شائستہ ۔ تہذیب یافتہ ۔
مُوَدَّت ۔ پیار ۔ محبت ۔ دوستی۔
مُؤَذِّن ۔ اذان دینے والا۔
مُوذِی ۔ ۱۔ ستانے والا۔ ایذا دینے والا۔
۲۔ جابر۔ ظالم۔
۳۔ شریر۔ بدذات ۔

مُوڈی کاٹا (مونڈی کاٹا) سرکٹا ۔ بن سر تحقیراً ہوا۔ مرنے جوگا۔ واجب القتل ۔
مُور ۔ چیونٹی۔
مُور پَنکھی ۔ ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو مور کی شکل کی بنی ہوتی ہے ۔
مُور چَال ۔ ایک قسم کی ورزش جس میں ہاتھ زمین پر رکھ کر اور پاؤں اوپر کر کے چلتے ہیں۔

مُورچَہ (مورچا) ۔ ۱۔ وہ گڑھا جو قلعہ کے چاروں طرف کھودتے ہیں ۔ خندق ۔کھائی ۔
۲۔ وہ خندق جو لڑائی کے لیے کھودتے ہیں ۔
مُورچَھل ۔ مور کے پر کی چنور۔
مَورِد ۔ اترنے ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
مَور و فیل کی جَنگ ۔ کمزور اور طاقتور کی لڑائی ۔ چھوٹے اور بڑے کا مقابلہ۔

مُور و مَلخ ۔ ۱۔ چیونٹی اور ٹڈی دل ۔
۲۔ بے شمار ۔ ان گنت ۔
مُورکھ ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ گھامڑ ۔
نادان ۔
مُور مُکُٹ ۔ مور کی کلغی ۔
مُورے ۔ مرے ۔
مُوزِے (موزا) ۔ چمڑے کی
جراب ۔ بوٹ ۔ انگریزی جوتا ۔

مُوزِے کا گھاؤ میاں جانے یا پاؤں ۔ (کہاوت) اپنی تکلیف
انسان آپ ہی خوب جانتا ہے ۔
دوسرا اندرونی معاملات کو نہیں
جان سکتا ۔
مُوسنا ۔ لوٹ لینا ۔ ٹھگ لینا ۔ دغا
فریب سے روپیہ کھا لینا ۔
مَوسَم ۔ سماں ۔ وقت ۔ زمانہ ۔
مَوسِیقی ۔ گانے بجانے کا علم ۔ راگ
کا علم ۔
مُوش ۔ چوہا ۔
مُوشِگافی ۔ بال کی کھال کھینچنا ۔
مَوعِظَت ۔ پند ۔ نصیحت ۔
مُوَظِّف ۔ وظیفہ کرنے والا ۔ وظیفہ
دینے والا ۔
مَوقُوف ۔ منسوخ کیا گیا ۔ روکا
گیا ۔
مُؤَکِّل ۔ ۱۔ وہ شخص جسے کوئی کام
سپرد ہو ۔
۲۔ امانت دار ۔ ذمہ دار ۔

محافظ ۔
مُوگرا ۔ موتیا ۔ بڑا بیلا ۔
مُوگری ۔ کوٹنے کا آلہ ۔
مُولسری ۔ ایک درخت کے پھول
جو خوشبودار ہوتے ہیں ۔
مُومیائی ۔ ایک دوا جو موم کی
طرح نرم ہوتی ہے اور زخم وضرب
کے لیے بہت مفید ہوتی ہے ۔
مُونجھ ۔ (مونج) ۔ سرکنڈے
کی چوٹی کے ارد گرد کا چھلکا جس
کو کوٹ کر رسّی بناتے ہیں ۔ گھوڑے،
گائے اور بھینس وغیرہ کا ایک
مرض جس میں آنکھ کے نیچے ایک
غدود ہو جاتا ہے اور پھوٹ کر
سیاہ خون بہنے لگتا ہے ۔
مُونچھ (موچھ) ۔ ہونٹوں کے اوپر
کے بال ۔
مُوندنا ۔ بند کرنا ۔ ڈھانپنا ۔

مُونڈھیا (مونڈھا کی تصغیر) ۔
سرکنڈوں اور مونجھ کی بنی ہوئی
کرسی ۔
مُونڈا ۔ چیلا ۔ شاگرد ۔
مُونڈھا ۔ سرکنڈوں اور مونج کی
بنی ہوئی کرسی ۔
مُونِس ۔ ساتھی ۔ دوست ۔ یار ۔
مُونگا ۔ مرجان ۔ حجر البحر ۔ ایک قسم
کے سمندری کیڑوں کے گھر جن کی
کثرت سے پورے پورے جزیرے

بن جاتے ہیں۔

مَوہَن ۔ موہ لینے والا۔ نہایت خوبصورت۔ کرشن جی کا لقب۔

مَوہَن بھوگ ۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ حلوا۔ میٹھا۔

مَوہَنی ۔ منتر یا جادو جس سے دشمن کو تسخیر کیا جائے۔

مَوہَنی مَنتَر ۔ خوب صورتی کا جادو۔ کشش۔

مُوئے (موا کی جمع) بدنصیب۔ کم بخت۔ خانہ خراب۔

مُوئے زِہار ۔ پیڑو کے بال۔ وہ بال جو زیر ناف ہوتے ہیں۔

مُوئے مِیاں ۔ (موئے کمر)۔ پتلی کمر۔

مُوئی مِٹی کی نِشانی ۔ مری ہوئی بیٹی یا بیٹے کی اولاد۔

مَہ جَبِیں ۔ خوبصورت۔ حسین۔

مَہ نَو ۔ نیا چاند۔

مَہ وَشْ ۔ چاند کی مانند مراد: حسین۔ خوبصورت۔

مَہابَت ۔ شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔ ڈر۔ غصہ۔ بزرگی۔

مَہابَلی ۔ زبردست۔ شہ زور۔ بڑا طاقت ور۔

مُہاجَرَت ۔ ترک وطن۔ نقل سکونت۔

مَہاراج ۔ بڑا راجا۔ راجوں کا راجا۔ برہمن اور ہندوؤں کے اونچے خاندان کا خطاب۔

مَہاوَر ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

مَہتاب ۔ گل۔ پھول۔

مَہاجَن ۔ دولت مند۔ ساہوکار۔ ہنڈی والا۔

مَہتابی ۔ ۱۔ ایک قسم کی آتش بازی جس کی روشنی سفید ہوتی ہے۔
۲۔ عمارت یا کٹہرے دار اونچا چبوترا جو لب حوض چاند دیکھنے کے لیے بناتے ہیں۔

مِہتَر ۔ بھنگی۔ خاک روب۔ حلال خور۔

مِہتَرانی ۔ بھنگن۔ خاک روب کی بیوی۔

مُہتَمِم ۔ سربراہ۔ منتظم۔ اہتمام کرنے والا۔

مَہجُور ۔ جدا۔ فراق زدہ۔ چھوڑا گیا۔

مَہد ۔ گہوارہ۔ پالنا۔ ہنڈولا۔ جھولنا۔

مُہَذَّب ۔ مہذب۔ شائستہ۔

مُہر ۔ سونے کا ایک سکہ۔ اشرفی۔

مَہر تَمکِیں ۔ سورج کی سی شان و شوکت۔

مِہرگان ۔ مہر جو خزاں کا مہینہ ہے۔

مِہرِ مُنیر ۔ روشن سورج ۔ چمکتا آفتاب ۔
مِہرُخ ۔ مراد : محبوب ۔ معشوق ۔
مَہرُو ۔ چاند سا چہرہ ۔ مراد : معشوق ۔
مُہری ۔ آستین یا پائجامہ کا مُنھ ۔
مُہرِ شاہی ۔ بادشاہی مہر ۔ گورنمنٹ / سرکار کی چھاپ ۔
مَہلکہ ۔ ہلاکت کی جگہ ۔
مَہمان ۔ ۱۔ جو آدمی کچھ عرصے کے لیے کسی کے یہاں آکر ٹھہرے ۔
۲۔ دعوت میں آنے والا ۔
مَہمان دَاری ۔ میزبانی ۔ آؤ بھگت ۔
مَہمُوم ۔ مغموم ۔ غمگین ۔ اندوہ گیں ۔
مِہمیز ۔ وہ خاردار پھرکی جو سواروں کے جوتوں کی ایڑی میں گھوڑوں کو ایڑ کرنے کے لیے لگی ہوتی ہے ۔
مَہنت ۔ سادھوؤں کا سردار ۔ جوگی ۔ مندر وغیرہ کا بڑا پجاری ۔
مُہندس ۔ نجومی ۔ جوتشی ۔
مَہنگا ۔ قیمتی ۔ زیادہ مول کا ۔
مَہوَس ۔ لالچی ۔ ہوسناک ۔
مُہیّا ۔ آمادہ ۔ لیس ۔ حاضر ۔ فراہم ۔
مُہیب ۔ ڈراؤنا ۔ بھیانک ۔ خوفناک ۔
مِہین مِہین ۔ باریک باریک ۔

چھوٹی چھوٹی ۔
مَیّا ۔ (ماں کی تصغیر) ۔ اماں ۔ والدہ ۔
مَیخانَہ ۔ (مے خانہ) ۔ شراب خانہ ۔ شراب پینے اور بکنے کی جگہ ۔
مَیکَدَہ ۔ (مے کدہ) ۔ شراب خانہ ۔ شراب پینے اور بکنے کی جگہ ۔
مَیکش ۔ (مے کش) ۔ شراب پینے والا ۔
مِیان ۔ نیام ۔ تلوار وغیرہ رکھنے کا خانہ ۔ ایک قسم کا کپڑا ۔ (ق)
مِیانی ۔ دونوں پائچوں کے بیچ کا کپڑا ۔
مِیٹ ۔ قلیوں کا افسر ۔ مزدوروں کا جمعدار ۔
مِیٹھا ۔ ایک قسم کا شیریں لیمو ۔
مِیٹھا بَرَس ۔ (عو) عمر کا اٹھارواں سال چونکہ اس کو منحوس خیال کیا جاتا ہے اس لیے بطور نیک شگون یہ نام رکھ لیا گیا ہے ۔
مِیٹھا مِیٹھا ہَپ اور کڑوا کڑوا تھُو ۔ (مثل) اچھی چیز لے لینا اور بُری چیز سے نفرت کی جگہ بولتے ہیں ۔
مِیٹھی چُھری ۔ وہ دشمن جو بظاہر دوست ہو لیکن بباطن دشمن ہو ۔

میثاق ۔ قول و قرار ۔ عہد و پیمان ۔ معاہدہ ۔
میدان داری ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
میدہ ۔ نفیس آٹا ۔ نہایت باریک آٹا ۔
میر بخشی ۔ تنخواہ تقسیم کرنے والا عہدہ دار ۔
میر فرش ۔ وہ پتھر جو فرش کو دبانے کے لیے چاروں کونوں پر رکھتے ہیں ۔
میزان ۔ آسمان کا ساتواں برج ۔
میسرہ ۔ بائیں طرف ۔ بائیں بازو کی فوج ۔
میغ ۔ بادل ۔ کالی گھٹا ۔
میکا ۔ عورت کے والدین کا گھر ۔
میکھ ۔ آسمان کے اول برج کا نام جو اپنے ستاروں کی ہئیت سے مینڈھے کی شکل کا معلوم ہوتا ہے ۔ جس روز آفتاب اس برج میں آتا ہے وہی نوروز کہلاتا ہے ۔ یہ ۲۲ر مارچ کو ہوتا ہے ۔ ایران میں موسم بہار کا آغاز اور پاک و ہند میں اختتام انہی دنوں میں ہوتا ہے ۔ برج حمل ۔
مے گلفام ۔ سرخ شراب ۔ انگوری شراب ۔
میل ۔ رغبت ۔ رجحان ۔ توجہ ۔ میلان ۔
میل کچیل ۔ کیچ ۔ کیچڑ ۔ چیکٹ ۔
میل ۔ ستون ۔ کھم ۔ لاٹھ ۔
میلا ۔ انبوہ ۔ ازدحام ۔ ہجوم ۔
میلا کچیلا ۔ (محاورہ) خاک دھول میں بھرا ہوا ۔
میمنت ۔ برکت ۔ سعادت ۔ مبارکی ۔ خوشی ۔ کامران ۔
میمنہ ۔ دائیں طرف ۔ دائیں بازو کی فوج ۔
میمون ۔ مبارک ۔ نیک بخت ۔ بھاگوان ۔
مینا کا کام ۔ وہ کام جو شیشے اور چاندی سونے کے زیور اور برتن پر بناتے ہیں ۔
مینا بازار ۔ ۱ ۔ وہ بازار جو بادشاہ کی سیر کے لیے لگایا جائے اور اس میں طرح طرح کی چیزیں سجائی جائیں ۔
۲ ۔ زنانہ بازار ۔ وہ بازار جہاں عورتیں خرید و فروخت کریں ۔
مینڈھے لڑانا ۔ (محاورہ) تماشا دیکھنے کے لیے دو مینڈھوں

کی لڑائی کرانا (کنایتہً) فساد کروا دینا اور خود تماشا دیکھنا۔

مَینڈھُوں (مَینڈھی)۔ بالوں کی گندھی ہوئی لٹ۔

مِیْوَہ ۔ پھل ۔ ثمر جیسے انگور۔ انار۔ سیب ۔ بادام وغیرہ۔

ن

نَاب ۔ خالص ۔ صاف ۔ بے آمیزش۔

نَابَکار ۔ بے کار ۔ شریر ۔ بد ذات ۔

نَاپَدِید ۔ جو ظاہر نہ ہو ۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا ۔ غائب ۔ مخفی ۔

نَاپُرسان ۔ بے پروا۔

نَاتھ ۔ بیلوں کی ناک کی رسی ۔

نَاٹھی ۔ وہ جس کا رشتہ دار نہ ہو۔ اردو میں ناٹھا نگوڑا کی ترتیب سے آتا ہے ۔

نَاچَار ۔ ا۔ عاجز ۔ بے بس۔ مجبور۔ بے چارہ ۔

۲۔ مایوس۔ ناامید۔

نَادَان ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ جاہل ۔

۲ ۔ کم سن ۔ چھوٹی عمر کا۔

نَاز و نِعَم ۔ ناز و نعمت ۔ لاڈ پیار ۔

نَاسَزا ۔ ا۔ نازیبا۔ نامناسب۔ بے جا۔ ناواجب۔

۲۔ سفلہ ۔ کمینہ ۔

۳۔ نالائق ۔ بے وقوف ۔

نَاشَائِستَہ ۔ ناموزوں ۔ نازیبا۔ نامناسب ۔

۲۔ نالائق ۔

نَاشُدنی ۔ بدنصیب ۔ کم بخت۔ ناخلف ۔ نالائق ۔

نَاشَکِیب ۔ بے صبر ۔ بے قرار۔

نَافَرجَام ۔ بدانجام۔ بداصل۔

نَافَرمان ۔ ایک اودے رنگ کا پھول۔ ایک اودا پھول۔

نَافَرمَانی لِباس ۔ اودے رنگ کا لباس۔

نَافَرمَانی جُوڑا ۔ اودے رنگ کا جوڑا۔

نَاصَبُور ۔ جس میں صبر نہ ہو۔ بے صبر۔ مضطرب۔ بے قرار۔

نَاقَدْرا ۔ جو کسی کی قدر نہ سمجھے۔ گن نہ ماننے والا۔ نالائق۔

نَاک نَاک بَدنا ۔ پوری شرط کے ساتھ۔ مکمل وعدے کے ساتھ۔

نَالاَئِق ۔ ناقابل۔ سفلہ۔ کمینہ۔

نَاہَنجار ۔ بدذات۔ بدچلن۔ کمینہ۔ نالائق۔

نَایاب ۔ ۱۔ کمیاب۔ نادر۔ وہ چیز جو بہت کم میسر آئے۔
۲۔ بیش قیمت۔ قابل قدر۔

نَاچ ۔ اظہار خوشی کا ایک طریقہ ہے۔ اہل رقص کا باقاعدہ تال اور سر پر پاؤں مارنا۔ خوشی میں آکر ناچنا، کودنا۔

نَادِ عَلی ۔ لفظی معنی علی کو بلاؤ یا ان سے مدد طلب کرو۔ ایک دعا جسے شیعہ پتھر پر لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

نَاڑے (ناڑا) ۔ ازار بند۔ کمر بند۔

نَاز ۔ ادا۔ نخرہ۔ غمزہ۔

نَازبُو ۔ نام پھلواری۔ سیاہ تلسی۔ اس کے پھول اور پتے بہت خوشبودار ہوتے ہیں۔

نَاز کَرنَا نَاز بَردَار سے اور سَودا کَر خَرِیدار سے ۔
(مثل) ناز اس سے کر جو تیرا خریدار ہو ناز چاہنے والے ہی اُٹھا سکتے ہیں، انہیں سے ناز کرنا درست ہے۔

نَازُک بَدَن ۔ چھریرے بدن کا۔ دُبلا پتلا۔ نازک جسم کا۔ جس کا پتلا اور نفیس بدن ہو۔ مراد: معشوق۔

نَازُکی ۔ ۱۔ ملائمت۔ نرمی۔
۲۔ نفاست۔ لطافت۔ خوبی۔ عمدگی۔

نَازنِین ۔ بانکی۔ البیلی۔ چھبیلی۔
۲۔ معشوق۔

نَاس ۔ تباہی۔ بربادی۔ غارت۔ خرابی۔

نَاشپَاتی ۔ (ناسپاتی) ۔ ایک پھلدار درخت جو بیج سے پیدا نہیں ہوتا، اس کی جڑوں سے نئے پودے پھوٹتے ہیں اور ان پر پیوند کیا جاتا ہے پہاڑی درخت کا پھل نہایت لذیذ ہوتا ہے۔

نَاشتا ۔ (لفظاً) ۔ ۱۔ خالی پیٹ۔ بھوکا۔
۲۔ نہاری۔ صبح کا کھانا۔ چاشت۔

نَاصِر ۔ مددگار ۔ معاون ۔ ہمدرد۔ حامی ۔
نَاصِیَہ ۔ ماتھا ۔ پیشانی ۔ جبین ۔
نَاطِقَہ ۔ (نفس) بولنے کی قوت' قوت گویائی ۔
نَاظِر ۔ ۱۔ دیکھنے والا ۔ مشاہدہ کرنے والا ۔
۲۔ نگہبان ۔ محافظ ۔
۳۔ محروں کا افسر۔ عدالتوں کا ایک عہدہ جو ماتحت ملازموں کی نگرانی کرتا اور خرچ وغیرہ کا ذمہ دار ہوتا ہے۔
نَاظِرِین ۔ سامعین ۔سُننے والے۔
نَاظُورَہ ۔ معشوقہ ۔ محبوبہ ۔
نَاف ۔ درمیان ۔ مرکز ۔ بیچوں بیچ ۔
نَافَہ (آہو) ۔ ایک تھیلی جو ایک خاص قسم کے ہرن کے پیٹ پر ہوتی ہے اس میں خون جم جاتا ہے جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے اسے مشک کہتے ہیں ۔ ناف سے مشتق ہے۔ نافۂ مشک ۔ نافۂ آہو۔

نَاقِصُ الْعَقْل ۔ کم عقل ۔ بے وقوف۔ (کنایتہً) عورت ۔
نَاقُوس ۔ وہ سنکھ جو ہندو اپنی عبادت/ پوجا پاٹ کے وقت بجاتے ہیں ۔ یہ ایک قسم کے سمندری جانور کا گھر ہوتا ہے کوڑی کی شکل کا مگر اس سے قد میں بہت بڑا ہوتا ہے ۔
نَاقَہ ۔ اونٹنی ۔ سانڈنی ۔
نَاک ۔ انسان اور جانوروں کا ایک مخصوص عضو جس سے وہ سانس لیتے ہیں جو منھ کے اوپر اور آنکھوں کے نیچے ہوتا ہے جس میں دو سوراخ ہوتے ہیں جو اندر جا کر آپس میں مل جاتے ہیں ان میں ہوا گزر کر پھیپھڑوں میں داخل ہوتی ہے ۔

نَاک بھُوں چَڑھانا ۔ (محاورہ) تیوری چڑھانا ۔ ناراض ہونا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ آزردہ ہونا ۔ بیزار ہونا ۔

نَاک چَنے چَبوانا ۔ (محاورہ) ناک میں دم لانا ۔ از حد دق کرنا ۔ عاجز کر دینا ۔
نَاک کا بَال ۔ نہایت عزیز اور مقرب دوست ۔ منھ چڑھا آدمی ۔ ناک کا بال ہونا ۔

نَاک نہ ہو تو گوہ کھائے ۔ (مثل) عورتوں کی مذمت میں کہتے ہیں ۔ عورتوں کو سخت بیوقوف سمجھنا ۔
نَاکا ۔ سڑک کا اخیر ۔ راستے کی حد ۔ ناکہ ۔ گلی کوچے کا دروازہ ۔ شہر کا دروازہ ۔

نَاکَتخُدا ۔ بغیر بیاہا ہوا۔
نَاگ ۔ سانپ ۔ کالا سانپ ۔
پھن دار سیاہ سانپ ۔
نَاگ پھنی ۔ تھوہر کی ایک قسم ۔
ایک پہاڑی بوٹی ۔
نَاگِن ۔ ناگ کی مادہ سانپن ۔
ناگن ۔
نَاگیسَر ۔ ایک خوشبودار پھول۔
نَال ۔ وہ آنت سی جو پیدائش کے
وقت بچے کی ناف سے جڑی ہوتی
ہے اسے کاٹ کر دبا دیتے ہیں ۔
نَال گڑا ہونا / نال گاڑا
جانا ۔ (محاورہ) متعلق ہونا ۔
استحقاق ہونا۔ دعویٰ ہونا۔
نَالِش ۔ دعویٰ ۔ استغاثہ ۔ حاکم
سے چارہ جوئی ۔
نَالِشی ۔ دعویدار ۔ مستغیث۔
۲۔ فریادی ۔ شکایتی ۔
نَالکِی ۔ ایک قسم کی کھلی پالکی / تام
جھام جو امیر عورتیں استعمال کرتی
تھیں ۔
نَالِے ۔ (نالاَ) رنگین گنڈے
والا سوت ۔
نَالاَں ۔ روتا ہوا ۔ فریادی ۔
شاکی ۔
۲ ۔ عاجز ۔ تنگ ۔
نَالہ وشیوَن ۔ رونا پیٹنا۔

نَام بڑا اَور دَرشَن تھوڑے۔
(مثل) ۔ جتنا نام ہے اتنا کام
نہیں ۔
نَامِ خُدا ۔ (دعا) ماشاءاللہ
جب کسی کی تعریف کرتے ہیں تو
چشم زخم کے دفعیہ اور برکت
کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔
نَامْ دَار ۔ (نَامْدَار) ۔
مشہور ۔ نامی ۔
نَامْ دَھرنا ۔ (محاورہ) عیب
لگانا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ برا کہنا ۔
حرف گیری کرنا ۔ الزام لگانا ۔
نَامْ لیوا اور پَانی کا دِیوانہ
رہا ہے ۔ (کہاوت) سب مر گئے ۔
کوئی باقی نہیں رہا۔
نَامَہ ۔ خط ۔ مکتوب ۔ چٹھی ۔
صحیفہ ۔
نَامُوس ۔ آبرو ۔ لاج ۔ شرم ۔
نَامِیان ۔ (نامی) مشہور ۔ معروف ۔
نامور ۔
نَانْ کار ۔ وہ زمین جو ملازم کو
اس کی خدمت کے صلے میں دی
جائے ۔
نَانْبائی ۔ (نان بائی) روٹی
پکانے کا پیشہ کرنے والا ۔ روٹی

اور شور یا بیچنے والا۔ بھٹیارہ۔
نَاندا ۔ گملا۔
نَانِ نِعمَت ۔ بڑی نعمت ۔ لذیذ نعمت ۔
نَانَا (جان) ۔ ماں کا باپ۔
نَانِی ۔ ماں کی ماں۔ نانا کی بیوی۔
نَانِی مَرنَا ۔ ڈرنا۔ جان پر بننا۔
نَاوَک ۔ تیتر۔ خدنگ۔ بان۔
نَاہِج مَنَاہِج ۔ راستے پر چلنے والا۔ مراد: مسافر۔
نَاہَر ۔ شیر۔ شیر ببر۔
نَاہِید ۔ زہرہ ستارہ ۔ مطربۂ فلک۔
نَائِکَہ ۔ رنڈیوں کے گھر کی سردار۔ وہ عورت جس کے پاس کئی نوچیاں ہوں۔
نَاؤ نُوش ۔ (مجازاً) نغمہ سنانا اور شراب پینا۔ عیش و طرب۔ عیش ونشاط۔ رنگ رلیاں۔
نَاؤں ۔ نام۔
نَائِرَہ ۔ شعلہ۔ لپٹ۔ لو۔
نَائِک ۔ ماہرین موسیقی۔ بڑا گویا/ رقاص۔ گویوں کا سردار/ استاد۔
نَبات ۔ قند۔ مصری۔
نَباتَات ۔ وہ چیزیں جو زمین سے اگتی ہیں۔
نَبَرد ۔ لڑائی۔ جنگ ۔ جدل۔ حرب۔ یدھ۔ مصاف۔

نَبَرد آزمَا ۔ ۱۔ جنگی۔
۲۔ بہادر۔ شجاع۔ دلاور۔
نَبِیرَہ ۔ پوتا۔ بیٹے کا بیٹا۔ پوتی۔ نواسا۔ نواسی۔
نَبِیل ۔ خوبصورت۔ بزرگ۔ عقل مند۔ موٹا۔
نِپَٹ ۔ ۱۔ پوری طرح سے ۔ مکمل طور پر۔
۲۔ بہت ۔ بیحد۔
۳۔ محض۔ سراسر۔ تمام۔
نَتھ ۔ ناک میں پہننے کا ایک زیور یہ صرف سہاگنیں پہنتی ہیں بیواؤں کو اس کے پہننے کی اجازت نہیں۔
۲۔ جانوروں کی ناک کی رسی۔
نَٹ ۔ ہندوؤں کی ایک ذات۔
۲۔ بازی گر۔ شعبدہ باز۔
۳۔ ایک راگنی کا نام۔
نِثَار ۔ نچھاور کرنا۔
۲۔ صدقہ۔ تصدق۔
نَجِس ۔ نجاست ۔ پلیدی ۔ گندگی ۔
نَجم ۔ ستارہ۔ تارہ۔ سیارہ۔
نُجُوم ۔ (علم) ستاروں کا علم۔ جوتش۔
نُجُومی ۔ ماہر علم نجوم ۔ جوتش۔
نُچَا کُھچَا ۔ نوچا کھسوٹا ہوا۔

نِچِنْت ۔ فارغ ۔ جسے کوئی کام نہ ہو۔
۲۔ بے فکر ۔ بے پروا۔
نَحْس ۔ منحوس ۔ نامبارک ۔ بدشگون۔ نامسعود۔
نَحِیفَہ ۔ (نحیف کی تانیث) ۔ ۱۔ ضعیفہ ۔ ناتوان ۔ کمزور۔
۲۔ دبلی ۔ پتلی ۔ نازک ۔
نَخْچِیر ۔ ۱۔ شکار ۔ صید ۔ شکار کیا ہوا جانور۔
۲۔ جنگلی یا صحرائی جانور۔
نَخُسْتِین ۔ ۱۔ پہلا ۔ شروع کا ۔ ابتدائی۔
۲۔ پہلے پہل۔
نَخْصَمی ۔ عورت کو عورت تحقیراً کہہ دیتی ہے۔
نَخْل ۔ کھجور کا درخت۔
۲۔ شجر۔
۳۔ نقلی درخت ۔ وہ شجر جس پر نقلی پھول بنے ہوئے ہیں۔
نَخْلبَنْد (نَخْل بَنْد) ۔
۱۔ باغبان ۔ مالی۔
۲۔ موم اور کاغذوں کے درخت بنانے والے۔
نَخْلِسْتان ۔ کھجور کے درختوں کا جنگل۔
۲۔ ریگستان میں وہ مقام جہاں بہت سے درخت ہوں۔
نَخْوَت ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ خودبینی ۔ تکبّر۔
نَخُود ۔ چنا ۔ ایک مشہور غلہ جس سے دال اور بیسن بناتے ہیں۔
نِدا ۔ آواز ۔ صدا ۔ پکار۔
نَدارَد ۔ غیر موجود ۔ غیر حاضر۔
نَدّاف ۔ دھنیا ۔ روئی دھنکنے والا۔
نَدامَت ۔ انفعال ۔ شرمندگی ۔ خجالت ۔ خفت ۔ پچھتاوا ۔ افسوس۔
نُدْرَت طَراز ۔ عمدہ چیزوں سے سجانے والا۔
نَدْوَہ ۔ مجلس ۔ جمع ہونے کی جگہ ۔ انجمن ۔ سبھا۔
نَدِیدَہ ۔ وہ جسے کچھ میسر نہ ہوا ہو۔ وہ جس نے کبھی عمدہ کھانا نہ کھایا ہو اور دوسرے کو کھاتے گھورے۔ طالب ۔ مشتاق ۔ خواہشمند۔
نَدیا تُو گھبراتی کیوں ہے، بَنْدی پاؤں ہی نہ دَھرے گی۔
(کہاوت) (ندی تو گھبرائی میں تو پہلے ہی پاؤں نہیں دھرتا) ۔ تم کیوں گھبراتے ہو میں تو پہلے ہی تمہارے پاس نہیں آتا۔
نِڈْھال ۔ تھکا ماندہ ۔ مضمحل۔

ناتواں ۔ بے حس و حرکت ۔

نَذر ۔ ۱۔ صدقہ ۔ قربانی ۔ بھینٹ ۔
۲۔ نیاز ۔ فاتحہ ۔ چراغی نذر ۔
۳۔ تحفہ ۔ پیش کش جو بڑے لوگوں/ بادشاہوں کی خدمت میں پیش کیا جائے ۔

نَرخَرہ ۔ (نرخرا) ۔ حلقوم ۔ سانس لینے کی نلکی ۔ ٹینٹوا ۔

نَردَیں (نَرد) ۔ شطرنج اور چوسر کی گوٹ ۔

نَرد بان ۔ سیڑھی ۔ زینہ ۔

نَرغَہ (نرغا) ۔ گھیرا ۔ دشواری ۔ بھیڑ ۔ آدمیوں کا حلقہ و شکار کو ایک جگہ ، جہاں شکاری بیٹھا ہو گھیر کر لانے کے لیے بنایا جائے ۔

نَرسِنگے ۔ نَرسِنگا ۔ ایک قسم کا بجانے کا سینگ ۔ قرنا ۔ بگل ۔ ترئی ۔

نَرگس ۔ ایک پودا جس کے پتے گھاس کی مانند مگر ذرا چوڑے ہوتے ہیں ۔ موسم سرما میں بیچ میں سے ایک شاخ نکلتی ہے جس پر سفید اور نہایت خوبصورت پھول نکلتے ہیں ۔ جن کے درمیان پتوں کا زرد پیالہ ہوتا ہے ۔ اس پودے کا پھول ۔ اسے آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں ۔ (مجازاً) معشوق کی مست آنکھ ۔ چشم معشوق ۔

نَرگس آسا ۔ نرگس کی مانند ۔ نرگس کی طرح ۔

نَرگسِ شہلا ۔ وہ نرگس جس کا پیالہ سیاہ ہو ۔ سفید نرگس جو مائل بہ سیاہی ہو ۔

نَرم چارا ۔ ملائم خوراک ۔ زود ہضم کھانا ۔

نَرَیل ۔ ایک قسم کا حقہ ۔

نَزارت ۔ کمی ۔ (کثرت کی ضد) ۔

نَزلہ حار ۔ نزلہ حار ۔ (طب) گرمی کا نزلہ ۔

نُزُول ۔ ۱۔ اترنا ۔
۲۔ فروکش ہونا ۔ ورود ۔

نُزہَت ۔ ۱۔ پاکیزگی ۔ ترو تازگی ۔
۲۔ انبساط ۔ خوشی ۔ سرور ۔
۳۔ عیش و نشاط ۔ حظ نفسانی ۔

نُزہَت آگیں ۔ خوشبو سے بھرا ہوا ۔

نَزَع ۔ جان کنی ۔ جان کندنی ۔ دم ٹوٹنا ۔ جان کھینچنا ۔

نُزُولِ اِجلال ۔ بادشاہ کا آنا ۔

نِسبَت ۔ ۱۔ منگنی ۔ سگائی ۔
۲۔ پیغام شادی ۔ نکاح کا پیغام ۔

نَستَرن ۔ ایک قسم کا پودا جس کے پھول نہایت خوشبودار اور سفید ہوتے ہیں یہ گلاب کی ایک قسم ہے ۔ سیوتی ۔

نَسر ۔ رگدھ ۔ عقاب ۔

نَسرِ طَائِر ۔ ا۔ ایک قدیم شمالی صورت کو کبہ کا نام ۔
۲۔ اڑتا ہوا گدھ / عقاب ۔
نَسرِین ۔ ایک قسم کا سفید گلاب کا پودا۔ سیوتی۔
نَسِیمِ سَحَر۔ صبح کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا۔
نِشاط ۔ ا۔ خوشی۔ مسرت۔ شادمانی۔ انبساط۔ فرحت ۔
۲۔ عیش ۔ طرب ۔ مزا۔ لطف ۔
نِشان ۔ علم ۔ جھنڈا۔
نِشتَر ۔ پھوڑوں وغیرہ کو چیرنے کا خمدار تیز دھار کا چاقو۔
نُشُور ۔ مردوں کا قیامت کے دن زندہ ہونا۔
۲۔ حشر۔ قیامت ۔
نَشہ ہرَن ہونا ۔ (محاورہ)
ا۔ نشہ جاتا رہنا۔
۲۔ غفلت دور ہونا۔ غرور جاتا رہنا۔
نَشیب و فَراز ۔ اونچ نیچ ۔ اتار چڑھاؤ۔ نیک و بد۔ فائدہ۔ نقصان ۔ ترقی تنزل ۔
نَصب ۔ گاڑنا ۔ برپا کرنا۔ لگانا۔ قائم کرنا۔
نُصرَت ۔ فتح ۔ ظفر۔ جیت ۔

نِصفُ النَّہَار ۔ دن کا نصف۔ دوپہر۔
نَصفَت ۔ انصاف ۔ معدلت ۔ عدل ۔ نیاؤ۔
نَصفَت نِشان ۔ انصاف کرنے والا ۔ منصف ۔
نَصِیب ۔ حصہ ۔ بخرہ ۔ حاصل۔ میسر۔
نَصِیحتانہ نصیحت آمیز۔
نُصَیری ۔ حضرت علی کو خدا ماننے والا ۔
نَضارَت ۔ تازگی ۔ آبداری ۔ چمک دمک ۔ سرسبزی۔
نَطع ۔ ا۔ چمڑے کا بچھونا ۔ چمڑے کا دسترخوان جو کپڑے کے دسترخوان کے نیچے بچھاتے ہیں ۔
۲۔ چمڑے کا ٹکڑا جس پر کھیلیں / کام کریں / یا مجرم کو قتل کریں۔
نُطفَہ حَرام ۔ ا۔ حرام زادہ۔ حرامی ۔ ولدالزنا۔
۲۔ فتنہ پرداز ۔ بد ذات۔ شریر۔ نُطفۂ ناتحقیق۔
نَظَرات ۔ جھلکیاں ۔ ملاحظات۔ غور کرنا۔ دیکھنا۔
نَظَارَہ ۔ ا ۔ دیکھنا ۔ نظر ڈالنا۔
۲۔ نظر بازی ۔ گھورا گھوری ۔

دید بازی۔
۲۔ نظر۔ نگاہ۔ شوق۔
نَظَّارَہ بَازِی ۔ دیکھنا۔ گھورنا۔ تاکنا۔
نَظَربَنْدی ۔ جس کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی جائے۔
نَظَرِی ۔ پامال۔ بے وقعت۔ نظر سے گرا ہوا۔
نَظَرے خُوش گزرے ۔
جلدی میں گزر جانے والی نگاہ۔ اُڑتی ہوئی نظر۔
نَظِیْر ۔ مثل۔ مانند۔
نَعْرَہ ۔ للکار۔ بلند آواز۔ شور۔
نَعْل ۔ جوتا۔ کفش۔ پاپوش۔
۲۔ گھوڑے کے سم میں لگانے کا آہنی حلقہ۔
۳۔ خراج۔ نذرانہ جو حاکم یا رئیس کو پیش کیا جائے۔
نَعْلَیْن ۔ جوتی کا جوڑا۔ دونوں جوتیاں۔
نَعْلینِ چُوبیں ۔ کھڑاؤں۔
نِعْمَت ۔ ناز۔ آسائش۔
نَغْز ۔ ۱۔ انوکھا۔ نادر۔ اچھا۔
۲۔ پہیلی۔ چیستاں۔
نَغْمَہ ۔ راگ۔ گیت۔ ترانہ۔ سُریلی آواز۔ ترنم۔
نَفاذ ۔ عائد ہونا۔ لاگو ہونا۔
نَفاظ ۔ مٹی کا تیل۔
نَفَّاش ۔ متکبر۔ مغرور۔ گھمنڈی۔
نَفْخِ صُور ۔ وہ صور جو قیامت کے روز حضرت اسرافیل پھونکیں گے۔
نَفْط ۔ مٹی کا تیل۔ بارود۔
نَفَع ۔ فائدہ۔ حاصل۔ نتیجہ۔ پھل۔
نُفُوْر ۔ نفرت کرنے والا۔ بھاگنے والا۔
نَفِیر ۔ فریاد۔ چیخ۔ پکار۔ واویلا۔
نَفِیرِ رَزْمی ۔ لڑائی کی آواز۔ جنگ کی اطلاع۔
نَفِیْس ۔ ۱۔ عمدہ۔
۲۔ اعلیٰ۔ لطیف۔ پاکیزہ۔
۳۔ قیمتی۔ بیش قیمت۔
نَفِیْسَہ (نفیس کی تانیث) عمدہ، اعلیٰ، لطیف عورت۔
نَقَاْ ۔ پاکیزگی۔ پاکی۔
نِقَاہَت ۔ صفت۔ تعریف۔
نَقَّارْچی ۔ نقارہ بجانے والا۔
نَقَّار خَانے میں طُوطِی کی آواز کون سُنْتَا ہے ۔
(مثل) ۱۔ بہت شور و غل میں کم زور آواز کوئی نہیں سن سکتا۔

۲۔ بڑے آدمیوں کی رائے کے مقابلے میں چھوٹوں کی آواز ان سُنی ہو کر رہ جاتی ہے۔

نَقّارَہ ۔ نوبت ۔ طبل ۔ ڈنکا ۔ کوس ۔ دھونسا ۔

نَقّاش ۔ نقش و نگار بنانے والا ۔

نَقَب ۔ کومل ۔ سوراخ ۔ سرنگ ۔

نُقرئی ۔ چاندی کی چیز ۔

نَقش و نِگار ۔ بیل بُوٹے ۔ پھول پتی ۔

نَقشَہ ۔ حالت ۔ کیفیت ۔ عالم

نِقَاط ۔ (نُقطہ کی جمع) صفر۔ نشان جس پر نشانہ لگاتے ہیں ۔ دائرے کا وسط جس سے دائرہ تک خط کھینچے جائیں ۔

نَقص ۔ عیب ۔ برائی ۔ کھوٹ ۔

نُقصان ۔ ضرر ۔ خسارہ ۔ گھاٹا ۔

نُقل ۔ وہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے بعد تبدیل ذائقہ کے لیے کھائیں ۔

نَقِیب ۔ حسب و نسب جاننے والا ۔ ملاقات کرانے والا ملازم ۔ بزرگ ۔ سردار ۔ عقلمند ۔

نَک سِک ۔ حلیہ ۔ سراپا ۔

نِکاح ۔ ۱۔ مجامعت ۔ مباشرت ۔

۲۔ عقد ۔ بیاہ ۔ شادی ۔

نِکبَت ۔ خواری ۔ رنج ۔ ماندگی ۔ افلاس ۔ بدحالی ۔

نُکتی ۔ ایک قسم کی مٹھائی جو بیسن سے موتیوں کے برابر بنائی جاتی ہے ۔

نَکٹا ۔ ڈھول بجانے کی ایک خاص ترکیب ۔

نَکٹا جیا بُرے اَحوال ۔ (مثل) بدنام اور رسوا آدمی کی زندگی تلخی سے بسر ہوتی ہے ۔

نِکوسنا ۔ (نکوس) ۔ دانت نکالنا ۔ جانوروں کی طرح دانت ظاہر کرنا ۔

نَکہَت ۔ خوشبو ۔ مہک ۔ نُگہت ۔

نِکھٹو ۔ ۱۔ نہ کمانے والا ۔ ناکارہ ۔ نکما ۔

۲۔ احمق ۔ بے وقوف ۔

۳۔ جس کے گھر میں کھاٹ تک نہ ہو ۔

نُکیلا ۔ خوش وضع یا قطع ۔ بانکا ۔ ترچھا ۔ طرح دار ۔ سج دار ۔

نِگار خانَہ ۔ ۱۔ تصویر خانہ ۔ تصویروں کا مکان ۔ نقاشی کیا ہوا گھر ۔

۲۔ بت خانہ۔ نگارستان۔

نِگارِندَہ۔ لکھنے والا۔ نقاش۔ کاتب۔

نِگالی۔ ۱۔ چھوٹا بیچوان۔
۲۔ حقّے کا وہ حصّہ جس میں منہال لگاتے ہیں۔
۳۔ نیچا بنانے کی نَے۔

نِگاہ پھرنا۔ (محاورہ) توجہ نہ رہنا۔ بے التفاتی ہونا۔ کم توجہی ہونا۔

نِگران۔ ۱۔ نظر رکھنے والا۔
۲۔ محافظ۔ پاسبان۔ نگہبان۔

نِگوڑا۔ ۱۔ نکما۔ ناکارہ۔
۲۔ کم بخت۔ بدقسمت۔
۳۔ اجڑا ہوا۔ نامراد۔

نِگوڑ مارا۔ وہ جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو۔ مجرد۔ بے زن و فرزند (اس لفظ کو عورتیں تنفر کے طور پر استعمال کرتی ہیں)۔

نِگوڑی مارِی (نگوڑا مارا کی تانیث)۔ ۱۔ اکیلی۔ تنہا۔
۲۔ نامراد۔ اجڑی۔

نِگُونسار (نگوں سار)۔
۱۔ اوندھا۔
۲۔ شرم سے سر جھکائے ہوئے۔

نِگہبان۔ چوکیدار۔ محافظ۔ پہرہ دار۔

نگین۔ جواہر۔ نگ۔ نگینہ۔

نگینہ ساز۔ جواہرات تراشنے والا۔

نَمازِ سَحَر۔ صبح کی نماز۔ فجر کی نماز۔ سورج طلوع ہونے سے پہلے ادا کی جاتی ہے۔

نَمدا۔ ۱۔ اون کا موٹا کپڑا جو اون کو دبا کر بناتے ہیں۔
۲۔ ایک قسم کا موٹا قالین جو اس طرح دبا کر بنایا جاتا ہے۔

نَمِش۔ دودھ کا جھاگ جس میں مصری ملاتے ہیں۔

نَمَط۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھنگ۔ طرز۔ طور۔

نَمک پاش۔ نمک چھڑکنے والا۔ ایذا۔ دینے والا۔

نَمک حَرام (نمک حرام)۔
وہ جو اپنے آقا کا بدخواہ ہو۔ کافر نعمت۔ کور نعمت۔ ناشکرا۔ ناسپاس۔ محسن کش۔

نَمک کھانا۔ (محاورہ) نوکری کرنا۔ کسی کی دی ہوئی روٹی کھانا۔

نَمگیرہ۔ شبنمی۔ اوس میں تاننے کا کپڑا۔

نَمُودار۔ آشکارا۔ ظاہر۔ عیاں۔

ننگ ۔ ۱۔ لحاظ ۔ شرم ۔ حیا۔
۲۔ ذلت ۔ بدنامی ۔

ننگ دھڑنگ ۔ ۱۔ عریاں۔
برہنہ ۔ بالکل ننگا۔
۲۔ مفلس ۔ قلاش ۔

ننگ و عار ۔ ۱۔ شرم و حیا۔
۲۔ عزت و آبرو۔

ننھی ۔ (ننی) ۔ چھوٹی ۔ ٹھگنی ۔
ناسمجھ ۔ نادان ۔ انجان ۔ بے
وقوف ۔

نواخت ۔ موافق ۔ مطابق ۔
برابر ۔ لائق ۔

نواڑ ۔ سوت کا موٹا اور چوڑا
فیتہ جس سے پلنگ بنا جاتا
ہے۔

نواڑہ ۔ سیر کرنے کی چھوٹی کشتی ۔
بجرا ۔ نواڑہ کھیلنا ۔ (محاورہ)
نواڑے میں سوار ہو کر دریا کی
سیر کرنا ۔

نواز بند ۔ کشتی کا ایک داؤں ۔

نوازش ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔

نواسہ ۔ بیٹی کا بیٹا۔

نواسی ۔ بیٹی کی بیٹی ۔

نواسی کو تکے نانا شاہ ۔
(مثل) چھوٹے پر بڑے کی نظر
پڑنا ۔ (طنزاً مستعمل) مراد :
الٹا زمانہ ۔ (ق)

نوالہ ۔ لقمہ ۔ ذرا سی چیز ۔ لقمے
کے برابر چیز۔

نوبت ۔ ۱۔ باری ۔ دفعہ ۔
۲۔ مہلت ۔ فرصت ۔ وقفہ ۔
۳۔ کیفیت ۔ عالم ۔ طور ۔ گت ۔
خوشی ۔

نوبتی ۔ سنتری ۔ پہریدار ۔ چوکیدار۔
شاہی دربان ۔

نوجوان ۔ نوخیز ۔ نوعمر ۔ گبرو ۔
پٹھا ۔

نوترہی (نوتری) ۔ ایک قسم
کا جوا جو پانسوں میں کھیلا جاتا
ہے ۔

نوٹ ۔ تمسک ۔ ہنڈی ۔ دستاویز۔
سند ۔ یادداشت ۔ پرچہ ۔ نوٹ
بنانا ۔ جعلی نوٹ تیار ہونا ۔

نوج ۔ خدا نہ کرے ۔ خدانخواستہ۔

نُوچا کھُوچی ۔ نوچا ناچی ۔ چھینا
جھپٹی

نُوچنا کھسوٹنا ۔ (محاورہ) ۔
۱۔ چنگل مارنا۔
۲۔ چھینا جھپٹی کرنا ۔ لوٹنا مارنا۔

نوچا اور کھسوٹی ۔ چھینا جھپٹی ۔

نوچی ۔ نوجوان لڑکی جس سے طوائفیں
پیشہ کراتی ہیں۔

نوحہ خوانی ۔ ماتم ۔ گریہ و زاری ۔

روناپیٹنا۔
نَوخَاستَہ ۔ پٹھا۔ نیا اٹھا ہوا۔
نَوخیز ۔ نیا اٹھنے والا۔ نوجوان۔
نُود سال ۔ نوّے سال۔ مراد۔ بوڑھا۔ کہن سال۔
نَورَتن ۔ بازو کے ایک قسم کے جڑاؤ زیور کا کام۔
نَورُستَہ ۔ نیا اگا ہوا۔
نَوروز ۔ ایرانیوں میں ماہ فروردین کا پہلا دن۔ یہ بڑا خوشی کا دن خیال کیا جاتا ہے اور جشن منایا جاتا ہے۔
نُورَہ لگانا ۔ (محاورہ) ۔ ۱۔ بال اُڑانے کا پوڈر لگانا۔
۲۔ کسی کو فریب دے کر نقصان کرنا۔
نُوشا نُوش ۔ پے در پے پینا۔
نُوش ۔ ۱۔ پینے والا۔
۲۔ خوشگوار چیز۔
۳۔ آبِ حیات۔ امرت۔
۴۔ شہد۔
۵۔ تریاق۔
نَوشاہ ۔ دولھا۔ نوشہ۔
نَوِشتَہ ۔ ۱۔ لکھا ہوا۔
۲۔ تحریری سفر۔ دستاویز۔
۳۔ تقدیر۔ قسمت۔

نَوک دُم بھاگنا ۔ بے تحاشا بھاگنا۔ دُم دبا کر بھاگنا۔
نُوکَری ۔ ملازمت۔
نُوکَری پیشہ ۔ وہ شخص جس کا پیشہ ملازمت ہو۔
نَوگَرہیاں (نوگیرہی) ۔ ہاتھوں کا ایک زیور۔ ایک قسم کی پونہچی جس میں نگ یا جواہرات جڑے ہوتے ہیں۔
نَولَکھّا ہار ۔ نو لاکھ روپے کی قیمت کا ہار۔ بیش قیمت ہار۔
نَوم ۔ نیند۔ آرام۔
نَونِہال ۔ درخت کا نیا پودا۔ (کنایتہً) کم عمر بچے۔
نَوید ۔ خوش خبری۔ مژدہ۔ بشارت۔

نَہ آسمَان پَر تھُوکو نَہ گِریبَان میں آئے ۔ (مثل) نہ کسی بڑے شخص کے منھ آؤ نہ ذلیل ہو۔

نَہ دُودھوں نَہائی ہے نَہ پُوتوں پھَلی ہے ۔ مراد؛ غیر شادی شدہ۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔

نہ دَوڑ کے چلے نہ گِر پڑے۔ (مثل) نہ جلدی چلو نہ نقصان اٹھاؤ۔

نہ لینا ایک نہ دینا دو۔ کوئی واسطہ غرض نہیں۔

نہ مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت۔ (مثل) نہایت بوڑھے آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

نہ یار ہے نہ مددگار ہے۔ کوئی دوست یا پرسانِ حال نہیں۔

نَہاری ۔ ۱۔ تھوڑا سا کھانا جو صبح کے وقت کھاتے ہیں۔
۲۔ ایک قسم کا شوربا اور سالن۔

نِہال ۔ (درخت) تازہ لگایا ہوا پودا۔

نَہان ۔ غسل ۔ اشنان ۔

نہانی ۔ چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔

نہتّے ۔ (نہتا) جس کے پاس ہتھیار نہ ہو ۔ خالی ہاتھ ۔ غیر مسلح ۔

نَہَر ۔ دریا کی شاخ ۔ آب جو ۔ ندی ۔

نُہضَت ۔ کوچ ۔ روانگی ۔ رخصت ۔ اٹھنا ۔

نُہمَت ۔ مطلب ۔ مراد ۔

نَہنگ ۔ مگرمچھ ۔ گھڑیال ۔

نَہنگانہ پَلنگانہ ۔ تابڑتوڑ حملہ ۔ بے جگری سے ۔ بہادرانہ ۔ شجاعانہ ۔ (ق)

نَہیب ۔ ڈر ۔ خوف ۔ ہیبت ۔

نہیں معلوم فقیر کیا ڈالتا ہے کیا نکالتا ہے ۔ فقیر کی باتوں کا سمجھنا مشکل ہے ۔

نے ۔ بانسری ۔ نرکل ۔

نیا نَو دِن پُرانا سَو دن ۔ (مثل) نئی چیز کی بھڑک چند ہی دن رہتی ہے اور پرانی چیز مدت تک رہتی ہے ۔ نئے کی بجائے پرانا قابل اعتماد ہوتا ہے۔

نیارا ۔ منتخب ۔ چھانٹا ہوا ۔ انتخاب کیا ہوا ۔

نیا نوکر ہرن مارتا ہے ۔ (مثل) نیا ملازم اپنے رسوخ کے واسطے چند روز خوب ہی

محنت کر کے دکھاتا ہے۔
نِیاز ۔ ۱۔ محنت ۔ التجا۔
۲۔ ملاقات ۔ واقفیت ۔
۳۔ آرزو ۔ تمنا ۔
۴۔ انکسار ۔ مسکینی ۔
نِیام ۔ تلوار ۔ خنجر وغیرہ کا میان ۔
نِیابَت ۔ قائم مقامی ۔ نائب ہونا ۔
۲۔ منیبی ۔ ایجنٹی ۔
نِیْبُو ۔ ایک ترش پھل اور اس کے پودے کا نام، لیموں ۔
نِیْچَر ۔ ۱۔ فطرت ۔ خلقت ۔
۲۔ قدرت ۔ قانون قدرت ۔
نَیْچہ بَنْد ۔ نیچہ باندھنے والا ۔ حقے کا نیچے بنانے والا ۔
نَیَّرِ اَعْظَم ۔ سورج ۔ آفتاب ۔
نَیْرَنْج ۔ نیرنگ ۔ مکر ۔ فریب طلسم ۔ جادو ۔
نَیْرَنْجات ۔ (نیرنج کی جمع) ۔ جادو ۔ طلسم ۔ شعبدہ جات ۔
نَیَّرَین ۔ نیّر کا تثنیہ ۔ (کنایتہً) چاند اور سورج ۔
نَیْرَنْگ ۔ مکر ۔ فریب ۔ طلسم ۔ جادو ۔ شعبدہ ۔
نَیْرَنْگیٔ اَیّام ۔ زمانے کا انقلاب ۔
نَیْزَہ ۔ بھالا ۔ بلّم ۔ علم ۔ برچھی ۔

۲۔ کلک نے ۔ قلم کی چھڑ ۔
نَیْسان ۔ قدیم شام کا ساتواں مہینہ اور اس کی بارش ۔
نَیْستان ۔ سرکنڈوں کا کھیت ۔ بانسوں کا جنگل ۔
نِیْش ۔ ۱۔ ڈنک ۔ خار ۔ کانٹا ۔
۲۔ نوک ۔ انی ۔
نَیْشَکَر ۔ (نۓ شکر) گنا ۔ پونڈا ۔
نِیْکی اور پُوچھ پُوچھ ۔ (مثل) نیک کام کرنے میں صلاح مشورے کی ضرورت نہیں ہوتی ۔
نِیْکی بَرباد گُناہ لازِم ۔ (مثل) جہاں نیکی کرنے کے عوض اُلٹی برائی حاصل ہو ۔
نِیْل ۔ ۱۔ مصر کا ایک مشہور دریا ۔
۲۔ وسمہ ۔ نیلا رنگ ۔
نِیْل کَنْٹھ ۔ ایک رنگین پرندہ جس کی گردن اور پر نیلے ہوتے ہیں ۔
نِیْلَم ۔ نیلے رنگ کا قیمتی پتھر ۔
نِیْلُوفَر ۔ ایک قسم کے نیلے پھول کا نام جو پانی میں پیدا ہوتا اور دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔
نِیْمچَہ ۔ چھوٹی تلوار ۔

نِیم حَکِیم خَطرۂ جان ۔ ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا خطرہ رہتا ہے ۔

نِیم قَدر ۔ جھک کر ۔ نیچی کمر کے ساتھ ۔

نِیمۂ رَوز ۔ نصف روز ۔ آدھا دن

نَین سُکھ ۔ ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا ۔

نَین مَٹکّا ۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں اشارے کنائے ۔ آشنائی کی ابتدا ۔ لگاوٹ سے آنکھیں مٹکانا ۔

نَینو ۔ ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا جس پر آنکھ کی طرح تارے سے بنے ہوتے ہیں ۔

نِیُوشِ ۔ سُننے والا ۔ سامع ۔

نِیوُلا ۔ بلی کے برابر ایک جانور جو چوہے کے رنگ کا اور چھوٹی ٹانگوں اور لمبے بدن والا ہوتا ہے ۔ سانپ کو مار ڈالتا ہے لوگ اسے پالتے بھی ہیں ۔

و

وَا ۔ کھلا ہوا ۔ کشادہ ۔ جدا ۔ الگ ۔ پھیلا ہوا ۔

وَا چھڑے ۔ عورتیں اظہار ناراضگی اور ناز نخرے دکھاتے وقت بولتی ہیں یعنی واہ جی اچھے آئے ۔

وَا مُصِیبَتا (کلمۂ افسوس) کسی حادثہ کے لیے مستعمل ہے ۔

وَاثِق ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔

وَاجِبُ الاِذعان ۔ وہ جس کی تعمیل ضروری ہو ۔
۲ ۔ قابل یقین ۔

وَاجِبی ۔ ۱ ۔ درست ۔ معقول ۔
۲ ۔ ٹھیک ۔ ضروری ۔
۳ ۔ روزینہ ۔ وظیفہ ۔

وَار پَار ۔ ادھر اُدھر تک ۔ آرپار ۔ تیر یا برچھی وغیرہ کا ۔

وَارِث ۔ مُردے کے مال کا جائز حق دار ۔
۲۔ خاوند ۔شوہر۔
۳۔ حامی ۔ حمایتی ۔
وَارثی ۔ وراثت ۔
وَارِد ۔ آنے والا۔ پہنچنے والا۔
وَارے نیارے ۔ ۱۔ دولت ۔
۲۔ نفع ۔
۳۔ کمائی ۔
وَارِی ۔ (عورتوں کا تکیہ کلام)۔ صدقے ۔ قربان ۔ تصدق ۔ نثار۔
وَاژگُوں ۔ ۱۔ اوندھا۔ اُلٹا۔
۲۔ منحوس ۔ نامبارک ۔
وَاصِل ۔ ۱۔ ملنے والا۔
۲۔ ملا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔
وَاضِح ۔ ۱۔ ظاہر۔ عیاں ۔آشکارا۔
۲۔ مفصل ۔شرح کے ساتھ ۔
وَافِر۔ بہت کثرت سے ۔ افراط سے۔
وَاقفِیَت ۔ واقفیت ۔ آگاہی ۔ جان پہچان ۔ (وقفیت عوامی تلفظ یا عوام کی زبان)۔
وَالا تَبار ۔ عالی خاندان ۔
وَالاحَسَب ۔ بڑائی والا۔ بزرگی والا۔
وَالاگُہر ۔ عالی خاندان ۔
وَالِد ۔ ابّا۔ پدر۔ ابّو۔
وَالِدَہ ۔ ماں ۔ اماں ۔ مادر۔

وَالِدَین ۔ ماں باپ ۔ مادر و پدر ۔
وَالسَّلام ۔ اور سلام پہنچے ۔
وَامِی ۔ ۱۔ گھوڑی ۔
۲۔ گدھی ۔
۳۔ جوان ہتھنی ۔
۴۔ گیدڑی ۔
وَامِق ۔ عرب کی مشہور معشوقہ عذرا کے عاشق کا نام ۔
وَاہی ۔ ۱۔ بے ہودہ ۔لغو۔ فضول۔
۲۔ آوارہ ۔ ناکارہ ۔ گمراہ۔
۳۔ بدچلن ۔ بدمعاش ۔
وَتَد ۔ کھونٹی ۔ کھونٹا۔ میخ۔
وَتِیرَہ ۔ عادت ۔ دستور ۔ شیوہ۔ روش ۔ طریقہ ۔
وَجَب ۔ بالشت ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے انگوٹھے تک کا پھیلاؤ۔ نو انچ کی لمبائی ۔
وَجْد ۔ ۱۔ بے خودی کی حالت ۔ حال ۔جذبہ ۔
۲۔ بے اندازہ خوشی ۔
وَجیہ ۔ خوش وضع ۔ خوبصورت ۔
وَحْدانیَّت ۔ ایک ہونا ۔ یکتائی ۔
وَحْشَت ۔ ۱۔ گھبراہٹ۔
۲۔ سودا ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔
۳۔ خوف ۔ ڈر ۔ ہیبت ۔
وُحُوش (وحش کی جمع) جنگلی جانور ۔

وَحِی ۔ ۱۔ خدائی پیغام ۔ خدا کے وہ احکام یا پیغام جو نبیوں پر اترتے تھے ۔
۲۔ کتاب الٰہی ۔
وَحِید ۔ یگانہ ۔ یکتا ۔ لاثانی ۔ اللہ تعالیٰ کی صفت ۔
وِدَاع ۔ ۱۔ رخصت ۔ روانگی ۔
۲۔ دلھن کی رخصتی کی رسم یا تقریب ۔
وَدُود ۔ شفیق ۔ نیک بندوں کو دوست رکھنے والا ۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ۔
وِرْد ۔ ۱۔ وہ کام جو روز بلا ناغہ کیا جائے ۔ معمول ۔
۲۔ وظیفہ
وَرْدِی ۔ فوجی لباس ۔ یونیفارم ۔
وَرْدِی بَجْنا ۔ صبح کی نوبت بجنا ۔
وَرْغَلانا ۔ ۱۔ بہکانا ۔ بھڑکانا ۔
۲۔ دھوکا دینا ۔ ٹھگنا ۔
وَرَق ۔ ۱۔ کاغذ کا ٹکڑا یا پارچہ ۔
۲۔ سونے یا چاندی کا باریک کوٹا ہوا ٹکڑا ۔
۳۔ تاش کا پتا ۔
وُرُود ۔ وارد ہونا ۔ اترنا ۔ پہنچنا ۔
وَزَان ۔ رواں ۔ ہوا چلتی ہوئی ۔
وَزِیر ۔ ۱۔ دیوان ۔ مدار المہام ۔ منتری ۔
۲۔ شطرنج کا ایک مہرہ ۔

وُزَرَار ۔ (وزیر کی جمع) ۔ بوجھ اٹھانے والا ۔ اعلیٰ تر رکن حکومت ۔
وَشمَہ ۔ نیل کے پتے جن سے خضاب تیار کیا جاتا ہے ۔
وَسْوَاس ۔ ۱۔ برا خیال جو دل میں آئے ۔
۲۔ وہم ۔ وسوسہ ۔
۳۔ اندیشہ ۔ ڈر ۔ خوف ۔
۴۔ شبہ ۔ گمان ۔
وَسِیلَہ ۔ ۱۔ ذریعہ ۔ واسطہ ۔ سبب ۔
۲۔ سہارا ۔ آسرا ۔
۳۔ حمایت ۔ مدد ۔
وَصَّاف ۔ بہت تعریف کرنے والا ۔
وَصْل ۔ معشوق سے ملنا ۔ ملاقات ۔ ہجر کی ضد ۔
وَرْغَلانا ۔ بہلانا ۔ پھسلانا ۔ گمراہ کرنا (ق)
وَزِی ۔ بونا ۔ ٹھگنا ۔
وَصْف ۔ خوبی ۔ اچھائی ۔ عمدگی ۔ تعریف ۔
۲۔ کمال ۔ ہنر ۔ جوہر ۔ سلیقہ ۔
وَصِیَّت ۔ سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا نہ کرنا ۔
وُضُو ۔ نماز کے لیے جسم کے خاص خاص اعضاء کو پانی سے دھونا ۔

وَضِیع ۔ کمینہ ۔ فرومایہ ۔ نیچ ۔
وَعْدَہ ۔ قول ۔
وَظائِف ۔ روزینہ ۔ پیشگی ۔ تنخواہ ۔
وَغَا ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ شور و غل ۔ ہنگامہ ۔
وَفَا ۔ نمک حلالی ۔ دوستی ۔ عہد ۔ ربات ۔
وُفُور ۔ زیادتی ۔ بہتاتیت ۔ کثرت ۔
وَقَائِع نِگار ۔ خبریں لکھنے والا ۔
وِقَایَہ ۔ نگہداشت ۔ حفاظت ۔
وَقِیع ۔ اونچا ۔ بلند ۔
وَکِیلوں ۔ (وَکِیل) ۔ گماشتہ ۔ مشیر قانونی ۔ پیرو کار ۔ جس کو کام سونپا جائے ۔
وِلا ۔ دوستی ۔ محبت ۔ لگاتار کام ۔
وِلَایَتِی ۔ ۱۔ ولایت کا رہنے والا ۔
۲۔ ولایت کا بنا ہوا ۔
۳۔ جنگلی ۔ وحشی ۔ انجان ۔ تلوار ۔ شمشیر ۔
وَلے ۔ لیکن ۔ مگر ۔
وَلَدُ الزِّنا ۔ حرام کا بچہ ۔ حرام زادہ ۔
وَنّاٹا ۔ زور دار آواز ۔ دھماکا ۔
وَہْم ۔ وسواس ۔ اندیشہ ۔ خیال ۔ ڈر ۔ احتمال ۔ گمان ۔
وِیر ۔ ۱۔ بہادر ۔ شجاع ۔
۲۔ بھائی ۔ برادر ۔

ہ

ہاتھ پکڑتے پہنچا پکڑنا ۔
(محاورہ) ۱۔ تھوڑی سی رعایت سے بہت زیادہ بے تکلف ہو جانا ۔
۲۔ تھوڑا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا ۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے ۔
(مثل) جو بات عیاں ہو اس کو دریافت کرنے کی کیا ضرورت ہے ۔

ہاتھ کو ہاتھ نہ سجھائی نہ دینا۔ (مثل) سخت اندھیرا ہے۔ اندھیرا گھپ ہے۔

ہاتھ مِلنا۔ (محاورہ) ہمسری کرنا۔

ہاتھ مَلنا۔ ۱۔ رشک و حسد سے افسوس کرنا۔
۲۔ پچتانا۔

ہاتھ میں مہندی لگی ہونا۔ مراد: بے بس۔ کچھ نہ کرسکنا۔

ہاتھوں ہاتھ۔ ۱۔ دست بدست۔ بالا ہی بالا۔ اوپر ہی اوپر۔
۲۔ فوراً۔ شتاب۔ جلد۔ ترت۔

ہاتھی دانت۔ ہاتھی کے دانت جس کی اکثر چیزیں بنائی جاتی ہیں۔

ہاتھی ہزار لٹے پھر بھی سوا لاکھ کا۔ (مثل) امیر کیسا ہی غریب ہو جائے پھر بھی اس کی قدر باقی رہتی ہے۔

ہار۔ شکست۔ ہزیمت۔ مات۔
۲۔ دھاگے میں پروئے ہوئے پھول۔ موتی یا جواہرات جس کے دونوں سرے باندھ گلے میں ڈال لیتے ہیں۔

ہامُون۔ ۱۔ میدان۔
۲۔ جنگل۔ دشت۔ بیابان۔

ہانڈیاں۔ (ہانڈی)۔ شیشے کی ہانڈی جس میں روشنی رکھتے ہیں۔ لیمپ کا گلوب۔

ہاوِیَہ۔ دوزخ کا ساتواں اور سب سے نچلا طبقہ۔

ہَبَک۔ جلدی سے۔ فوراً۔ تیزی کے ساتھ۔ (ق)

ہَت پھیری (ہتھ)۔ ۱۔ دست مالی۔ مساس۔ معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا۔
۲۔ غبن۔ لوٹ۔
۳۔ بہت سا کھانا۔
۴۔ ہاتھ کی صفائی یا چالاکی۔
۵۔ شعبدہ بازی۔ چابکدستی۔

ہَت چُھٹ۔ (ہتھ) ۱۔ وہ جو ذرا سی بات پر مار بیٹھے۔
۲۔ بڑا بھاری پھکیت۔ وہ پھکیت جس کا وار خالی نہ جائے۔

ہَتکَٹی۔ (ہتھ کٹی)۔ ضرب جو اس لیے لگائی جائے کہ حریف کا ہاتھ بے کار ہو جائے۔

ہَتھ کَڑی (ہتکڑی)۔ وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے۔

ہَوَانسے ۔ (ہوانسا)۔ تلوار سونتنا۔ کھینچنا۔

ہَتھ پھُول ۔ ایک قسم کی آتش بازی جس کو ہاتھ میں لے کر چھڑاتے ہیں۔

ہَتھیارِی ۔ (ہتھیارا کی تانیث) ۱۔ قتل کرنے والی۔ جان سے مارنے والی۔ قاتل۔
۲۔ خون خوار۔ ظالم۔ سفاک۔
۳۔ گناہگار۔ پاپی۔

ہَتیلی پَر سَر رَکھنا۔ (محاورہ) مرنے کو آمادہ ہونا۔

ہَتھیلی پر سرسوں جمانا۔ (محاورہ) کوئی کام بہت جلد کرنا۔ مشکل کام بہت پھرتی سے کرنا۔

ہَتھے مَارنا (محاورہ) ۱۔ دونوں ہاتھوں سے پکڑنا یا کھانا۔
۲۔ موقع سے فائدہ اٹھانا۔
۳۔ جلدی جلدی پتنگ کو اتارنا۔

ہٹ ۔ دکان۔ ہاٹ۔

ہَٹو بَچو ۔ ۱۔ دور ہوجاؤ۔
۲۔ راستہ دو۔
۳۔ جان بچاؤ (ق)

ہَجوِ مَلیح ۔ وہ ہجو جو بظاہر مدح معلوم ہو۔

ہِچک ۔ ۱۔ تامل۔ رکاوٹ۔
۲۔ جھجک۔ ہچکچاہٹ۔

ہِچکارَہ ۔ نکما، جو کسی کام کا نہ ہو۔ بے فائدہ۔ خراب۔ برا۔

ہَدَف ۔ تیر کا نشانہ۔ زد۔ مار۔

ہَڈّیاں نِکل آنا۔ (محاورہ) کمال لاغر ہونا۔ نہایت کمزور ہونا۔

ہَڈّی ۔ وہ سخت چیز جو انسان اور حیوانات و پرندے کے بدن میں گوشت کے اندر ہوتی ہے۔ استخواں۔

ہَڈّیاں چُل چُلانا۔ شامت آنا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔

ہَر ۔ خدا۔ پرمیشر۔ بھگوان۔

ہَر ہَر کرنا۔ خدا کا نام لینا۔ مالا جپنا۔ مالک کو یاد کرنا۔ (ق)

ہَرا بھَرا ۔ ۱۔ سرسبز۔ شاداب۔ تروتازہ۔ زرخیز۔
۲۔ کامیاب۔ بامراد۔ پھلا پھولا۔

ہِراس ۔ خوف۔ ڈر۔ ہول۔

ہِر پھر کے ۔ آخر کار۔ انجام کار۔ ادل بدل۔ (ق)

ہَرج ۔ ۱۔ شورش۔ ہنگامہ۔ دنگا۔ گڑبڑی۔ فتنہ۔
۲۔ نقصان۔ خسارہ۔ خلل۔

ہَردِیَے ۔ دل ۔ خاطر ۔ قلب ۔ روح ۔ جی ۔ ضمیر ۔ جان ۔

ہَرزہ پوئی ۔ بے ہودہ بکنا ۔ بکواس ۔

ہَرکارَہ ۔ ۱ ۔ چٹھی رساں ۔ ڈاکیا ۔ نامہ بر ۔
۲ ۔ چپڑاسی ۔ پیادہ ۔ اردلی ۔
۳ ۔ جاسوس ۔ مجرا ۔

ہِرَن ۔ آہو ۔ مرگ ۔

ہَرنے ۔ (ہرنا) ۱ ۔ کاٹھی کا اگلا ابھرا ہوا حصّہ ۔
۲ ۔ جوئے میں کسی چیز کا ہارنا ۔
۳ ۔ بازی ہار جانا ۔

ہَریسَہ ۔ ایک قسم کا کھانا جو گیہوں کے آٹے، گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں ۔

ہَرِیل ۔ ایک قسم کا سبز رنگ کا پرندہ جو جنگلی کبوتر کے برابر ہوتا ہے ۔

ہَرزہ سَرائی ۔ بکواس ۔ ژٹل ۔ بے ہودہ گوئی ۔

ہَریالی بَنی ۔ نوجوان اور خوبصورت دُلھن ۔

ہَٹر ۔ ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہٹر سے مشابہ ہوتی ہے اور گوٹے کے ہاروں اور ازاربند میں لگائی جاتی ہے ۔

ہَزار ۔ بلبل ۔ ہزار داستان ۔

ہَزارپا ۔ کھنکھجورا ۔ کانتر ۔

ہَزارَا ۔ ۱ ۔ ایک قسم کا لالہ جس کا پھول بڑا ہوتا ہے ۔
۲ ۔ ایک قسم کا فوارہ ۔

ہِزَبر ۔ شیر ببر ۔ پھاڑ ڈالنے والا ۔

ہَزِیمَت ۔ شکست ۔ بھاگڑ ۔ ہار ۔ پسپائی ۔

ہَزِیمَت خُوردَہ ۔ شکست خوردہ ۔ ہارا ہوا ۔

ہَفت اِقلِیم ۔ ۱ ۔ سات ملک، عرب، ایران، توران، ہند، چین، مصر ۔ یونان ۔
۲ ۔ کُل دنیا ۔

ہَکّ (ہکّا) ۔ صدمہ جو حریف کو پہنچا کر غلبہ حاصل کریں ۔

ہَکوا کَرنا ۔ شکار کو گھیر کر شکار کرنے والے کے سامنے یا بٹیروں کو جال کی طرف لے جانا ۔

ہَگنی مُوتنی بَند ہونا ۔ بول براز پیشاب پاخانہ مراد : خوف سے پیشاب پاخانہ بند ہونا ۔

ہَل ۔ زمین جوتنے کا آلہ جس سے زمین کھود کر کاشت کے لیے نرم بناتے ہیں ۔

ہَلاک ۔ ۱ ۔ فنا ۔ مرگ ۔ موت ۔ ہلاکت ۔ قتل ۔ ضائع ۔ تلف ۔
۲ ۔ تباہی بربادی ۔

ہَلاکو ۔ ۱۔ ظالم ۔ جلاد ۔ سفاک ۔
۲ ۔ ایک تاتاری بادشاہ کا لقب۔

ہِلال ۔ پہلی رات کا چاند ۔ نیا چاند ۔

ہَل چَل پَڑنا ۔ ۱۔ بھاگڑ پڑنا ۔ کھلبلی پڑنا۔
۲۔ گھبراہٹ ہونا۔
۳۔ بلوہ ہونا۔

ہَلدی ۔ ایک قسم کی زرد جڑ جو سالن میں رنگ کے واسطے ڈالتے ہیں ۔ زرد چوبہ ۔

ہُلَّڑ ۔ شور و غل ۔ غل غپاڑہ ۔ ہنگامہ ۔

ہَلکارا ۔ ہرکارہ ۔ چٹھی رساں ۔ ڈاکیا۔

ہِلورَیں (ہلور) ۔ ۱۔ ہلورا ۔ ہلنا ۔ جنبش کرنا۔
۲۔ حرکت ۔ جنبش ۔
۳۔ لہر ۔ موج ۔

ہَمزاد ۔ (ہَم زاد) ۔ ۱۔ جو ساتھ پیدا ہوا ہو۔
۲۔ وہ روایتی جن یا فرشتہ جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے اور انسان کا یہ سایہ اس کے سفلی عمل سے تابع ہو کر کام دے سکتا ہے ۔

ہَمسَری ۔ برابری ۔ ہم چشمی ۔

ہَمشِیر ۔ ۱۔ وہ جنہوں نے ایک ماں کا دودھ پیا ہو۔
۲۔ سگا بھائی ۔ حقیقی بھائی ۔
۳۔ رضاعی بھائی ۔
۴۔ حقیقی بھائی یا بہن ۔ عموماً بہن کو کہتے ہیں۔

ہَم نِوالہ و ہَم پیالہ ۔ گہرا دوست ۔ جگری دوست ۔

ہُما ۔ ایک مشہور خیالی پرند جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزرے وہ بادشاہ بن جاتا ہے۔

ہَمایُوں ۔ ۱۔ خوش قسمت ۔ بلند اقبال۔
۲۔ بابرکت ۔ مقدس۔

ہَمارے گھَر سے تو آگ لائے اور نام رَکھا بِسَنَدر ۔ (مثل) ہماری چیز اور ہم ہی سے دریغ ۔ پرائی چیز پر اترانے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

ہَمخوابَہ ۔ (ہَم خوابَہ) ۔ جو ساتھ سوئے۔

ہَمدَم ۔ (ہَم دَم) ۔ رفیق ۔ یار ۔ دوست ۔

ہَمدَمی ۔ رفاقت ۔ ساتھ ۔ سنگت ۔

ہَمراہیوں ۔ ہم راہی ۔ ساتھی ۔ ساتھ چلنے والا ۔

ہَم شَبِیہ ۔ ہم شکل ۔ ملتی جلتی ۔ صورت ۔
ہَمشِیرَہ ۔ سگی بہن ۔
ہِمَم (ہمّت کی جمع) قوت ۔ طاقت ۔ توفیق ۔ دسترس ۔ بلند ارادہ ۔ حوصلہ ۔ بہادری ۔ جرأت ۔
ہَمَہ ۔ سب ۔ کُل ۔ سارا ۔ جملہ ۔ تمام ۔
ہَمَہ صِفَت مَوصُوف ۔ تمام خوبیوں سے بھرا ہوا ۔ وہ جس میں تمام خوبیاں پائی جائیں ۔ (طنزاً بھی مستعمل ہے) ۔
ہَمہَموں ۔ (ہم ہمہ) ۔ شیر کا ڈکارنا ۔
ہَمجِیَہ ۔ وحشی پن ۔ بربریت ۔
ہَمیَانی ۔ پتلی سی تھیلی جس میں روپے ڈال کر کمر سے باندھ لیتے ہیں ۔
ہُن بَرَسنا ۔ (محاورہ) کثرت سے دولت برسنا ۔
ہندُوئے چَرخ ۔ سیارہ زحل جو سیاہ رنگ کا ہے ۔ ہندوئے زحل ۔ ہندوئے فلک ۔
ہِندِی کی چِندِی ۔ تشریح کرنا ۔ نکتہ چینی ۔ چھان بین ۔
ہِندِنیاں ۔ ہندنی ۔ ہندو عورت ۔

ہُنڈائی ۔ ہُنڈانا ۔ شہر بدر کرنا ۔ جلاوطن کرنا ۔ گشت کرانا ۔ پھرانا ۔ تشہیر کرنا ۔
ہِنڈولا ۔ پالنا ۔ گہوارہ ۔ جھولا ۔
ہُنڈوی ہُنڈی ۔ وہ رقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دوسری جگہ روپیہ دینے کے واسطے دیتے تھے بلکہ دیتے ہیں ۔ آج کل چیک کا رواج زیادہ ہے ۔
ہَنستے گھر بَستے ہیں ۔ (کہاوت) ہنسی ہنسی میں کام بن جاتے ہیں ۔ باتوں باتوں میں کام نکل آیا کرتے ہیں ۔
ہَنسَت کھیلَت اَب چَلی ہے سائیں کے دَربار ۔ برضا و رغبت مولیٰ کے حضور حاضری ۔ آقا کے سامنے ہنسی خوشی جانا (ق)
ہُنَر پَروَر ۔ ہنرمند کا قدردان ۔ اہل ہنر کی عزت و حرمت کرنے والا ۔ (ق)
ہَنس ۔ (پرند) ایک قسم کا آبی پرندہ ۔
ہَنسی اور پھَنسی ۔ موقع دیا اور

نقصان ہوا۔ موقع سے ناجائز فائدہ اٹھانا۔
ہَنسِیا ۔ درانتی ۔ گھاس ۔ یا ترکاری کاٹنے کا اوزار۔
ہَنگام ۔ وقت ۔ زمانہ ۔ موقع ۔
ہَنگامَہ ۔ ۱۔ مجمع ۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔
۲۔ معرکہ ۔ میدان ۔
۳۔ دنگا ۔ فساد ۔
۴۔ شور و غوغا ۔
ہَنُوز ۔ ابھی تک ۔ اس وقت تک ۔ ابھی ۔ تا حال ۔
ہُوتوں سُوتوں ۔ حمایتی ۔ عزیز ۔ رشتہ دار ۔
ہُوٹل ۔ وہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو ۔ مسافر خانہ ۔
ہَوا کے گھُوڑے پر سَوار ہونا ۔ (محاورہ) ۱۔ نہایت تیز و تند اور چست و چالاک ہونا ۔ جلد باز ہونا ۔
۲۔ متکبر و مغرور ہونا ۔
ہَوا کی روٹی ۔ ایک قسم کی نہایت پتلی چپاتی ۔ نان ہوا ۔
ہَوائی ۔ ۱۔ تیز رفتار ۔ تیز رو ۔
۲۔ ایک قسم کی آتش بازی ۔
۳۔ لغویات ۔ بے ہودہ بات ۔
ہَوادار ۔ ایک قسم کی سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں ۔ تام جھام ۔

ہَوا بَندھنا ۔ (محاورہ) رعب جمنا ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔ سماں بندھنا ۔
ہَوا میں گِرہ لَگانا ۔ (محاورہ) ناممکن اور مشکل کام کرنا ۔ کار دشوار کا ارادہ کرنا ۔ لغو حرکت کرنا ۔
ہَوا ہَونا ۔ (محاورہ) ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا ۔
ہُواؤ ۔ ۱۔ حوصلہ ۔ ہمت ۔ دلیری ۔ مردانگی ۔
۲۔ حجاب ۔ پردہ ۔
ہَوائی ۔ ایک قسم کی روٹی (ت)
ہَوائی چُھٹنا ۔ (محاورہ) چہرہ کا رنگ اڑنا ۔ خوف یا شرمندگی سے چہرہ کا رنگ اڑنا ۔
ہَوائی دِیدَہ ۔ شوخ چشم ۔ بے مروت (کنایتہً) گستاخ ۔ ڈھیٹ ۔
ہَوائی کُلچہ ۔ ایک قسم کا لطیف و نفیس کلچہ ۔ نہایت خستہ کلچہ ۔
ہُود ۔ خود ۔ لوہے کی ٹوپی ۔
ہَودَج ۔ ۱۔ ہودہ ۔ عماری ۔
۲۔ اونٹ کا کجاوہ ۔ محمل ۔
ہُوش رُبا ۔ ہوش لے جانے والا ۔
ہُوک ۔ ۱۔ وہ درد جو دل یا

سینے میں ٹھر ٹھر کر یکا یک
اٹھے۔
۲۔ کراہ۔
ہُوکا ۔ ۱۔ کھانے کی بے انتہا حرص۔
بے انتہا خواہش۔
ہَول ۔ ۱۔ خوف۔ ڈر۔ خطرہ۔
۲۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔
ہُولی گانا ۔ (محاورہ) ہولی کے
گیت گانا۔
ہُوم ۔ ہندوؤں کی مذہبی رسم
جس میں منتر پڑھتے ہوئے آگ
میں گھی ڈالتے ہیں۔
ہُونٹ چاٹنا ۔ (محاورہ) شیریں
چیز کھانے کے بعد زبان ہونٹوں
پر پھیرنا۔ مزیدار چیز کا ذائقہ
یاد رکھنا۔
ہُونٹھ چَباتا ۔ (محاورہ) غصّہ
کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں
سے چبانا۔
ہُونٹوں پَر پَپڑیاں بَندھنا/
جَمنا ۔ (محاورہ) خشکی یا حدت
سے لبوں پر پپڑی بندھنا۔
ہُوش باختہ ۔ بدحواس۔
ہُوکَس دیَر ۔ ادھر کون آتا
ہے۔ (ق)

ہَونہار بِروا کے چکنے چکنے
پات ۔ (مثل) ہونہار بچے کے
آثار پہلے ہی سے اچھے نظر آتے
ہیں۔
ہُوَیدا ۔ ۱۔ ظاہر۔ عیاں۔
آشکارا۔
۲۔ واضح۔ صاف۔ صریح۔
ہَئے ہَئے ۔ (کلمۂ تاسف) ہائے
ہائے افسوس۔
ہیٹی ۔ ذلت۔ سبکی۔ بدنامی۔
رسوائی۔
ہیجا ۔ جنگ۔ لڑائی۔ رزم۔
ہیجڑا ۔ ۱۔ وہ شخص جس کے
خصیے اور عضوتناسل کاٹ دیئے گیے
ہوں۔ مخنّث۔ خواجہ سرا۔
۲۔ نامرد۔ زنخا۔ زنانہ۔
بودا۔
ہیچمَدان ۔ بے علم۔ نادان۔
ناواقف۔ کچھ نہ جاننے والا۔
ناچیز۔
ہیرا ۔ ایک بیش قیمت سخت
پتھر (کنایتہً) عمدہ۔ نفیس۔
ہیرے کی کَنی ۔ ہیرے کا چھوٹا
سا ٹکڑا۔
ہیز ۔ ہیجڑا۔ زنخا۔ مخنّث۔ خواجہ
سرا۔

ہَیزَم ۔ جلانے کی لکڑی ۔ سوکھی لکڑی۔ ایندھن ۔

ہَیزَم فَروش ۔ لکڑیاں بیچنے والا۔ لکڑہارا ۔

ہَیزَم کَش ۔ لکڑیاں اٹھانے والا ۔ مزدور ۔ لکڑیاں کاٹنے والا ۔

ہَنکَڑی ۔ ا ۔ زبردستی ۔ سرکشی ۔ زور آوری ۔
۲ ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔

ہَیکَل ۔ ا ۔ شکل ۔ صورت ۔ نقشہ ۔
۲ ۔ بت جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جائے ۔
۳ ۔ مندر ۔ بت خانہ ۔
۴ ۔ روپے یا اشرفیوں کا ہار جو عورتیں پہنتی ہیں ۔

ہِیمَہ ۔ ایندھن ۔ ہیزم ۔

ہَیئَت ۔ ا ۔ علم جس میں اجرام فلکی۔ زمین کا گردش اور کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے ۔
۲ ۔ بناوٹ ۔ ساخت ۔
۳ ۔ صورت ۔ شکل ۔ حالت ۔ کیفیت ۔

ی

یَاجُوج ۔ ایک نام جو قرآن اور انجیل میں آتا ہے ۔ بعض کے خیال میں حضرت نوح کا پوتا تھا ۔ اس کی قوم / اولاد بھی اسی نام کے کہلاتی تھی ۔ ان کے متعلق خیال ہے کہ یہ معہ ماجوج کے قرب قیامت میں خروج کریں گے ۔ یہ اور اس کی قوم کوہ الطائی کے دامن میں آباد تھی ، جہاں مغل قوم آباد ہے جس نے تیرھویں صدی میں چنگیز خان کے تحت خروج کیا تھا اور بے حد مظالم کیے تھے ۔

یَا سَر نہیں یا سَر وہی نہیں ۔ (مثل) یا جان جائے گی یا مطلب حاصل ہو گا ۔ یا اس سرے یا اس

سرے۔

یَارَا ۔ دلیری ۔ زور ۔ حوصلہ ۔

یَارْ زِنْدَہ صُحبَت بَاقی ۔ (مثل) زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی ۔

یَاسْمَن ۔ چنبیلی ۔ یاسمین ۔ ایک سفید رنگ کا خوشبودار پھول والا پودا ۔

یاقُوت ۔ ایک قسم کا سرخ قیمتی پتھر ۔

یَاقُوتِ رُمَّانی ۔ ایک قسم کا نہایت سرخ رنگ کا یاقوت جو انار کے دانے کا ہم رنگ ہم شکل ہوتا ہے ۔

یَاقُوتی لِبَاس ۔ سرخ رنگ کا لباس ۔ مراد : قیمتی لباس ۔ (ق)

یَال ۔ ایال ۔ گھوڑے کی گردن کے بال ۔

یالات و منات دم خبیثہ ۔ منتر جادو ، ٹونے کے الفاظ ۔ اپنوں سے استمداد کا ایک انداز ۔ (ق)

یَاوَر ۔ مدد کرنے والا ۔ حمایتی ۔ مددگار ۔

یَاوَہ گوئی ۔ بکواس ۔ بے ہودہ بات ۔ لغو گفتگو ۔

یَتِیم ۔ وہ بچہ جس کی ماں یا باپ یا دونوں مر گئے ہوں ۔

یَخنِی ۔ گوشت کا پانی جو گوشت کو ابال کر تیار کیا جاتا ہے اور بیماروں کو پلاتے ہیں اس میں پلاؤ پکاتے ہیں ۔ انگریزی میں سوپ کہتے ہیں جو کھانے سے پہلے پیا جاتا ہے ۔

یَد ۔ ہاتھ ۔ دست ۔

یَدِ بَیضَا ۔ چمکتا ہوا ہاتھ ۔ جب حضرت موسیٰؑ اپنا ہاتھ بغل میں ڈال کر نکالتے تو وہ بہت چمکتا اور دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیا دیتا ۔ یہ ان کا ایک معجزہ تھا ۔

یَراق ۔ سامان جنگ ۔ ہتھیار ۔ اسلحہ ۔

یَرْقَان ۔ ایک بیماری جس میں تمام بدن زرد پڑ جاتا ہے ۔ یہ جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہے ۔

یَسار ۔ بائیں جانب ۔ بایاں ہاتھ ۔ بدقسمت آدمی ۔
۲۔ بہت افراط ۔ دولت ۔ ثروت ۔

یَساوُل ۔ نقیب ۔ چوبدار ۔ قاصد ۔ ہرکارہ ۔

یَشَب ۔ ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر ۔

یَقِین ۔ بے شبہ ۔ بلاشک ۔ ضرور ۔ البتہ ۔ ٹھیک ۔ درست ۔

یَکایَک ۔ اچانک ۔ فوراً ۔ یکمشت ۔ ہر ایک ۔

یَکسُو (یَک سُو) ۔ ایک سو ۔ ایک جانب ۔
۲۔ قیام ۔ سکون ۔ ٹھراؤ ۔

یَکّہ تاز ۔ وہ جو اکیلا ہی دشمن پر حملہ کرے اور کسی کی مدد کا منتظر نہ ہو ۔
۲۔ بہادر ۔ جری ۔ شجاع ۔

یَل ۔ (جمع یلان) بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ دلاور ۔ شہ زور ۔ پہلوان ۔

یَلدا ۔ وہ اندھیری رات جو سب سے بڑی ہوتی ہے یہ سردیوں کے موسم میں ۲۳ر دسمبر کو ہوتی ہے ۔

یَلغار ۔ حملہ ۔ دھاوا ۔

یَلغُر ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔

یَم ۔ سمندر ۔ بحر ۔

یَمِین ۔ دایاں ہاتھ ۔ سیدھا ہاتھ ۔

یُورِش ۔ دھاوا ۔ حملہ ۔ چڑھائی ۔

یُوزباش ۔ فوج میں ایک عہدہ ۔ فوجی افسر ۔

یُوزباشی ۔ سو سپاہیوں کا سردار ۔

یُوسُفِ گُم گَشتَہ ۔ مراد : کھویا ہوا محبوب ۔ (ق)

یہ فارسی تو ہم خاک بھی نہ سمجھے ۔ یہ معمہ تو سمجھ سے باہر ہے ۔ یہ بات ناقابلِ فہم ہے اس کا سمجھنا تو آسان نہیں مشکل ہے ۔ یہ پہیلی تو بالکل سمجھ سے باہر ہے ۔ (ق)

یہ مُنھ اور مَصالحہ / مَسالہ (مثل) (یہ منھ اور ملیدہ) ۱۔ اس لائق نہیں ہو ۔ تم اس لائق نہیں ۔
۲۔ اپنے منھ سے کہتے ہو ہم یوں کر دیں گے / کریں گے ۔ اس قابل نہیں ۔ اتنی استعداد نہیں ۔

یہ ناؤ آج نہ ڈوبی تو کل ڈوب جائے گی ۔ یہی لچھن رہے تو نقصان یقینی ہے ۔ یہی صورت حال رہی تو نقصان سے بچنا نا ممکن ہے ۔

یہاں کچھ نال تو نہیں گڑی ۔ جہاں سینگ سمائیں گے چلے جائیں گے ۔

عربی فقرے اور عبارتیں

آمَنَّا وَ صَدَّقْنَا۔ (لفظاً) ہم اسے مانتے اور تصدیق کرتے ہیں (مراداً) بجا و درست۔ ایسا ہی ہے۔

اَلْاَمْرُ فَوْقُ الْاَدَبْ۔ جب کوئی بزرگ کسی ایسے کام کا حکم دے جو ادب و تعظیم کے منافی ہو تو اس حکم کی تعمیل (پاس ادب سے) مقدم ہو جاتی ہے۔ حکم کی تعمیل میں ضابطۂ ادب توڑنا پڑتا ہے۔

اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَالْاِتْمَامُ مِنَ اللّٰہِ۔ کوشش کرنا اپنا کام ہے کامیابی اللہ تعالیٰ کے ہاتھ ہے۔ کوشش اپنی اور خدا پر بھروسا۔

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ ۔ کیا میں تمہارا رب نہیں۔

اَلْعَاقِلُ تَکْفِیْہِ الْاِشَارَۃ۔ (فقرہ) عقلمند کے لیے اشارہ کافی ہے۔ عقل مند ایک اشارے سے پوری بات سمجھ لیتا ہے۔

اَلْاِنْسَانُ حَرِیْصٌ عَلٰی مَنْعٍ۔ جس کام سے انسان کو روکا جائے اس کے کرنے پر بضد ہوتا ہے۔

اَلْمَاضِیْ لَایُذْکَرُ۔ گزشتہ را صلوٰت۔ گزری بات کا کیا ذکر۔ مضیٰ ما مضیٰ۔ جو ہوا سو ہوا۔

اَلْکَرِیْمُ اِذَا وَعَدَہ وَفَا (مقولہ) شریف آدمی جب کوئی وعدہ کرتا ہے تو اسے پورا بھی کرتا ہے۔

اَلْعِیَاذُ بِاللّٰہ ۔ خدا بچائے۔

خدا پناہ میں رکھے۔ خدا دشمن کو بھی یہ وقت نہ دکھائے۔

اَلْمَامُور مَعْذُور۔ محکوم حاکم کے حکم سے مجبور ہوتا ہے۔ جیسا حکم ملتا ہے ویسا ہی کرنا پڑتا ہے۔

اَلْمَکْتُوب نِصْفُ الْمُلَاقَات۔ (فقرہ) خط وکتابت آدھی ملاقات کے برابر ہے۔

اَلنَّادِر کَالْمَعْدُوم۔ جو بات یا چیز اکا دکا یا کبھی کبھار ہو وہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ کمیاب۔ معدوم و مفقود کے مثل ہے۔

اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ۔ بیٹا اپنے باپ کی سیرت کا آئینہ ہوتا ہے۔ بیٹے کی چال ڈھال سے باپ کے اوصاف کا پتہ چل جاتا ہے۔

اِذَا اَرَادَ شَیْئاً۔ جب وہ (اللہ) کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَہَا۔ جب زمین اپنے بھونچال سے ہلائی جائے۔

اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔ رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحیم۔ اللہ تعالیٰ۔

اَظْہَرُ مِنَ الشَّمْس۔ سورج سے زیادہ واضح اور روشن۔ پوری طرح واضح۔ ظاہر۔ روشن۔

اُقْتُلِ الْحَرِیْف۔ دشمن کو قتل کردو۔

اَکْرِمُوا الْاَضْیَافَ وَلَوْ کَانَ کَافِرًا۔ مہمان کا اکرام کرو خواہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو۔

اَنَا رَبُّکُمْ۔ میں تمہارا رب ہوں۔

اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْر۔ بے شک ہمارا رب بخشنے والا ہے۔

اِنَّا فَتَحْنَا۔ ہم نے تمہیں فتح عطا کردی۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ ہم اللہ کا مال ہیں اور اسی کی طرف جانے والے ہیں۔

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْن۔ بے شک اللہ صابروں کے ساتھ

ہے۔

اَنْبَتَہ اللّٰہُ نَبَاتًا حَسَنًا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے خوب بڑھایا۔

اِنِّی رَاَیْتُ دَہْرًا مِّنْ ہِجْرِکَ الْقِیَامَہ۔ تیری جدائی نے زمانے کو قیامت بنا دیا۔ میں ایک مدت تک تمہاری جدائی کی وجہ سے قیامت دیکھتا رہا ہوں۔

اَیُّہَا النَّاس۔ اے لوگو۔

بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖیہَا مُرْسٰہَا۔ (لفظاً) (اب) کشتی کا چلنا اور ٹھرنا خدا کے سہارے (حضرت نوحؑ نے انہیں الفاظ کے ساتھ اپنی کشتی طوفان میں چلائی تھی۔ (مراداً) خدا کے بھروسے پر کام کرتا ہوں۔ کامیابی یا ناکامی اسی کے ہاتھ ہے۔

بِفَضْلِہٖ۔ اس کے فضل سے۔ اس کی مہربانی سے۔

بِفَضْلِہٖ تَعَالیٰ۔ اللہ کے فضل سے۔

بِفَضْلِہٖ وَکَرَمِہٖ وَمِنْہُ التَّوْفِیْقُ وَہُوَ الرَّفِیْقُ۔ اللہ کے فضل و کرم اور احسان ہی سے توفیق ہو سکتی ہے اور وہی رفیق بھی ہے۔

مُبَارَکَ اللّٰہ۔ اللہ بڑی برکت والا ہے۔

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِہَا الْاَنْہَار۔ جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔

تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ۔ تو جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے۔

تُوْلِجُ اللَّیْلَ فِی النَّہَارِ وَتُوْلِجُ النَّہَارَ فِی اللَّیْل۔ تو ہی رات کو دن اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔

تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہ۔ (لفظاً) میں خدا کی مرضی پر راضی ہوا۔ اس وقت بولتے ہیں جب اسباب ظاہرہ سے دل ہٹا کر معاملے کو خدا کے بھروسے پر چھوڑ کر صبر کر لیتے ہیں۔

جَاءَ الْحَقُّ وَزَہَقَ الْبَاطِل اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَہُوْقًا حق آیا اور باطل نکل بھاگا

بے شک باطل نکل بھاگنے والا ہے۔

جَنّٰتُ وَعَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِہَا الْاَنْہَارُ۔ رہنے کے باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ الْوَکِیْل۔ ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور کیا اچھا مالک ہے اور کیا اچھا مددگار ہے۔

خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃ۔ دنیا اور آخرت گنوائی۔ برباد کی۔

خُذُوْہُ فَغُلُّوْہُ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْہ۔ اسے پکڑو، پھر طوق پہناؤ پھر دوزخ میں داخل کردو۔

خَیْطُ الْاَبْیَضِ مِنْ خَیْطِ الْاَسْوَد۔ سفید دھاگے کو سیاہ دھاگے سے ممتاز کریں۔

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔ عزت و دبدبے اور بزرگی والا۔ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں سے ایک نام۔

رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَی الْاَرْضِ مِنَ الْکَافِرِیْنَ دَیَّارًا۔ اے میرے رب زمین پر کافروں کا کوئی گھر بسنے والا نہ چھوڑ۔

رَضِیْنَا بِالْقَضَا۔ جو کچھ اللہ کی مصلحت ہو ہم اس میں خوش ہیں۔ اس کی مرضی کے سامنے سرِ تسلیم خم ہے۔

سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ غَضَبِیْ۔ میری رحمت غضب کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ میری رحمت غضب سے سبقت لے گئی ہے۔

سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْح۔ وہ بہت پاک ہے اور پاکیزہ ہے، ہمارا رب ہے اور فرشتوں کا اور روح کا رب ہے۔

سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا۔ ہم نے سُنا اور ہم نے اطاعت کی۔ مراد: بسر و چشم۔

طُوْبٰی لَہُمْ وَحُسْنُ مَاٰب۔ ان کے لیے خوش حالی ہے اور اچھا

ٹھکانا ہے۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ وَ اَقْسَمْتُ بِکُمْ یَا صَاحِبُ التَّاج ، اَرْوَاحُ الْعَلْوِیَۂ وَالسُّفْلِیَہ وَ یَا مُوَاکِیْل ہٰذَا الْحُرُوف وَالْعَطَا الرَّفْعَتَہ وَالْحَشْمَۃ وَ اَضْعَاف الْمَنَاصِب الْعَالِیَتَہ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ ۔ میں تمہیں قسم دے کر کہتا ہوں اور تمہاری قسم کھاتا ہوں کہ ارواح علویہ سفلیہ اور اے موکلوں، ان حروف عطا اور تمہاری جاہ وحشمت اور مناصب کو بڑھانا جلدی کرو جلدی کرو جلدی کرو۔

فَادْخُلِی عِبَادِی وَادْخُلِی جَنَّتِی ۔ میرے بندوں میں داخل ہو اور میری بہشت میں داخل ہو۔

فَاَوْحٰی اِلٰی عَبْدِہٖ مَا اَوْحٰی ۔ پھر اس نے اپنے بندے کی طرف جو وحی نازل کرنی تھی کی۔

فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَار ۔ (فقرہ) (قرآنی آیت) پس اے آنکھوں والو (سمجھ والو) عبرت حاصل کرو۔ عبرت دلانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۔ تو تم گروہ گروہ چلے آؤ گے۔

فَہُوَ الْمُرَاد ۔ یہی مراد ہے۔ بس یہی مقصود ہے۔ کسی شرط کے بعد اگر حسب منشاء دلی کام ہوجائے یا ہونے والا ہو تو جملے کے اختتام پر یہ فقرہ کہتے ہیں۔

فِی دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۔ اللہ کے دین میں فوج فوج (داخل ہو رہے ہیں)۔

فِی النَّارِ وَالسَّقَر ۔ (بد دعا کے لیے) جہنم میں، دوزخ میں، بھاڑ میں۔

قَالَ ارْکَبُوْا فِیْہَا بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖىہَا وَمُرْسٰىہَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْم ۔ (اور) بولا کشتی ٹھہرنا اور چلنا اللہ کے نام

سے ہے تم اس پر چڑھو بے شک میرا رب بخشنے والا ہے اور مہربان ہے۔

قِسْ عَلٰی ہٰذَا ۔ اس پر اور چیزوں کو قیاس کرو۔ اسی سے اندازہ کرو۔

قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰٓی اِبْرَاہِیْمَ ۔ ہم نے کہا اے آگ ابراہیم پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جا۔

کُلُّ جَدِیْدٍ لَذِیْذٌ ۔ ہر نئی چیز مزے دار معلوم ہوتی ہے ۔ نئی چیز میں بہت لطف آتا ہے۔

کُلُّ اَمْرٍ مَرْہُوْنٌ بِاَوْقَاتِہَا ۔ کام اپنے وقت پر موقوف ہیں۔ ہر بات اپنے وقت پر ہوتی ہے۔

کُلُّ مَنْ عَلَیْہَا فَانٍ وَّیَبْقٰی وَجْہُ رَبِّکَ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔ جو کوئی زمین پر ہے فانی ہے اور تیرے رب کی ذات باقی رہ جائے گی یہی بزرگی اور عظمت والی ہے۔

کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ ۔ اس دانے کی مثال ہے جس سے سات بالیں اُگیں۔

کَمْ مِّنْ فِئَۃٍ قَلِیْلَۃٍ غَلَبَتْ فِئَۃً کَثِیْرَۃً بِاِذْنِ اللّٰہِ ۔ ایسا بہت ہوا ہے کہ چھوٹی جماعت اللہ کے حکم سے بڑی جماعت پر غالب آئی۔

کُنْ فَیَکُوْنُ ۔ (فقرہ) ہو جا، بس وہ ہو جاتا ہے۔ کن فیکون میں بعض اوقات ن کا اعلان نہیں کرتے مراد: اللہ تعالیٰ کی قدرت تخلیق سے ہے۔

کَالنَّقْشِ فِی الْحَجَرِ ۔ جیسے پتھر پر لکیر (کالنقش فی الحجر)۔

کُوْسِ لِمَنِ الْمُلْکِی ۔ قرآنی آیت کی طرف اشارہ ہے ادعائے یکتائی دعویٰ اقتدار اعلیٰ ۔ فخر و عظمت کا دعویٰ۔

لَا تَتَحَرَّکُ ذَرَّۃٌ بِاِذْنِ اللّٰہِ ۔ بے اذن پروردگار ذرہ حرکت نہیں کر سکتا۔

لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ۔ کوئی قوت نہ طاقت ہے مگر اللہ تعالٰی کی مدد سے۔

لَافَتَا اِلَّا عَلیَ لَاسَیْفَ اِلَّا ذُوالْفِقَار۔ نہیں ہے کوئی جوان سوا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے (اور) نہیں ہے کوئی تلوار سوا ذوالفقار کے۔

لِسَانًا وَّشَفَتَیْن۔ زبان اور دو ہونٹ۔

لِمَنِ الْمُلْکُ الْیَوم لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَہَّار۔ اس دن کس کی بادشاہت ہوگی، اللہ کی جو اکیلا اور دباؤ والا (ہے)۔

لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ
(حدیث کی طرف اشارہ ہے) اگر تیری (رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) ذات نہ ہوتی تو میں آسمان اور زمینوں کو پیدا نہ کرتا۔

مِنْ شَرِ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاس۔ وسوسہ (خیال) ڈالنے والے۔ پیچھے ہٹ جانے والے کی بدی سے۔

مِنَ الْاَمْس۔ کل سے۔

مِنْہُ التَّوفِیقْ۔ وہی توفیق دینے والا ہے۔

مَولَانَا وَمُقْتَدَانَا۔ اے ہمارے مولا اور اے ہمارے مقتدا۔

نَصْرٌ مِّنَ اللہِ وَفَتْحٌ قَرِیب۔ اللہ کی طرف سے مدد اور فتح قریب ہے۔

نُفِخَ فِی الصُّورِ فَتَاتُوْنَ اَفْوَاجًا۔ صور پھونکا گیا۔ تم آؤ گے گروہ در گروہ۔

نُفِخَ فِی الصُّور۔ صور پھونکنے کا زمانہ آگیا قیامت کبریٰ بپا ہوگئی۔

نُوْرٌ عَلیٰ نُوْر۔ نور ہی نور۔ سونے پر سہاگا۔

وَجَعَلْنَا فِیہَا جَنّٰت۔ اس میں ہم نے باغات بنائے۔

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّس۔ اور صبح کی

قسم جب وہ سانس لے۔

وَالشَّمْس۔ قسم ہے سورج کی۔

وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ۔ اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

وَاشْرَبُوْا۔ پیو۔

وَعِنْدَهٗ لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰب۔ اور اس کے نزدیک یقیناً تقرب اور اچھا ٹھکانا ہے۔

وَفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْن۔ اور ان میں چشمے جاری کیے۔

وَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّار۔ اے رب ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

وَالْجِبَالَ اَوْتَادًا۔ اور پہاڑوں کو میخیں (بنایا)۔

وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَس۔ اور رات کی قسم جب چھپالے۔

وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى۔ رات کی قسم جب چھپالے۔

وَلَهُ الْاِقْتِدَارُ وَالْمَلَكُوْت۔ اس کے لیے اقتدار اور ملکیت ہے۔

وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ وَالْجَبَرُوْت۔ اللہ کے لیے ہی بڑائی اور جبروت ہے۔

وَلَهُ الْاِقْتِدَارُ وَالْمَلَكُوْت۔ اور اسی کا اقتدار اور ملکیت ہے۔

وَلَهُ الْمُلْكُ كَائِنًا مَا كَانَ۔ اس کی حکومت ہے خواہ کیسی ہی ہو۔

وَلَهُ الْاِمْتِنَانُ وَالْاِحْسَان۔ اسی کا احسان اور امتنان ہے۔

وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰه۔ اور میری توفیق اللہ ہی سے ہے۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى۔ اور وہ اپنی خواہش سے نہیں بولتا۔

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْن۔ ہمیں کافر قوم پر مدد دے۔

وَالنَّہَارِ إِذَا تَجَلّٰی۔ اور دن کی جب روشن ہو۔

وَمَنْ یَعْتَصِمْ بِاللّٰہ۔ اور جو کوئی اللہ کو مضبوط پکڑے۔

وَبِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی۔ پس اس نے مضبوط کڑا پکڑ لیا۔

وَہُمْ فِیْہَا خَالِدُوْن۔ اور وہ ہمیشہ وہاں رہیں گے۔

ہَلْ مِنْ مُّبَارِز۔ کون لڑنے والا ہے۔ (میدان جنگ میں حریف کو طلب کرنے کے لیے بولتے ہیں)۔

ہُوَ الرَّفِیْقُ الْاَعْلٰی۔ وہی (اللہ) رفیق بلند و بالا ہے۔

ہَنِیْئًا وَّمَرِیْئًا۔ لذت اور مزے سے کھاؤ۔

یَاحَافِظُ یَاحَافِظُ۔
اے میرے محافظ۔ اے میرے محافظ۔

یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِی۔ اے باخبر مجھے بتا دے۔

یَاذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔ اے عظمت اور بزرگی والے مراد اللہ تعالیٰ۔

یَارَبَّاہ یَامُسْتَغِیْثَا۔ اے رب اے میرے فریاد رس۔

یَارَبَّا یَامُسْتَغِیْثَا۔ اے میرے رب اے میرے فریاد رس۔

یَاعَلِی اَدْرِکْنِی۔ اے علی میری مدد کو آئیے (پہنچئے)۔

یَامَالِکَ الْمُلْکِ۔ اے بادشاہت (سلطنت) کے مالک۔

یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ۔ وہ مردے میں سے زندہ نکالتا ہے۔

یُخْرِجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ۔ جو پیٹھ کے بیچ سے اور چھاتیوں کے بیچ میں نکلتا ہے۔

یَسْعٰی ۔ وہ کوشش کرتا ہے۔

یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ ۔ وہ جیسی چاہتا ہے) رحموں میں تمہاری صورت بناتا ہے۔

یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ ۔ جس دن نرسنگھا (صور) پھونکا جائے گا۔

یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ وَیَفْعَلُ ۔ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے (اور جو چاہتا ہے) وہ کرتا ہے۔

فارسی ضرب الامثال اور فقرے

آپ زِندم جہاں زِندم (آپ مُردم جہان مُردم)۔ (مثل) سب کچھ اپنی جان کے ساتھ۔ آپ خوش ہو تو سب خوش۔ آپ دکھی ہو تو سب دکھی معلوم ہوتے ہیں۔ (عوام) اپنا فائدہ یا آرام اوروں کے فائدے یا آرام پر مقدم ہے (خود غرض شخص کی بابت مستعمل)۔

آمدم بَر سَرِ مَطلَب۔ (فقرہ) اب میں اپنے مطلب کی طرف آیا (مراد آ) اب میں ضمنی یا فروعی بات چھوڑ کر (جو تمہید اً کہی گئی ہے) اصل موضوع سے بحث کرتا ہوں۔ قصہ مختصر۔ الغرض۔

آمَدَن بہ اِرادَت وَ رَفتَن بہ اِجازَت۔ (مقولہ) مہمان کا آنا اپنے اختیار میں ہوتا ہے لیکن جانے میں میزبان کی مرضی بھی شامل ہوتی ہے۔ مہمان فقط اپنی مرضی سے نہیں جاتا۔

آزمُودہ را آزمُودَن جَہل اَست۔ (مقولہ) آزمائے ہوئے کو آزمانا جہالت ہے۔ کسی کو ایک دفعہ آزما کر پھر آزمانا حماقت ہے۔

آنچہ مَرضیٔ مَولیٰ اَز ہمہ اَولیٰ۔

جو مالک کی رضا ہے سب سے بہتر ہے۔

اَزْ خُرْداں خَطَا و اَزْ بُزُرگاں عَطَا۔ (مثل) چھوٹوں کا کام غلطی کرنا ہے اور بڑوں کا کام معاف کر دینا ہے۔

اَصْلِ بَدْ اَزْ خَطا خَطا نکُنَد (مثل) کمینہ سے بھلائی نہیں ہوتی۔ رذیل بدی سے باز نہیں آتا۔

اِیں ہَم اَنْدَر عَاشِقی بَالائے غَمْ ہَائے دِگر۔ مصیبت پر مصیبت۔ مشکل پر مشکل۔ خرچ پر خرچ۔ جہاں دشواریاں ہیں وہاں یہ بھی سہی۔

اِیلچی رَاز وَالے نِیسْت۔ (مثل) **اِیلچی را چہ زَوال۔** قاصد پر پیغام کے اچھے بُرے ہونے کی کوئی ذمّہ داری نہیں۔ نامہ بر کو مخالف پیغام سنانے یا دینے پر کوئی تکلیف نہیں پہنچائی جاتی۔

اِیں کَار اَز تُو آید و مَرداں چُنِیں کُنَنْد۔ ایسا تم ہی کر سکتے تھے۔ دوسرے کے بس کی بات نہیں۔

اُنْچہ نَصِیبْ اَسْت بہم می رَسَد وَرْ نَہ سِتانی بَہ سِتَم می رَسَد۔ جو مقدر میں ہے ملے گا اور اگر تو اس کو نہیں لیتا تو یہ پھر ظلم ہوگا۔

اَے آمَدَنَت بَاعِثِ آبادئ مَا۔ اے کہ آپ کا آنا ہمارے لیے باعثِ رونق ہے۔

بَیَا بَیَا کہ کَرَم کَردی۔ آ آ کہ تو نے بڑا اکرام کیا۔

بَہ سَفَر رَفْتَنَت مُبارَک باد۔ بَہ سَلامَت رَوی وَ بَاز آئی۔ تجھے سفر پر جانا مبارک ہو۔ سلامتی سے جائے اور خیریت سے واپس آئے۔

بَر مَن نِگَر بَر مَن نِگَر شاید کہ بِشْنَاسی۔ (میری طرف دیکھ میری طرف دیکھ شاید کہ تو پہچان لے۔ (میری طرف توجہ کر شاید کہ تیرا دل پسیجے)۔

بَر کَرِیمَاں کَارِہَا دُشْوَار نِیسْت۔ (مقولہ) کریموں کے لیے کوئی کام مشکل نہیں۔

بَرگِ سَبْز اَسْت تُحْفَہِ دَرْوِیش ۔ یہ فقیر کا ناچیز تحفہ ہے قبول فرمائیے (کوئی تحفہ پیش کرنے کے موقع پر انکساراً مستعمل)۔

بَدْ نام کُنَندہ ٔ نکو نامے چَند۔ (مقولہ) بدی کر کے نیک۔ نام بزرگوں کے نام کو بٹا لگانے والا۔

بَرِیْں عَقْل و دَانِش بِبَایَد گِرِیْست ۔ (کہاوت) ایسی عقل اور سمجھ پر رونا چاہیے کوئی بے وقوفی کی بات کرے تو کہتے ہیں۔

باشِیْد ۔ ٹھہریے۔ رُکیے۔

تَبارَکَ اللہ اَزِیں فِتْنہا کہ دَرسَرِ تُسْت ۔ اللہ تیرے (حسن کے) فتنوں سے محفوظ رکھے۔

تا تِرْیاق اَز عِراق آوُرْدَہ شَوَد مارگَزِیدَہ مُرْدَہ شَوَد۔ (کہاوت) ایسے موقع پر جب زیادہ انتظار کرنے سے مقصد فوت ہو جانے کا اندیشہ ہو اس وقت یہ کہاوت استعمال ہوتی ہے یعنی جب تک تریاق عراق سے آئے گا سانپ کا کاٹا ہوا چل بسے گا۔

تا یارِ کِرا خواہد و مَیْلَش بکہ باشَد ۔ دیکھیے کون منظور نظر ہوتا ہے۔

پیشْ اَزْ مَرگ واوَیْلا ۔ (مثل، مقولہ) موقع سے پہلے شور و غل۔ ضرر۔ نقصان یا مصیبت سے پہلے چیخ و پکار۔ وہم اور وسوسے میں کسی بات کی فکر۔

تَنْہا پَیشِ قاضی رَوی رَاضی آئی ۔ (کہاوت) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب معاملہ یک طرفہ پیش ہو اور فریق ثانی کو جواب دہی یا صفائی کا موقع نہ ہو۔

جَنگ دُو سَر دارَد ۔ جنگ میں فتح یا شکست ہوتی ہے۔

چَنْدِیں مُدَّت خُدائی کَرْدی ہَنُوز گاؤ خَر را نَشناختی ۔ (کہاوت) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی قابلیت کا دعویٰ کرے اور معمولی باتوں سے بے بہرہ ہو۔

چِہ نِسْبَت خاک رَا با عالَمِ پاک ۔ (مثل) ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت ۔ اچھے اور برے کا کیا مقابلہ۔

چَشْمِ مَن بِیمار اَزِیں خوابِ

پَرِیشاں دِیدَہ اَست۔
ہماری آنکھوں نے ایسے پریشان خواب بہت دیکھے ہیں۔ ہم نے ایسے بہت کھیل دیکھے ہیں۔

چَشمِ مَا روشن دِلِ مَاشَاد۔
(فقرہ) آنکھ ہماری روشن دل ہمارا شاد۔ بسر و چشم ہمیں ہر طرح منظور ہے۔

چَاہ کَندَہ رَا چَاہ دَرپیش۔
(کہاوت) جو دوسرے کو نقصان پہنچانے کی تدبیر کرتا ہے خود اس نقصان میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

جَو فَروش گَندُم نُما۔
گندم دکھا کر جو بیچنے والا۔ دغا باز۔ فریبی۔ بے ایمان۔

حُکمِ حَاکِم مرگِ مَفاجَات۔
(کہاوت) ناگہانی موت کی طرح حاکم کے حکم سے بھی مفر نہیں۔ چار و ناچار حاکم کے فرمان کی اطاعت کرنی پڑتی ہے۔ طوعاً و کرہاً حاکم کا حکم ماننا پڑتا ہے۔

حِکمَت لُقمَان رَا آمُوختَن۔
(مثل) اپنے سے بڑے کو تعلیم دینا۔ دانا کو دانائی سکھانا۔ فضول بات کرنا۔

حِسَابِ دُوستاں دَر دِل۔
(کہاوت) دوستوں میں آپس کا حساب فقط دل ہی دل میں سمجھ لیا جاتا ہے۔ دوستوں کے سلوک کا حساب کتاب نہیں رکھا جاتا۔ ایک دوسرے کا دل جانتا ہے۔

حُرمَتِ شَاہ و گَدَا زِیرِ زَمِیں یَکسَاں اَست۔
مرنے کے بعد شاہ اور گدا برابر ہیں۔

حَالا تا پَائے دَارِی بگُزر۔
اب اگر تجھ میں بھاگنے کی طاقت ہے تو بھاگ جا۔

خُوشَامَد کَرد ہَر کَس رَا خُوش آمَد۔
ہر آدمی کو خوشامد اچھی لگتی ہے۔

خُود کَردَہ رَا عِلاجے نِیست۔
(کہاوت) اپنے کیے کا کوئی علاج نہیں۔

خُود کَردَہ رَا دَرمَاں چِیست۔
(کہاوت) اپنے کیے کا کیا مداوا۔

خَطَائے بُزرگاں گِرفتَن خَطا

اَسْت ۔ (مقولہ) بزرگوں پر اعتراض کرنا بڑی نامناسب بات ہے۔

خَس کَم جَہاں پَاک ۔ (مثل) کسی نا ہنجار یا ناپسندیدہ یا بے کار آدمی کا الگ ہوجانا یا مرجانا ہی بہتر ہے۔

خُرْدَہ نَہ بُرْدَہ مُفْت کا دَرْدِ گُرْدَہ ۔ (کہاوت) حاصل نہ وصول بلاوجہ کی پریشانی۔

خُدائے مَا بُزُرْگ اَسْت ۔ ہمارا خدا بزرگ ہے۔

خَانۂ خَالی رَا دِیو می گِیرَد ۔ (مثل) اپنا گھر خالی نہیں رہنا چاہیے ورنہ دوسرا قبضہ کرلے گا۔

خَامُوشِی اَز ثَنَائے تو حَدِّ ثَنَائے تُسْت ۔ (کہاوت) تیری تعریف میں خاموش رہنا تیری تعریف کی انتہا ہے۔ (طنزاً) تمہاری انتہائی تعریف یہی ہے کہ ہم خاموش رہیں۔

دَرُوغ گُویَم بَر رُوئے تو ۔ (فقرہ) جب کوئی شخص کسی کے سامنے اسی سے متعلق کوئی صریح جھوٹ بولے تو کہتے ہیں۔

دُشْمَن اَگر قَوِی سَت نِگَہبان قَوِی تَر اَسْت ۔ (کہاوت) دشمن اگر طاقت ور ہے تو پروا نہیں۔ خدا اس سے بھی زیادہ طاقت والا ہے۔

دُشْمَن چِہ کُنَد چُوں مِہرباں بَاشَد دُوسْت ۔ (مثل) دشمن کیا کرسکتا ہے جب دوست مہربان ہو۔

دِل اَز کَف دَادَہ ۔ محبت میں مبتلا عاشق۔

دُو دِل یَک شَوَد بِشْکَنَد کُوہ رَا ۔ اگر دو میں اتفاق ہوجائے تو پہاڑ کو بھی ہٹا دیں۔

دِیدارِ مَا وَ شُما بَقِیامَت اُوفْتَاد ۔ اب تو ہماری تمہاری ملاقات قیامت میں ہوگی۔

دِیدَہ بَاشَد کِہ چِہ می شَوَد رَضِینا بَہ قَضَا ۔ دیکھیں کیا ہوتا ہے ہم تو راضی بہ رضا ہیں۔

دِیر آیَد دُرُسْت آیَد ۔ (کہاوت)

جو کام دیر میں ہوتا ہے وہی ٹھیک ہوتا ہے - جو نتائج تاخیر سے نکلیں وہی اچھے ہوں گے -

دِیوَار ہم گوش دَارد - (مثل)
بھید/راز چھپانے میں بہت احتیاط اور کوشش کرنی چاہیے -

دِیوانَہ را ہُوئے بَس اَست -
(کہاوت) ذرا سے اشتعال سے دیوانہ بے قابو ہو جاتا ہے - بد حواس کو جنگل یا ویرانہ کافی ہے - پاگل جنگل کی راہ لیتا ہے -

دِیوانَہ بکَار خُویش ہُشیار -
(مثل) پاگل بھی اپنے معاملے میں ہوشیاری کی بات کہتا ہے -

زَخُرداں خَطا زِبُزرگاں عَطا - چھوٹوں سے قصور ہو جاتا ہے اور بڑے معاف کر دیا کرتے ہیں -

زَر دَادَن و دَرد سَر خَرِیدَن -
(کہاوت) مال کا مال کھونا اور مفت کی زحمت لینا -

زَدَہ رَا مِی تَوَاں زَد - (مثل)
زُور را مِی تَوَاں زَد - (فقرہ)
مغلوب کو پھر مغلوب کیا جا سکتا ہے - مرے کو ماریں شاہ مدار -

سَنگ آمَد و سَخت آمَد -
(کہاوت) چار و ناچار کوئی کام کرنے یا ذمہ داری آپڑنے کے وقت بولتے ہیں -

سَگِ زَرد بَرادَرِ شَغَال -
(مثل) زرد کتا گیدڑ کا بھائی ہے - برے آدمی سب ایک ہی جیسے ہوتے ہیں -

شَاہَا زِ کَرَم بَرمَنِ دَرویش نِگَر - اے اللہ تو اپنے کرم سے میرے حال پر نظر کر -

بَر حَالِ مَن خَستَہ و دِل رِیش نِگَر - مجھ خستہ اور زخمی دل کے حال پر نظر کر -

ہَر چَند نِیَم لَائِق بَخشَائشِ تو
اگرچہ میں آپ کی بخشش کے لائق نہیں ہوں -

بَرمَن مَنِگَر بَر کَرَم خویش نِگَر -
مجھے مت دیکھ اپنی شان کریمی کو دیکھ -

شَاہاں چہ عَجَب گر بنوازند گدا را۔ (کہاوت) بادشاہ اگر فقیر پر مہربانی کریں تو کیا تعجب ہے، کسی ذی رتبہ آدمی کے سامنے کوئی درخواست پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

صَلاحِ مَا ہمہ آنست کاں صَلاحِ شُماست۔ ہماری بہتری اسی میں ہے جس میں تمہاری بہتری ہے، جو آپ کی مرضی وہی ہماری مرضی۔

طمع را سہ حرف است و ہر سہ تہی۔ (کہاوت) طمع میں تین حرف ہیں اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں، یعنی لالچ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا، لالچ یا لالچی کی مذمت کے موقع پر بولتے ہیں۔

طاقت مہماں نداشت خانہ بہ مہماں گذاشت۔ (مثل) مہمان داری کی طاقت نہ رکھتا تھا گھر مہمان کے لیے چھوڑ گیا اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی مہمان داری کے موقع پر ٹل جائے۔

عِصمت بی بی از بے چادری۔ (کہاوت) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص محض مجبوری کی وجہ سے گناہ سے باز رہے یا نیک کام کرے۔

فہمیدہ خواہد شُد۔ (فقرہ) سمجھا جائے گا۔ دیکھا جائے گا۔

فِکرِ خود کُن فِکرِ بیگانہ مکُن۔ ع تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو۔ اپنی حالت سدھار دوسرے کا غم نہ کھا۔

قہرِ درویش بر جانِ درویش۔ (کہاوت) غریب آدمی غصہ کرے گا تو کسی کا کیا لے گا اپنی جان کو عذاب میں ڈالے گا۔ غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے۔ کسی کی مجبوری یا بے بسی کے موقع پر بولتے ہیں۔

قولِ مرداں جان دارد و سُخنِ مرداں اِعتبار۔ دیانت دار آدمی کی بات پتھر کی لکیر ہوتی ہے۔

قول مرداں جان دارد۔ (کہاوت) جری آدمی کی بات پتھر کی لکیر ہوتی ہے۔ مردوں کو بات کا پاس ہوتا ہے۔

قَدرِ عافیت کسے داند کہ مُصیبتے گرِفتار آید۔ (کہاوت) اچھائی کی قدر وہ جانتا ہے جو کسی مصیبت میں گرفتار ہو چکا ہو۔

کہ کرد کہ نیافت ہموں آتش درکاسہ۔ (مثل) کس نے کیا کہ نہیں پایا۔ جس نے جو کیا وہی پایا۔

کُوہ کَندن و کاہ برآوُردن۔ (کہاوت) ایسا کام کرنا جس میں محنت بہت زیادہ اور فائدہ نہ ہونے کے برابر ہو۔ کھودا پہاڑ نکلا چوہا۔

کَردنی خویش آمدنی پیش۔ (مثل) جیسی کرنی ویسی بھرنی۔ برے کام کا نتیجہ برا ہوتا ہے۔ جو کروگے وہی آگے آئے گا۔

کارِ اِمروز بفردا مگذار۔ (کہاوت) آج کا کام کل پر نہ چھوڑ۔ کام کو بروقت انجام دینے کے لیے بطور تاکید و ہدایت بولا جاتا ہے۔

کار از دست رفتہ (و) تیر از کمان جستہ (باز نمی آید) (مثل) جو بات ہو چکی اس پر افسوس کرنا فضول ہے۔

گر قبول اُفتد زہے عزّ و شرف۔ (کہاوت) نذر یا تحفہ پیش کرتے وقت کہتے ہیں کہ اگر قبول ہو تو یہ میرے لیے عزت و شرف کی بات ہوگی۔

گُربہ کُشتن رُوزِ اوّل۔ (مثل) بغاوت یا سرکشی کو ابتدا ہی میں کچل دینا چاہیے۔ مخالف یا برائی کو پہلے ہی دن روک دینا چاہیے۔

گندم اگر بہم نرسد بھس (جو) غنیمت است۔ (کہاوت) اگر زیادہ فائدہ میسر نہ ہو تو تھوڑا ہی سہی۔ اگر گندم نہ مل سکے تو بھس (جو) ہی سہی۔

گوشتِ خر دندانِ سگ۔ (مثل) ناقص اور بری چیز برے اور ناپاک ہی کے قابل ہوتی ہے۔

لُقمان را حکمت آموختن۔ (مثل) عقلمند کو تدبیر بتانا، فضول کام کرنا۔

مُوسٰی بَہ دِینِ خُود عیسٰی بَہ دِینِ خُود۔ (مثل) موسیٰ اپنے دین پر اور عیسیٰ اپنے دین پر۔ تمہارا راستہ تمہارے لیے میرا راستہ میرے لیے۔

مَنْ آنَم کہ مَنْ خُوب می دَانَم۔ (مثل) میں وہ ہوں کہ میں اچھی طرح اپنے آپ کو جانتا ہوں۔ میں جیسا ہوں خود ہی خوب جانتا ہوں۔ تعریف میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لیے کہتے ہیں۔

مَانْدِی مَانْدی تا قِیامَت ہَمیں جا مَانْدی۔ (مثل) جان لے کہ تیرا قیام ہمیشہ یہیں رہے گا۔

مَرگِ اَنبُوہ جَشْنے دارَد۔ (کہاوت) عام قسم کی مصیبت ایک قسم کا جلسہ بن جاتی ہے۔ عام مصیبت کا رنج نہیں ہوتا۔

مُردَہ بَدَستِ زِنْدَہ۔ (مثل) مردہ زندہ کے ہاتھ میں۔ جب آدمی مر جائے تو زندوں کے سپرد ہوتا ہے جو چاہیں سلوک کریں۔ بے بس۔ مجبور۔

مَرضیٔ مَولیٰ اَز ہَمہ اَولیٰ۔ (مقولہ) مالک کی رضا سب سے بہتر ہے۔

مُرغِ سَر بُرِیدَہ بَانگ نمی دَہَد۔ سر کٹا ہوا مُرغ اذان نہیں دیتا۔ نکما آدمی کسی مصرف کا نہیں ہوتا۔

مَالِ مُفْت دِلِ بے رَحم۔ (مثل) اس محل پر بولتے ہیں جب پرایا مال بے دریغ خرچ کیا جائے۔

مَالِ مُوذِی نَصِیْبِ غازی۔ (مثل) بخیل کا مال کسی کو مل جانے پر بولتے ہیں۔

نَہ رُوئے / پائے رَفتَن نَہ پائے / جائے مَانْدَن۔ (کہاوت) مجبوری ظاہر کرنے کے لیے یعنی کسی طرح بات نہیں بنتی۔ بچاؤ کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔

نَزلَہ بَر اَعضائے ضَعِیْف می رِیزَد۔ (مثل) مصیبت ہمیشہ کمزور پر آتی ہے۔

ہنُوز دِلّی / دہلی دُور اَست ۔ (مثل) ابھی منزل بہت دور ہے ۔ ابھی مطلب پورا ہونے میں بہت دیر ہے ۔

ہمُوں / ہماں آتش در کاسہ ۔ اس وقت کہا جاتا ہے جب پہلی حالت میں کوئی تبدیلی نہ ہو ۔

ہر آنکہ تُخمِ بدی کِشت چشمِ نیکی داشت ۔ دِماغِ بیہُدہ پُخت و خیالِ باطِل بست ۔ جس شخص نے بدی کا بیج بو کر نیکی کی امید رکھی اس نے بے ہودہ منصوبہ باندھا اور باطل خیال کیا ۔ جو بدی کرے گا وہ بدی دیکھے گا ۔

ہر فرعونے را موسیٰ ۔ (مثل) ایک پر ایک غالب ہے ۔ ہر ظالم کی سرکوبی کے لیے کوئی نہ کوئی نیک بندہ پیدا ہو جاتا ہے ۔

ہرچہ در کانِ نمک رفت نمک شُد ۔ (مثل) جو چیز نمک کی کان میں پڑی نمک بن گئی ۔ تاثیر صحبت کے لیے بولی جاتی ہے ۔

ہرچہ بادا باد ۔ (مقولہ) کچھ ہی کیوں نہ ہو ۔ جو کچھ ہو سو ہو ۔ کچھ ہی ہو ۔

ہر کسے مَصلَحتِ خویش نکو می داند ۔ (مثل) اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے ۔

ہر کہ دَست اَز جان بشوید ہرچہ در دِل می آید بگوید ۔ (مثل) جس نے مرنا ٹھانا ہو جو چاہے سو کہے ۔ جو مرنے پر آمادہ ہو وہ سب کچھ کہہ سکتا ہے ۔

ہر کہ شمشیر زند سکّہ بنامش خوانند ۔ (مثل) زبردست کا رعب سب پر ہوتا ہے ۔

ہمّتِ مرداں مددِ خُدا ۔ (مقولہ) کام میں کوشش شرط ہے ، خدا ضرور مدد کرتا ہے ۔

اشخاص

آذر (آزر) ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام جو بت تراش تھے۔

اِسرافِیل ۔ (سرافیل) ۔ ایک فرشتے کا نام جو اسلامی روایات میں اس امر پر مامور ہے کہ روز قیامت دوبارہ صور پھونکے (پہلے صور کی ہیبت ناک آواز سے کل مخلوق مرجائے گی اور دوسرے صور کی آواز سے تمام لوگ زندہ ہو جائیں گے۔)۔

اَرَسْطَاطَالِیْس (ارسطو) مشہور یونانی حکیم اور فلسفی جو حکمائے مشائین کا امام سمجھا جاتا ہے۔ سکندر بادشاہ کا وزیر و مشیر تھا، مسلمان فلسفی اس کو معلم اول کے نام سے یاد کرتے ہیں (۳۲۲ تا ۳۸۳ ق م)۔ (مجازاً) دانا۔

اِسْفَنْدیار ۔ ایرانی بادشاہ گشتاسپ کا لڑکا، یہ روئیں تن تھا اس لیے اس کے جسم پر کوئی ہتھیار اثر نہیں کرتا تھا۔ آخر کار رستم کے ہاتھ تیر دو شاخہ سے اندھا ہوا اور مارا گیا۔

اَفْراسیاب ۔ قدیم زمانے میں توران کا ایک بادشاہ جو تور بن فریدوں کی نسل سے پشنگ کا بیٹا تھا اور جس نے کیانی خاندان کے دور میں ایران پر بار بار حملے کیے (بہادری نیز ظلم میں ضرب المثل)

(مجازاً) بہادر۔ ظالم و جابر۔
اَفلاطُون ۔ ایک قدیم یونانی حکیم کا نام جو حضرت عیسٰی علیہ السّلام سے چار صدی پہلے حکمت اور فضل و کمال میں مشہور تھا۔ (ارسطو کا استاد اور سقراط کا شاگرد تھا) کہا جاتا ہے کہ وہ ایک بڑے مٹکے میں آرام کرنے کے لیے چھپ گیا تھا، وہیں اس کی موت واقع ہوئی۔
بَرزَد ۔ (بَرزو) ۔ ایک مشہور پہلوان، سہراب کا بیٹا اور شاہنامۂ فردوسی کا معروف کردار۔
بَطلیمُوس ۔ دوسری صدی عیسوی میں مشہور مہندس جس نے زمین کے مرکز ہونے کا نظریہ پیش کیا اور ایک رصدگاہ بھی بنائی اور جس کا فلسفہ نظام بطلیموس کہلاتا ہے۔
بُقراط ۔ یونان کا ایک عقلمند طبیب (۴۰۷ ق م)۔
بُلعَم باعُور ۔ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے زمانے میں بنی اسرائیل کا ایک مستجاب الدعوات زاہد جس کے باپ کا نام باعور تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے ترغیبِ نفس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حق میں بد دعا کی وہ چالیس برس سرگرداں رہے آخر کار حضرت یوشع علیہ السّلام کی بد دعا سے اس کی توفیق سلب ہوئی۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کی گردن لمبی اور جسم بے ہڈی کا تھا۔
بَیجُو (باورا) ۔ ہندوستان کے ایک مشہور گویے کا نام جو فن موسیقی میں کمال رکھتا تھا۔
بِیژَن ۔ عجم کا ایک پہلوان جو گیو کا بیٹا اور افراسیاب کی لڑکی منیژہ کا عاشق تھا اور جسے افراسیاب نے ایک کنویں میں قید کر دیا تھا اور رستم نے اسے نجات دلائی۔
پَہلاد ۔ (ہندو) ایک متقی جو بیرانیا کا بیٹا اور پاٹل کے راجاؤں میں سے تھا جس کی مذہبی کہانیاں بہت مشہور ہیں۔
تانْ سَین ۔ اکبر کے ایک مشہور درباری گویے کا نام اور خطاب۔ (مجازاً) ہر ماہر گانے والے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
جَالِینُوس ۔ یونان کے مشہور حکیم کا نام جس نے طبیب کی حیثیت سے بڑی شہرت حاصل کی، فن تشریح میں اس کی تحقیقات قابل قدر ہیں۔
جَاماسپ ۔ نام ایک حکیم کا جو وزیر گشتاسپ بادشاہ کا تھا اور جاماسپ نامہ اس کی تصانیف سے ہے۔

جبرئیل - چار مقرب فرشتوں میں سے ایک مشہور فرشتے کا نام جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسولوں پر احکام پہنچایا کرتے تھے۔ روح الامین۔ روح القدس۔ حامل وحی۔

حاتم - عرب کے مشہور سخی کا نام جسے حاتم طائی بھی کہتے ہیں، آواخر دور جاہلیت میں تھا اور قبیلۂ طے کے عبداللہ بن سور کا بیٹا تھا، اس کی سخاوت اور جواں مردی ضرب المثل۔

خضر - ایک پیغمبر کا لقب ہے، اس لقب کی وجہ محققین نے یہ بیان کی ہے کہ وہ جس جگہ بیٹھ جاتے تھے یا جہاں سے گزر جاتے وہ جگہ سرسبز و شاداب ہو جاتی۔ اصل نام ان کا ارمیا تھا۔ یہ بھولے بھٹکوں کی رہنمائی کرتے، ان کی پیغمبری میں اختلاف ہے، بعض ان کو نبی کہتے ہیں بعض ولی اور بعض فرشتہ اور بعض رجال اللہ امت محمدیہ میں شمار کرتے ہیں۔

دارا - ایک مشہور بادشاہ ایران کا جو سکندر کے زمانے میں مارا گیا۔ یہ خاندان کیانی کا بادشاہ تھا۔ یخامنشی خاندان کا آخری بادشاہ۔

رستم - فارس کے بارہ پہلوانوں میں سے ایک شہرہ آفاق سن عیسوی سے نو سو برس پہلے کا پہلوان، شاہنامۂ فردوسی کا ہیرو۔ زال بن سام بن نریمان کا بیٹا، سہراب کا باپ، شجاعت میں ضرب المثل۔

زرتشت - نام ایک مرد کا جو منوچہر بادشاہ کی نسل سے تھا اور شاگرد فیثاغورث حکیم کا، اس نے گشتاسپ بادشاہ کے زمانے میں نبوت کا دعویٰ کیا اور آتش پرستی کا دین ایجاد کیا۔ مجوس لوگ اس کو پیشوا جانتے ہیں اور جو اس نے ایک کتاب ژند بنا کر اپنی امت کو دی تھی اس کو کتاب آسمانی کہتے ہیں۔

سام - رستم کا دادا اور نریمان کا لڑکا جو ایران کا زور آور پہلوان ہوا ہے۔

سامری - موسیٰ علیہ السّلام کے عہد کا ایک جادوگر جس نے چاندی سونے کو ڈھال کر گوسالہ بنایا اور بنی اسرائیل سے کہا کہ وہ اس کی پرستش کریں (مجازاً) جادوگر۔ ساحر۔

سکندر - مشہور یونانی فاتح جس نے ہندوستان، ایران اور چین کا کچھ حصّہ بھی فتح کیا تھا حضرت عیسیٰؑ سے تقریباً سوا تین سو برس قبل فوت ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ آئینہ اس کی ایجاد ہے، تاریخ میں عموماً سکندر اعظم کے لقب سے یاد کیا گیا ہے۔

سلیمان - (حضرت) بنی اسرائیل کے ایک جلیل القدر پیمبر جو حضرت داؤد علیہ السّلام کے فرزند تھے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی ذات میں نبوت اور بادشاہت دونوں جمع کر دیں اور وہ ملک عطا فرمایا جو ان سے قبل یا بعد کسی کو نہ ملا۔ جن، ہوا، حیوانات اور پرندوں کو ان کے مسخر فرما دیا۔

سُہراب ۔ ایران کے ایک مشہور پہلوان رستم کے بیٹے کا نام جو رستم ہی کے ہاتھ سے دھوکے میں قتل ہوا تھا۔

شَدّاد ۔ قوم عاد کے ایک بادشاہ کا نام جس نے خدائی کا دعویٰ کیا اور بہشت کے مقابلے میں ایک باغ تعمیر کرایا تھا جو باغ ارم کے نام سے مشہور ہے۔ (روایت ہے کہ جب یہ باغ بن کر تیار ہو گیا تو وہ اسے دیکھنے گیا اور جوں ہی دروازے پر قدم رکھا اس کی روح جسم خاکی سے پرواز کر گئی)۔

ضَحّاک ۔ بہت ہنسنے والا۔ قدیم ایران کے ایک ظالم بادشاہ کا نام جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ اس کے دونوں مونڈھوں پر دو سانپ پیدا ہو گئے تھے اور آدمیوں کے دماغ ان کی غذا تھی۔

طُوس ۔ شاہنامۂ فردوسی میں ایک قدیم ایرانی پہلوان کا نام۔

عُوج بِن عَنَق ۔ ایک بھاری بھرکم جسم اور لانبے قد والے آدمی کا نام جو حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے میں پیدا ہوا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں مرا۔ اصل نام عوج بن عوق ہے۔ (مجازاً) لانبے قد والا ڈراؤنا بد شکل، بے ڈھنگا اور بے ہنگم آدمی، اول جلول۔

فَرامُرز ۔ رستم بن زال کا بیٹا ہے، فردوسی نے شاہنامہ میں اس کی تعریف میں شعر کہے ہیں، اصل میں یہ نام فرمرز ہے جس کے معنی شکوہ زمین کے ہیں۔

فَرہاد ۔ فارسی رومان شیریں فرہاد کا ہیرو، شیریں کا عاشق۔ خسرو پرویز کا رقیب جو ایک نہر (جوئے شیر) کھودنے پر مامور کیا گیا تھا، شیریں کی موت کی جھوٹی خبر پا کر تیشے سے سر مار کر مر گیا۔ ادب میں اس کی طرف بطور عاشق جانباز اکثر تلمیح کی جاتی ہے۔ کوہ کن۔

فَرِیدُون ۔ ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام جو دانش مندی میں شہرۂ آفاق تھا اور جس نے ظالم ضحاک کو قتل کر کے ایران میں امن قائم کیا تھا۔

کاؤُس ۔ ایران کا ایک مشہور بادشاہ۔

گُودَرز ۔ گودرز بن کشواد بن قارن بن گاوہ، گیو کا باپ جو کہ ایران کا

سپہ سالار تھا۔

گیو ۔ ایران کا معروف پہلوان، گودرز کا بیٹا اور بیژن کا باپ تھا۔

مانی ۔ ایک مشہور ایرانی مصور جس کا مرقع "ارژنگ" تھا، اس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا اور مصوری کو اپنا معجزہ بتاتا تھا۔

منوچہر ۔ مخفف ہے مینوچہر کا بمعنی بہشت رو۔ یہ ایران کا بادشاہ تھا، ایرج کا نواسہ اور ایرج فریدوں کا بیٹا تھا۔

نریمان ۔ رستم پہلوان کا دادا، سام کا باپ، دلیر، پہلوان، اسے نیرم بھی کہا جاتا ہے۔

نمرود ۔ بابل کا ایک بادشاہ جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا۔ انجیل میں یہ حام کا پوتا ظاہر کیا جاتا ہے اور بڑا شکاری تھا۔